(*c*) if answer to (*b*) above be in the affirmative, (*i*) the names of members of its managing committee, (*ii*) the name and nationality of the Principal, (*iii*) the name of the person incharge of the Hostel Mess, (*iv*) the number of students on roll in each class of the said College on 15th October 1967 as well as the number of students who were residing in the College Hostel on the said date, and (*v*) whether it is a fact that the said College remained open on the 11th September 1967, a public holiday on account of Qaid-i-Azam's Death Anniversary ; if so, reasons therefor and the action taken or intended to be taken by the Government in the matter ?

Parliamentary Secretary (Sardar Muhammad Ashraf Khan) : I am sorry thhat we have ot been able to get the reply up-to-date. I would request that this question be taken up on the date fixed for the Education Department, i. e. on the 3rd.

Mr. Speaker : We will take up this short notice question on the 3rd.

QUESTIONS OF PRIVILEGE

RE:REGISTRATION OF A CASE AGAINST THE STAFF REPORTER OF NAWA-I-WAQT, AT SAHIWAL FOR PUBLISHING NEWS FORMING THE BASIS OF AN ADJOURNMENT MOTION.

Mr. Speaker : We will now take up privilege motion by Malik Muhammad Akhtar.

Malik Mohammad Akhtar (Lahore-II) : Sir, I ask for leave of the House to raise a question of privilege of the Assembly on the ground that a breach of privilege of the Assembly has occurred by registration of case No. 221 dated 12th October, 1967, by Medical Superintendent District

Headquarter Hospital, Sahiwal, against the Staff Reporter of Daily Nawa-i-Waqt, Lahore, for having published a news item on 1st October, 1967, on the basis of which an adjournment motion No. 94 was moved on the 2nd October, 1967, containing allegation that a person named Muhammad Tufail who met with an accident died due to negligence of the staff of the District Headquarters Hospital, Sahiwal. The registration of the case on the 12th October, 1967, whereas the news was published on the 1st October, 1967 is a proof that the Medical Superintendent has tried to victimise the Staff Reporter, as he appears to have been provoked by the moving of the adjournment motion. The registration of the case is an attempt to harass the Press to abstain from the publication of a news which can form the subject matter of an adjournment motion, under rule 47 of the Rules of Procedure. A Member of the Provincial Assembly can move an adjournment motion for an adjournment of the business of the Assembly for the purpose of discussing a definite matter of recent and urgent public importance and the Medical Superintendent has attempted to interfere with the duties of the Members of the Provincial Assembly. The action of the Medical Superintendent has caused a breach of privilege of the Members of the Assembly.

جناب سپیکر ۔ یہ معاملہ یکم اکتوبر کے نوائے وقت میں شائع ہوا تھا اور اس پر دو تحاریک التوا پیش ہوئی تھیں ۔ ایک تحریک التوا میرے دوست حمزہ صاحب کی تھی اور دوسری میری تھی ۔ غالباً ہم نے اپنی تحاریک کو press بھی نہیں کیا تھا ۔ After the Statement of the Minister. This is in so far as I remember I do not know what was the position.

میں نے آپ کے دفتر سے بھی پوچھا تو انہوں نے یہی بتایا ہے کہ ان تحاریک کو press نہیں کیا گیا تھا ۔ But I may not be correct

جناب والا ۔ یکم اکتوبر کو خبر آئی ۔ دو اکتوبر کو تحریک التوا پیش ہوئی ۔ جسکے بعد ضلعی حکام نے صحافیوں کو لگا تار اپنا نشانہ بنایا ۔ ایک اور صحافی کو بھی نشانہ بنایا گیا تھا لیکن میں اس کا ذکر نہیں کرونگا ۔ کیونکہ یہ ایک غیر متعلقہ سی بات ہو جائیگی ۔

جناب سپیکر ۔ میں آپ کا انتہائی ممنون و مشکور ہوں کہ جہاں بھی ایوان کے استحقاق کا مسئلہ ہوتا ہے آپ کا رویہ ہمیشہ غیر جانبدارانہ ہوتا ہے اور آپ ہمارے حقوق کا تحفظ کرتے ہیں کیونکہ آپ ہمارے حقوق کے محافظ ہیں ۔ اب ضلعی حکام نے ایک سازش کے تحت لاہور کے ایک

صحافی کے خلاف مقدمہ درج کر دیا ۔ اس صحافی نے ہی نوائے وقت میں یہ متعلقہ خبر دی تھی جیسا کہ First Information Report کی اس نقل سے ظاہر ہے جو مجھے کسی نے بذریعہ ڈاک بھجوائی ہے ۔ اس سے ظاہر ہوتا ہے کہ یہ خبر دس روز قبل مقامی اخبار میں بھی شائع ہوئی ہے ۔

مسٹر سپیکر ۔ لیکن اس سے ایوان کے حقوق یا آپ کے استحقاق پر کس طرح زد پڑی ہے ۔

ملک محمد اختر ۔ یہی تو میں کہنے والا ہوں کہ یہ ساہیوال کے تمام ضلعی افسران کی ایک منظم سازش ہے کہ وہ صحافیوں کو ہراساں کریں تاکہ اخبار میں کوئی ایسی خبر نہ چھپ سکے جس کا نفیس مضمون قواعد و ضوابط کار کے قاعدہ نمبر ۴۷ کے تحت تحریک التوا کا باعث بن سکے ۔

مسٹر سپیکر ۔ ملک صاحب لیکن آپ کسی بھی ایسے حالیہ واقعہ کے متعلق تحریک التوا پیش کر سکتے ہیں جس میں گورنمنٹ کی کوئی کوتاہی ثابت ہو سکے ۔

خواجہ محمد صفدر ۔ جناب والا ۔ ان کا پوائنٹ یہ ہے کہ جب اس قسم کی کوئی خبر اخبار میں چھپے گی ہی نہیں تو پھر ہمیں کس طرح پتہ چلے گا کہ جس کی بناء پر ہم یہاں تحریک التوا پیش کریں ۔

ملک محمد اختر ۔ آپ میری بات سن لیں ۔ وہ یہ کہ جیسا کہ F.I.R. سے ظاہر ہوتا ہے ۔ آٹھ دس روز قبل بھی یہ خبر وہاں شائع ہوئی تھی اور بارہ اکتوبر کو میڈیکل سپرنٹنڈنٹ نے تعزیرات پاکستان کی دفعہ نمبر ۵۰۰ کے تحت ایک کیس رجسٹر کیا اور کس طرح اس میں لاہور کے صحافیوں کو involve کیا جاتا ہے ۔ میں پوری ذمہ داری کے ساتھ کہنے کے لئے تیار ہوں اور شہادت دینے کے لئے بھی تیار ہوں کہ ان

صحافیوں کو بری طرح سے نشانہ بنایا گیا بلکہ ان کو دھمکی دی گئی کہ آپ ہمارے خلاف اس قسم کی خبریں شائع کرتے ہیں تو اب آپ کو اسکی سزا بھگتنی پڑے گی ۔

جناب سپیکر ۔ آپ نے کل بڑی اچھی رولنگ دی تھی اور شاید ہم دو سال میں بھی ریلوے کے محکمہ کے متعلق اتنا کچھ نہ کہہ سکتے جو کچھ آپ ۔ اپنی رولنگ میں ارشاد فرمایا ہے ۔

Mr. Speaker: No discussion about that.

ملک محمد اختر ۔ جناب والا ۔ اگر اخبارات میں اس قسم کی خبریں نہ چھپیں اور ہمیں ان واقعات کے متعلق علم نہ ہو سکے تو پھر یہ قاعدہ نمبر ۴۷ infructuous ہو کر رہ جاتا ہے ۔ اس صحافی نے نیک نیتی سے وہ خبر شائع کی تھی ۔

Now my allegation is that the Medical Superintendent has done it dishonestly and maliciously with an intention to harass the Press so that such matters may not be published in future and so I seek the protection of the Chair.

Minister for Law (Mr. Allah Bachayo Ghulam Ali Akhund) : Sir, I oppose this privilege motion. So far as the institution of a complaint is concerned, it is something which is done in the administration of law and I do not want to comment on that. I only submit that there does not appear to be any interference with the privileges of any Member or with the privileges of this House. Consequently, this privilege motion seems to have been misconceived. There is no occasion for any such privilege motion. The duties of the Members are being performed and will continue to be performed. So this, in no way, is an interference with the privilege of the House. I, therefore, request that this motion may be ruled out of order.

Mr. Speaker : Prima facie, there is no breach of the privilege ; the motion is ruled out of order.

ADJURNMENT MOTIONS

OUT-BREAK OF SMALL-POX IN NAWAB SHAH

Mr. Speaker : We will now take up adjournment motions ; first motion by Haji Sardar Atta Muhammad.

حاجی صاحب آپ اپنی تحریک التوا پیش کیجئے ۔

حاجی سردار عطا محمد - جناب سپیکر - میں یہ تحریک پیش کرنے کی اجازت چاہتا ہوں کہ اہمیت عامہ رکھنے والے ایک فوری مسئلہ پر بحث کرنے کے لئے اس ایوان کی کارروائی ملتوی کی جائے - مسئلہ یہ ہے کہ نواب شاہ میں چیچک کی بیماری بری طرح پھیل گئی ہے - جسکے نتیجے میں سترہ آدمی موت کا شکار ہوئے ہیں - جسکی وجہ سے وہاں کے عوام میں خوف و ہراس پھیل گیا ہے - یہ خبر روزنامہ ''جنگ'' کراچی کی سترہ اکتوبر کی اشاعت میں چھپی ہے -

Minister for Law : Sir, for this I request that time may be given.

مسٹر سپیکر - اس تحریک التوا پر پرسوں یعنی دو نومبر کو غور کیا جائیگا -

حاجی سردار عطا محمد - کیا اس کا جواب بیگم صاحبہ دیں گی -

مسٹر سپیکر - آپ کیا چاہتے ہیں -

وزیر قانون - اگر حاجی صاحب یہ چاہتے ہیں کہ بیگم صاحبہ اسکا جواب دیں تو مجھے کوئی اعتراض نہیں ہے -

---

DAMAGE CAUSED TO MADINA FLOUR MILLS, GUJRANWALA ON ACCOUNT OF HIGH VOLTAGE OF ELCTRICITY

Mr. Speaker : Next motion No. 215, by Malik Muhammad Akhtar.

Malik Muhammad Akhtar : Sir, I ask for leave to make a motion for the adjournment of the business of the Assembly for the purpose of discussing a definite matter of recent and urgent public importance, namely, the electric wires of the Pressing Department of Madina Flour Mill, Gujranwala, got extremely high current from the mains wires which resulted in setting the Mill on fire. The modern machinery, building of the Flour Mill and huge stock of wheat have been destroyed. The negligence of the WAPDA to replace the defective mains wires which passed high voltage of current in the electric installation of the factory resulting in setting Flour Mill on fire has perturbed the minds of the public of West Pakistan.

Minister for Irrigation and Power (Makhdum Hamid-ud-Din): It may be postponed till tomorrow Sir.

Malik Muhammad Akhtar : I have no objection.

Mr. Speaker : This will be taken up tomorrow.

مسٹر حمزہ - کیا آپ یہ یقین دہانی کرائیں گے کہ اتنے عرصہ میں دوسری ملوں میں آگ تو نہیں لگ جائے گی -

وزیر آبپاشی وبرقیات - یہ قطعاً نہیں ہو گا -

RE: P.W.D. IRRIGATION WORKSHOP EMPLOYEES BEING FORCED TO PROCEED ON LEAVE WITHOUT PAY.

Mr. Speaker : Next-216. Malik Muhammad Akhtar.

Malik Muhammad Akhtar : Sir, I ask for leave to make a motion for the adjournment of the business of the Assembly to discuss a definite matter of recent and urgent public importance namely, the employees of P.W.D. Irrigation Workshop are being forced to proceed on two months, leave without pay. The authorities are persuading the employees to go on leave without pay due to their trade union activities. The news has perturbed the mind of the public of West Pakistan.

وزیر آبپاشی (مخدوم حمیدالدین) - یہ پرسوں پر رکھ لیں-

ملک محمد اختر - کل پر رکھیں -

Mr. Speaker : This will also be taken up tomorrow.

DAMAGE CAUSED TO ELECTRIC APPLIANCES IN SIKANDARPURA AREA, PESHAWAR, DUE TO HIGH VOLTAGE OF ELECTRICTY

Mr. Speaker : No. 218. Malik Muhammad Akhtar.

Malik Muhammad Akhtar : Sir, I ask for leave to make a motion for the adjournment of the business of the Assembly for the purpose of discussing a definite matter of recent and urgent public importance, namely, at Sikandarpura area in Peshawar electric mains got high current upto the extent of 1500 voltages whereby hundreds of electric bulbs have been burst. The numerous fans and refrigerators which were working on that occasion have been rendered useless. The negligence of WAPDA Department to replace the defective mains which caused the incident exposing the inhabitants of the locality to the danger of death has perturbed the mind of public of West Pakistan.

وزیر آبپاشی - کل تک ملتوی فرمائیں -

Mr. Speaker : Day after tomorrow.

DEATH OF MR. ABDUL HASAN DUE TO THE NEGLIGENCE OF THE STAFF OF JINNAH HOSPITAL, KARACHI

Mr. Speaker : Next, No. 219.

Malik Muhammad Akhtar : Sir, I ask for leave to make a motion for the adjournment of the business of the Assembly for the purpose of discussing a definite matter of recent and urgent public importance, namely due to the negligence of the staff of Jinnah Hospital (Karachi) a victim of traffic accident, Mr. Abdul Hasan lost his life as the casualty staff on duty refused to admit the victim. He was carried to Civil Hospital but died in the meanwhile as no medical aid was provided to him. The news has perturbed the minds of the public of West Pakistan.

Minister of Law (Mr. Allah Bachayo Ghulam Ali Akhund) : This may be postponed to second or third. Third if you please.

Mr. Speaker : We will take up this adjournment motion on the third.

NON-PAYMENT OF SUBSISTENCE ALLOWANCE TO THE WIFE OF SHEIKH ABDUL GHAFOOR, DETAINED UNDER THE DEFENCE OF PAKISTAN RULES

Mr. Speaker : Next is No. 220. Malik Muhammad Akhtar.

Malik Muhammad Akhtar : Sir, I ask for leave to make a motion for the adjournment of the business of the Assembly to discuss a definite matter of recent and urgent public importance namely the wife of Sheikh Abdul Ghafoor, General Secretary of PWR Union who has been detained under the Defence of Pakistan Rules in connection with Railway strike, has not been paid subsistence allowance inspite of repeated requests to the Governor of West Pakistan and Home Secretary. She was directed by the Governor of West Pakistan to contact the Home Minister and she made a request accordingly but all efforts have failed and no subsistence allowance has been paid to her so far. The family is pauper and is suffering great hardship. The news has perturbed the mind of the public of West Pakistan.

Minister of Law : In this case too I will request for time. It may be taken up tomorrow.

Mr. Speaker : This will be taken up tomorrow.

ORDINANCES

THE WEST PAKISTAN PAT FEEDER CANAL (CONTROL AND PREVENTION OF ALIENATION OF LAND) ORDINANCE, 1967

(resumption of discussion)

Mr. Speaker : The House will now resume discussion on the West Pakistan Pat Feeder Canal (Control and Prevention of Alienation of Land) Ordinance, 1967. Yes, Major Muhammad Aslam Jan.

مسٹر حمزہ - جناب سپیکر - کل میں اپنی معروضات پیش کررہا تھا -

Mr. Speaker : The Member had concluded his speech. I had extended the time of the House for five minutes. Yes, Major Aslam Jan now.

میجر محمد اسلم جان (راولپنڈی - ۱) - جناب سپیکر - یہ کلاز دیکھنے کے بعد یا تمام آرڈیننس دیکھنے کے بعد مجھے ایک قصہ یاد آیا کہ ایک آدمی کسی عدالت میں یا کسی کچہری میں گیا - وہاں کچھ لوگ موجود تھے اس نے پوچھا کہ آپ کیا کررہے ہیں - انہوں نے کہا ہم کسی مقدمہ کے سلسلہ میں آئے ہیں - اس نے کہا - اس مقدمہ میں میری گواہی لکھ دیں - پاس ہی کچھ اور آدمی بھی کچھ لکھا رہے تھے اس نے پوچھا یہ کیا ہو رہا ہے - انہوں نے کہا کہ خط لکھا جا رہا ہے - اس آدمی نے کہا کہ اس میں میرا سلام لکھ دیں - کسی نے وہیں اس آدمی سے پوچھا کہ بھائی تم کون ہو - اس نے کہا میں خواہ مخواہ ہوں -

وزیر زراعت و خوراک (ملک خدا بخش) - یہ کس علاقہ کی روایات ہیں -

میجر محمد اسلم جان - ویسٹ پاکستان کی -

وزیر زراعت و خوراک - آپ پوری بات تو کریں -

مسٹر حمزہ - وہ ملک ہزارہ کا ایک شہر ہے -

میجر محمد اسلم جان - جناب والا - اگر آپ غور فرمائیں تو یہ قانون بھی " خواہ مخواہ " ہے - اگر کسی نے کسی کی اراضیات کو ناجائز طور پر فروخت کر دیا ہے یا کسی قسم کا جھگڑا ہے تو اس کے لئے سول عدالتیں موجود ہیں - پھر لینڈ ریونیو بل پاس کر دیا ہے اس کی سیکنڈ ریڈنگ ختم ہو گئی ہے - اس میں حق ملکیت کے تحفظ کی provision ہے اس لئے اب اس آرڈیننس کے جاری کرنے کی ضرورت نہیں تھی -

جناب والا مجھے تو ایسا محسوس ہوتا ہے کہ جیسے دو بلیاں تھیں ۔ ان کا آپس میں روٹی پر جھگڑا ہو گیا تو ایک بندر نے کہا کہ میں اس کا فیصلہ کرا دیتا ہوں ۔ چنانچہ اس نے روٹی کے دو ٹکڑے کئے اور ترازو میں رکھ کر وزن کیا ان میں سے جو ٹکڑا بھاری تھا اس میں سے کچھ حصہ کاٹ لیا اور دوسرا ٹکڑا بھاری ہو گیا ۔ پھر اس میں سے ایک لقمہ لے لیا ۔ وہ اس طرح کرتا رہا یہاں تک کے تمام روٹی ختم ہوگئی ۔ میں کہتا ہوں کہ لوگوں کے حق ملکیت کا تعین کرتے کرتے کہیں آپ کا یہ ارادہ نہ ہو جائے کہ وہ زمین آپ خود لے لیں ۔

مسٹر سپیکر ۔ کیا اس کے بعد کئی اور حکایت تو نہیں آئے گی ۔

میجر محمد اسلم جان ۔ جی نہیں آئے گی ۔

جناب والا ۔ یہاں جو زمین کا تنازعہ وغیرہ ہو تو اس کا فیصلہ کرتے ہوئے آپ کے ریونیو افسران یا اور جو افسران وہاں پر لگانا چاہتے ہیں اس سے آپ چاہتے ہیں کہ ان میں سے جو بد دیانتی سے روپیہ کمانا چاہیں کما لیں ۔ اس کلاز نمبر ۳ میں آپ کی انتظامیہ کو جسے آپ تمام اختیارات دینا چاہتے ہیں ان کی نااہلیت اور لاپروائی کا یہ عالم ہے کہ نصیر آباد کو جو ضلع جیکب آباد میں ہے اس میں شامل کر لیا ہے۔ حالانکہ ۱۹۰۱ میں جو بندوبست ہو چکا ہے اس کے بعد اس کی شمولیت کسی آرڈیننس کے ذریعہ جائز نہیں تھی ۔ اب انہوں نے ۲۷-۸-۶۷ کو یہ حکم دے دیا ہے کہ وہاں کے مالک بھی اپنی کوئی جائیداد منتقل نہیں کرسکتے ۔ ان پر یہ بندشیں لگا دی ہیں ۔ کیا یہ عوام دوستی ہے ۔ کیا اسی پر آپ عوام کے حقوق کا تعین کرنا چاہتے ہیں کہ آپ ان کی اراضیات کسی نہ کسی طرح سے لے لینا چاہتے ہیں ۔ آپ اس انتظامیہ سے جس نے یہ آرڈیننس draft کیا ہے اسقدر مرعوب ہوگئے ہیں کہ ان کی صریح اور صاف غلطیوں پر بھی آپ چوں و چرا نہیں کرسکے ۔ کم از کم آپ ان کی غلطیاں بتاتے کہ بھئی یہ علاقہ جو ہے اس کا پہلے ہی سے سیٹلمنٹ اور

بندوبست ہو چکا ہے اس کو اب تم نے کیوں لیا ہے ؟ یہ انگوٹھا لگانے کا کام آخر کب تک چلتا رہے گا ۔

جناب والا ۔ گدوبیراج کا منصوبہ ۱۹۴۵-۴۶ میں منظور ہوا ۔ اس کے بعد جب اس کو دوبارہ نہروں کے متعلق revise کیا گیا تو یہ ڈویژن ۱۹۵۳ء میں ہوا اور Pat فیڈر کینال ۱۹۶۳-۶۴ء میں بنائی گئی اور آج اس کو بنے ہوئے بھی چار پانچ سال ہوگئے ہیں کیا اتنے لمبے عرصہ سے ہمارے افسران اور ہماری انتظامیہ سو رہی ہے اور اس نے یہ خیال نہ کیا کہ اس کے بندوبست کی ضرورت ہے یا نہیں ۔ یہ مدتوں سوتے رہے انہیں اب خیال آیا ہے کہ اس کا مالک کون ہے اب یہ انتظامیہ کو اختیارات دینا چاہتے ہیں ۔ جناب والا ۔ چونکہ انہوں نے اپنی نا اہلیت کا اس آرڈیننس میں ثبوت دیا ہے تو کیوں نہ ہم ان کی اہلیت یا نا اہلیت جو کچھ بھی ہو اسکا تین سال کے بعد جائزہ لیں کہ آیا وہ کام جو یہ کر رہے ہیں اور وہ بندوبست جس کے لئے یہ کلاز ۳ کا پراویزو لائے ہیں آیا اس کو یہ تین سال میں مکمل کر لیں گے یا نہیں ۔ وہ اس معزز ایوان کے سامنے آ کر کیوں نہ جواب دیں ۔ جناب والا ۔ جیسا کہ آپ کو معلوم ہے اور میرا خیال ہے کہ تین سال کا لمبا عرصہ شائد اس لئے دیا گیا ہے کہ اگر ضرورت محسوس ہو تو اس سے سیاسی طور پر لوگوں کو victimise کیا جا سکے ۔ ہو سکتا ہے یہ نہ ہو لیکن اس کا بندوبست یہاں پر نظر آتا ہے اور یہ اس طریقہ سے ہوسکتا ہے کہ چونکہ ابھی یہ بندوبست مکمل نہیں ہوا ہے تو جن افسروں کو یہ وہاں لگائیں گے اور جن کو وہاں تعینات کریں گے وہ اس شخص سے کہہ دیگا کہ یہ زمین تمہاری نہیں ہے جس نے اس علاقہ میں کروڑوں روپیہ لگا کر اس زمین کو آباد کیا ہے اور اس طرح یہ ایک آدمی کو خراب کرسکتے ہیں ۔ یا آپ کے افسران کسی ایسے آدمی کو، جس کا کوئی حق نہیں ہے، لکھ پتی بنا سکتے ہیں ۔ جناب والا ۔ یہ تمام علاقہ قلات بلوچستان میں ہے اور قلات میں جن لوگوں

کے حقوق تھے وہ زبانی چلے آتے تھے ۔ اس کے متعلق سب کو معلوم ہے جس وقت لوگوں نے یہ اراضیات خریدیں تو وہاں کے ناظم کو درخواستیں دیں اور اس کی باقاعدہ رجسٹری ہوئی ۔ آپ کے ریونیو افسران نے یا جو افسران بالا ہیں انہوں نے ان کے انتقالات کئے ہیں اور انہوں نے کہا ہے کہ زمینیں ان کی ہیں پھر انہوں نے اس پر لاکھوں روپیہ لگایا ہے ۔ جناب والا ۔ یہ زمینیں بڑے بڑے سرداروں نے فروخت کی ہیں وہ بڑے طاقت ور ہیں وہاں لا اینڈ آرڈر قائم کرنا ممکن نہیں ہے ۔ اگر ایک آدمی کو آپ کہتے ہیں کہ وہ مالک نہیں ہے اور آپ اس کو وہاں سے نکال دیتے ہیں تو کیا آپ نے کوئی پراویژن کیا ہے کہ جس آدمی نے وہاں لاکھوں روپیہ خرچ کیا ہو اور زمین کو آباد کیا ہو آپ اس کا روپیہ ان سرداروں سے واپس لے کر اس کو دیدیں ؟ جب تک آپ کو یہ نہ معلوم ہو گا کہ زمین کس کی ہے اور ریونیو کے افسران جب تک خود وہاں نہیں جائیں گے یہ کام نہیں ہوسکے گا اور حکومت یہ کام نہیں کرسکے گی ۔ جناب والا ۔ ایسے بھی لوگ ہیں جو مہاجر تھے یا وہ پنجاب سے آئے تھے جن کے پاس یہاں اراضی نہیں تھی انہوں نے ان زمینوں کو جو بنجر تھیں خریدا اور ان کو آباد کیا ۔ کیا یہاں پر ظلم نہیں ہے کہ آپ ان کو بیدخل کر دیں گے ۔ اس کے لئے آپ اپنے ریونیو آفیسر بٹھا دیں گے جیسا کہ لا منسٹر صاحب امنڈمنٹ لائے ہیں یا کوئی ایسا افسر ہوگا جس نے تین سال تک بحیثیت ڈسٹرکٹ جج کام کیا ہو اور ظاہر تو یہ ہوتا ہے کہ وہ بھی ریٹائرڈ افسر ہوگا جس کو آپ engage کریں گے اس کو جیسا آپ حکم دیں گے ویسا وہ کام کرے گا ۔ جناب والا ۔ Pat Feeder Canal سے کئی چھوٹی چھوٹی نہریں نکلی ہیں یہ ۱۲ لاکھ سے ۲۰ لاکھ ایکڑ رقبہ سیراب کرتی ہیں ۔ جناب والا ۔ آپ دیکھیں کہ اگلی کلاز جس سے یہ پراویژن interconnected ہے انہوں نے ۱۲ اکتوبر کو یہ کہا کہ انہوں نے اس کے لئے ۱۲ سال سے کم عرصہ لگایا ہے اور وہ شخص جس نے کہ ۱۲ سال تک جتنا کام کیا اس کو جیسا پنجابی میں کہتے ہیں ''کھو کھاتے پیا''

اب اگلے تین سال میں وہ پھر انتقال نہیں کر سکتا اس کے لئے کوئی تعین نہیں کیا گیا کہ ہم تین سال کے لئے انتقال کرلیں گے اس کو آپ جب تک چاہیں بڑھاتے جائیں اور قیامت تک بڑھاتے جائیں یہ تین سال ختم نہیں ہوں گے جس وقت جی چاہے گا سرکاری جریدہ کے ذریعہ حکومت یہ شائع کر دے گی کہ اس کا وقت اور بڑھا دیا گیا ہے اگر بندوبست نہ ہو سکا اور یہ کام چلتا رہے گا ۔ آخر کوئی انتہا ہے عوام پر ظلم و ستم کی ؟ کوئی خوف خدا کیجئے کہ ۱۲ سال تک تو adverse possession میں ہو جاتے ہیں ۔ جناب والا ۔ یہ open extortion ہے یہ بالکل ایسا ہی ہے جس کو highway robbery کہا جائے ۔ اس لئے میں سمجھتا ہوں کہ یہ proviso بالکل نہیں ہونا چاہئے حالانکہ ان کا جو کلاز ۳ ہے even that is not clear اس میں بھی انہوں نے یہ رکھ دیا ہے کہ تین سال یا جب تک ملکیت کا تعین نہ ہو اگرچہ کلاز ۳ میں انہوں نے رکھدیا ہے کہ تین سال یا جب تک ملکیت کا تعین نہ ہو تو پھر proviso کی کیا ضرورت ہے ۔

Mr. Speaker: I will now put the amendment to the vote of the House. The question is:

> That is sub-section (1) of section 3 of West Pakistan Pat Feeder Canal (Control and Prevention of Alienation of Land) Ordinance, 1967, the colon appearing after the words "Project Area" at the end of line 6 be replaced by a full-stop and the proviso thereafter be deleted.

The motion was lost.

Mr. Speaker: I have just now received a notice of an amendment from the Law Minister.

Minister of Law: Sir I beg leave to move:

> That in the West Pakistan Pat Feeder Canal (Control and Prevention of Alienation of Land) Ordinance, 1967, the full-stop at the end of the proviso of sub-section (1) of section 3 of the Ordinance be replaced by a comma and thereafter the following words be added, namely:—
>
> "but so as not to extend beyond two years from the expiry of the initial period of three years."

Mr. Speaker: Amendment moved is—

> That in the West Pakistan Pat Feeder Canal (Control and Prevention of Alienation of Land) Ordinance, 1967, the full-stop at the end of the proviso of sub-section (1) of section 3 of the Ordinance be replaced by a comma and thereafter the following words be added, namely:—
>
> "but so as not to extend beyond two years from the expiry of the initial period of three years."

Malik Muhammad Akhtar: Opposed Sir.

Mr. Speaker: The Law Minister has given notice of this amendment just now. This Ordinance was presented by him to the House a month back and after that there were so many opportunities and occasions to move his amendment. This amendment has been tabled just now when we are actually passing over that proviso.

Minister of Law (Mr. Allah Bachayo Ghulam Ali Akhund): I am sorry for the delay and for this belated amendment. I will only make a submission that the speeches, which were delivered yesterday on the floor of the House, were taken note of, and yesterday we sat in a party meeting and in order to respect the wishes of the Members of this House we have moved this amendment though belated. I think this will fulfil the sentiments of the Members of this House that no extraordinary power need be given so that this extension may go on for an interminable period. The reason behind this amendment was this. My friends in the House may not be aware but for their information I might make a submission that the area which is under contemplation is such that no work can possibly be done there in summer months. In summer it is not possible to do any work there because of the extreme climatic conditions, on account of the desert area, on account of the areas where there is no water and on account of all these difficulties which are prevalent there. It is only in winter that the staff comes down. Actually, the period of three years, which is the initial period, is three times six months, *i.e.*, 1½ years. Therefore, it was thought necessary, as the settlement work is a delicate one particularly when there is likelihood of disputes, that the work has to be done properly, carefully and cautiously. Therefore, three years' time was not considered sufficient. It was thought proper that extension will take place and, therefore, this power should be vested in the Government but since the Members desired that unlimited power need not be given, yesterday, we decided that this power might be curtailed. That is the reason why I have moved this amendment. It is in deference to the wishes of the Members of the House and I hope you will take note of the peculiar circumstances in which we are placed.

خواجہ محمد صفدر (سیالکوٹ - ۱) - میں اس کے متعلق کچھ عرض کرنا چاہتا ہوں - جناب والا - میں آپ کا مشکور ہوں کہ آپ نے لاء منسٹر صاحب کی توجہ اس امر کی طرف دلائی ہے کہ ہم کو اس وقت ترمیم کی نقل ملتی ہے جب یہاں پر بحث شروع ہوتی ہے - جس کے

نتیجے میں نہ تو ہم پورے طور پر اسپر توجہ دے سکتے ہیں اور نہ اپنے خیالات کا اظہار ان ترامیم کے متعلق کر سکتے ہیں ۔ جناب لاء منسٹر صاحب نے جو کچھ ارشاد فرمایا ہے اس کا جواب آپ نے خود ہی ان کو دے دیا ہے اور آپ نے ان پر یہ واضح کر دیا ہے کہ یہ روایات کچھ اچھی نہیں ہیں جو ہم یہاں قائم کر رہے ہیں ۔ حقیقت یہ ہے کہ تقریباً دو ماہ سے پیٹ فیڈر آرڈیننس نافذ ہے اور تقریباً ایک ماہ سے زیادہ عرصے سے اس ایوان میں یہ پیش ہے اور جس قدر ترامیم ہیں ان کو اگر بر وقت پیش کر دیتے تو اچھا تھا لیکن بہر حال یہ ان کی مرضی ہے ۔ اس وقت میں قواعد کا سہارا نہیں لینا چاہتا ہوں کیونکہ ہمارے ایسا کرنے سے ان کی پوزیشن خراب ہو گی ۔ ہم نہیں چاہتے کہ اس مرحلہ پر آ کر جب کہ ہمنے اتنے لمبے اجلاس میں مل جل کر کام کیا ہے اس position میں ڈالیں جس سے یہ نکل ہی نہیں سکتے ہیں ۔ مجھے خوشی ہے کہ یہ کسی نہ کسی وقت جب اس ایوان میں اپنے اپنے خیالات اور جذبات کا اظہار کیا جاتا ہے تو اس سے یہ اثر قبول کر لیتے ہیں ۔ لیکن یہ اثر بہت تھوڑا ہوتا ہے اور نہ ہونے کے برابر ہوتا ہے ۔ مثال کے طور پر میری ترمیم جو کہ اس ایوان نے نا منظور کی تھی اس کے متعلق میں نے اپنی گذارشات پیش کرتے ہوئے عرض کیا تھا کہ دراصل یہ اس ایوان کا فرض ہے کہ وہ کسی علاقے میں کسی قانون کو جاری رکھے ۔ یا جاری نہ رکھے ۔

مسٹر حمزہ ۔ خواجہ صاحب کی سریلی آواز سے جو سوئے ہوئے تھے وہ اب جاگ اٹھے ۔

Mr. Speaker: I hope it will not affect the Member.

خواجہ محمد صفدر ۔ میں نے یہ عرض کیا ہے کہ اس ایوان کے اولین فرائض میں سے ایک فرض یہ بھی ہے کہ وہ خود ہی قانون سازی کرے ۔ اور قانون سازی کے اختیارات انتظامیہ کو نہ دے وہ جو

چاہے کرے ۔ اور جب چاہے نوٹیفیکیشن کے ذریعہ قانون کی میعاد بڑھا دے یا کم کر دے ۔ عوام کا قیمتی حق غصب کرنا ان کے لئے کسی طور پر جائز نہیں ہے ۔ میں نے عرض کیا تھا کہ اگر یہ گورنمنٹ تین سال کے بعد یہ محسوس کرتی ہے کہ جن معاملات کو حل کرنے کے سلسلے میں یہ تین سال کی میعاد حاصل کی گئی تھی ۔ مہلت حاصل کی گئی تھی وہ معاملات تسلی بخش طور پر حل نہیں ہوئے اس لئے ہم کو مزید مہلت ملنا چاہیے ۔ تو اس صورت میں ان کے لئے یہ لازمی ہے کہ وہ ایوان میں تشریف لے آئیں اور اس ایوان سے اجازت حاصل کریں کہ ہم دو تین سال کے لئے مزید میعاد کو بڑھانا چاہتے ہیں ۔ میرے محترم وزیر قانون نے خود اس چیز کو تسلیم کر لیا ہے کہ اس قانون کی میعاد کے بڑھانے کی ذمہ داری صرف اس ایوان کو حاصل ہے ۔ لیکن افسوس یہ ہے کہ انہوں نے پھر بھی ایک رخنہ ڈالدیا ۔ کہ چلو دو سال نوٹیفیکیشن کے ذریعہ بڑھا لینے دو ۔ جب دو سال مزید تک انتظامیہ یہ کام نہیں ختم کرے گی ۔ تو ان کو مزید میعاد دینا ہو گی ۔ محکمہ مال کے عمال اپنی نا اہلی کی وجہ سے یہ کام پانچ سال میں بھی ختم نہ کریں تو اور بات ہے ۔ ورنہ صرف تین تحصیلوں میں بندوبست کرنا ۔ وہاں کوئی بڑا لمبا چوڑا کام نہیں ہے ۔ ان تینوں تحصیلوں کی آبادی بھی بڑی قلیل ہے ۔ یعنی دعویٰ داروں کی تعداد بھی کم ہے اور لاء منسٹر صاحب یہ فرماتے ہیں کہ وہاں گرمی میں کام نہیں ہو سکتا ہے اور اس لئے ان کو چھ ماہ کی چھٹی درکار ہے ۔ لیکن چھ ماہ کی چھٹی کے بعد بھی اگر کام نہیں ہوتا ہے تو میں سمجھتا ہوں کہ لاء منسٹر صاحب مجھ سے اتفاق کرتے ہیں تو وہ مکمل طور سے کیوں نہ مجھ سے اتفاق کریں کہ جب ان کو میعاد بڑھانے کی ضرورت ہو تو وہ اس ایوان میں آئیں ۔ بجائے اس کے وہ دو سال کی مزید میعاد خود ہی حاصل کرلیں ۔ میں یقین سے کہتا ہوں کہ ریونیو بورڈ پانچ سال میں بھی اس کام کو پورا نہ کر سکے گا جس طریقے سے یہ گورنمنٹ اور اس کے عمال چل رہے ہیں

یہ پانچ سال میں بھی کام کی تکمیل نہ کر سکیں گے ان کو کام کی کرنے کی عادت نہیں رہی - اس لئے یہ کیسے مکمل کریں گے - اس لئے لازماً ان کو دو سال کے بعد یہاں آنا پڑے گا - میں صرف یہ کہتا ہوں کہ آپ دو سال پہلے یہاں تشریف لے آئیں تا کہ آپ ہوشیار رہیں کہ وقت گذرنے والا ہے اور ہم کو ایوان کے سامنے اس قسم کے لنگڑے حیلے بہانے بنانے پڑینگے - اور وہاں یہ بہانے اور عذر نہیں چل سکیں گے - دراصل بات یہ ہے کہ یہ کوئی کام نہیں کرتے ہیں - حتیٰ کہ ایوان میں ترامیم بھی وقت پر پیش نہیں کر سکتے - اس لئے میں ان سے یہ درخواست کروں گا کہ یہ ترمیم ایوان reject کر دے اور اپنے حقوق کے تحفظ خود کرے - چھوٹی چھوٹی باتوں کے سلسلے میں ہم اس ایوان کے حقوق کے مسائل یہاں پیش کرتے ہیں کیا یہ کوئی اچھی مثال ہے جس کے متعلق یہ ایوان خاموش رہے - اس ایوان کے فرائض منصبی کو اس ایوان سے چھین کر ماتحت افسروں کے حوالے کیا جا رہا ہے - اس لئے میں ارکان اسمبلی کی خدمت میں نہایت ادب سے درخواست کروں گا کہ وہ اپنے حقوق کے متعلق با خبر رہیں اور ان کی پوری پوری حفاظت کریں - گورنمنٹ کا یہ کام نہیں ہے کہ وہ ایوان کے حقوق کی حفاظت کرے - گورنمنٹ کی ہمیشہ خواہش اور کوشش یہ رہتی ہے کہ اس ایوان کے زیادہ سے زیادہ اختیارات خود ان کو حاصل کر لے - اس لئے اس ایوان میں اور گورنمنٹ میں آپس میں ایک competition ہے - مقابلہ ہے اس لئے میں آپ سے ادب سے عرض کروں گا کہ آپ اپنے اختیارات کے متعلق ہوشیار ہوں - اور اس طرح سے آپ گورنمنٹ کو مجبور کر سکتے ہیں کہ ہمارے اختیارات پر دست اندازی نہ کی جائے لیکن اگر آپ خواب غفلت میں مبتلا ہوں گے تو گورنمنٹ آپ کے اختیارات لے لے گی -

ملک محمد اختر (لاہور - ۲) - مجھے دراصل اس اصول سے اختلاف ہے کہ ہم پر کسی قسم کے powers یا کسی قانون کی میعاد کو extend کرنے کے لئے کوئی بھی اختیار اپنے ہاتھوں سے ان افسران کو

کو دیدیں کہ وہ کسی notification کے ذریعہ کسی علاقے میں کسی قانون کو مزید وقت کے لئے جاری رکھ سکیں ۔ جناب سپیکر ۔ مجھے اس اصول سے قطعی اختلاف ہے کہ ہم کسی بھی شکل میں افسران مال یا حکومت کے کسی سیکرٹری یا کسی بھی افسر کو legislation کا اختیار delegates کریں ۔ جناب والا ۔ آپ اندازہ فرمائیں کہ اس قانون کے تحت جو ۱۳ اکتوبر ۱۹۵۵ سے لے کر آگے تک alienation کو bar کر دیا جاتا ہے یا اس کو scrutinize کیا جاتا ہے اور ۱۹۶۷ء سے ۱۹۷۰ء تک مزید تین سال کے لئے bar on alienation of land ان علاقہ جات میں کر دیا ہے اور وہاں یہ ایک قسم کی ضد یا ہٹ سے چاہتے ہیں لیکن چلئے غیر معین عرصہ کے لئے نہ سہی دو سال کے لئے ان کے متعلقہ سیکرٹری اور بورڈ آف ریونیو کو اختیارات دیدئے جائیں کہ وہ ان علاقہ جات میں جائیداد کی خرید و فروخت کو اور دو سال کے کے لئے کر سکیں ۔ جناب سپیکر ۔ یہ ایک دو سال کا مسئلہ نہیں ۔ جناب لاء منسٹر ۳ سال کے بجائے اگر پانچ سال کی ترمیم لے آتے تو شاید پہلے سیکشن میں ہم ان سے اتفاق کر جاتے کہ تین سال میں یہ کام نہیں ہو سکتا کیوں کہ وہاں یہ بیان کرتے ہیں کہ چھ ماہ دن رہتا ہے اور چھ ماہ رات ۔ یا وہ یہ کہہ دیں کہ ہمارے افسران چھ ماہ سوتے ہیں اور چھ ماہ جاگتے ہیں ۔ اگر وہ یہ کہہ دیتے تو شاید ہم مان جاتے لیکن یہاں پر جو محدود آئینی حقوق ہمیں دئے گئے ہیں ان پر ہمیں ناراضگی ہے اور یہ اصول کا مسئلہ ہے ۔ وہ چاہتے ہیں کہ ایک دن میں یا ایک لمحہ میں ان افسران کو اختیارات دے کر نوٹیفیکیشن کے ذریعے کسی قانون کا اجرا کر سکیں تو جناب والا ۔ میں یہ سمجھتا ہوں کہ یہ معاملہ اصولی طور پر قابل قبول نہیں ۔ جناب والا ۔ اس کے بعد مجھے ایک اور آئینی دقت کے متعلق بھی عرض کرنا ہے ۔ جناب والا ۔ قانون سازی یا تو بذریعہ بل ہو سکتی ہے یا بذریعہ آرڈیننس گورنر صاحب کر سکتے ہیں یہ بذریعہ بل ہم کر سکتے ہیں ۔ اگر وہ بذریعہ آرڈیننس کرتے ہیں تو وہ ہماری

منظوری کے لئے اس ہاؤس میں آ جاتی ہے ۔ ہم اپنی ترامیم کے ساتھ اس کو منظور یا مسترد کر سکتے ہیں ۔ اگر بل ہو تو ہم منظور کر کے بھیجتے ہیں اور اس پر گورنر کی assent ہوتی ہے ۔ قانون سازی کے لئے prior consent ہم سے لینی چاہئے کہ تین سال کی میعاد کے بعد قانون سازی کی جائے گی یعنی اگست سن ۷۰ میں نوٹیفیکیشن کیا جائے گا کہ فلاں علاقہ جات میں دو سال کے لئے مزید یہ قانون لاگو ہو گا ۔ جناب والا ۔ میں اس نوٹیفیکیشن کی حیثیت کو ماننے کے لئے تیار نہیں ہوں ۔ میں اس کو چیلنج کرتا ہوں مجھے اس اصول سے اختلاف ہے اور میں اس سے بغاوت کرتا ہوں ۔ کہ نہ صرف اس ہاؤس کے بلکہ پراونشل لیجسلیچر کے جس میں گورنر اور یہ لیجسلیچر شامل ہیں ان کو اختیارات دے دیئے جائیں ۔ اگر ریوینیو سیکرٹری یا بورڈ آف ریوینیو کے سیکرٹری بطور سیکرٹری کے کام کرتے ہیں تو یہ ہو گا

> "In exercise of powers conferred on me under such and such section, I hereby enforce the provisions of such and such Ordinance for another two years in such and such areas..."

جناب والا ۔ یہ حکومت کرنے کے بھوکے افسر تو اس قابل ہیں کہ ان کو یک لخت اس set up سے یعنی مغربی پاکستان کی ملازمت سے سبکدوش کر دیا جائے جو اس قانون کو ایسی خوفناک صورت میں بنا کر ہمارے سامنے لاتے ہیں ۔ جناب والا ۔ یہ لوگ اس بات کے بھوکے ہیں کہ ہم سے وہ اختیارات چھین لیں ۔یہ آپ کے اختیارات نہیں ان لوگوں کے اختیارات نہیں جو اس جگہ بیٹھے ہیں بلکہ میں کہوں گا کہ یہ صوبہ کے ۶/۵ کروڑ عوام کے اختیارات ہیں جن کو نوکر شاہی کا ایک پرزہ اور ایک ڈپٹی لاٹ صاحب استعمال کرنا چاہتا ہے ۔ یہ دو سال تو کیا میں ان کو دو گھنٹوں بلکہ دو منٹ کے لئے بھی اختیارات دینے کے لئے تیار نہیں ہوں ۔ یہ چاہتے ہیں کہ یہ لوگوں کے مفادات سے کھیلیں ۔ میں اس ضمن میں اپنا آخری نکتہ یا دلیل پیش کرتا ہوں ۔ اگست ۱۹۷۰ء اور اس کے بعد دو سال کی جو میعاد ہے وہ بڑی اہم تاریخیں ہیں ۔ جناب سپیکر ۔

صوبہ میں انتخابات ہونے والے ہیں۔ میرا خیال ہے جون ۱۹۷۰ء سے قبل ہی انتخابات ہوں گے۔ ایک ایسا قانون جو لوگوں کی جائیدادوں اور لوگوں کے حقوق سے کھیلتا ہو اس کو ہم کیسے پسند کر سکتے اس کو ہم کیسے قبول کر سکتے ہیں۔ یعنی آپ اندازہ فرمائیں اور دیکھیں کہ اگر میں کسی اسمبلی کا امیدوار ہوں تو یہ میری تمام جائیداد کو disputed declare کر سکتے ہیں۔ جناب سپیکر۔ اس آئین کی کتاب کا کیا فائدہ اگر اس پر ہمیں عمل نہیں کرنا ہے اگر لوگوں کے سول حقوق کی حفاظت نہیں ہو سکتی تو آپ اس سوسائٹی کے دوست کیسے شمار کئے جاسکتے ہیں بلکہ میں تو کہوں گا کہ اس صورت میں آپ سوسائٹی کے سب سے بڑے دشمن ہیں اگر آپ اس سوسائٹی کے سول حقوق کی حفاظت کے لئے کمربستہ ہونے کو تیار نہیں ہیں۔ جناب والا۔ ایسی مشینری فراہم کر دی گئی ہے کہ جس سے عوام کے حقوق کی حفاظت نہیں ہو سکتی۔

مسٹر حمزہ (لائلپور۔ ۶)۔ جناب سپیکر۔ حکومت کی جانب سے جو ترمیم پیش کی گئی ہے اور اس کے لئے جناب وزیر قانون نے جو دلائل پیش کئے ہیں وہ کم از کم اس ملک میں اس دور میں اور اس اسمبلی میں پیش نہیں کئے جانے چاہئیں تھے۔ انہوں نے دو سال کے مزید عرصہ کا مطالبہ کرتے ہوئے یا کرنے کے حق میں یہ دلائل دئے ہیں کہ اس علاقے میں افسران کرام چھ ماہ سے زیادہ عرصہ کام نہیں کر سکتے۔ جناب سپیکر۔ آپ کو علم ہو گا کہ اس ہنگامی قانون کے نافذ کرنے کی ضرورت اس لئے محسوس ہوئی کہ اس علاقہ میں نہری پانی گرمیوں کے ایام میں مہیا کر دیا جاتا ہے اور جہاں تک مجھے علم ہے لائلپور کے بعض لوگ وہاں جا کر کاشتکاری کرتے ہیں اور گرمیوں کے موسم میں پانی کی فراوانی ہوتی ہے اور مجھے یاد پڑتا ہے کہ جناب قائد ایوان نے چند یوم ہوئے فرمایا تھا کہ پیٹ فیڈر نہر موسمی ہے۔ گرمیوں میں پانی

مہیا کر دیا جاتا ہے اور سردیوں میں اس کو بند کر دیا جاتا ہے آپ اندازہ فرمائیں کہ ایک کاشتکار تپتی ہوئی دھوپ میں جا کر کام کر سکتا ہے اور ہمارے افسران کرام کو گرمی کے موسم میں پنکھے مہیا کئے جا سکتے ہیں ۔ اس دور میں جن ملکوں میں انقلاب آیا اور جن میں خوش قسمتی سے تعمیری انقلاب آیا اور جہاں کہ سال میں ۱۰ مہینے سخت سردی ہوتی ہے اور برف جمی ہوئی ہوتی ہے لوگ وہاں بھی کام کرنے لگ گئے ہیں اور ہمارے معزز وزیر اس ایوان میں یہ فرماتے ہیں کہ بلوچستان کی ان تین تحصیلوں میں ہمارے افسر اتنے نازک مزاج ہیں کہ وہ گلبرگ کے بنگلوں سے نکل کر جہاں انہیں ایر کنڈیشننگ مہیا ہے وہ ان تحصیلوں میں گرمیوں کے ایام میں جا کر بندوبست کا انتظام نہیں کر سکتے ۔

جناب سپیکر ۔ جب میں یہ کہتا ہوں کہ یہ اختیارات اس ایوان کو حاصل ہونے چاہئیں کسی دوسرے ادارے یا فرد یا محکمہ کو منتقل نہیں ہونے چاہئیں مجھے محض اس ایوان کے حقوق سے پیار نہیں حقیقت یہ ہے کہ اگر اس ایوان کو کوئی اہمیت حاصل ہے تو وہ اس لئے ہے کہ ہمارا یہ دعویٰ ہے کہ ہم عوام کی نمائندگی کرتے ہیں ۔ جناب خواجہ محمد صفدر صاحب نے ابھی یہ ارشاد فرمایا تھا ''کہ سرکاری ملازمین کوئی کام نہیں کرتے'' ۔ خواجہ صاحب نے غلط کہا ہے ۔ بعض اوقات شاگرد بھی استاد کی غلطی پکڑا کرتے ہیں اور میں انہی نکمے شاگردوں میں سے ہوں ۔ یہ درست نہیں کہ وہ کوئی کام نہیں کرتے ۔ بات یہ ہے کہ کوئی ان سے کام لیتا نہیں ۔ نہ لینے کی اہلیت رکھتا ہے نہ لینے کی نیت رکھتا ہے ۔ ورنہ ان سے کام لیا جاسکتا ہے ۔ جناب سپیکر ۔ آپ کو یہ علم ہوگا کہ اس کرہ ارضی پر اس دنیائے فانی میں قسمت کو انسانی زندگی میں بہت زیادہ دخل اور اہمیت حاصل ہے ۔ جب سے پاکستان معرض وجود میں آیا ہے آپ نے اپنی آنکھوں سے دیکھا ہوگا کہ جہاں سابقہ سیاستدانوں کو ان کی بعض لغزشوں کی بنا پر ہم نے مورد الزام ٹھہرایا ۔ وہاں ہم ایسے افسروں کے خلاف کوئی انکوائری نہ کر سکے یا

کروا سکے جنہوں نے سابقہ سیاستدانوں کی لغزشوں سے کئی گنا بد عنوانیاں اور جرائم کئے تھے۔ سابقہ سیاستدانوں کو تو ان کی لغزشوں کی بنا پر سزا دی گئی لیکن قسمت کی یاوری دیکھئے کہ انتظامیہ کے ان افسروں کے اختیارات بڑھتے ہی چلے گئے ۔ حالانکہ انتظامیہ سابق سیاستدانوں کے ساتھ شریک کار تھی بلکہ ان تمام برائیوں میں ان سے آگے آگے تھی ۔ مگر اس انقلابی حکومت نے انہیں دن بدن زیادہ سے زیادہ اختیارات دینا لازم سمجھا ہے ۔ ہر وہ قانون جو حکومت کی جانب سے اس ایوان میں لایا گیا ان میں ایک ہی قدر مشترک تھی اور وہ یہ کہ حکومت نے ان میں انتظامیہ کو زیادہ سے زیادہ اختیارات دینے کی کوشش کی ۔

جناب سپیکر ۔ آپ کو کل کی بحث سے یہ پتہ چل گیا ہوگا کہ اس ہنگامی قانون سے ٦ لاکھ ایکڑ زمین متاثر ہوگی ۔ انگریزی کا ایک مشہور مقولہ ہے ۔

A stitch in time saves nine.

١٩٥٣ سے گدوبند باندھا جا رہا تھا ۔ اگر اس وقت زیر آب آنے والی زمین کے بندوبست کا انتظام کر دیا جاتا جس کے بارہ میں اب بہت ہی قباحتیں پیدا ہو گئی ہیں ۔ یہ قباحتیں قطعاً پیدا نہیں ہو سکتی تھیں ۔ آج حالت یہ ہے کہ وہ زمین جو آج سے ١٢—١٣ سال پہلے بالکل ویران اور بیابان تھی یا اس میں جنگلات تھے آج وہاں لہلہاتے ہوئے کھیت موجود ہیں ۔ اس لئے اس زمین کی ملکیت کے متعلق آج بہت سی ایسی پیچیدگیاں پیدا ہوگئی ہیں ۔ جن کا آج سے ١٣ سال پہلے وہم و گمان بھی نہ تھا ۔ آج جب ہم افسران مجاز کو یہ اختیارات دیتے ہیں کہ وہ حقوق ملکیت کو متعین کریں آپ اندازہ لگائیں کہ ہم انہیں کتنے وسیع اختیارات دے رہے ہیں ۔ اس لئے اس علاقہ میں حقوق ملکیت کی دستاویزات موجود ہی نہیں ۔ وہاں حالت یہ ہے کہ قاضی کے سامنے دو آدمی باہمی جھگڑے کی صورت میں مقدمہ لے جاتے ہیں ۔ اسکے روبرو گواہ پیش کئے جاتے ہیں ۔ اور قاضی

محض زبانی گواہی پر دعوؤں کا فیصلہ کرتا ہے اور ان کے حقوق ملکیت متعین کرتا ہے ۔ ان حالات میں آج ہم ان افسران کو یہ اختیارات دے رہے ہیں کہ وہ پانچ سال کے لمبے عرصے میں اس علاقہ کا بندوبست کریں ۔ جو پیٹ فیڈر کنال سے سیراب ہوتا ہے ۔ جناب سپیکر ۔ آپ نے سابقہ پنجاب میں دیکھا ہوگا کہ اگر ان افسران کو اشتمال اراضی کا کام سونپا گیا تو بیشتر اوقات یہ دیکھا گیا کہ لوگوں کو اشتمال کراتے وقت اپنی زمینیں دوبارہ خریدنی پڑیں ۔ ان کی کارگذاری یہ ہے ۔ آج ہم انہی افسروں کو جن کی کارگذاری سے سارے مغربی پاکستان کے عوام بیزار اور نالاں ہیں اتنے وسیع اختیارات دے رہے ہیں کہ وہ لاکھوں اور کروڑوں روپے کی زمینوں کے بارہ میں جو فیصلہ صادر کریں گے وہ باضابطہ اور باقاعدہ ہوگا اور اسے عدالت عالیہ میں چیلنج نہیں کیا جا سکے گا ۔

Mr. Speaker : I will now put the amendment to the vote of the House.

(*At this stage Haji Sardar Atta Muhammad rose to speak*)

Mr. Speaker : Yes, Haji Sahib.

حاجی سردار عطا محمد (خیر پور-۲) ۔ مجھے افسوس ہے اس ترمیم میں جو ہمارے وزیر قانون نے فرمایا ہے اس میں انہوں نے جو سبب دکھایا ہے اس سے میں مایوس ہو گیا ہوں بلکہ ویسٹ پاکستان کے عوام مایوس ہو گئے ہیں جس علاقہ میں ۶ لاکھ ایکڑ اراضی پر لوگ بستے ہیں اور وہاں گرمی میں ہل چلاتے ہیں جنگل کاٹتے ہیں ان کے چھوٹے چھوٹے بچے وہاں رہتے ہیں مگر ہمارے افسر لوگ وہاں نہیں جا سکتے ۔ مجھے یہ خطرہ ہوتا ہے کہ بیرونی ممالک کے پریس کے نمائندے یہ حالات اپنے ملکوں کو بھیج دیں گے اور لڑائی میں ہماری شجاعت اور بہادری کا جو اثر ہوا تھا وہ اثر نہیں رہ جائیگا ۔ انہوں نے کہا ہے کہ افسران وہاں ان غریبوں کی حالت کو دیکھنے کے لئے ۶ ماہ تک نہیں جاتے اور نہ ۶ ماہ تک ان کے فیصلے کرتے ہیں ۔ حالانکہ ان کے

پاس اتنے وسائل ہیں کہ وہ وہاں ایئرکنڈ یشنر لگا سکتے ہیں ۔ فوارے لگا سکتے ہیں اور اپنے لئے بڑی آسائش کا سامان کرسکتے ہیں ۔ ان کی کاریں بھی ایئرکنڈیشنڈ ہیں ۔ اس ملک میں ٦ لاکھ ایکڑ غریب عوام اور ہاریوں کے پاس زمین ہے یہ اس کی نگرانی کیسے کریں گے ۔ جہاں یہ ٦ ماہ میں فیصلہ نہیں کرسکتے ۔ وہاں یہ جا نہیں سکتے ۔ اس گورنمنٹ کو وہاں کے لوگ مانتے نہیں ہیں تو پھر یہ نگرانی کیسے ہو سکتی ہے اس لئے میری یہ گذارش ہے کہ وزیر قانون صاحب اس ترمیم کو کسی اور اچھے طریقے سے لائیں ہم اس کو خوش آمدید کرتے ہیں ۔ گرمیوں میں ان کے اہلکار ٦ ماہ کے لئے وہاں کام نہیں کرتے ہیں یہ ان کو برخواست کردیں ۔

Mr. Speaker: I will now put the amendment to the vote of the House.

حاجی سردار عطا محمد ۔ جناب والا ۔ میری تھوڑی سی اور گذارش ہے کہ اگر یہ ان کو برخواست نہیں کر سکتے تو یہ خود استعفیٰ پیش کر دیں ۔ یہ عوام سے نہیں ہیں ۔ یہ غلط ہے کہ یہ عوام کے نمائندے ہیں ۔ یہ عوام کے سپاہی ہیں یہ عوام کے خادم ہیں اس لئے میری دوبارہ گذارش ہے یہ استعفیٰ دے دیں اگر یہ نہیں دیتے تو گورنمنٹ استعفیٰ دے دے ۔ مجھے اس ترمیم سے بڑا اختلاف ہے ۔ گذارش ہے کہ اس ترمیم کو وزیر قانون صاحب واپس لے لیں کسی اور اچھے طریقے سے اس ترمیم کو لائیں ۔

میجر محمد اسلم جان (راولپنڈی ۔ ۱) ۔ جناب والا ۔ وزیر قانون صاحب نے جو ترمیم یہاں پیش کی ہے اس سے چیز تو وہی رہی کہ ۔

"سجناں دا کہنا سر متھے تے پر پرنالہ اوتھے رہیسی"

ہم بار بار یہ کہہ رہے ہیں کہ آپ انتظامیہ کو یہ پاورز کیوں دے رہے ہیں ۔ تین برس کے لئے آپ آزمائیں اور دیکھیں کہ وہ کام کرسکتے ہیں یا

نہیں ۔ آپ نے جو فرمایا ہے کہ وہاں پر اتنی گرمی ہوتی ہے اتنی شدت ہوتی ہے کیا وہاں کے رہنے والے بھی گرمیوں میں ہل سٹیشن پر چلے جاتے ہیں ؟ جو بندوبست کرنے والے افسران ہوتے ہیں وہ تحصیل دار کے عہدے تک کے ہوں گے ۔ کیا وہ آپ امریکہ یا یورپ سے بلا رہے ہیں ۔ یا کسی ایڈ کے تحت وہ آ رہے ہیں ۔ اگر اس علاقے کے لوگ گرمیوں اور سردیوں میں کام کرسکتے ہیں تو یہ گرمیوں میں ۶ ماہ میں کام نہیں کرسکتے ۔ یہ ان سے رشوت لے سکتے ہیں کیا یہ گرمیوں میں کام نہیں کرسکتے ۔ آپ تین برس کے لئے determination of rights کر دیجئے ۔ تین برس کے بعد اس اسمبلی میں جواب دیا جائے کہ وہ کام نہیں کر سکتے اس وقت بہانہ بنا دیا جائے کہ اس وجہ سے کام نہیں ہو سکے گا ۔ جب مجارٹی وہاں کام کرنا چاہتی ہے تو اب اس ہنگامی قانون کی ضرورت کیا ہے ۔ بیس پچیس روز اس اسمبلی کے بلانے میں رہتے تھے آپ اس کو بل کی صورت میں پیش کر دیتے ۔ پہلے کبھی شاذ و نادر سننے میں آیا کرتا تھا کہ ہنگامی قانون لایا گیا ہے ۔ اب ہر بات میں ہنگامی قانون لایا جاتا ہے ۔ جو کام ہنگامی قانون کے ذریعہ سے کر سکتے ہیں وہ کام بل کے ذریعہ سے بھی ہو سکتا ہے ۔ یہ معزز ایوان جب اس بل کو پاس کرتا ہے تو وہ ایکٹ بن جاتا ہے ۔ جتنی تکالیف ہوں ہم لوگ مدد کرنے کے لئے تیار ہیں یہاں دیکھئے کہ عوام کی بہتری کس میں ہے ------

Mr. Speaker : I will now put the question. The question is :

> That full-stop at the end of the proviso of sub-section (1) of section 3 of the Ordinance be replaced by a comma, and thereafter the following words be added, namely :—
>
> "but so as not to extend beyond two years from the expiry of the initial period of three years."

The motion was carried.

Mr. Speaker : Next amendment is from Malik Muhammad Akhtar.

Malik Muhammad Akhtar : Sir I beg to move :

That in sub-section (2) of section 3 of the West Pakistan Pat Feeder Canal (Control and Prevention of Alienation of Land) Ordinance, 1967, the words "be of no effect and" occurring in line 2, be deleted.

Mr. Speaker : Amendment moved is :

That in sub-section (2) of section 3 of the West Pakistan Pat Feeder Canal (Control and Prevention of Alienation of Land) Ordinance, 1967, the words "be of no effect and" occurring in line 2, be deleted.

Minister of Law : Opposed Sir.

Mr. Ahmed Mian Soomro : On a point of order Sir, This negatives the original clause. I think the amendment should be ruled out of order.

Malik Muhammad Akhtar : No, no ; the amendment still carries the same sense. These words are just...

Mr. Speaker : It does not negative the clause.

ملک محمد اختر (لاهور - ۲) - جناب سپیکر یه سب کلاز (۲) جو اس طرح سے هنگامی قانون میں هے -

"Any alienation of land made in contravention or sub-section (1) shall be of no effect and confer no right, title of interest in such land on the parties to such alienation or any person claiming under them."

جناب والا - یہاں آپ دیکھیں گے کہ

"Any alienation of land made in contravention of sub-section (1) shall...."

اگر یہ الفاظ اڑا دیئے جائیں "be of no effect"

اس طرح سے یہ ترمیم رہ جائیگی -

"Any alienation of land made in contravention of sub-section (1) shall.....confer no right, title or interest..."

یعنی ان کا مقصد پورا ہو جائے گا مگر یہ جو الفاظ ہیں

" be of no effect."

یہ غیر ضروری ہیں ۔ یہ انگریزی درست نہیں ہے جو انہوں نے

استعمال کی ہے اس سے ambiguity پیدا ہو جاتی ہے ۔

Any alienation of land made in contravention of sub-section (1) shall be of no effect and confer no right.

دونوں باتوں کی کیا ضرورت ہے ۔ جناب والا

"and confer no right"

یہ چار الفاظ حذف کر دیں تو درست ہے ۔

Minister of Law : Sir this is common parlance. This is how it is used : "shall be of no effect". This is to deprive of legal effect.

Mr. Speaker : More proper form is : "Any alienation of land made in contravention of sub-section (1) shall be void." That serves the purpose. That is the legal phraseology so far as I am conversant.

(interruptions from Mr. Ahmed Mian Soomro.)

Minister of Law : I am sorry Sir that the Deputy Speaker is interrupting; he is again and again speaking. Whatever he wants to say he should say in his speech, and we will reply. We have not forgotten. we are very much sensitive and alive to the situation.

Malik Muhammad Akhtar : On a point of order Sir. I take objection to the words used by the Law Minister. The Deputy Speaker as a Member has got every right to speak, and why should he protest.

Mr. Speaker : The Member may please resume his seat. May I point out to the Law Minister that the wording is :

> "Any alienation of land made in contravention of sub-section (1) shall be of no effect and confer no right, title or interest in such land on the parties to such alienation . . . ."

By the words "parties to such alienation" it is meant transferee as well as transferor. No right, title or interest would devolve on the transferor, who is going to transfer that land. Only the right is to be bestowed or is to be conferred on the transferee ; not on the parties, only on one party.

Minister of Law : One party sells the land and the other party takes money.

Mr. Speaker : No right is conferred on the transferor.

Minister of Law : The right to take money ; and something still remains to be accepted...

Mr. Speaker : Right of alienation.

Minister of Law : In consequence of the right of alienation supposing only an agreement has been made and money has been taken. The remaining balance is still to be taken. There must be several other consequences of that. Both parties have certain interests.

Mr. Speaker : The conferment of the rights is always on the transferee.

Minister of Law : Title or interest in money.

Mr. Speaker : No right, title or interest in such land on the parties.

The right is in the land and the right in the land is to go to the transferee and not to the transferor.

Minister for Law : It is quite exhaustive.

Mr. Ahmed Mian Soomro : Supposing a person did have the right to transfer. That means because he has transferred it in contravention of this his right also goes because it seeks to deprive the rights of partie which means the transferor and the transferee. It means that if an transferor has transferred any land in which he has a title, in contravention he would be deprived of the title, which he had or merely the alienation would be void ?

Minister for Law : That is not the point. Whatever he has done in contravention of sub-section (1) will have no effect and he cannot be entitled to any right, title or interest.

Mr. Speaker : If we provide that any alienation made in contravention of sub-section (1) shall be void, will not that serve the purpose ?

Minister for Law : There are other things. Persons claiming under them also.

Mr. Speaker : If that transaction would be void, naturally, the persons claiming under them would have no title.

Minister for Law : It is alright. It is all embracing. According to me there is nothing wrong in it.

Malik Muhammad Akhtar : But not according to the general principles of law.

Mr. Speaker : And for the word "Any alienation of land. . . . . " is it not better that "An alienation of land. . . . . " should be there ?

Miniter fo rLaw : Opinions differs. You may prefer "an" and I may prefer "any". It does not make any difference.

Malik Muhammad Akhtar : Point of order. I am sorry to interrupt the honourable Speaker and the worthy Law Minister but I want to impress upon him that he is not writing essays. He is making legislation and legislation has got to be concise and brief.

Mr. Ahmed Mian Soomro : It should not be on the parties. It should n the transferee.

Mr. Speaker : Either it should be on the transferee or it should be left open that the transaction would be void.

Mr. Ahmed Mian Soomro : They are seeking by this ban to say that any transfer against this section will not confer any title.

Mr. Speaker : Because no right or title or interest in such land would be created for the transferor.

Minister for Law : ". . . . . in such land on the parties . . . . ." would cover "in such land" on the transferee as well.

Mr. Speaker : Actually, it would be only on the transferee and not on the transferor.

Minister for Law : As a consequence there may be right in the other party as well.

Mr. Speaker : But not in such land. ". . .' . and confer no right, title or interest in such land. . . .". The transferor shall have absolutely no right in such land.

Minister for Agriculture (Malik Khuda Bakhsh). May I intervene for a while ? I don't know, the Law Minister will be able to handle this legal question, but it looks to me that since the rights of the transferor are undetermined and in doubt and in dispute, the fact of alienation could not confer on him the right of proprietorship or anything that he is transferring. Because he has done a transaction, would that be susceptible of this ?

Malik Muhammad Akhtar : It will still be worse.

Minister for Agriculture : I don't know whether it will be worse or better but it looks to me probably the framers had this in view. I am not handling it but I am placing this point of view before the Law Minister.

Malik Muhammad Akhtar : Sir, in that case the poor fellow, who has made the purchase or has gone to settle there he is doomed (*interruptions*)

Minister for Agriculture : Sir, in certain areas where the rights are undetermined; and since if the man has transferred (*interruptions*)

Mr. Speaker : Order please.

Minister for Agriculture:.....the transferor has transferred or alienated certain rights to a transferee so transferee is alright conceded by all parties

that there should be no conferment of any rights but about the transferor, since the situation is rather obscure, it might not be held or deemed to have been thought that the transferor by virtue of this transaction has acquired any right of proprietorship. If this be the intention, would not this clause be in order ?

Minister for Law : There is another point also. There may have been intervening transfers also because there may be a transfer from one person to another at a stage at which this has come. There may be two or three transfers in between. Therefore, the word "parties" is appropriate.

Mr. Ahmad Mian Soomro : This refers to the past and not to the future.

Minister for Law : It can take place in future also.

Mr. Ahmad Mian Soomro : If transaction, after this Act, is going to be void how do others have a right ?

Mr. Speaker : So far as the word "parties" is concerned that will be reckoned in relation to a particular alienation, In every alienation there would be two parties, the transferor and the transferee. If there are three transactions then there would be six parties or less than that and, so, in that case all the parties would be covered by this provision.

Minister for Law : Therefore, the word "parties" is quite appropriate.

Mr. Speaker : Even the transferor ?

Minister for Law: Yes, Sir, because supposing the first transfer is void then second is accepted, third is accepted.....

Mr. Speaker : But every alienation has to be judged on its own merits and not simultaneously.

Minister for Law : Quite right. Then there may be a case where there may be three alienations in respect of the same land.

Mr. Speaker : But every alienation will be judged on its own merits independently.

Minister for Law : A transferee of the first may become transferor the second and so on and so forth. Therefore, if we use only 'transferee' and if it is intended only to cover up the case of transferee and not to give him any right then we will stop at that but then, at a certain stage, he changes the character. Therefore, the word "parties" is very appropriate.

Mr. Ahmed Mian Soomro : When the very first transaction is void it is a matter of ordinary law that all that follows would be void. The learned Law Minister is very experienced and this is a thing which I need not remind him. When the very first transaction, that is going to occur after today, is going to be void then let there be a hundred transactions ; they will have no value. This is a matter of ordinary law.

Minister for Law : I don't find anything wrong in it.

Mr. Speaker : That is up to the Law Minister.

میجر محمد اسلم جان ۔ جناب ظاہر ہے کہ اس قسم کی ٹرانسفر void ہوگی ۔

Malik Muhammad Akhtar : That is an omission.

خواجہ محمد صفدر ۔ جناب یہ void ہوگی ۔

میجر محمد اسلم جان ۔ اسکے rights کو ختم کردے گا ۔

ملک محمد اختر ۔ جناب وزیر صاحب اسکو واپس لے لیں اور کوئی دوسرا draft بنا کر لائیں ۔

وزیر قانون ۔ ہم نہیں لائیں گے ۔ یہی ٹھیک ہے ۔

Malik Muhammad Akhtar : That is an omission.

Mr. Speaker : I will now put the amendment to the vote of the House.

The question is :

> That in sub-section (2) of section 3 of the West Pakistan Pat Feeder Canal (Control and Preventation of Alienation of Land) Ordinance, 1967 the words "be of no effect and", occurring in line 2, be deleted.

The motion was lost.

Mr. Speaker : Next amendment.

Minister for Law : I beg to move :

> That after sub-section (2) of section 3 of the West Pakistan Pat Feeder Canal (Control and Prevention of Alienation of Land) Ordinance, 1967, the following be added, namely :—
>
> "(3) Nothing in this section shall apply to any alienations :—
>
> (*a*) made by Government or by an authority or person duly empowered by Government in this behalf; or
>
> (*b*) made in favour of Government or any authority set up or established by Government".

Mr. Speaker : Should I read it as 'alienation' or 'alienations' ?

Minister for Law : It should be 'alienation'.

Mr. Speaker : Amendment moved is :

That after sub-section (2) of section 3 of the West Pakistan Pat Feeder Canal (Control and Prevention of Alienation of Land). Ordinance, 1967, the following be added, namely :—

"(3) Nothing in this section shall apply to alienation :—

(*a*) made by Government or by an authority or person duly empowered by Government in this behalf ; or

(*b*) made in favour of Government or any authority set up or established by Government".

Khawaja Muhammad Safdar : Opposed.

Malik Muhammad Akhtar : Opposed.

خواجہ محمد صفدر (سیالکوٹ - ۱) - جناب والا - ویسے تو انہوں نے اچھا ہی کیا ہے کہ سیکشن نمبر ۱ سے اس پیرا گراف کو نکال کر سیکشن نمبر ۳ میں لے آئے ہیں کیونکہ دراصل یہی اسکی مناسب جگہ تھی اور مجھے ان کے پیراگراف (a) سے اختلاف بھی نہیں ہے - لیکن مجھے ان کے پیراگراف (b) سے سخت اختلاف ہے -

جناب والا - اس کلاز کے ذریعے یہ اصول وضع کیا گیا ہے کہ جب یہ قانون نافذ ہوگا - یعنی آئندہ تین سال میں کوئی شخص اپنی جائداد فروخت نہ کر سکے گا - اور بیع رہن اور ہبہ وغیرہ قطعی طور پر غیر موثر ہوگا - اور یہ کہ بیع ہبہ یا رہن کے ذریعے کسی قسم کے حقوق منتقل نہ ہو سکیں گے - ہم اس اصول کو تسلیم کر چکے ہیں - لیکن اب یہ کہتے ہیں کہ بعض انتقالات اس قسم کے ہوں گے جو کہ اس قانون سے مستثنیٰ تصور کئے جائیں گے - ایک بات تو سمجھ میں آتی ہے کہ اگر گورنمنٹ یا گورنمنٹ کا کوئی ماتحت ادارہ یا گورنمنٹ کی طرف سے اگر کسی شخص کو اختیار دیا گیا ہو - اگر ان اراضیات میں کوئی حقوق منتقل کرتے ہیں تو وہ سودا کالعدم نہیں ہوگا - لیکن یہ دوسری بات سمجھ میں نہیں آتی - مثلاً یہ تو درست ہے کہ اگر ایک آدمی کے حقوق متعین ہو

چکے ہیں اور وہ اپنی جائداد کا ایک حصہ گورنمنٹ کے پاس یا گورنمنٹ کی کسی اتھارٹی کے پاس یا گورنمنٹ کے مقرر کردہ کسی نمائندے کے پاس فروخت کر دیتا ہے ۔ تو وہ متاثر نہیں ہوگا یہاں تک تو ٹھیک ہے کہ وہ سودا کالعدم نہیں ہوگا ۔ لیکن جہاں پر حقوق متعین ہی نہیں ہیں اور ایک غلط آدمی (الف) بیس کنال کا رقبہ گورنمنٹ کے پاس فروخت کر دیتا ہے لیکن بعد میں جب بندوبست ہو چکتا ہے اور اس بات کا علم ہو جاتا ہے کہ مذکورہ شخص (الف) کا اس بیس کنال رقبے سے کوئی تعلق ہی نہیں تھا اور اسکو تو حقوق ملکیت حاصل ہی نہ تھے تو بھی آپ اس سودے کو کالعدم نہیں ٹھہراتے ۔ حالانکہ ایسی صورت میں اگر گورنمنٹ بھی زمین خریدے تو بھی وہ سودا مشکوک ہوگا اور میرا خیال ہے کہ اس قسم کے مشکوک سودوں سے بچنے کے لئے بھی ہم یہ سیکشن نمبر ۳ وضع کررہے ہیں لیکن آپ یہ کہتے ہیں کہ اگر گورنمنٹ نے زمین خریدی ہو تو وہ ایسی صورت میں بھی مستثنیٰ ہوگی ۔ اب فرض کیجئے کہ الف،ب،ج،د گورنمنٹ کے پاس یا اے۔ڈی۔سی کے پاس یا گورنمنٹ کے کسی نمائندے کے پاس کسی زمین کا سودا کرتے ہیں (یہ ہو بھی رہا ہے) اور اے۔ڈی۔سی کا کوئی نمائندہ الف سے سودا کرتا ہے حالانکہ وہ زمین الف کی ہے ہی نہیں مگر وہ سودا کیا جا رہا ہے ۔ اے۔ڈی۔سی کا نمائندہ اور الف دونوں بددیانت ہیں اور وہ آپس میں ملکر گورنمنٹ کو defraud کرتے ہیں ۔ اس طرح گورنمنٹ کو زمین تو مل گئی لیکن جب بندوبست کے بعد یہ ثابت ہو کہ یہ زمین الف کی نہیں تھی تو پھر یہ بتائیے کہ وہ اصل مالک کیا کرے گا ۔ اس لئے اس قانون کا حصہ (ب) میرے نزدیک غیر ضروری ہے ۔ صرف گورنمنٹ کی جانب سے جو سودے ہوں اس کے ذریعے ان کا تو تحفظ کر لیا گیا ہے لیکن جو سودے گورنمنٹ کے حق میں ہوں ان کا تحفظ

کرنے کی ضرورت نہیں ہے ۔ دراصل یہ کلاز جس مقصد کے لئے لائی گئی ہے وہ یہ ہے کہ گورنمنٹ یا گورنمنٹ کی کوئی ایجنسی جو سودے الف،ب،ج د سے کریگی ۔ اگر یہ سودے بند کر دیئے جائیں تو ان علاقوں میں آباد کاری کا کام رک جائے گا ۔ میں حصہ (الف) کے تو حق میں ہوں کیونکہ آباد کاری کا کام تین سال کے لئے رک جائے گا اور ہمیں اناج کی ضرورت ہے اس لئے اس کام کو نہیں روکنا چاہئے دوسرا یہ کہ جو سرمایہ کاری ہو رہی ہے اس کا کوئی مقصد اور مصرف بھی تو ہو ۔ تو اگر حصہ (الف) کو میں قبول نہ کروں تو اس کا مطلب یہ ہوگا کہ تین سال کے لئے یا پانچ سال کے لئے اس متعلقہ علاقے میں آباد کاری کا تمام کام رک جائے گا ۔ اس لئے یہ حصہ تو ہونا چاہئے لیکن میں یہ پوچھتا ہوں کہ گورنمنٹ کو آخر کیا ضرورت آن پڑی ہے کہ وہ الف،ب،ج،د سے سودا کرتی پھرے ۔ گورنمنٹ کسی سے حصول اراضی کے لئے اس قسم کے مشکوک سودے ہی نہ کرے کہ وہ کالعدم قرار دئے جائیں ۔ میں اسی وجہ سے اس سب کلاز (b) کا مخالف ہوں ۔

میجر محمد اسلم جان (راولپنڈی ۔ ۱) ۔ جناب سپیکر ۔ جیسا کہ خواجہ صاحب نے فرمایا ہے ۔ مجھے بھی یہ سمجھ نہیں آتی کہ آخر گورنمنٹ کو اس سے کیوں مستثنیٰ قرار دیا جا رہا ہے ۔ کہیں ان کا یہ ارادہ تو نہیں ہے کہ وہ وہاں پر چند آدمیوں کو مقرر کردیں جو لوگوں کی زمینیں حکومت کے پاس فروخت کرتے رہیں خواہ وہ زمینیں کسی کی بھی ہوں اور اس طریقے سے ان لوگوں کو آپ روپیہ دینا چاہتے ہوں ۔ آخر اسکی کوئی نہ کوئی وجہ تو ضرور ہے ۔ آخر آپ روز بروز جو defective قوانین بنا رہے ہیں اس کی کوئی وجہ تو ہوگی ۔ کیونکہ ایک آرڈیننس موجود ہے اور آپ اسکے متعلق ایک ترمیم بھی لے آئے ہیں ۔ تواسکی بھی کوئی وجہ

ہوگی اور کم از کم ہمیں بھی وہ وجہ بتا دیں کہ آخر آپ کے وہ کون کون سے منظور نظر ہیں کہ جن کو آپ اس طریقے سے نوازنا چاہتے ہیں کہ اگر آپ کا کوئی اپنا آدمی کسی کی زمین آپ کے ہاتھ فروخت کرتا ہے اور آپ اسے روپیہ دینا چاہتے ہیں ۔ کیونکہ آپ نے یہاں پر کوئی ایسی گنجائش نہیں رکھی کہ اگر بعد میں یہ معلوم ہو کہ وہ فروخت شدہ زمین اس بیچنے والے کی نہیں تھی اور اصل مالک کوئی اور تھا اور وہ اس لحاظ سے بیدخلی لے آیا تو پھر وہ اصل مالک اپنی زمین کا روپیہ کس سے وصول کرے ۔ ایک طرف تو آپ نے ایک کو تباہ و برباد کردیا اور دوسری طرف آپ نے ایک کو لکھ پتی بنا دیا ۔ ایک طرف تو آپ یہ کہتے ہیں کہ اگر وہ گورنمنٹ کی طرف سے فروخت کرے گا تو وہ valid ہوگا لیکن دوسری طرف آپ یہ کہتے ہیں کہ اگر گورنمنٹ نے یا گورنمنٹ کے کسی ادارے نے کوئی زمین خریدی تو وہ کالعدم نہیں ہوگی ۔ یہ کس طرح ہو سکتا ہے ۔ یا تو آپ یہ کہیں کہ آپ کے چند منظور نظر ہیں کہ جنکو آپ نوازنا چاہتے ہیں اور آپ نے ان کو earmark کر رکھا ہے اور ان کے لئے ہی آپ نے یہ کلاز رکھی ہے ۔ آپ کہتے ہیں کہ الف،ب،ج،د کی اراضی کا اگر title بھی ان کے پاس نہ ہو اور وہ زمین بیچ دیں تو جو اصل مالک ہوگا وہ بیچارہ تو برباد ہو جائے گا ۔ آپ اس کو سیاسی طور پر برباد کرنا چاہتے ہیں یا پھر اسکے علاوہ کوئی وجہ ہوگی ۔ ورنہ اس کلاز (ب) کی کیا ضرورت ہے ۔ کوئی وجہ ضرور ہے کہ آپ ایک چھری لے کر اس طرح سے بیٹھے ہوئے ہیں ۔ ایک آدمی کے حقوق کا تعین ہی نہیں ہوا ہو اور وہ زمین فروخت کر دیتا ہے تو بھی آپ کہتے ہیں کہ یہ سودا ٹھیک ہے اگر یہ گورنمنٹ کے حق میں ہوا ہے تو اس سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ آپ بالکل تلے ہوئے ہیں اور آپ نے ایسے لوگوں کو mark کر رکھا ہے جن کو آپ نقصان پہنچانا چاہتے ہیں ۔

Mr. Ahmed Mian Soomro (Jacobabad-II) : Sir, the learned Law Minister is very sensitive and I may therefore, once again, apologise to him for putting my fingers on his sensitive nerves.

Sir, they have already in Section 1 (4) of the Ordinance, stated that :

> "1. (4) Nothing in this Ordinance shall apply to
>
> (*a*) any land owned by Government ;
>
> (*b*) any alienation of land made in favour of Government, or any authority set up or established by Government."

Khawaja Muhammad Safdar : The Government is proposing to delete this ; there is an amendment to this effect.

Mr. Ahmed Mian Soomro : But I just want to show them that in the haste—I would say that—or in the proper inattentiveness they might have framed a sort of saving for the Government which probably they themselves realised that that is wrong and now they want to amend and delete it on their own accord. Of course, they are very sensitive and I am sorry for again touching their sensitiveness.

Sir, their actions show that they have done something wrong in trying to amend what they have already done. In other words, they want to go a step further in the wrong direction. Firstly, they have said that it would not apply to any land owned by Government. In the present amendment, they are seeking to save only from Section 3 and not from the rest of the Ordinance but they are going a step further to say that any alienation made by Government or any authority, for example, the A.D.C. that means that they have made alienation of land not owned by Government that would not be touched.

If later on it is found that this alienation which the Government has made or the A.D.C has made did not belong to them but belonged to 'A' then 'A' has no right to say that this alienation is wrong. In the provisions it has been said that in the case of the land owned by Government, even if at any stage it was found that Government was the owner of that land, then the alienation could be challenged. By this proviso they are again going further to save the actions which, even later, are found to be wrong.

I would, therefore, very respectfully ask the Law Minister to please realise this aspect and if they feel that the previous one was better to accept that and not go on just making changes, in the law they have already framed, to the detriment of the people.

ملک محمد اختر (لاهور - ۲) - جناب والا - یه ایک نہایت هی اهم دفعه هے جس نے حکومت کے عزائم کو آشکار کردیا هے اور حکومت خود بھی محسوس کر رهی هے که وه اس علاقه کے لوگوں سے Step motherly treatment کرنے والی هے - میری مراد یه هے که دفعه ۳ میں یه قرار دیا گیا

ہے کہ کوئی بھی alienation of land تین سال کے لئے نہیں کی جائے گی ۔ اس کے بعد اگر proviso میں settlement نہ ہوئی ہوگی تو دوسرے سال کے لئے اس بار کو مزید extend کر دیا جائے گا ۔

اب اس میں ایک اور proviso لگا دی گئی ہے یعنی دفعہ ۳ لگا دی ہے کہ Nothing in this section shall apply to any alienation.....

made by the Government.

اب یہ alienations کیا ہیں ۔

جناب والا ۔ مجھے یہ بتایا جائے کہ اس ملک میں Transfer of Property Act میں کتنی دفعات موجود ہیں جن کے تحت حکومت کوئی جائداد حاصل کر سکتی ہے ۔

جناب سپیکر ۔ اس کے لئے مجھے دو تین لائینز پڑھنے دیں تاکہ میں بتا سکوں کہ یہ کیسے relevant ہے ۔

> "The total acreage proposed to be acquired amounts to two lakhs six thousand and seventy acres. The land to be acquired is either Government waste-land or proprietary lands. As far as Government lands are concerned no compensation beyond actual acquisition charges have been provided. In case of private lands compensation at the rate of two hundred to two hundred and fifty per acre have been provided."

جناب والا ۔ میں یہ کہنا چاہتا ہوں کہ گدوبیراج کے علاقوں میں جو حکومت نے alienations کی transactions کی ہیں ۔ یہ کافی زائد ہیں ۔ میرے پاس ساڑھے ستر صفحوں کا ایک cyclostyled پمفلٹ ہے جو جنیجو صاحب کے محکمہ سے مجھے مل گیا ہے ۔ مخدوم صاحب نے بھی وہ پڑھا ہو گا ۔ اس سے پتہ چلتا ہے کہ حکومت کی alienations کافی زیادہ ہیں اور وہ حکومت کی favour میں جا رہی ہیں ۔ کیونکہ حکومت نے اس بیراج کے لئے کافی اراضی حاصل کرنی ہے ۔ اس کا طریقہ کار یہ ہوگا کہ Land Acquisition

Collector کسی کی زمین لے کر اس کو compensation دے دیگا ۔ اگر وہ compensation disputed ہوگا جس کے لئے پہلے ایک ٹریبونل تھا اور وہ اس کے پاس جا سکتے تھے لیکن اب ایک نیا طریقہ کار اختیار کیا گیا ہے ۔ یہ کہتے ہیں کہ جو alienations حکومت کے حق میں کر دی جائیں یا حکومت جس زمین کو acquire کر لے اور دو تین سو روپیہ معاوضہ دے دے جیسا کہ میں نے ابھی پڑھا ہے ۔ تو وہ challengeable نہیں ہو گا ۔ چاہے ایک ہی جگہ الف یا ب کو معاوضہ ادا کر دیا جائے ۔

جناب والا ۔ ایسی alienations متعدد ہیں اور بے شمار ہیں جو حکومت کے حق میں کی جائیں گی ۔ or by any authority اس سے ان کی مراد ہے کہ جو گدوبیراج یا Pat Feeder areas کو واپڈا execute کر رہی ہے یعنی وہ جو بھی زمین وہاں acquire کرے اور اس کی compensation جس کو بھی ادا کرے گی تو وہ شخص rightful owner ہو گا اس پر تمام دروازے بند ہو جائیں گے اور CPC کے تحت جو remedies اس کو حاصل ہیں وہ حاصل نہیں ہوں گی ۔ Land Acquisition Act کے تحت جو اس کے rights ہیں اور قائم کردہ ٹریبونل کی دفعات کے تحت جو حق اسے حاصل ہے کہ اپنے title کو determine کرا سکے وہ نہیں کر سکیگا ۔ وہ ان کے مقرر کردہ Tribunal سے determine کرانا ہو گا ۔

جناب سپیکر ۔ اس طرح میں کل Land Revenue Bill کی دفعات پر بات نہیں کر سکا ۔ CPC کے تحت Tribunal سے title کو determine کرانے کے لئے لوگ جا سکتے ہیں لیکن وہ determination of Rights کے لئے CPC میں نہیں جا سکیں گے بلکہ ان کو اس ٹریبونل میں آنا ہو گا ۔ اب آپ اندازہ فرمائیں کہ or by any authority سے واپڈا کو بھی مستثنیٰ قرار دے دیا ہے یعنی واپڈا جو جائداد حاصل کرے اور الف یا ب یا د کسی کو اس کا معاوضہ دے دیا جائے تو وہ قابل مواخذہ نہیں ہو گا۔

جناب سپیکر ۔ اب میں (اے) کو چھوڑ کر (بی) پر آتا ہوں ۔

(b) any alienation of land made in favour of Government, or any authority set up or established by Government.

اب جناب سپیکر ۔ وہ اشخاص جو ناجائز طور پر قابض ہوں گے جن کا Rightful Title نہیں ہو گا وہ تو بصد خوشی گورنمنٹ کے حق میں Land Acquisition Collector سے مل کر یہ کہیں گے کہ ہماری زمین لے لیں ہم کوئی remedy seek نہیں کرتے ۔ ہمیں معاوضہ دے دیا جائے ۔ اور فوری طور پر وہ معاوضہ کا چیک وصول کر لیں گے ۔

اس کے بعد کیا ہو گا ۔

any alienation made in favour of the Government or any authority which is, of course, WAPDA in this case or the Irrigation Department.

اور جناب والا ۔ Any alienation made in favour of Government تو challengeable نہیں ہو سکتی ۔ نہ ہی CPC کے تحت جو مراعات حاصل ہیں ان کے تحت اور نہ Land Acquisition Act کے تحت اس طرح سے میں یہ سمجھتا ہوں کہ میرا پہلا نکتہ یہ ہے کہ حکومت ان کو Legal remedies سے deprive کر رہی ہے جو CPC کے تحت یا Land Acquisition Act کے تحت لوگوں کو حاصل ہیں اور انہوں نے اراضیات حاصل کرلی ہیں ۔ کیونکہ یہ دفعات صرف acquisition کے متعلق ہیں ۔ اس کے بعد پھر یہ کہاں کا اصول ہے کہ پرائیویٹ افراد کی alienation تو آپس میں debar کر دی جائے ۔ لیکن انہیں کھلی چھٹی دے دی جائے کہ حکومت کے پاس کسی دوسرے شخص کی زمین یا unsettled areas میں سے کوئی ایسی املاک جب وہ چاہے حکومت کے پاس فروخت کر دے ۔ اس کا تو یہ مطلب ہے کہ یا تو یہ تسلیم کریں کہ وہاں پر fraud نہیں ہوتے ۔ میں کہتا ہوں کہ frauds نہیں ہوتے پھر normal course میں جو یہ غیر ضروری قانون لے آئے ہیں یہ fraud ہے ۔

انہوں نے ۱۹۵۵ - ۱۰ - ۱۴ سے تمام alienations کو scrutinize کرنا ہے - اس لئے جب ۱۹۵۵ - ۱۰ - ۱۴ سے تمام alienations scrutinize ہوئی ہیں تو وہ alienations جو گورنمنٹ کے حق میں ہو چکی ہیں ان کا کیا ہو گا -

جناب سپیکر - آپ دیکھیں کہ ۱۹۴۶ء میں یہ گدو بیراج بنی - ۱۹۵۳ء میں Feasibility Report revise ہوئی تو یہ تمام کی تمام حکومت کی کارکردگی کم و بیش ۱۹۵۵ کے بعد ہوئی ہے اور اس علاقہ میں ۶۴ - ۱۹۶۳ میں Pat Feeder کی acquistion ہوئی - اس acquisition کے عوض دی گئی رقومات کو چیلنج کرنے کا حق اگر وہ حمزہ کا نہیں تھا تو اختر کا تھا تو وہ اس حق سے debar کرنا چاہتے ہیں - اس کا مطلب یہ ہے کہ جیسا کہ میں نے عرض کیا تھا کہ رشوت legalize کر دیں تو انہوں نے رشوت کو legalize کر دیا - کوئی آدمی اگر کسی دوسرے آدمی کی زمین ایل - اے - سی یا لینڈ acquistion کلکٹر کو رشوت دے کر acquire کر لیتا ہے تو original owner کے دروازے بند کر دئے گئے ہیں -

وزیر قانون (مسٹر اللہ بچائیو غلام علی اخوند) - جناب سپیکر - میرے فاضل دوستوں کو خواہ مخواہ یہ مغالطہ ہوا ہے کہ سیکشن ۳ میں جو پہلا بار ہے اس سے مستثنیٰ قرار دیا ہے - وہ بار کیا ہے؟ وہ فروخت پر پابندی لگائی گئی ہے یہ نہیں ہے کہ جس شخص کی زمین نہ ہو اور وہ بیچ ڈالے -

No person shall alienate any land in the Project Area for a period of three years or until determination.

Mr. Ahmed Mian Soomro: Under the Land Acquisition Act.

وزیر قانون - اب اس دوران میں اگر گورنمنٹ کو ضرورت پڑے اور گورنمنٹ کہیں نہر کھودنا چاہتی ہے اور گورنمنٹ کے پاس لینڈ نہیں

ہے تو اس صورت میں گورنمنٹ زمین لے سکتی ہے - اور گورنمنٹ fraudulently نہیں لے گی بلکہ گورنمنٹ ایسے شخص سے لے گی جس کی زمین ہو گی - اگر گورنمنٹ لینڈ acquisition ایکٹ کے تحت لے گی تو اس سے لوگوں کو تکلیف ہو گی اس میں معاوضہ کم ملے گا اس لئے گورنمنٹ نے طے کیا ہے کہ وہ by negotiation زمین لے گی - لینڈ acquisition ایکٹ میں لمبا پروسیجر ہے اس میں applications invite کی جاتی ہیں اس کے بعد compensation determine کیا جاتا ہے پھر وہ شخص سول کورٹ میں جا سکتا ہے - ان تمام امور کو face کرنے کی وجہ سے یہ طے ہوا ہے کہ اگر گورنمنٹ کو ضرورت پڑے تو وہ خرید سکتی ہے اس میں کیا غلطی ہے - میری عقل ناقص میں کوئی غلطی نہیں ہے - اگر گورنمنٹ کسی شخص کی زمین fraudulently لے لے گی تو اس پر construction کیسے ہو گا - لہذا یہ کہنا غلط ہے کہ گورنمنٹ fraudulently لے لے گی -

Malik Muhammad Akhtar: On a point of order Sir. What about the persons who are fraudulently in possession of other man's land, and they are selling it ?

Minister of Law: They will not be permitted. Section 3 is the main thing. Bar on alienation has been placed for a period of three years or until determination of rights. In the meantime Government is not going to fraudulently become a party to the transaction of land, which is not owned by a person. I don't know how my friends have taken this stand that Government is going to invest money in fraudulent transactions. There is no intention to buy land fraudulently. This is only a facility for the purpose of getting a piece of land. Supposing there is need for a work-shop by the A.D.C., supposing there is need of a sub-station of electricity, and there is no Government land, then to acquire land and to go through all that would be too tedious and cumbersome a procedure. Therefore, facility has been provided of getting land by negotiations lawfully and legally.

Mr. Ahmed Mian Soomro : Sir he has not replied to my objection; why they have amended section 1 (4) and they are bringing this?

Minister of Law : That is proper.

Mr. Speaker : The question is:

> That after sub-section (2) of section 3 of the West Pakistan Pat Feeder Canal (Control and Prevention of Alienation of

Land) Ordinance, 1967, the following be added, namely :—

"(3) Nothing in this section shall apply to any alienations—

(a) made by Government or by an authority or person—duly empowered by Government in this behalf; or

(b) made in favour of Government or any authority set u or established by Government."

The motion was carried.

Mr. Speaker : Next amendment is from Khawaja Muhammad Safdar, of which notice has been given today.

Khawaja Muhammad Safdar : Sir I beg to move—

The after sub-section (2) of section 3 of the West Pakistan Pat Feeder Canal (Control and Prevention of Alienation of Land) Ordinance. 1967, the following new sub-section be added, namely:—

"(3) Nothing in this section shall apply to any land in which rights have been determined in pursuance of settlement operation before coming into force of this Ordinance."

Mr. Speaker : Amendment moved is:

That after sub-section (2) of section 3 of the West Pakistan Pat Feeder Canal (Control and Prevention of Alienation of Land) Ordinance. 1967, the following new sub-section be added, namely:—

"(3) Nothing in this section shall apply to any land in which rights have been determined in pursuance of settlement operation before coming into force of this Ordinance."

Minister of Law : Opposed Sir.

Mr. Ahmed Mian Soomro : On a point of order Sir. We have got section 3 inserted in the last few minutes.

Mr. Speaker : That would be considered as after sub-section (3) the following new sub-section be added as (4).

خواجہ محمد صفدر (سیالکوٹ — ۱) - جناب والا - میری اس ترمیم سے غرض و غایت یہ ہے کہ جیسا کہ اس ایوان میں کل اسبات کا بار بار اظہار کیا گیا ہے کہ پروجیکٹ ایریا کی جو تعریف کی گئی ہے اس میں بعض علاقے تو ایسے ہیں جنکے متعلق میرا ذاتی علم ہے اور میرے اس ذاتی علم کی تائید محترم سمرو صاحب نے بھی کل فرمائی تھی کہ نصیرآباد سب ڈویژن میں امید ہے سیٹلمنٹ ہو چکا ہے - اور حقوق ملکیت کا تعین ہو

چکا ہے ۔ موجودہ ترمیم کے ذرایعہ پروجیکٹ ایریا کی definition میں سے اس سب ڈویژن کو نکال دیا جائے لیکن میری یہ بھی اطلاع ہے کہ ان باقی تین تحصیلوں میں بھی اکثر مواضعات کا سیٹلمنٹ ہو چکا ہے اور کچھ حصہ رہ گیا ہے یا بعض جگہ کم سے کم operation شروع ہے خواہ دو دس یا بیس گاؤں کا سیٹلمنٹ یا بندوبست ہو چکا ہے مثال کے طور پر کل محترم سمرو صاحب نے ارشاد فرمایا تھا کہ بعض ایسے لوگ ہیں جنکے حقوق کو لینڈ ریفارمز ایکٹ کے نیچے بھی تعین کیا جا چکا ہے ان سے فالتو زمین جو وہ اپنے پاس نہیں رکھ سکتے تھے لے لیگئی ہے۔اسلئے اگر ایک شخص کے بھی کچھی کی تینوں تحصیلوں میں حقوق ملکیت متعین ہو چکے ہیں تو کوئی وجہ نہیں ہے کہ ہم سیکشن ۳ کے تحت اسکو روک دیں کہ تم تین پانچ سات سال اپنی زمین کو فروخت رہن یا ہبہ نہیں کر سکتے۔جناب والا ۔ میری رائے میں یہ حقوق ملکیت نہایت ہی قیمتی ہوتے ہیں اور باقی تمام حقوق سے زیادہ اہمیت رکھتے ہیں ان حقوق کو آپ معطل کر رہے ہیں اور لمبے عرصے کیلئے معطل کر رہے ہیں ۔ اس آرڈیننس کی غرض و غایت یہ ہے کہ جہاں حقوق متعین نہیں ہوئے وہاں بیع و فروخت نہ ہو سکے ۔ یہ آرڈیننس اسی غرض سے لایا جا رہا ہے کہ حقوق متعین ہو جائیں اور پھر لوگ اپنی اپنی حقوق ملکیت کا رہن ہبہ اور بیع کر سکتے ہیں لیکن حقوق متعین ہونے تک ہم یہ پابندی لگانا چاہتے ہیں ۔ لہذا میں نے یہ ترمیم پیش کی ہے کہ جہاں کہیں بھی کسی زمین کے متعلق حقوق متعین ہو چکے ہیں ان پر یہ پابندی نہیں ہوگی ۔ بڑی سیدھی سادھی بات ہے انکی غرض و غایت محض اور محض یہ ہے کہ جہاں ایسے علاقوں میں حقوق متعین نہیں ہیں اور ہمیں یہ معلوم نہیں ہے کہ زمین کا ایک قطعہ ۱۰ ایکڑ کا ہے یا ہزار ایکڑ کا (الف) کی ملکیت ہے یا (ب) کی

ملیکت ہے یا ان دونوں کی ملکیت نہیں ہے بلکہ (ج) کی ملکیت ہے ایسی صورت میں رہن بیع اور ہبہ پر پابندی عائد کر دیجائے لیکن جب آپ سیٹلمنٹ proceedings کے ذریعہ فیصلہ کر چکے ہیں جو اسوقت بھی جاری ہیں اور وہاں کئی سال سے جاری ہیں اور آخر انہوں نے ۱۰—۲۰ دیہاتوں میں بندوبست کر ہی لیا ہوگا تو ان لوگوں کا کیا جرم ہے اور انکے حقوق ملکیت میں کیا نقص ہے کہ ہم انکو روک رہے ہیں کہ آپ بیع نہیں کرسکتے اور جب آپ انکے حقوق کو تسلیم کرتے ہیں اور انکے حقوق کی حفاظت کرنا چاہتے ہیں جنکے حقوق متعین ہو چکے ہیں تو میری سمجھ میں نہیں آتا کہ محترم لامنسٹر صاحب میری اس ترمیم کی کیوں مخالفت کر رہے ہیں ۔

وزیر قانون (مسٹر اللہ بچائیو غلام علی اخوند) جناب سپیکر ۔ عرض یہ ہے کہ یہ امنڈمنٹ نمبر ۳۱ جو خواجہ صفدر صاحب کے نام تھی اور سمرو صاحب کے نام بھی تھی ۔ اسکے schedule میں ترمیم کی ہے ہم اسکو مان لینگے ۔ اور اس سے یہ ہوگا کہ نصیر آباد سب ڈویژن پر اسکا اطلاق نہ ہوگا بلکہ باقی جتنا بھی area ہے میری اطلاعات کے مطابق جہاں کہیں settlement نہیں ہوا ہے وہاں اسکا اطلاق ہوگا ۔ میری اطلاع کے مطابق چونکہ ابھی settlement نہیں ہوا ہے لہذا یہ امنڈمنٹ کسی کام کی نہ ہوگی ۔

As far as my information goes there is not.....

مسٹر سپیکر ۔ settlemeut کئی مقامات میں ہوگئی ہے اسلئے وہاں پابندی لگانا مناسب نہیں ہے ۔

Minister for Law: As you will see from the Preamble, the idea of this Ordinance is also to promote agricultural development. As this stage, when the irrigation facilities are either being supplied or have just been introduced, people should not be allowed to sell land for a period of three years because they are selling it at a very cheap rate and it is

not in the interest of the agriculturists to deprive them of their properties by sale so soon since in a very short time the land is going to be very fertile and it is going to yield very good returns. Therefore, it is in the interest of the agricultural community of that area that this bar should be there.

خواجہ محمد صفدر (سیالکوٹ-۱) - جو کچھ لامنسٹر صاحب نے ارشاد فرمایا ہے ہم اسکو قبول بھی کرلیں تو پھر بھی میری یہ ترمیم ایسی ہے جس سے انکے مفاد کو نقصان نہیں پہونچتا ہے - اور انکے مقاصد کو نقصان نہیں پہونچتا ہے - جیسے کہ یہ اس امر کو یقین سے نہیں کہہ سکتے ہیں کہ ایک گاؤں میں بھی settlement نہیں ہوئی ہے - یا ضرور ہوگئی ہے - میری اطلاع ان لوگوں کے ذریعہ ہے جو اسی علاقے کے رہنے والے ہیں - وہ یہ کہتے ہیں کہ کئی سال سے وہاں settlement proceedings جاری ہیں اور کئی مقامات کا settlement ہو چکا ہے مثال کے طور پر انکی یہ اطلاع ملاحظہ فرمائیے کہ انہوں نے اس آرڈیننس میں نصیر آباد sub-division تک کو شامل کر لیا ہے اور میں جناب کی اطلاع کے لئے یہ عرض کرونگا کہ نصیرآباد سب ڈویژن میں ۱۹۰۳ میں پہلی بار settlement ہوئی تھی - اسلئے اگر یہ حکومت اتنی باخبر ہے کہ جس علاقے میں اور جس علاقے کے پورے سب ڈویژن میں آج سے ۶۴ سال پہلے settlement ہو کر اسی settlement کی میعاد بھی ختم ہو چکی ہے اور وہاں دوسری بار settlement ہونے والی ہے اسکے متعلق بھی حکومت کو معلوم نہیں اور اس علاقہ کو بھی انہوں نے آرڈیننس میں درج کر لیا ہے - بعض مواضعات ایسے ہیں جن میں settlement ہو چکی ہے وہ preamble کے para (1) سے ظاہر ہے - میں عرض کرتا ہوں وہ یہ ہے -

"AND WHEREAS the lands in the said area are unsurveyed and un-settled and the ownerhip thereof is undetermined and in a large number of cases is in dispute;

AND WHEREAS settlement operations are being carried out in the said area to survey the lands therein and to determine the ownership and other rights in and over the said lands ;

AND WHEREAS certain persons are reported to have unauthorizedly or without lawful authority alienated lands in the said area, the title whereof is in dispute;"

دو مقاصد ہیں ۔ ایک تو یہ ہے کہ settlement ہولے تو پھر ہم دیکھیں ۔ جناب والا ۔ clause 3 (1) میں آپ ملاحظہ فرمائیں ۔ دو صورتیں درج کی گئی ہیں کہ اگر تین سال میں settlement ہو جاتی ہے ۔ اور تین سال کی مدت ختم ہو جائیگی تو اس صورت میں یہ پابندی بھی ختم ہو جائیگی اسکا مقصد یہ ہے کہ جب اس علاقے میں settlement ہو جائیگی تو یہ پابندی ہٹ جائیگی ۔ میں کہتا ہوں کہ جہاں settlement ختم ہو چکا ہے وہاں پابندی پہلے سے لگا کر کیا فائدہ اٹھانا چاہتے ہیں اب صرف اتنی سی بات ہے ۔ غالباً میں اچھے طریقے سے اسے وزیر قانون کے سامنے واضح نہیں کر سکا ۔ یہ ایک سیدھی سی بات ہے ۔

مسٹر سپیکر ۔ لامنسٹر صاحب نے فرمایا تھا کہ وہاں اگر settlement ہوچکی ہے تب بھی وہ پابندی لگائینگے ۔

خواجہ محمد صفدر ۔ یہ اس قانون کی غرض نہیں ہے ۔

وزیر قانون ۔ settlement کے لئے میں عرض کروں کہ جہاں کہیں بھی settlement چل رہی ہو ۔

Settlement by itself is not complete. It has got to be submitted to the Board of Revenue. Until the Board of Revenue accepts the settlement it is not a settlement in the eyes of law.

Merely because the process has just been started does not mean that those villages or areas have been settled.

Mr. Speaker. The amendment says:

"Nothing in this section shall apply to any land in which rights have been determined."

Minister for Law : Nowhere the entire area has been settled. It has still to be settled. This is a statement which I am making on full responsibility and this is the statement which has been provided to me by the officials and I trust them.

Mr. Speaker : I will now put the question. The question is :

That after sub-section (2) of section 3 of the West Pakistan Pat Feeder Canal (Control and Prevention of Alienation of Land) Ordinance, 1967, the following new sub-section be added, namely :---

"(3) Nothing in this section shall apply to any land in which rights have been determined in pursuance of settlement operation before coming into force of this Ordinance".

The motion was lost.

Mr. Speaker : We now pass on section 4. Yes. Malik Akhtar.

Malik Muhammad Akhtar : I beg to move:

That in sub-section (1) of section 4 of the West Pakistan Pat Feeder Canal (Control and Prevention of Alienation of Land) Ordinance, 1967, for the word "Government", occurring in line 3, the words "Chief Justice, High Court of West Pakistan" be substituted.

Mr. Speaker : Amendment moved is:

That in sub-section (1) of section 4 of the West Pakistan Pat Feeder Canal (Control and Prevention of Alienation of Land) Ordinance, 1967, for the word "Government", occurring in line 3, the words "Chief Justice, High Court of West Pakistan" be substituted.

Minister for Law : Opposed.

Malik Muhammad Akhtar : Sir, is it possible to move both the amendments (No. 9 and 10) because they will carry more sense.

Mr. Speaker : Yes, please.

Malik Muhammad Akhtar : I beg to move—

That for sub-section (2).....

خواجہ محمد صفدر - میں لا منسٹر صاحب سے گذارش کروں گا کہ جو ترمیم نمبر ۳ پر درج ہے وہ اسے پیش کریں اس سے سب دوستوں کا مطلب حل ہو جائیگا -

I don't see any reason why it should not be moved first.

مسٹر سپیکر - یہ تین سال ہے -

خواجہ محمد صفدر - Session Judge بھی اس میں آئیگا -

Mr. Speaker : But the position is that it concerns sub-section (2). So, he should not move it. He should confine himself to the first amendment which concerns sub-section (1).

ملک محمد اختر ۔ Alright Sir جناب سپیکر ۔ دفعہ ۴ زیر بحث آرڈیننس کی رو سے یہ قرار دیا گیا ہے کہ جب دفعہ ۳ کے تحت تین سال کے لئے کسی اراضی کی فروخت پر پابندی لگائی جائیگی اور دفعہ ۲ کے تحت مزید دو سال کے لئے ارکان حکومت بذریعہ گزٹ notification اسکی تشہیر کریں گے اور علاوہ ازیں اگر settlement کے دوران میں پایا جائے کہ کسی شخص نے کوئی ایسی اراضی جو کہ متنازعہ ہو ۱۱ اکتوبر ۱۹۵۵ کے بعد سے اسے کسی شخص نے خریدا ہو تو اس alienation کو خلاف قانون قرار دیا جائیگا ۔ اگر جناب وزیر قانون void کا لفظ آپکی تجویز کے مطابق مان لیتے تو اس صورت میں میری بحث curtail ہوجاتی ۔ بہر حال جناب والا ۔ ہمیں یہاں void کا لفظ استعمال کرنا ہوگا ۔ کیونکہ یہ sense carry کرتا ہے ۔ جناب سپیکر ۔ اب ایسی alienations کو جو اس آرڈیننس کے تحت void ہوں ان کی adjudication کے لئے کیا طریقہ کار ہے جو جناب والا ۔ اختیار کیا جانا چاہئے ۔ جناب والا ۔ اس میں قرار دیا گیا ہے ۔ میں دفعہ ۴ (۱) کو پڑھوں گا جس پر کہ میری ترمیم ہے ۔

> "4. (1) For the purposes of considering and adjudicating upon the references made under sub-section (1) of section 5, Government shall appoint one or more Tribunals."

اب جناب والا ۔ ۵ (۱) کے تحت حکومت ایک ٹریبونل appoint کریگی اب اس نے کیا فرائض ادا کرنے ہیں ۔ وہ میں عرض کر چکا ہوں ۔ دفعہ ۵ (۱) کے تحت ایک ریفرنس آئیگا کہ اگر کسی شخص نے ۱۳ اکتوبر کے بعد کسی ایسے شخص سے کوئی زمین خریدی ہے ۔ ان علاقہ جات میں یعنی پراجیکٹ ایریا میں یعنی ان علاقہ جات میں جہاں پر یا جن میں یہ آرڈیننس جاری ہو گا ۔ جس کی سیٹلمنٹ کے دوران پایا جائے کہ اس کا title جائز نہیں اور اس چیز کی وضاحت اگر ہو گئی کہ اس کا جائز حق اس زمین پر نہیں ہے تو اس صورت میں ایک ریفرنس کیا جائیگا اس

ٹریبونل کے پاس اور اس کی تقرری جناب والا گورنمنٹ کریگی ۔ جناب والا ٹریبونل جو کام کریگا اس کے presiding officer کو جناب والا ۔ ھائی کورٹ کی سفارش پر رکھا جائیگا۔ جہاں تک مجھے یاد ھے ٹریبونل لینڈ Acquisition ایکٹ کے تحت بنایا جاتا ھے ۔ میں یہاں سیشن جج کے لفظ کو نہیں لاتا تو ھائی کورٹ کی سفارش پر ان سے ایک لسٹ مانگی جاتی ھے ۔ panel ھائی کورٹ سے مانگے جاتے ھیں وہ حکومت مقرر کرتی ھے ۔ اب جناب والا ۔ میں چاھتا ھوں کہ قانون یہ بنا دیا جائے بجائے اس کے کہ حکومت جیسی کہ ان کی ترمیم ھے کوئی ڈسٹرکٹ جج مقرر ھو اور بجائے اس کے کہ گورنمنٹ پاورز کو کوئی misuse کرے ۔ اتنے اھم امور کے لئے یہ قرار دیا جائے کہ سطر ۳ میں لفظ گورنمنٹ کی بجائے یہاں ''چیف جسٹس ویسٹ پاکستان'' کے الفاظ کر دئے جائیں ۔ جناب والا ۔ میں اس سے زیادہ اس پر کچھ نہیں کہنا چاھتا ۔

Mr. Speaker : I will now put the amendment to vote; the question is :

> That in sub-section (1) of section 4 of the West Pakistan Pat Feeder Canal (Control and Prevention of Alienation of Land) Ordinance, 1967, for the word "Government" occurring in line 3, the words "Chief Justice, High Court of West Pakistan" be substituted.

The motion was lost.

Mr. Speaker : Next amendment by Minister for Law.

Minister for Law : Sir, I beg to move :

> That for sub-section (2) of section 4 of the West Pakistan Pat Feeder Canal (Control and Prevention of Alination of Land) Ordinance, 1967, the following be substituted, namely :—
>
> "(2) A Tribunal shall consist of a single member, who shall be a person who has exercised the powers of a District Judge, or of a Collector under the law relating to land-revenue, for a period of not less than three years.'

Mr. Speaker: Amendment moved is :

> That for sub-section (2) of section 4 of the West Pakistan Pat Feeder Canal (Control and Prevention of Alienation of Land) Ordinance, 1967, the following be substituted, namely :—
>
> "(2) A Tribunal shall consist of a single member, who shall be a person who has exercised the powers of a District

Judge, or of a Collector under the law relating to land-revenue, for a period of not less than three years."

Malik Muhammad Akhtar : Opposed.

مسٹر حمزہ (لائیلپور - ٦) - Opposed جناب سپیکر - میرے لیڈر خواجہ محمد صفدر صاحب ھیں - صدر ایوب نہیں -

Mr. Speaker : Order please. Mr. Hamza should know that is not proper and that is not the occasion to pass such remarks.

مسٹر حمزہ - جناب سپیکر - میں نے تو ان کی تعریف کی ھے -

Mr. Speaker: No that is not proper to say these things at an irrelevant place.

مسٹر حمزہ - جناب سپیکر - اتنے عظیم انسان کا نام میں نے لیا ھے -

Mr. Speaker : Yes he may please go on with the discussion on the clause.

مسٹر حمزہ - جناب سپیکر - عرض یہ ھے کہ اس ترمیم کے ذریعے جناب وزیر قانون نے ڈسٹرکٹ جج کو جو ضلع میں عدلیہ کا سب سے بڑا افسر ھوتا ھے اس کام میں گھسیٹنے کی کوشش کی ھے - میرے ذاتی نقطہ نگاہ سے اگر ڈسٹرکٹ جج کو وہ اختیارات نہ دئے جائیں جو کہ اس کو عام طور پر حاصل ھوتے ھیں اور ان کے کئے ھوئے فیصلوں کو ھائی کورٹ میں عام حالات میں چیلنج نہ کیا جاسکتا ھو یعنی جہاں ان کے خلاف اپیل کی جا سکتی ھے اگر اس کی گنجائیش نہ رکھی جائے تو ان کے فیصلے بھی انتظامی افسران کی طرح ناقص ھوں گے - ڈسٹرکٹ جج ان حالات میں جیسا کہ اس ھنگامی قانون سے ظاھر ھے اور جن لائینوں پر اس قانون کو ترتیب دیا گیا ھے اس سے عیاں ھے کوئی خدمت نہیں کر پائیں گے -

جناب سپیکر - میرے نقطہ نگاہ سے کسی بھی شخص کو چاھے وہ ڈسٹرکٹ جج ھی کیوں نہ ھو اگر بے پناہ اختیارات دیدئے جائیں جنکو

باقاعدہ کسی مناسب عدالت میں چیلنج نہ کیا جاسکے تو یہ چیز قابل قبول نہیں ہوسکتی ۔ انسان آخر انسان ہے ۔ آپ اس کو ڈسٹرکٹ جج کہئیے یا ایک کلکٹر ۔ ڈسٹرکٹ جج جو اس ملک میں مقرر کئے جاتے ہیں وہ بھی ہمارے بھائی ہوتے ہیں اور جو افسر انتظامیہ سے تعلق رکھتے ہیں وہ بھی ہمارے پاکستانی بھائی ہیں لیکن انتظامیہ کے افسروں کو خاص قسم کے اختیارات حاصل ہیں جو عدلیہ کے افسران کو حاصل نہیں ہوتے ۔ وہ ایک خاص ماحول میں کام کرتے ہیں آپ اگر انہیں پابندیوں سے بے نیاز کر کے اختیارات دیں گے تو میرے نقطہ نگاہ سے وہ ان تمام برائیوں میں ملوث ہو جائیں گے جن میں ہماری انتظامیہ کے افسران عام طور پر ملوث ہوتے ہیں اور جس کی وجہ سے ہماری انتظامیہ بدنام ہے ۔ جناب سپیکر ۔ آپ کو یہ علم ہے کہ اس ہنگامی قانون میں یہ واضح طور پر بتایا گیا ہے کہ ٹریبونل کے کئے گئے فیصلہ کے خلاف کمشنر کے پاس براہ راست اپیل کی جا سکتی ہے ۔ اور دفعہ ۸ میں یہ بتایا گیا ہے کہ کمشنر اور بورڈ آف ریونیو کا فیصلہ ناطق ہوگا اس کے خلاف کسی دیوانی یا انتظامی عدالت میں چارہ جوئی نہیں کی جاسکتی ۔ میری اس ترمیم کی مخالفت کی وجہ یہی ہے کہ اگر ایک ڈسٹرکٹ جج کو آپ وہ اختیار نہیں دیتے جو اسے عام طور پر حاصل ہونے چاہئیں یا اس پر آپ وہ پابندی نہیں لگاتے جن پابندیوں کا وہ عام طور پر پابند ہوتا ہے تو میرے نقطہ نظر سے عدلیہ کا کوئی افسر ہو یا انتظامیہ کا جسے بھی بغیر ضروری تحفظات کے بے تحاشا اختیارات دئیے جائینگے ایسے اختیارات کا ناجائز استعمال ہونا لازمی ہے ۔ اس لئے میں اصولی طور پر عدلیہ کے افسروں کو اس میں گھسیٹنے کی سخت مخالفت کرتا ہوں ۔ اس طرح یہ ہوگا کہ یہ حکومت جو پہلے انتظامیہ کو بدنام کرچکی ہے ۔ عدلیہ کے افسران کو زیادہ اختیارات دے کر اور کنٹرول نہ کرکے ایسے سیاق و سباق میں جن میں یہ ہنگامی قانون جاری ہورہا ہے

عدلیہ کی شہرت کو بری طرح مجروح کرے گی ۔ وہ خاطر خواہ نتائج جو ایک سیشن جج کو مقرر کر کے ہمارے حکمران حاصل کرنا چاہتے ہیں ۔ جس نیت سے انہوں نے اس ترمیم کو یہاں پیش کیا ہے ۔ میں ان کی نیت پر شبہ نہیں کرتا ۔ وہ نتائج محض ان کی نیت تک محدود رہیں گے ۔ عملی زندگی میں اس سے ذرہ بھر فرق نہیں پڑے گا ۔ سیشن جج بھی ایک انسان ہوتا ہے اس کے پاس جادو کا ڈنڈا نہیں جو وہ چلائے اور انصاف کے سوتے اور چشمے پھوٹ پڑیں ۔ آپ جسے بھی نمک کی کان میں ڈالیں گے وہ نمک ہو جائیگا ۔ اگر آپ اس قسم کے اختیارات ایک سیشن جج کو بھی دیں گے میں اس نام سے اتنا زیادہ مرعوب نہیں ۔ سیشن جج کوئی آسمان سے اترا ہوا انسان نہیں ہوتا اسکی بھی وہی ضرورتیں اور کمزوریاں ہیں اور اس میں بھی صوابدید کے غلط استعمال کے امکانات اسی طرح موجود ہیں جس طرح عام انتظامیہ کے افسروں میں ہوتے ہیں ۔ ان حالات کے پیش نظر میں اس ترمیم کی مخالفت کرتا ہوں اور جناب وزیر قانون سے یہ التجا کرتا ہوں کہ اگر آپ یہاں سیشن جج کو متعین کرتے ہیں . . . . .

Mr. Speaker : Say District Judge.

مسٹر حمزہ ------ تو آپ یہ فیصلہ بھی کیجئے کہ اس کے فیصلہ کے خلاف ہائی کورٹ میں اپیل ہو سکے گی تب میں آپ کی اس ترمیم کو مناسب سمجھوں گا لیکن اگر آپ میری اس شرط کو نہیں مانیں گے تو میں سمجھونگا کہ جہاں آپ پہلے انتظامیہ کو بدنام کر چکے ہیں اور اسے کنٹرول کرنے میں ناکام رہے ہیں ۔ اب آپ سیشن جج کو بھی کنٹرول نہیں کر سکیں گے اور نہ کرنا چاہیں گے اور اس طرح آپ عدلیہ کی نیک نامی کو بھی ختم کر دیں گے ۔

میجر محمد اسلم جان (راولپنڈی ۔ ۱) ۔ جناب والا ۔ جیسا کہ ابھی پہلی کلاز میں مختصر سا بیان ہو چکا ہے ۔ یہ پہلے ہی کافی ظلم ہے ۔ وہاں

ملکیت کا تعین ہونے کے باوجود آپ کہتے ہیں کہ وہ لوگ ۵ برس اور انتظار کریں جہاں پر مارشل لاء ریگولیشن ۱۹۶۴ کے تحت زمین بٹ چکی ہے ۔ اس کے باوجود آپ لوگوں سے کہتے ہیں کہ آپ اور ۵ سال انتظار کریں ۔ آپ وہاں زمین کی منتقلی پر بندشیں لگاتے ہیں کیوں کہ لا منسٹر کی اطلاع کے مطابق وہاں بندوبست نہیں ہوسکا ۔ اگرچہ ہماری اطلاع کے مطابق وہاں پر کئی علاقوں میں بندوبست ہو چکا ہے ۔ میری سمجھ میں نہیں آتا کہ جب وہاں بنیادی حقوق بحال ہونگے تو پھر آپ کیا کریں گے ۔ کیا آپ نے فیصلہ کر لیا ہے کہ ۵ سال کے لئے وہاں ایمرجنسی رہے گی اور ۵ سال تک وہاں بنیادی حقوق بحال نہیں ہونگے ۔ جناب والا ۔ انہوں نے جو ترمیم دی ہے ۔

"A Tribunal shall consist of a single member, who shall be a person ....."

یعنی

"... a person who has exercised the powers of a District Judge, or of a Collector....."

یعنی ایک ایسا آدمی ہوسکتا ہے یہ ایسے آدمی کو ٹریبونل مقرر کو دیں جو ریٹائرڈ ڈسٹرکٹ جج یا کلکٹر ہے ۔ یہ اس طریق سے وہی کام لینا چاہتے ہیں جو ریونیو افسر سے لینا چاہتے تھے ۔ یہ ایسی ترمیم نہیں ہے جو بہت عمدہ چیز ہو ۔ انہوں نے صرف الفاظ کا ہیر پھیر کر دیا ہے ۔ ریونیو آفسر کی بجائے person کر دیا ہے ۔ افسر نہیں کہا ۔ ہو سکتا ہے یہ کسی ریٹائرڈ افسر کو دوبارہ مقرر کر دیں اور اسے ہدایات دے دیں جو ہم کہیں گے وہی کرنا ہے ۔ جس کی ہم کہیں گے یہ زمین ہے اسی کے نام تم کرو ۔ اگرنہیں کرو گے تو نکال کے باہر کر دیں گے ۔ یہ بالکل براہ راست طریقہ ہے رشوت کے دور دورہ کو پھر دھرانا چاہتے ہیں ۔

ورنہ یہ جو ترمیم ہے اور جو کچھ پہلے ہے اس میں کوئی فرق نہیں ۔ وہی منصف ہے وہی مدعی ہے ۔

بنے ہیں اہل ہوس مدعی بھی منصف بھی
کسے وکیل کریں کس سے منصفی چاہیں

وہ لوگ کس کے پاس جائیں گے ۔ کس سے انصاف چاہیں گے ۔ جس کو آپ مقرر کریں گے ۔ وہ آپ کا اپنا آدمی ہوگا ۔ آپ کیوں نہیں کہتے کہ جس سے آپ زمین لینا چاہیں گے لے لیں گے اور جس کو دینا چاہیں گے دے دیں گے ۔

ملک محمد اختر (لاہور ۔ ۲) ۔ جناب سپیکر ۔ اگرچہ میری بھی اس قسم کی ترمیم تھی لیکن وہ قدرے مختلف ہے ۔ میرا اندازہ ہے کہ وہ اس کے ساتھ ہی dispose off ہو جائے گی ۔ تو جناب سپیکر وزیر قانون کی ترمیم یہ ہے کہ ایک ٹریبونل بنایا جائے گا ۔ یہ ٹریبونل کا لفظ میں یہ سمجھتا ہوں کہ اس کا استعمال یہاں پر غلط ہے ٹریبونل کا سنگل ممبر ہوتا ہے یہ سیدھا لکھیں ۔

a person shall be appointed to act as a judge
who has exercised the powers of a District Judge یعنی ایک ایسا شخص

یہاں تو اتفاق ہو سکتا ہے لیکن آگے فرماتے ہیں ۔

or of a Collector...

جناب والا ۔ کلکٹر کی definition اگر آپ دیکھیں کیا کی ہے

Collector First Grade, Collector Second Grade.

Mr. Speaker: Those are Assistant Collectors.

ملک محمد اختر ۔ جناب والا ۔ میں کلکٹر کے لفظ کو یہاں پسند نہیں کرتا اس طرح یہ انصاف کا گلا گھونٹ رہے ہیں ۔ دفعہ ۶ آپ دیکھیں کہ یہ ڈسٹرکٹ جج جسے انہوں نے مقرر کرنا ہے اس کے فیصلہ کے خلاف

اپیل ہو گی کمشنر کے پاس ۔ اب آپ اندازہ فرمائیں گے کہ ایک تو یہ طریق کار غلط ہے ۔

ناوک نے تیرے صید نہ چھوڑا زمانے میں

یعنی یہ ڈسٹرکٹ جج کو کمشنر کے ماتحت کریں گے ۔ ڈسٹرکٹ جج انتظامیہ کی مشینری کے ایک پرزہ کے ماتحت تصور ہو گا ۔ ہم نے انگریزوں سے جوڈیشری کی آزادی کا تصور لیا تھا جناب لاء منسٹر نے اب اپنی تیغ بے نیام سے اس کی گردن کاٹ کے رکھ دی ہے ۔ جناب والا ۔ ڈسٹرکٹ جج کو کمشنر کے ماتحت کرنا یہ کسی ڈکٹیٹرانہ یا صدارتی نظام حکومت ہی میں کیا جا سکتا ہے ۔ جناب لاء منسٹر صاحب ۔ قانون کے استاد بھی رہے ہیں پرنسپل بھی رہے ہیں انہوں نے لاتعداد لڑکوں کو قانون کی تربیت دی ہے وہ مجھے کوئی مثال بتا دیں جہاں جوڈیشری ایگزیکٹو کے ماتحت ہو ۔ آخر اس ملک کے عوام نے ۔ اس صوبہ کے عوام نے یا سابقہ سندھ کے عوام نے وہ کون سا گناہ کیا ہے جس کی سزا ان پر اس پیٹ فیڈر کینال آرڈیننس کی شکل میں ایک بلائے ناگہانی کے طور پر نازل کی جا رہی ہے ۔ جناب والا ۔ jurisprudence کا کوئی آج نیا اصول قائم نہیں ہوا جس پر ہم عمل پیرا ہو رہے ہیں ۔ گذشتہ صدیوں کے جو رومن لاز تھے اس کی مثال بتا دیں کہ کسی ڈسٹرکٹ جج کو کمشنر کے تحت رکھا ہو ۔ میں وزیر قانون صاحب کی ذات کا اور ان کی شرافت کا قائل ہوں ۔ وہ نہایت حلیم ہیں ۔ میں سمجھتا ہوں وہ مجھے معاف فرمائیں گے کہ ان کا اس لئے انتخاب کیا گیا ہے کہ وہ ایسی باتوں کے لئے instrument کے طور پر کام کر سکیں ۔ جناب والا ۔ میں پھر ان سے مودبانہ معافی مانگتا ہوں ۔

وزیر قانون ۔ چیلنج ۔

ملک محمد اختر - جناب والا - آپ کی جگہ کوئی practising lawyer بٹھایا جاتا -

Minister of Law: I have practised for 25 years.

Malik Muhammad Akhtar: But subseqently you have been in service.

Mr. Ahmed Mian Soomro: There should be nothing personal Sir.

ملک محمد اختر - بہر حال میں ان سے معافی مانگتا ہوں اور الفاظ بھی واپس لیتا ہوں - جناب والا - مجھے کسی متمدن ملک میں یا کسی مہذب ملک میں صرف ایک اور ایک ہی مثال بتا دیں جہاں پر ڈسٹرکٹ جج یا جج جو appellate authority ہے کسی ملک نے آپ کی طرح تمام سول کورٹ کے نظام کے اختیارات دے کر subject to appeal in the Court of Commissioner قرار دیا ہو - ایسے ٹریبونل میں ڈسٹرکٹ جج کو اختیارات دیئے گئے ہوں یا کسی طور پر دیئے گئے ہوں میں ان کو دہرانا چاہتا ہوں کہ جو فائنل اتھارٹی ہے وہ ٹریبونل کا چیرمین مقرر کیا گیا ہے - آپ الیکشن ٹریبونل کو لے لیجئے - لینڈ ایکوزیشن ایکٹ کے تحت ٹریبونل کو دیکھیں یا ٹاؤن امپروومنٹ ایکٹ ۱۹۲۲ء کی دفعہ ۶۰ کے تحت ٹریبونل کو دیکھیں جہاں ایسے چھوٹے ٹریبونل قائم کئے گئے ہیں فیصلہ ڈسٹرکٹ جج کا آخری قرار دیا گیا ہے ماسوائے ایسی حالتوں میں جہاں پوائنٹ آف لاء involved ہے - میرا پہلا اعتراض یہ ہے کہ ڈسٹرکٹ جج کے لفظ کو حذف کر کے خدارا آپ ان کو علیحدہ رہنے دیں - آپ نے اس ملک کی صحافت کا گلہ گھونٹ دیا ہے - آپ نے جمہوریت کو ناپید کر دیا ہے -

Mr. Speaker: I will now put the amendment. The question is:

> That for sub-section (2) of section 4 of the West Pakistan Pat Feeder (Control and Prevention of Alienation of Land) Ordinance, 1967, the following be substituted, namely:—
>
> "(2) A Tribunal shall consist of a single member, who shall be a person who has exercised the powers of a District Judge, or of a Collector under the law relating to land-revenue, for a period of not less than three years."

The motion was carried.

Mr. Speaker: We now pass on to section 5. First amendment is from Mr. Ahmed Mian Soomro.

Mr. Ahmed Mian Soomro: Sir I beg to move:

> That in sub-section (1) of section 5 of the West Pakistan Pat Feeder Canal (Control and Prevention of Alienation of Land) Ordinance, 1967, for the word "may" occurring in line 6, the word "shall" be substituted.

Mr. Speaker: Amendment moved, the question is:

> That in sub-section (1) of section 5 of the West Pakistan Pat Feeder Canal (Control and Prevention of Alienation of Land) Ordinance, 1967, for the word "may" occurring in line 6, the word "shall" be substituted.

The motion was carried.

Mr. Speeker: The amendment given notice of by the Law Minister appearing at Serial No. 4 stands disposed of. Next is from Malik Muhammed Akhtar.

Malik Muhammad Akhtar : Sir, I beg to move :

> That in sub-section (1) of section 5 of the West Pakistan Pat Feeder Canal (Control and Prevention of Alienation of Land) Ordinance, 1967, for the words "one year" occurring in line 6, the words "three months" be substituted.

Mr. Speaker : Amendment moved is:

> That in sub-section (1) of section 5 of the West Pakistan Pat Feeder Canal (Control and Prevention of Alienation of Land) Ordinance, 1967, for the words "one year" occurring in line 6, the words "three months" be substituted.

Minister of Law : Opposed Sir.

ملک محمد اختر (لاهور - ۲) - جناب سپیکر - دفعه ۵ کی متعدد سب کلازیں هیں اور هر ایک پر میری علیحده علیحده ترامیم هیں اس لئے میرا جو نقطه نظر هے اسکو مختلف موقعوں پر جیسا که ضرورت هوگی عرض کروں گا -

جناب والا - دفعه ۵ (۱) میں یه قرار دیا گیا هے که اگر کوئی شخص ۱۴ اکتوبر ۱۹۵۵ کے بعد کوئی زمین acquire کرے یا کسی طور پر اس میں سے کوئی interest حاصل هو تو ایسے علاقه جات میں جهاں موجوده هنگامی قانون کا نفاذ کیا گیا هے اگر تو settlement proceedings کے دوران

معلوم ہو جائے کہ ایسے شخص نے کسی غیر متعلقہ شخص سے کوئی جائیداد حاصل کی ہے تو اسے گورنمنٹ یا گورنمنٹ کا مقرر کردہ کوئی ایسا افسر اس ٹریبونل کو جو مقرر کیا جائیگا refer کرے گا ابھی ایک ترمیم کے ذریعہ ضروری قرار دیا گیا ہے ۔ ۔ ۔ اور جیسا کہ ہنگامی قانون میں ہے کہ

"Within one year of the final decision taken or order passed in the settlement operations"

یعنی ایک سال کے اندر اندر جو آخری فیصلہ سیٹلمنٹ اپریشن کے نتیجہ میں کیا جائیگا ۔

" or any dispute arising therefrom in respect of such land or interest therein, refer such case to the Tribunal.

یعنی جناب والا سیٹلمنٹ میں جو آخری فیصلہ ہو جائیگا اس فیصلہ ہونے کے ایک سال کے اندر اندر مقرر کردہ ٹریبونل کو حکومت کے کسی مقرر کردہ افسر کی جانب سے یا حکومت کی جانب سے دفعہ ۴ کے تحت reference کیا جائیگا ۔ آپ اندازہ فرمائیں یہاں جو الفاظ ہیں وہ ایسے ہیں کہ

"final decision taken or order passed."

آخری فیصلہ کس وقت ہو گا ۔ آخری فیصلہ یا آرڈر اس وقت ہو گا جب متعلقہ لینڈ ریونیو ایکٹ کی دفعات کے تحت جو کہ میرے اندازے کے مطابق دفعہ ۴۲ میں ہونگی جو record of rights بنایا جائیگا اور Record of Rights کو revise کیا جائیگا ۔ اور اپیل کا جو قانون ہے اسکی تمام stages سے گذرنے کے بعد جو آخری فیصلہ determination of rights کا ہو چکا ہو گا آخری فیصلہ سے میری مراد یہ ہے ۔ یا ریونیو آفیسر نے ایک فیصلہ دیا ہے اسکی اپیل نہیں ہوئی یا اپیل ہوئی ہے کمشنر نے اس پر آخری فیصلہ دے دیا ہے یا کسی لا پوائنٹ کیلئے بورڈ آف ریونیو کے اوپر معاملہ چھوڑا ہے ۔ بورڈ آف ریونیو نے فیصلہ دیا ہے اس آخری فیصلہ کے بعد یہ فیصلہ ہو جائیگا کہ لینڈ ریونیو ایکٹ کے تحت کون اس کا مالک ہے ۔ اسکے بعد پھر جو reference اس ٹریبونل کو ہونا ہے میں سمجھتا ہوں

وہ reference ہی جائز نہیں ہے اگر reference ہونا بھی ہے تو اس کیلئے ایک سال کی میعاد مقرر کرنا کس طرح سے جائز ہے ۔

جناب والا ۔ آخر اس reference کے لئے ایک سال کی لمبی میعاد مقرر کرنے کی کیا ضرورت ہے attested copies تو پندرہ بیس دن میں مل سکتی ہیں اسکے بعد reference کے لئے بیس تیس دن یا ایک دو ماہ کی میعاد کافی تھی میرے خیال میں تو تین ماہ کی میعاد زیادہ مناسب رہے گی ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔

Mr. Speaker : The question is :

> That in sub-section (1) of section 5 of the West Pakistan Pat Feeder Canal (Control and Prevention of Alienation of Land) Ordinance, 1967, for the words "one year", occurring in line 6, the words "three months" be substituted.

The motion was lost.

Mr. Speaker : Next amendment.

Malik Muhammad Akhtar : I beg to move :

> That for sub-section (2) of section 5.....

Mr. Speaker : Before the Member moves this amendment will he please look at sub-section (2) (*b*) and (2) (*b*) (*i*) of his amendment ?

In part (2) (*b*) it has been provided-

> "The Tribunal shall thereupon cause a notice specifying the day on which the Tribunal will proceed and shall serve notice directing the appearance before the Tribunal on that day on the persons having interest in the land-"

And in part (2) (*b*) (*i*) it has been provided -

> " whenever it may be practicable, the service of the notice shall be made on the person therein named;"

In one part it has been provided that "it shall cause a notice" and in the next part it has been said "whenever it may be practicable".

Malik Muhammad Akhtar: It is according to the Civil Procedure Code.

Mr. Speaker: This amendment is very vague and inconsistent. Therefore, it is held out of order.

Next amendment.

Khawaja Muhammad Safdar: I beg to move:

That in sub-section (2) of section 5 of the West Pakistan Pat Feeder Canal (Control and Prevention of Alienation of Land) Ordinance, 1967, between the words "have" and "any", occurring in lines 3-4, the words "or claims to have" be inserted.

Mr. Speaker: Amendment moved is:

That in sub-section (2) of section 5 of the West Pakistan Pat Feeder Canal (Control and Prevention of Alienation of Land) Ordinance. 1967, between the words "have" and "any", occurring in lines 3-4, the words "or claims to have" be inserted.

Minister for Law: Not opposed.

Mr. Speaker: As the amendment is not opposed it stands carried.

Next amendment.

Malik Muhammad Akhtar: I beg to move:

That for sub-section (3) of section 5 of the West Pakistan Pat Feeder Canal (Prevention and Control of Alienation of Land) Ordinance, 1967, the following be substituted, namely :—

(3) (a) After holding the enquiry provided under sub-section (2) the Tribunal shall give its finding on all or any one of the following :—

(i) whether right or interest in such land has been acquired on or after the 14th October, 1955,

(ii) whether the right has been acquired through a person who had a valid title to such right or interest or otherwise ;

(b) The Tribunal in deciding the dispute of title of such land shall be guided by the following principles :—

(i) a transfer of land made without consideration with intent to defraud shall be void;

(ii) the contract made inconsistent to the Contract Act 1872 shall be void;

(iii) in case of transfer of land of the value of rupees one hundred and upward if the transfer instrument has not been registered or its Registration not completed in the manner prescribed by the Registratian Act, 1908 and the Rules made thereunder, the transfer shall be void;

(iv) an entry made in a record-of-rights in accordance with the law for the time being in force or in an annual record shall be a presumption of ownership in favour of the person in whose name the entry stands.

(c) While making an order under this section the Tribunal shall also determine the actual amount paid for alienation of the land by the purchaser as well as the amount if any spent by such purchaser on the improvement of the land.

(d) The transferee of the land if he has made any improvement believing in good faith that he is absolutely entitled thereto and he is subsequently evicted therefrom shall have a right to have the value of the improvement estimated and paid or secured to the transferee or to make payment of the market value of the land to the person having better title therein.

جناب سپیکر ۔ آپ اندازہ فرمائیں کہ انگریز ۔ پریس کو gag کرنے کی کس قدر کوشش کی ۔ اس وقت غلامی کے دور میں جو لیڈر اور سیاست دان تھے ۔ انہوں نے پاکستان حاصل کیا ۔ یقیناً وہ ھم سے بڑھ چڑھ کر تھے ۔ اب برصغیر نے مولانا شوکت علی اور مولانا محمد علی جیسے نامور فرزندان وطن پیدا کئے ۔ مولانا ظفر علی خان کی شخصیت بھی ایک نامور شخصیت ھے ۔ اور جناب والا ۔ ایسی شخصیتیں روز بروز پیدا نہیں ھوتیں ۔ اس زمانے میں ان کا ایک اخبار ''زمیندار'' تھا ۔ اس کی ضمانتیں متعدد بار ضبط ھوئیں ۔ کبھی ایک ھزار کی کبھی دو ھزار کی ۔ تو جب ان کو ضبط کیا جاتا تھا تو قوم اس سے زیادہ چندہ جمع کرکے دے دیتی تھی ۔ اور وہ قومی اخبار چلتا رھا اور بھی قومی اخبار تھے جو اسی طرح چلتے رھے ۔ ھمارے موجودہ حکام ان تمام باتوں سے واقف تھے ۔ اور اپنی بد عنوانیوں پر پردہ پوشی کرنے کے لئے انہوں نے آزادی کے بعد بھی انگریزوں کے ان قوانین کو جاری رکھا اور جناب والا ۔ اگر آپ اجازت دیں تو میں کچھ مزید عرض کروں ۔ میں اپنی باتوں کو نہیں دھراؤں گا کیوں کہ اس سے پہلے ضروری باتوں کا حوالہ دے دیا گیا ھے اور گزشتہ سیشن میں بھی ان باتوں کا ذکر کیا گیا تھا ۔ جناب والا ۔ اس وقت ۱۲ قوانین ھیں جن کی

دفعات لاگو ہیں ۔

چودھری محمد سرور خان ۔ پوائنٹ آف آرڈر ۔ جناب والا ۔ ملک اختر صاحب پریس کی آزادی پر تقریر کر رہے ہیں اور پریس کی گیلری ساری خالی پڑی ہے ۔

ملک محمد اختر ۔ walk out کر گئے ہوں گے ۔ جناب والا ۔

1. Press and Registration of Books Act,
2. Officials Secrets Act,
3. Press Emergency Powers Act, 1931,
4. Foreign Regulation Act 1932,
5. State Protection Act 1934,
6. Pakistan Penal Code,
7. Code of Criminal Procedure.
8. Sea Customs Act,
9. Telegraph Act 1885,
10. Post Office Act,
11. Security of Pakistan Act,
12. Provincial and Central Safety Acts.

اور حال ہی میں ''نوائے وقت'' پر اس کا وار ہونے والا ہے ۔

جناب والا ۔ جس ملک میں پریس کی آزادی کو دبانے کے لئے اس کو curb کرنے کے لئے بارہ قوانین موجود ہوں وہاں پر پریس کو آزاد کہنا میں سمجھتا ہوں واجب نہیں ۔ اس کے بعد جناب والا ۔ ایک نیا ہتھیار ہماری حکومت نے برتا ۔ وہ یہ تھا کہ ۱۹۶۳ء میں ایک نیا قانون بنایا گیا جس کا نام تھا Press and Publications Ordinance ۔ جناب والا ۔ اس

قانون کی خلاف ورزی ہوئی ۔ اس کے خلاف مظاہرے ہوئے اور قوم ۔ دیکھا کہ یہ قانون پریس کے مفاد کے خلاف ہے ۔ میں نے پریس والوں کو متعدد بار دیکھا ۔ میں محسوس کرتا ہوں کہ یہ پریس والے قوم کے scientists ہیں ۔ وہ قوم کے ڈاکٹر بھی ہیں ۔ newsman قوم کا ایک انجینیر بھی ہے ۔ وہ ہسپتال میں بھی جاتا ہے اور وہ انجینیرنگ کے پراجیکٹس بھی دیکھتا ہے ۔ ہم نے دیکھا کہ اس قانون کے خلاف قوم کے افراد نے کتبے اٹھائے ہوئے مال روڈ پر march بھی کیا ۔ ایوان بالا میں زلزلہ برپا ہو گیا اور دو ہفتوں کے اندر اندر اس ناپاک قانون کو واپس لینے کا فیصلہ کیا گیا اور یہ فیصلہ صدر مملکت کے ایک خاص حکم کے ذریعے سے ہوا ۔ اس کے بعد جناب والا ۔ ۱۹۶۳ء میں اس مغربی پاکستان کی حکومت نے فوری طور پر ایک نیا آرڈی ننس جاری کیا ۔ جس کی بعض دفعات نہایت سخت ہیں ۔ جہاں پہلے ایک یا دو ہزار روپیہ کی ضمانت ضبط ہوتی تھی وہاں اب انہوں نے یہ بنا دیا کہ دس ہزار روپے تک ضمانت طلب کی جا سکتی ہے ۔ اور اس کے ساتھ پریس کو بھی ضبط کیا جا سکتا ہے ۔ پھر آپ دیکھیں کہ مارشل لاء ریگولیشن کے ذریعے ایک سیاسی لیڈر میاں افتخار الدین کا پریس حکومت نے ضبط کیا اور ایک ادارے پی ۔ پی ۔ ایل ۔ کو دے دیا ۔ اور اب وہ نیشنل پریس ٹرسٹ کی صورت میں حکومت کی اپنی تحویل میں ہے ۔

جناب سپیکر ۔ اسی میں اکتفا نہیں کیا گیا ۔ بلکہ ایک کمیٹی بنا دی گئی جو ان اخبارات کو competition میں لا کر ختم کر دے ۔ جنہیں حکومت پسند نہیں کرتی انہوں نے نوائے وقت کے ۳۴ ہزار روپے کے اشتہارات بند کر دئے ۔ اگرچہ اس کی سرکولیشن کا اور رولز کا تقاضا یہ تھا کہ اسے ان اشتہارات کا حق دار سمجھا جاتا ۔ جناب سپیکر ۔ میں یہ سمجھتا ہوں کہ اگر ہم اسی روش پر چلتے رہے اور ہم نے آزادی صحافت کو ختم کر دیا اور پریس اینڈ پبلیکیشن آرڈی ننس ۱۹۶۳ء کو منسوخ

نہ کیا تو اس کا لازمی نتیجہ یہ ہو گا کہ ہمارے حاکم جو اپنی ذاتی اغراض کو ملکی اور ملی مفادات پر ترجیح دیتے ہیں ۔ ان کے متعلق آئندہ آنے والی نسلیں بڑی ضخیم کتابیں لکھیں گی ۔ کیوں کہ انہوں نے خود چیلنج کیا ہے اور دوسرے لوگوں کا کردار بھیانک دکھایا ہے ۔ اس لئے ان کے متعلق بھی متعدد کتابیں لکھی جائیں گی ۔

Mr. Speaker : That is not about the repeal of the Press and Publications Ordinance.

Malik Muhammad Akhtar : I leave that point.

اگر پاکستان نے زندہ رہنا ہے تو اس کے لئے آزادی صحافت بہت ضروری ہے ۔ ہماری گذشتہ جنگ میں شہری آبادی میں سے سب سے اہم کردار ہمارے پریس ریڈیو اور انفارمیشن کے سیکشن نے ادا کیا تھا ۔ جنہوں نے قوم میں یک جہتی پیدا کر دی اور صدر مملکت کی اس تقریر کو نشر کیا جس میں انہوں نے کہا تھا کہ پاکستان کا قیام لا الہ الا اللہ پر ہے اور اس سے تمام قوم یک جا ہو گئی ۔ اس ملک کے دو حصے ہیں ۔ مغربی پاکستان اور مشرقی پاکستان ۔ جب تک آزادی پریس نہ ہو گی ان میں یک جہتی پیدا نہیں ہو گی ۔ اور ہم اس ملک کی سلامتی کو برقرار نہیں رکھ سکیں گے ۔ اگر آپ چاہتے ہیں کہ بد دیانتی اور رشوت کو جڑ سے اکھاڑ کر پھینک دیا جائے تو اس کا صرف ایک راستہ ہے اور وہ آزادی صحافت ہے ۔ جناب والا ۔ دراصل پریس موجودہ بر سراقتدار افسران کے لئے سب سے بڑا کانٹا ہے جو ان کے سینے میں کھٹک رہا ہے ۔ ان کی رشوت کی بڑی بڑی کوٹھیوں اور موٹروں اور ۔ نامی کے لائسنسوں اور پرمٹوں کو صرف پریس ہی بے نقاب کر سکتا ہے ۔

پارلیمنٹری سیکرٹری (سردار محمد اشرف خان) ۔ جناب والا ۔ اس قسم کا دلچسپ اور عجیب و غریب مسودہ قانون شاید ہی کسی ایوان میں

پیش کیا گیا ہو ۔ اس کے لئے میں ملک محمد اختر صاحب کو کلی طور خراج تحسین پیش کرتا ہوں ۔ جناب والا ۔ یہ ایک Regulatory Ordinance ہے جس میں پریس اور پبلیکیشن کو define کیا گیا ہے ۔

اس regulatory ordinance میں newspapers and periodicals 'defin' ہیں and it regulates the working of printing presses. It also prohibits obsence nad secterian writing and inflammatory things against friendly countries.

میرے پاس اس کی کاپی ہے اس میں بہت سی چیزیں آتی ہیں ۔ ملک محمد اختر صاحب نے اس کے متعلق چند چیزیں نہایت جذباتی طور پر اس ایوان میں پیش کی ہیں ۔ جو حقیقت پر بالکل مبنی نہیں ۔ اس میں بے شمار چیزیں ایسی ہیں جو دنیا کے ہر مہذب ملک میں موجود ہیں جیسے مثلاً پوسٹر بازی کا کنٹرول اور ضبط

printing presses control, printing and publication of newspapers. What is a newspaper ? What is a Weekly ?

ان کی definition ہے ۔

Provision of seizure of certain documents.

اس قسم کی تمام چیزیں اس میں موجود ہیں ۔ ملک محمد اختر صاحب کا یہ مسودہ قانون کہ اس تمام قانون کو کالعدم قرار دے دیا جائے ۔ نہایت عجیب و غریب اور دلچسپ قسم کا مسودہ قانون ہے جو اس ایوان میں پیش کیا گیا ہے ۔ جہاں تک ان کے اس موقف کا تعلق ہے کہ اس ملک میں آزادی پریس یا آزادی صحافت موجود نہیں ہے ، مجھے کلی طور پر اس سے اختلاف رائے ہے ۔ جس قدر آزادی صحافت یا پریس کو موجودہ حکومت کے دور میں حاصل ہے ۔ وہ اس سے پہلے ملک اختر صاحب کے دوستوں کے زمانہ میں کبھی نہیں رہی ۔ آپ کو معلوم ہو گا کہ صدر مملکت اس مسئلہ پر خود کئی بار فرما چکے ہیں کہ ملک کی ترقی کے لئے آزادی صحافت نہایت ضروری ہے ۔ اور ہم پوری طرح اس کا احترام

کرتے ہیں ۔ اگر اس قسم کے بیانات سے سستی شہرت حاصل کرنا مطلوب ہے تو اور بات ہے ۔ ورنہ اگر وہ موجودہ اخبارات کا پوری طرح سے جائزہ لیں ۔ تو ''نوائے وقت'' اور دوسرے اخبارات میں آپوزیشن کے نقطہ نظر کی پوری طرح سے وضاحت کی جاتی ہے ۔ اور اس حکومت کو یہ شرف حاصل ہے کہ اس نے آج تک کسی اخبار کے خلاف کوئی سخت قدم نہیں اٹھایا اور نہ کسی کو مکمل طور پر بند کر دیا ہے ۔

Malik Muhammad Akhtar : On a point of order.

Parliamentary Secretary (Sardar Muhammad Ashraf Khan): Sir, I never disturbed him when he was speaking and I will request him not to disturb me.

Malik Muhammad Akhtar : After rendering my apology to my worthy and beloved friend on the other side I may say that he was referring to this 'hakoomat'. By 'hakoomat' he means both Central and Provincial ? I refer to daily Ittifaq, Dacca.

پارلیمنٹری سیکرٹری ۔ جناب والا ۔ میرے معزز دوست ملک محمد اختر صاحب کو یاد ہو گا کہ ان کے دوستوں کے دور حکومت میں جب یہ پریس اینڈ پبلیکیشن آرڈی ننس موجود نہ تھا ۔ اکثر اخبارات کا کیا حشر ہوا تھا ۔ اس زمانہ میں ''نوائے وقت'' کے معاملہ میں کیا نوبت آ گئی تھی ۔ جہاں تک آزادی صحافت کا تعلق ہے میں اس معزز ایوان کو یقین دلاتا ہوں کہ اس حکومت نے تہیہ کیا ہوا ہے کہ صحافت اور پریس کی آزادی نہ صرف برقرار رکھی جائے گی بلکہ اس کی پورے طور پر حفاظت کی جائے گی ۔ اگر میرے معزز دوست اس مسئلہ کے متعلق کوئی ترمیمی بل لائے کہ زر ضمانت زیادہ ہے یا پریس ضبط کیا جا سکتا ہے تو حکومت اس پر سنجیدگی سے غور کرتی ۔ لیکن یہ تجویز کہ اس قانون کو سرے سے ختم ہی کر دیا جائے ۔ یہ ایسی مضحکہ خیز تجویز ہے جس پر غور کرنے سے حکومت قاصر ہے ۔

جناب والا ۔ آپ کو یاد ہو گا کہ ملک اختر صاحب اس معزز ایوان میں ایسی تحریکات التواء پیش کرتے ہیں فلاں کتاب میں یہ چیز شائع ہوئی ہے ۔ فلاں کتاب میں فلاں شخص کے خلاف یہ لکھا گیا ہے جو مفاد عامہ کے خلاف ہے فلاں چیز سے لوگوں کے جذبات کو ٹھیس پہنچی ہے ۔ اگر حکومت کے پاس اس قسم کے اختیارات نہ ہو ۔ تو میں جناب ملک محمد اختر صاحب سے سوال کرتا ہوں کہ اس صورت میں صورت حال کیا ہوگی ان تمام معروضات کے بعد میں اس مضحکہ خیز مسودہ قانون کی مخالفت کرتا ہوں ۔

Mr. Speaker : The questoin is :

> That leave be granted to introduce the West Pakistan Press and Publications Ordinance (Repeal) Bill, 1967.

The motion was lost.

Mr. Speaker : Next motion is by Chaudhri Muhammad Sarwar Khan in respect of the Provincial Assembly of West Pakistan Privileges (Amendment) Bill, 1967. This Bill has already been introduced. So we pass on to the next motion from Malik Akhtar.

THE PROVINCIAL ASSEMBLY OF WEST PAKISTAN PRIVILEGES (AMENDMENT) BILL, 1967.

Malik Muhammad Akhtar : Sir, I beg to move :

> That leave be granted to introduce the Provincial Assembly of West Pakistan Privileges (Amendment), Bill, 1967.

Mr. Speaker : Motion moved, the question is :

> That leave be granted to introduce the Provincial Assembly of West Pakistan Privileges (Amendment) Bill, 1967.

The motion was carried.

Malik Muhammad Akhtar : Sir, I beg to introduce the Provincial Assembly of West Pakistan Privileges (Amendment) Bill, 1967.

Mr. Speaker : The Provincial Assembly of West Pakistan Privileges (Amendment) Bill, 1967, stands introduced.

Next motion is from Rana Phool Muhammad Khan.

THE KARACHI HOTELS AND LODGING-HOUSES (CONTROL) (WEST PAKISTAN EXTENSION) BILL, 1967.

رانا پھول محمد خان ۔ جناب والا ۔ میں یہ تحریک پیش کرتا ہوں
کہ مسودہ قانون (توسیع مغربی پاکستان) (انضباط) ہوٹل
و اقامت گاہ ہائے کراچی مصدرہ ۱۹۶۷ء پیش کرنے
کی اجازت دی جائے ۔

Mr. Speaker : Motion moved, the question is :

That leave be granted to introduce the Karachi Hotels and Lodging-Houses (Control) (West Pakistan Extension) Bill, 1967.

The motion was carried.

رانا پھول محمد خان ۔ جناب والا ۔ میں مسودہ قانون (توسیع
مغربی پاکستان) (انضباط) ہوٹل و اقامت گاہ ہائے کراچی مصدرہ ۱۹۶۷ء
پیش کرتا ہوں ۔

Mr. Speaker : The Karachi Hotels and Lodging-Houses (Control) (West Pakistan Extension) Bill, 1967, stands introduced.

THE TOWN IMPROVEMENT (WEST PAKISTAN AMENDMENT) BILL, 1967

Mr. Speaker : Next motion is from Mian Muhammad Shafi.

Mian Muhammad Shafi : Sir I beg to move :

That leave be granted to introduce the Town Improvement (West Pakistan Amendment) Bill, 1967.

Mr. Speaker : Motion moved, the question is :

That leave be granted to introduce the Town Improvement (West Pakistan Amendment) Bill, 1967.

The motion was carried.

Mian Muhammad Shafi : Sir, I beg to introduce the Town Improvement (West Pakistan Amendment) Bill, 1967.

Mr. Speaker : The Town Improvement (West Pakistan Amendment) Bill, 1967, stands introduced.

THE MEDICAL COUNCIL ORDINANCE (WEST PAKISTAN AMENDMENT) BILL, 1967.

Mr. Speaker : Next motion from Chaudhri Muhammad Nawaz.

Chaudhri Muhammad Nawaz : Sir I beg to move :

> That leave be granted to introduce the Medical Council Ordinance (West Pakistan Amendment) Bill, 1967.

Mr. Speaker : Motion moved, the question is :

> That leave be granted to introduce the Medical Council Ordinance (West Pakistan Amendment) Bill, 1967.

The motion was carried.

Chaudhri Muhammad Nawaz : Sir I beg to introduce the Medical Council Ordinance (West Pakistan Amendment) Bill, 1967.

Mr. Speaker : The Medical Council Ordinance (West Pakistan Amendment) Bill, 1967, stands introduced.

We will now pass on to Part III of the Orders of the Day, *i.e.*, bills, which have been introduced already. First motion is from Sahibzadi Mahmooda Begum.

THE WEST PAKISTAN CONTROL OF JAHEZ BILL, 1965

(THE WEST PAKISTAN DOWRY (PROHIBITION ON DISPLAY) BILL

صاحب زادی محمودہ بیگم ۔ جناب والا ۔ میں یہ تحریک پیش کرتی ہوں ۔

> کہ مسودہ قانون (تحدید) جہیز مغربی پاکستان مصدرہ ۱۹۶۵ء جیسا کہ اس کے بارے میں مجلس منتخبہ نے رپورٹ پیش کی ہے ، زیر غور لایا جائے ۔

Mr. Speaker : Motion moved, the question is :

That the West Pakistan Control of Jahez Bill, 1965, as reported by the Select Committee be taken into consideration.

The motion was passed.

Mr. Speaker : We will now take up the bill clause by clause.

CLAUSE 2

Mr. Speaker : The question is :

The clause 2 do stand part of the Bill.

Ths motion was carried.

CLAUSE 3

Mr. Speaker : Clause 3 ; there is an amendment by the [Minister of Law.

Minister of Law : Sir I beg to move :

That clause 3 of the Bill, as reported by the Select Committee, be deleted and subsequent clauses renumbered accordingly.

Mr. Speaker : Amendment moved, the question is :

That clause 3 of the Bill, as reported by the Select Committee, be deleted and subsequent clauses renumbered accordingly.

The motion was carried.

CLAUSE 4

Mr. Speaker : Clause 4 ; there is an amendment by the Minister of Law.

Minister of Law : Sir I beg to move :

That clause 4 of the Bill, as reported by the Select Committee, be deleted and subsequent clauses renumbered accordingly.

Mr. Speaker : Amendment moved, the question is :

That clause 4 of the Bill, as reported by the Select Committee, be deleted and subsequent clauses renumbered accordingly.

The motion was carried.

CLAUSE 5

Mr. Speaker : Clause 5. The question is :

That clause 5 do stand part of the Bill.

The motion was carried.

CLAUSE 6

Mr. Speaker : Clause 6 ; there is an amendment by the Minister of Law.

Minister of Law : Sir, instead of the amendment given notice of and appearing at No. 3 of the Notices of Amendments, I would like to be permitted to move another amendment, of which I have given notice now. This is consequental. In view of the fact that clause 3 has been deleted, the reference to clause 3.....

Mr. Speaker : The Minister is not moving his original amendment.

Minister of Law : I am not moving Sir.

Mr. Speaker : Please move the new amendment.

Minister of Law : Sir I beg to move :

That in clause 6 of the Bill, as reported by the Select Committee, sub-clause (5) be omitted.

Mr. Speaker : Amendment moved, the question is :

That in clause 6 of the Bill, as reported by the Select Committee, sub-clause (5) be omitted.

The motion was carried.

Mr. Speaker : I will now put the clause. The question is :

That clause 6 as amended, do stand part of the Bill.

The motion was carried.

CLAUSE 7

Mr. Speaker : Clause 7 : The question is :

That clause 7 do stand part of the Bill.

The motion was carried.

CLAUSE 8

Mr. Speaker : Clause 8 ; there is an amendment by the Minister of Law.

Minister of Law : Sir I don't propose to move that.

Mr. Speaker : The amendment is not moved. So the question is :

That clause 8 do stand part of the Bill.

The motion was carried.

CLAUSE 9

Mr. Speaker : Clause 9. The question is :

That clause 9 do stand part of the Bill.

The motion was carried.

PREAMBLE

Mr. Speaker : The Preamble. There is an [amendment by the Law Minister.

Minister of Law : Sir I beg to move :

That for the Preamble of the Bill, as reported by the Select Committee, the following be substituted, namely :—

"WHEREAS it is expedient to prohibit in the Province of West Pakistan the display of dowry, and to provide for the delivery of dowry to the woman in connection with whose marriage it is given or received, and matters incidental and supplemental thereto ;

It is hereby enacted as follows :—"

Mr. Speaker : Amendment moved, the question is :

That for the Preamble of the Bill, as reported by the Select Committee, the following be substituted, namely :—

"WHEREAS it is expedient to prohibit in the Province of West Pakistan the display of dowry, and to provide for the delivery of dowry to the woman in connection with whose marriage it is given or received, and matters incidental and supplemental thereto ;

It is hereby enacted as follows :—"

The motion was carried.

Mr. Speaker : I will now put the Preamble to the vote of the House. The question is :

That the Preamble, as substituted, be the Preamble of the Bill.

The motion was carried.

CLAUSE 1

Mr. Speaker : Clause 1 ; there is an amendment by the Minister of Law.

Minister of Law : I beg to move :

That for the Short Title of the Bill, as reported by the Select Committee, the following be substituted, namely :—

"This Act may be called the West Pakistan Dowry (Prohibition on Display) Act, 1967."

Mr. Speaker : Motion moved, the question is :

That for the Short Title of the Bill, as reported by the Select Committee, the following be substituted, namely :—

"This Act may be called the West Pakistan Dowry (Prohibition on Display) Act, 1967."

The motion was carried.

Mr. Speaker : Next amendment.

Minister of Law : I beg to move :

That for the long title of the Bill, as reported by the Select Committee, the following be substituted, namely :—

"A Bill to prohibit in the Province of West Pakistan the display of dowry, and to provide for the delivery of dowry to the woman in connection with whose marriage it is given or received."

Mr. Speaker : Motion moved, the question is :

That for the long title of the Bill, as reported by the Select Committee, the following be substituted, namely :—

"A Bill to prohibit in the Province of West Pakistan the display of dowry, and to provide for the delivery of dowry to the woman in connection with whose marriage it is given or received."

The motion was carried.

Sahibzadi Mahmooda Begum : I beg to move :

That the West Pakistan Dowry (Prohibition on Display) Bill, be passed.

Mr. Speaker : Motion moved, the question is :

That the West Pakistan Dowry (Prohibition on Display) Bill, be passed.

The motion was carried.

Minister of Law and Parliamentary Affairs : I must congratulate the lady Member for introducing this Bill which seeks to remove an anti-social evil in connection with marriages and which was sapping the energies and the good names of the families in West Pakistan. Once again, I congratulate her and, hope that the Members will be bringing in the measures which will seek to eradicate social evils.

Mr. Speaker : I think this is the first Bill from a lady Member which has been passed by this House.

صاحب زادی محمودہ بیگم ۔ جناب والا ۔ یہ دوسرا بل ہے جو اس لیڈی ممبر یعنی اس خاکسار کی طرف سے پیش کیا گیا اور منظور ہوا ہے ۔ (نعرہ ہائے تحسین) ۔

Mr. Speaker : That was in the previous Assembly and not in this Assembly.

صاحب زادی محمودہ بیگم ۔ جناب والا ۔ مجھے اجازت دیں کہ اس معزز ایوان کا اور خاص طور پر قائد ایوان کا اور جناب سپیکر آپ کا اور معزز وزراء صاحبان اور محترم ارکان کا شکریہ ادا کروں کہ اُن کے تعاون و اشتراک عمل ہی سے یہ کامیابی مجھے حاصل ہوئی ۔ میں آپ سب کی بے حد ممنون اور شکر گذار ہوں ۔ جن کی حمایت سے مجھے یہ اعزاز حاصل ہوا ہے کہ معاشرتی اور سماجی بھلائی کا یہ میرا مجوزہ قانون منظور ہوا ۔

مسٹر سپیکر ۔ واقعی صاحب زادی محمودہ بیگم قابل مبارک باد ہیں کہ ہمارے معاشرے میں جو خامیاں ہیں ان میں سے بعض کو دو،

کرنے اور بعض رسوم کی اصلاح کرنے کے لئے انہوں نے جو اصلاحی قدم اٹھایا ۔ اسے ایوان نے بخیر و خوبی منظور کر لیا ہے ۔ مجھے یقین ہے کہ معزز ایوان کے ارکان اپنے اپنے علاقوں میں اس سماجی بھلائی کے قانون کو مشتہر کریں گے اور مکمل طور پر اس پر عمل کرانے کے لئے عوام کا تعاون حاصل کریں گے ۔ یہ واقعی ایک اہم بل ہے جو منظور کیا گیا ہے ۔ میں آخر میں دوبارہ ان کی خدمت میں مبارک باد پیش کرتا ہوں ۔

مسٹر حمزہ ۔ جناب والا ۔ میں بھی صاحب زادی محمودہ بیگم کی خدمت میں ہدیہ مبارک باد پیش کرتا ہوں کہ انہوں نے سماجی اور معاشرتی بھلائی کا ایک اہم مسودہ قانون پیش کیا ہے جسے اس ایوان نے شرف قبولیت بخشا ۔

مگر مجھے ساتھ ہی ساتھ اس امر کا بھی احساس ہے جس کا اظہار کرنا ضروری ہے کہ بے شک سماجی اصلاح کی طرف یہ ایک مبارک قدم ہے ۔ مگر بنیادی مسائل کو جو اس ملک کو درپیش ہیں قطعی طور پر نظر انداز کیا گیا ہے ۔ اور محض فروعی مسائل کی طرف توجہ دی گئی ہے ۔ گویا ہم لوگ پتے نوچتے ہیں ۔ جڑوں کو مضبوط نہیں کرتے ۔ ہم کو بنیادی معاشی سیاسی اور معاشرتی مسائل سے نبرد آزما ہونا چاہئے ۔

Mr. Speaker : Now, we pass on to the next item. Next motion is by Mr. Ajoon Khan Jadoon. The Member is not present and the motion lapses. Next is also by Mr. Jadoon. It also lapses. Next is by Mr. Muhammad Aurangzeb Khan Awan. He is also not present and the motion lapses.

مسٹر حمزہ ۔ پوائنٹ آف آرڈر ۔ جناب والا ۔ یہ تین قانون مدت ہوئی ایوان میں پیش کئے گئے تھے ۔ پھر مجالس قائمہ کے سپرد کئے گئے جب ہر ایک کے متعلق مجلس قائمہ نے اپنی اپنی سفارشات پیش کر دیں ۔ تو اب غالباً حکومت چونکہ ان قوانین کو منظور کرنا پسند نہیں کرتی ۔ اس لئے

اس کے دباؤ کے تحت آخری مرحلہ پر معزز محرکین نے اپنے اپنے بل ایوان میں منظوری کے لئے پیش کرنے کی تحاریک پیش نہیں کیں۔ حالاں کہ ہزارہا روپے اور ایوان کا قیمتی وقت اس کوشش میں صرف ہو چکا ہے اس طرح یہ سب سرمایہ ضائع گیا ہے۔ اس لئے میں تجویز کروں گا کہ حکومتی پارٹی شروع میں ہی دیکھ لیا کرے کہ وہ کون سے بل کو ناپسند کرتی ہے۔ اسے شروع ہی سے روک دیا کرے اور ایوان کے ہزاروں روپے اور وقت کا نقصان نہ کیا کرے۔ حکومت کو کسی پرانے قانون میں جو ترمیم پسند نہ ہو اس پر خواہ مخواہ ایوان کا وقت اور روپیہ ضائع نہ کیا جائے۔ اورشروع ہی میں اخلاقی جرأت سے کام لے کر ایسے مسودات کو رد کر دیا جائے۔ ورنہ اس طرح تو ایوان کے ضیاع مال کے علاوہ ایوان کی توہین کا پہلو بھی نکلتا ہے۔ خزانے کا خرچ الگ ضائع ہوا۔ ایوان کا وقت ضائع ہوا اور آخر میں معزز ارکان کو حکومت نے مسودہ ہائے قوانین پیش کرنے سے آخری مرحلے پر روک دیا۔ بہتر ہو گا کہ پہلے مرحلے پر ہی ایسے مسودہ کو پیش کرنے کی اجازت نہ دی جائے۔ یہ خواہ مخواہ کی نمائش اور دکھاوا کسی لحاظ سے بھی مناسب نہیں ہے۔

مسٹر سپیکر۔ مجھے اس پوائنٹ آف آرڈر سے اتفاق ہے۔ حکومت کی پارٹی کو ایسے مسودہ جات پر اپنی پارٹی میں ہی بحث کرکے فیصلہ کر لینا چاہئے کہ کس بل کو وہ پسند کرتی ہے اور کس کو ناپسند۔ آخری سٹیج پر واپس لے لینے سے ایوان کا قیمتی وقت اور حکومت کا روپیہ ضائع ہو جاتا ہے۔ جس بل کو منظور کرنے کا ارادہ ہی نہ ہو اسے اگر شروع میں ہی روک لیا جائے تو ایوان کا وقت اور روپیہ ضائع نہیں ہوگا۔

Next motion is by Rana Phool Muhammad Khan. The Member is not present and the motion lapses. Next motion, Babu Muhammad Rafique.

THE WEST PAKISTAN PROHIBITION OF WALVER (AMENDMENT) BILL, 1965.

Babu Muhammad Rafiq : I beg to move :

That the West Pakistan Prohibition of Walver (Amendment) Bill, 1965, as introduced in the Assembly be taken into consideration at once.

Mr. Speaker : Motion moved is :

That the West Pakistan Prohibition of Walver (Amendment) Bill, 1965, as introduced in the Assembly be taken into consideration at once.

There is an amendment by Chaudhri Muhammad Idrees.

Chaudhri Muhammad Idrees : I beg to move :

That the West Pakistan Prohibition of Walver (Amendment) Bill, 1965, be referred to a Select Committee consisting of the following with instructions to report by 31st March, 1967 :—

1. Mr. Muhammad Bakhsh Khan Narejo.
2. Begum Mumtaz Safdar.
3. Mr. Ahmedmian Soomro.
4. Chaudhri Muhammad Nawaz.
5. Babu Muhammad Rafique.
6. Malik Muhammad Akhtar.
7. Nawabzada Ghulam Qasim Khan Khakwani.
8. Mr. Amanullah Khan Shahani.
9. Nawabzada Sheikh Umar.
10. Rana Phool Muhammad Khan.
11. Syed Inayat Ali Shah.
12. Chaudhri Anwar Aziz.
13. Sardar Muhammad Ashraf Khan.
14. Chaudhri Muhammad Sarwar Khan.
15. The Mover.

The Quorum of the Committee shall consist of seven members

Mr. Speaker : Motion under consideration, amendment moved is :

That the West Pakistan Prohibition of Walver (Amendment) Bill, 1965, be referred to a Select Committee consisting of the following with instructions to report by 31st March, 1967 :—

1. Mr. Muhammad Bakhsh Khan Narejo.
2. Begum Mumtaz Sardar.
3. Mr. Amedmian Soomro.
4. Chaudhri Muhammad Nawaz.
5. Babu Muhammad Rafique.
6. Malik Muhammad Akhtar.
7. Nawabzada Ghulam Qasim Khan Khakwani.
8. Mr. Amanullah Khan Shahani.
9. Nawabzada Sheikh Umar.
10. Rana Phool Muhammad Khan.
11. Syed Inayat Ali Shah.
12. Chaudhri Anwar Aziz.
13. Sardar Muhammad Ashraf Khan.
14. Chaudhri Muhammad Sarwar Khan.
15. The Mover.

The Quorum of the Committee shall consist of seven members.

There is an amendment to this amendment by Syed Inayat Ali Shah.

Syed Inayat Ali Shah : I beg to move—

That in the amendment moved by Chaudhri Muhammad Idrees to Bill No. 33 of 1965, appearing at serial No. 6 of Part III, the names of—

1. Mr. Muhammad Akbar Khan Kanju.
2. Khanzada Taj Muhammad Khan Bangash.
3. Malik Meraj Khalid.
4. Nawabzada Rahimdil Khan.

be included in the list of Members of the Select Committee.;

The quorum will be 11 ; and the date of report would be 30th June, 1968.

Mr. Speaker : The Member means to say that the membership of the Committee should be 20 ?

Syed Inayat Ali Shah : Yes, Sir.

Mr. Speaker : Such an important Bill ?

Syed Inayat Ali Shah : Yes, Sir.

Mr. Hamza : Point of order.

Mr. Speaker : Let me propose this amendment first. Amendmeut to the amendment moved is :

> That in the amendment moved by Chaudhri Muhammad Idrees to Bill No. 33 of 1965, appearing at serial No. 6 of Part III, the names of—
>
> 1. Mr Muhammad Akbar Khan Kanju.
> 2. Khanzada Taj Muhammad Khan Bangash.
> 3. Malik Meraj Khalid.
> 4. Nawabzada Rahimdil Khan.
>
> be included in the list of Members of the Select Committee.
>
> The quorum will be 11 ; and the date of report would be 30th June, 1968.

Mr. Hamza : Opposed.

مسٹر سپیکر ۔ شاہ صاحب ۔ کیا آپ اپنی ترمیم کے متعلق کچھ فرمائیں گے ۔

سید عنایت علی شاہ (پشاور۔۳) ۔ جناب سپیکر ۔ بابو محمد رفیق صاحب کا بل ولور کے متعلق ہے ۔ ولور ایک ایسا لفظ ہے کہ شاید بہت سے معزز اراکین اس کے معنی سے واقف نہ ہوں ۔ یہ کوئی قانون تو نہیں ہے لیکن ایک رسم اور رواج ہے جو کہ بعض علاقہ جات میں رائج ہے اور وہ یہ ہے کہ بعض والدین اپنی لڑکیوں کی شادی کے وقت کچھ رقم لے لیتے ہیں جو کہ اسلامی حکام کے منافی ہے ۔ انسانیت کے تقاضوں کے خلاف ہے اور شریعت کے بھی منافی ہے ۔ یہ نہیں ہونا چاہیئے کہ ہم

لڑکیوں کو بھیڑ بکریوں کی طرح فروخت کرتے رہیں ۔ اس کے متعلق ایک بل پیش ہوا تھا جس کے متعلق یہ فیصلہ ہوا تھا کہ اس بل کو سیلیکٹ کمیٹی کے پاس بھیجا جائے اب میں نے یہ تجویز پیش کی ہے کہ اس سیلیکٹ کمیٹی کے ممبران کی تعداد بڑھا دی جائے تاکہ سب ممبران مل بیٹھ کر اس پر بحث کر سکیں اور پھر کوئی بہتر رائے دے سکیں ۔

مسٹر حمزہ (لائل پور—۶) ۔ جناب سپیکر ۔ میں نے شاہ صاحب کی تجویز کی مخالفت اس لئے کی ہے کہ اگر ہم نے محض ایوان کا وقت ضائع کرنا ہے اور اس غریب قوم کا ہزاروں روپیہ ضائع کرنا ہے جیسا کہ ہم اس سے پہلے آج پانچ مسودات قانون کے سلسلے میں مظاہرہ کر چکے ہیں تو میرے نزدیک جب کہ مجلس قائمہ کی رپورٹ اس معزز ایوان کو موصول ہو چکی ہے اب اسے دوبارہ سیلیکٹ کمیٹی کے سپرد کرنا قوم کے مفاد میں نہیں ہے ۔

جناب سپیکر ۔ آپ کو علم ہے کہ جناب محمد اورنگ زیب خان صاحب اعوان کا مسودہ قانون جو اتنا اہم تھا اور میرے نزدیک اب تک یا آج تک اس ایوان میں جو مسودات قانون پیش ہوئے ہیں ۔ یہ ان سب سے زیادہ اہم تھا کیونکہ اگر کوئی شادی شدہ عورت اغوا ہوتی ہے ہم اس بل کے ذریعے اس جرم کو قابل دست اندازی پولیس بنانا چاہتے تھے یا اعوان صاحب اسے قابل دست اندازی پولیس بنانا چاہتے تھے ۔ آپ کو علم ہے کہ اس کے قابل دست اندازی پولیس نہ ہونے کی وجہ سے مغربی پاکستان کے صوبے میں ہر سال سینکڑوں قتل ہوتے ہیں ۔

Mr. Speaker : Please do'nt discuss that bill now.

مسٹر حمزہ ۔ جناب سپیکر ۔ جب اتنا اہم مسودہ قانون تمام مراحل سے گزر کر اس ایوان میں پیش ہونا تھا تو اس کے محرک بڑی بہادری سے

ایوان سے باہر تشریف لے گئے یا انہوں نے ایوان میں تشریف لانا بھی پسند نہیں کیا ۔ تو اس مسودۂ قانون کے متعلق اس سے پہلے جو سیلیکٹ کمیٹی بنی تھی اس کے ممبران کی تعداد پندرہ تھی اور آج شاہ صاحب نے نہایت فیاضی کا ثبوت دے کر ان میں پانچ ممبران کے اضافے کی تجویز پیش کی ہے میں سمجھتا ہوں کہ انہوں ۔ اس امر کا خیال نہیں کیا ۔ ویسے تو یہ مسودہ قانون اہم ہے اور اس کی اہمیت سے مجھے کوئی انکار نہیں لیکن اس کے بارے میں پہلے سوچ بچار ہو چکا ہے اس لئے مجھے کوئی وجہ نظر نہیں آتی کہ اب اس کمیٹی کے اراکین کی تعداد پندرہ کی بجائے بیس کر دی جائے ۔ معلوم نہیں کہ انہوں نے ایسا کرنا کیوں پسند فرمایا ہے اور انہوں نے ابھی ابھی جو تقریر فرمائی ہے اس میں بھی انہوں نے ممبران کی تعداد میں اضافہ کرنے کے حق میں کوئی دلیل نہیں دی ۔ اگر انہوں نے بغیر کسی دلیل کے پندرہ کی بجائے کمیٹی کے اراکین کی تعداد بیس تک بڑھانے کی اجازت طلب کی ہے . . . .

سید عنایت علی شاہ ۔ جناب والا ۔ میں نے اس اضافے کے لئے یہ دلیل پیش کی ہے کہ میں نے جن اصحاب کو اس کمیٹی میں شامل کرنے کے لئے کہا ہے یہ وہ لوگ ہیں کہ جو اس معاملے میں اہم کردار ادا کر سکتے ہیں اور وہ اس کام کے لئے بیحد موزوں ہیں اور یہ کہ یہ اس ملک و قوم کے بہتر مفاد میں ہے اس لئے اس میں کسی قسم کی فضول خرچی کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا ۔

مسٹر حمزہ ۔ جناب سپیکر ۔ اگر شاہ صاحب یہ فرماتے ہیں کہ یہ لوگ ماہرین ہیں اور ان کی رائے بڑی اہمیت رکھے گی اور ان کو ایسی معلومات حاصل ہیں جو پہلے اراکین کو حاصل نہیں تھیں اور ان کے خیال میں وہ ناتجربہ کار تھے اور ان سے کسی قسم کا مشورہ نہیں لیا جا سکتا تھا تو پھر چاہیئے تو یہ تھا کہ ان ممبران کے ناموں کو اس کمیٹی کی رکینت

سے حذف کرنے کے لئے وہ تحریک پیش کرتے ۔ اس لئے ان کا یہ فرمان کہ ان اراکین کی تعداد پندرہ سے بڑھا کر بیس کر دی جائے محل نظر ہے ۔ اور اگر آپ اس کو شرف قبولیت بخشیں تو بہتر ہوگا کہ اس سیلیکٹ کمیٹی کے ممبران کی تعداد ۱۵۵ کر دی جائے اور اس کا کورم چالیس ہونا چاہئیے ۔ کیونکہ اگر یہ بل اتنا اہم ہے تو پھر اس ایوان کے تمام معزز اراکین کو اس سیلیکٹ کمیٹی کا ممبر ہونا چاہئیے تاکہ اس پر اچھی طرح غور کیا جا سکے ۔ وہ سب ہی سرجوڑ کر بیٹھیں اور اطمینان کے ساتھ باہر کے لوگوں سے بھی مل کر مشورے کر لیں اور پھر اس کے متعلق فیصلہ کریں یہ طریقہ ملک و قوم کے مفاد میں ہوگا ۔ بابو محمد رفیق صاحب کے متعلق تو میں کچھ عرض نہیں کر سکتا لیکن مجھے ایک خدشہ ضرور لاحق ہو گیا ہے ۔ ہم لوگ تاریخ اس لئے پڑھتے ہیں کہ ہمیں اس طرح ماضی اور حال کے حالات کا علم ہوتا رہتا ہے ۔ مجھے بلوچستان کے اس عظیم نمائندے کے متعلق یہ خدشہ ضرور لاحق ہے کہ جب ہم اس بل پر غور کرنے کی غرض سے لاکھوں روپیہ خرچ کر چکے ہوں گے اور یہ بل ان تمام مراحل سے گذر چکا ہوگا تو اگر اس کے بعد حکومت نے ان کو ایک اشارہ بھی کر دیا کہ آپ نے یہ مسودۂ قانون ایوان میں پیش نہیں کرنا تو گو کہ میں ان کی بہادری کا قائل ہوں اور ان کے لمبے ہونے اور گرانڈیل ہونے کا بھی ۔ لیکن اس کے باوجود مجھے اس امر کا خدشہ ہے (خدا کرے کہ وہ مجھ سے ناراض نہ ہوں) کہ وہ اس دن ایوان میں تشریف نہیں لائیں گے ۔ لہذا جناب شاہ صاحب نے جو تجویز پیش کی ہے وہ شاہانہ تو ضرور ہے لیکن میرے نقطہ نظر سے اس سے عوام اور ملک و قوم کا مفاد پورا نہیں ہوگا بلکہ چند ایک معزز اراکین اس کمیٹی کے رکن بن جائیں گے اور جس مقصد کے لئے وہ اس کمیٹی پر نامزد ہوں گے وہ پورا نہیں ہوگا ۔ اس لئے اگر شاہ صاحب بھی بہادری کا ثبوت دیں اور اس ایوان میں کھل کر ہمیں

بتا دیں کہ وہ ان ممبران کی تعداد پندرہ کی بجائے بیس کرکے اتنی قوی سیلیکٹ کمیٹی کس غرض کے لئے بنانا چاہتے ہیں ۔ میں ان معروضات کے ساتھ شاہ صاحب کی اس ترمیم کی مخالفت کرتا ہوں ۔

حاجی سردار عطا محمد (خیر پور—۲) ۔ جناب سپیکر ۔ میں اس سے پیشتر بھی گذارش کر چکا ہوں اور اب پھر اس بات کو دھراتا ہوں اور میرے اس بات کے دھرانے کا مقصد کسی پر نکتہ چینی کرنا نہیں ہے اور نہ ہی کسی پر حملہ کرنا ہے بلکہ میں تو سب کو ہی اچھا اور مہذب قوم کا رکن سمجھتا ہوں ۔ لیکن میں اپنے دوستوں کو یہ بتا دینا چاہتا ہوں کہ وہ مغربی پاکستان کی ایک ایک کوڑی کے محافظ ہیں اور اس کو خرچ کرنے کے نگران ہیں ۔ اس لئے ان پر سب سے زیادہ ذمہ داری عائد ہوتی ہے ۔ کیوں کہ جب ہم سرکاری ملازمین پر تنقید کرتے ہیں تو وہ بھی اسی طرح سے ہم پر تنقید کر سکتے ہیں ۔ اس لئے میں اس معزز ایوان کے اراکین سے یہ گزارش کرنا چاہتا ہوں کہ اس وقت ایوان میں جو ترمیم پیش کی گئی ہے کہ سیلیکٹ کمیٹی کے ممبران کی تعداد بجائے پندرہ کے بیس کر دی جائے ۔ یہ انتہائی نامناسب ہے اور اس کے لئے میں آپ کی خدمت میں ایک آیت پڑھ کر سناتا ہوں ۔

انہ لایحب المسرفین

سید عنایت علی شاہ ۔ پوائنٹ آف آرڈر ۔ جناب سپیکر ۔ جناب حاجی صاحب یہ بھی ارشاد فرمائیں کہ کیا اسلام میں لڑکیوں کا معاوضہ لینا جائز ہے ۔ کیا شریعت اس کی اجازت دیتی ہے ۔ (قطع کلامیاں)

مسٹر حمزہ ۔ کیا ان پندرہ ممبران کو اس بات کا علم نہیں ہے کہ لڑکیوں کے عوض پیسہ لینا ناجائز ہے اور کیا غیر ضروری طور پر الاؤنس لینا جائز ہے ۔

Mr. Speaker : Order please.

سید عنایت علی شاہ ۔ آپ تو خزان کے اندھے ھیں آپ کو تو سوائے بربادی اور تباھی کے اور کچھ نظر نہیں آتا ۔ (قطع کلامیاں)

حاجی سردار عطا محمد ۔ شاہ صاحب تو قوم کے بڑے محسن ھیں اور قوم کے بڑے اچھے رھنما ھیں ۔ بڑے سمجھدار ھیں ۔ ان کو ناراض نہیں ھونا چاھئیے ۔ وہ اپنی رائے خلوص سے دیں ۔ اللہ تعالیٰ فرماتے ھیں ۔

انہ لا یحب المسر فین

(بے شک وہ نہیں پسند کرتا اسراف کرنے والوں کو)

اس کے بعد ارشاد ھوتا ھے ۔

ان المبذرین کانوا اخوان الشیطین و کان الشیطن لربہ کفوراً ۔

(بلاشبہ فضول خرچی کرنے والے شیطان کے بھائی ھیں اور شیطان نے اللہ کے نزدیک کفر کیا ھے) ۔

چودھری محمد ادریس ۔ ھم بھی آپ کے بھائی ھیں ۔

حاجی سردار عطا محمد ۔ اب میں حضرت علی کرم اللہ وجہہ کا ایک حوالہ دیتا ھوں ۔ حضرت امیرالمومنین کے پاس ایک شخص نے شہد کا ایک ڈبہ بطور وقف رکھا وہ ڈبہ خزانہ میں نہیں تھا بلکہ گھر میں تھا ۔ جناب امام حسن کے مہمان آئے تو انہوں نے اپنے مہمانوں کو اس میں سے نکال کر کھلایا ۔ حضرت علی کو جب پتہ چلا تو انہوں نے غلام کو بلا کر پوچھا ۔ اس نے بتایا کہ امام حسن نے اپنے مہمان کے لئے نکالا ھے ۔ چنانچہ حضرت علی نے بازار سے منگوا کر اس میں ڈال دیا ۔ یہ تھا ان کا کردار ۔ لیکن ھماری قوم کا کردار تو گڑھے میں جا رھا ھے ۔ اس لئے میں اس ترمیم کی پرزور مخالفت کرتا ھوں ۔ اس بل میں کوئی ترمیم لانے کی گنجائش نہیں ۔

بابو محمد رفیق (لورا لائی و سبی) ۔ جناب والا ۔ اس ولور بل کے سلسلہ میں آپ کو پچھلی اسمبلی کے tenure میں واپس لے جاؤں گا ۔ جس دن میں نے یہ بل کوئٹہ ڈویژن کے لئے introduce کیا تھا اس دن میری بہن بیگم شاہ نواز صاحبہ اور دوسری معزز بہنوں نے اور اکثر ارکان نے مطالبہ کیا تھا کہ اس بل کو سارے مغربی پاکستان پر لاگو کیا جائے ۔ ان کی خواہشات کو مدنظر رکھتے ہوئے ہم یہ بل یہاں لائے ہیں ۔ جہاں تک سیلیکٹ کمیٹی کی میٹنگ میں میری شمولیت کا تعلق ہے میں حمزہ صاحب کی خدمت میں عرض کروں گا کہ میں ہوائی جہاز خراب ہونے کی صورت میں نہیں پہنچ سکا ۔ چنانچہ اس پر محکمہ کی طرف سے رپورٹ حاصل کرکے اسمبلی میں پیش کر دی ۔

مسٹر حمزہ ۔ پوائنٹ آف آرڈر ۔ جناب سپیکر ۔ گذارش یہ ہے کہ بابو صاحب تو ایک دن جہاز خراب ہونے کی وجہ سے نہ آنے کے بارے میں فرماتے ہیں مجھے اچھی طرح یاد ہے کہ اسی سیلیکٹ کمیٹی کی meetings ہوتی رہی ہیں ۔ لیکن یہ کسی دن بھی تشریف نہیں لا سکے اور یہاں ولور بل کی اتنی اہمیت جتلاتے ہیں ۔ ان کے دل کے احساس یا قربانی کے جذبہ یا ان کی محنت اور کاوش کا یہ حال ہے ۔

مسٹر سپیکر ۔ یہ کوئی پوائنٹ آف آرڈر نہیں ۔

بابو محمد رفیق ۔ جناب والا ۔ میں حمزہ صاحب کی خدمت میں اتنا عرض کر سکتا ہوں اور یہ ہاؤس اس بات کا گواہ ہے کہ میں نے نہایت جانفشانی سے تمام معاملات کے بارے میں دلچسپی لی ہے اور اپنی طرف سے کوئی کوتاہی نہیں کی ۔ دنیا کے اور بھی کئی کام ہوتے ہیں ۔ بعض مجبوریاں ہوتی ہیں ۔ بیماری وغیرہ یا دوسری کئی وجوہات کی وجہ سے میں موقع پر نہیں پہنچ سکا ۔ جناب والا ۔ اس کے علاوہ میں یہ عرض کروں گا کہ سیلیکٹ کمیٹی نے یہ رپورٹ اس بنا پر کر دی کہ سنٹرل

گورنمنٹ کی طرف سے sanction نہیں تھی کہ کوئٹہ کے علاوہ یہ Tribal Area پر بھی لاگو ہوگا کیونکہ آئین کے تحت مرکزی حکومت کی اجازت کے بغیر ہم لاگو نہیں کر سکتے جب تک صدر صاحب اس کی concurrence نہ دیں ۔ اس لئے ضروری تھا کہ یہ بل مرکزی حکومت کو بھیجا جائے ۔ کچھ اختلافات کی وجہ سے اس پر فوری طور پر کارروائی نہ ہو سکی ۔ بالآخر ۲۷-۱۱-۶۶ کو کیبنٹ کا فیصلہ ہو گیا اور کیبنٹ نے اسے بہترین قرار دیتے ہوئے کہا کہ کوئٹہ اور قبائلی علاقوں پر بھی یہ لاگو ہوگا ۔

جناب والا ۔ یہ بل نہایت ہی اہم بل ہے اور مغربی پاکستان کے عوام اس کے اثر میں آئیں گے ۔ میری یہ خواہش ہے کہ یہ بل زیادہ سے زیادہ آدمیوں کے پاس جائے اور وہ اس پر غور کریں ۔

جناب والا ۔ مجھے حمزہ صاحب باہر ملے تھے اور انہوں نے سیلیکٹ کمیٹی کے ناموں کے متعلق پوچھا تھا ۔ مجھے اس چیز کا افسوس ہے کہ ان کا نام رہ گیا ہے ۔ ان کو غصہ میں نہیں آنا چاہئیے ۔ آپوزیشن میں سے ملک اختر صاحب کا نام تو دیا ہے اگر وہ چاہتے ہیں کہ ان کا نام بھی آ جائے تو ہم اس پر غور کر لیں گے ۔ (قطع کلامیاں اور شور)

Mr. Speaker : Order, order.

بابو محمد رفیق ۔ جناب سپیکر ۔ میں سمجھتا ہوں کہ یہ نہایت ہی اہم بل ہے اور اس کا اثر مغربی پاکستان کے تمام علاقوں پر ہوگا ۔ دوسری چیز یہ ہے کہ میں اپنے دوست کو یقین دلاتا ہوں کہ میں اس بل میں پوری دلچسپی لیتا ہوں اور یہ کہنا درست نہیں کہ میں ہاؤس سے بھاگ جاؤں گا یا بل کو چھوڑ کر چلا جاؤں گا ۔ کیونکہ میں سمجھتا ہوں کہ یہ بل منظور ہونا چاہئیے کیونکہ یہ عوام کے فائدہ کے لئے ہے ۔ ہم تو گورنر صاحب کو بھی press کریں گے کہ اس بل کو منظور کیا

جائے تاکہ عوام جس مصیبت میں پھنسے ہوئے ہیں اس سے ان کا چھٹکارا ہو ۔

مسٹر حمزہ ۔ پوائنٹ آف آرڈر ۔ جناب سپیکر ۔ بابو صاحب نے فرمایا ہے کہ آپوزیشن کی طرف سے ملک اختر کا نام دے دیا ہے ۔ ہمیں اس پر اعتراض نہیں لیکن آخر کسی چیز کی انتہا بھی ہوتی ہے ۔ اب ممبران کی تعداد ۱۵ سے ۲۰ ہوگئی ہے ۔ میرے نزدیک تو ۱۵ کی تعداد بھی بہت زیادہ ہے اور اب ۲۰ ہوگئی ہے اگر یہی صورت ہے تو آپ ۲۰ پر بھی اکتفا کیوں کرتے ہیں میری تجویز ہے کہ ۱۵۵ ممبران کو اس سیلیکٹ کمیٹی میں رکھیں اور ان کا کورم ۴۰ ہونا چاہیئے ۔ آپ اس کے لئے ووٹ لے لیں ۔

حاجی سردار عطا محمد ۔ جناب سپیکر ۔ میں حمزہ صاحب سے اتفاق نہیں کرتا کہ اس کمیٹی میں ۱۵۵ افراد شامل ہوں میں تو یہ کہوں گا کہ اس میں صرف گورنمنٹ پارٹی کے ممبران شامل ہوں ۔ ہمارے شامل ہونے کی ضرورت نہیں ۔

مسٹر سپیکر ۔ یہ کوئی پوائنٹ آف آرڈر نہیں ۔

Mr. Speaker : The question is :

That in the amendment moved by Chaudhri Muhammad Idrees to Bill No. 33 of 1965, appearing at Serial No. 6 of Part III, the names of—

1. Muhammad Akbar Khan Kanju,
2. Khanzada Taj Muhammad Bangash,
3. Malik Miraj Khalid and
4. Nawabzada Rahimdil Khan

be included in the list of Members of the Select Committee. The quorum will be eleven and the date of report would be 30th June, 1968.

As many as are in favour, may say 'Aye' (*Voices : Aye*)

As many as are against, may say 'Noe' (*Voices : Noe*)

I think the 'Ayes' have it.

Mr Hamza : Noes have it. I want division.

Mr. Speaker : Those in favour should rise in their places.

(*32 Members rose in their places*)

Mr. Speaker : Those against should rise in their places.

(*3 Members rose in their places*)

مسٹر حمزہ ۔ جناب سپیکر ۔ کچھ ممبران اچھی طرح کھڑے نہیں تھے بلکہ نصف جھکے ہوئے کھڑے تھے ۔ آپ نے جو گنتی کا اعلان کیا ہے آپ یہ فرمائیں کہ ایسے آدمیوں کو پورا شمار کیا ہے یعنی ان کو کھڑا شمار کیا ہے یا ان کو بیٹھے ہوئے شمار کیا ہے ۔

مسٹر سپیکر ۔ حمزہ صاحب نے جو نکتہ اٹھایا ہے دیر سے اٹھایا ہے ۔ مناسب یہ تھا کہ جس وقت گنتی ہو رہی تھی اس وقت یہ نکتہ اٹھاتے ۔

مسٹر حمزہ ۔ میں نے آپ کے اعلان سے پہلے عرض کیا ہے تاکہ اگر مناسب سمجھیں تو اپنے فیصلہ کو revise کر لیں اور دو نصف کھڑے ممبران کو ایک شمار کیا جائے ۔ میرے خیال میں تو میں نے بروقت یہ نکتہ اٹھایا ہے ۔

Mr. Speaker : 32 in favour of the Motion and three against. So the amendment stands carried.

Now, the amendment of Chaudhri Muhammad Idrees.

The question is :

That the West Pakistan Prohibition of Walver (Amendment) Bill, 1965 be referred to a Select Committee consisting of the following with instructions to report by 31st March, 1967.

1. Mr. Muhammad Bakhsh Khan Narejo.
2. Begum Mumtaz Safdar.
3. Mr. Ahmedmian Soomro.
4. Chaudhri Muhammad Nawaz.
5. Babu Muhammad Rafique.
6. Malik Muhammad Akhtar.
7. Nawabzada Ghulam Qasim Khan Khakwani.
8. Mr. Amanullah Khan Shahani.
9. Nawabzada Sheikh Umar.
10. Rana Phool Muhammad Khan.
11. Syed Inayat Ali Shah.
12. Chaudhri Anwar Aziz.
13. Sardar Muhammad Ashraf Khan.
14. Chaudhri Muhammad Sarwar Khan.
15. The Mover.
16. Mr. Muhammad Akbar Khan Kanju.
17. Khanzada Taj Muhammad Bangash.
18. Malik Miraj Khalid.
19. Nawabzada Rahimdil Khan.

The quorum will be eleven.

The motion was carried.

Mr. Speaker : This Bill stands referred to the Select Committee.

THE WEST PAKISTAN MATERNITY BENEFIT (AMENDMENT) BILL, 1965.

Mr. Speaker : Next motion is from Babu Muhammad Rafique.

Babu Muhammad Rafiq : Sir, I beg to move—

That the West Pakistan Maternity Benefit (Amendment) Bill, 1965, as recommended by the Standing Committee on Social Welfare, be taken into consideration at once.

Mr. Speaker : Motion moved, the question is—

The the West Pakistan Maternity Benefit (Amendment) Bill, 1965, as recommended by the Standing Committee on Social Welfare, be taken into consideration at once.

The motion was carried.

Mr. Speaker : We will take up the bill clause by clause.

CLAUSE 2

Mr. Speaker : Clause 2 : The question is—

That clause 2 do stand part of the Bill.

The motion was carried.

PREAMBLE

Mr. Speaker : Preamble : The question is—

That Preamble be the Preamble of the Bill.

The motion was carried.

SHORT TITLE

Mr. Speaker : The question is—

That Short Title, extent and commencement be the Short Title, extent and commencement of the Bill.

The motion was carried.

Mr. Speaker : Next motion please.

Babu Muhammad Rafique : Sir I beg to move—

That the West Pakistan Maternity Benefit (Amendment) Bill, 1965, be passed.

Mr. Speaker : The question is—

That the West Pakistan Maternity Benefit (Amendment) Bill, 1965, be passed.

The motion was carried.

Mr. Speaker : There is no other item on the Orders of the Day. The House is, therefore, adjourned till 6.00 p.m. today.

The Assembly then adjourned till 6.00 p.m. the same evening.

EVENING SITTING

The Assembly met at 6.00 p.m. of the clock. Mr. Speaker in the Chair.

Recitation from the Holy Qur'an by Qari Ali Hussain Siddiqui (Qari of the Assembly) and its translation.

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

تَبٰرَكَ الَّذِيْ بِيَدِهِ الْمُلْكُ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرُ ۝
الَّذِيْ خَلَقَ الْمَوْتَ وَالْحَيٰوةَ لِيَبْلُوَكُمْ اَيُّكُمْ اَحْسَنُ عَمَلًا وَهُوَ الْعَزِيْزُ
الْغَفُوْرُ ۝ الَّذِيْ خَلَقَ سَبْعَ سَمٰوٰتٍ طِبَاقًا مَا تَرٰى فِيْ خَلْقِ
الرَّحْمٰنِ مِنْ تَفٰوُتٍ فَارْجِعِ الْبَصَرَ هَلْ تَرٰى مِنْ فُطُوْرٍ ۝
ثُمَّ ارْجِعِ الْبَصَرَ كَرَّتَيْنِ يَنْقَلِبْ اِلَيْكَ الْبَصَرُ خَاسِئًا وَّهُوَ
حَسِيْرٌ ۝ وَلَقَدْ زَيَّنَّا السَّمَآءَ الدُّنْيَا بِمَصَابِيْحَ وَجَعَلْنٰهَا رُجُوْمًا
لِّلشَّيٰطِيْنِ وَاَعْتَدْنَا لَهُمْ عَذَابَ السَّعِيْرِ ۝

(پارہ ۲۹۔ س ۶۷۔ ع ۱۔ آیات ۱ تا ۵)

پاک ہے وہ ذات جسکے ہاتھ میں تمام کی تمام بادشاہت ہے وہ بڑی برکت والا ہے اور ہر چیز پر قادر ہے۔ اسی نے موت و زندگی کو پیدا کیا تاکہ تمہاری آزمائش کرے کہ تم میں کون اچھے کام کرتا ہے اور وہ زبردست ہے بخشنے والا ہے۔ اُس نے سات آسمان تلے اوپر بنائے۔ اے دیکھنے والے کیا تو رحمٰن کی آفرینش میں کچھ نقصان دیکھتا ہے ذرا آنکھ اُٹھا کر دیکھ بھلا تجھ کو آسمان میں کوئی شگاف نظر آتا ہے پھر دوبارہ سہ بارہ نظر کر تو نظر ہر بار تیرے پاس ناکام اور تھک کر لوٹ آئے گی۔ اور ہم نے قریب کے آسمان کو ستاروں کے چراغوں سے زینت دی اور اُن کو شیاطین کے مارنے کا آلہ بنایا ہے اور اُن کیلئے دہکتی ہوئی آگ کا عذاب تیار کر رکھا ہے۔

وما علینا الا البلاغ

ORDINANCES

THE WEST PAKISTAN PAT FEEDER CANAL (CONTROL AND PREVENTION OF ALIENATION OF LAND) ORDINANCE, 1967

(resumption of discussion)

Mr. Speaker : The House will now resume discussion on the West Pakistan Pat Feeder Canal (Control and Prevention of Alienation of Land) Ordinance, 1967. The amendment under discussion was from Khawaja Muhammhd Safdar and Major Muhammad Aslam Jan was in possession of the floor. The Member is not present.

I will now put the amendment to the vote of the House.

The question is-

That for Explanation to sub-section (4) of section 5 of the West Pakistan Pat Feeder Canal (Control and Prevention of Alienation of Land) Ordinance 1967, the following be substituted and subsequent sub-section re-numbered accordingly, namely :—

"(5) The Tribunal, while disallowing the claim of any person to any right or interest in the land, shall make an order that the amount of consideration paid by the claimant to the person from or through whom the claimant acquired such right or interest in the said land, shall be paid to the claimant. Such orders of the Tribunal shall be deemed to be a decree of a Civil Court and be executed as such under the provisions of the Civil Procedure Code, 1908."

The motion was carried.

Mr. Speaker : Now Section 6. The first amendment is by Mr Akhtar.

Malik Muhammad Akhtar : I beg to move—

That in section 6 of the West Pakistan Pat Feeder Canal (Control and Prevention of Alienation of Land) Ordinance, 1967, for the words "thirty days" occurring in line 2, the words "sixty days" be substituted.

Mr. Speaker : Amendment moved is :

That in section 6 of the West Pakistan Pat Feeder Canal (Control and Prevention of Alienation of Land) Ordinance, 1967, for the words

"thirty days" occurring in line 2, the words "sixty days" be substituted.

Minister for Revenue : Opposed.

ملک محمد اختر (لاہور-۲) ۔ جناب والا ۔ میری یہ ترمیم دفعہ ۶ کے متعلق ہے کہ اگر کوئی شخص اس فیصلہ کے خلاف جو ٹریبونل زیر دفعہ ۵ صادر کرے اپیل کرنا چاہے تو اسے تیس دن کے اندر اندر اپیل دائر کردینی چاہئیے مگر میں یہ تجویز پیش کررہا ہوں کہ تیس دن کی بجائے ساٹھ دن کی مہلت عطا کی جائے تاکہ وہ کمشنر کی عدالت میں اپیل کر سکے ۔ جناب والا ۔ حکومت خود تو ٹریبونل کو refer کرنے کے لیے ایک سال کی میعاد لے رہی ہے مگر ایک اپیل کنندہ کو تیس دن کی مہلت اپیل کرنے کے لیے دے دی جس کو میں ساٹھ دن تک بڑھانے کی تجویز کر رہا ہوں ۔

جناب والا ۔ دراصل مجھے مودبانہ یہ گذارش کرنی ہے کہ یہ قانون سازی اس طریقے سے اور اس طور پر کی جا رہی ہے کہ جیسے کوئی فاتح کسی مفتوحہ یا مقبوضہ علاقے میں کرتا ہے ۔ جہاں تک ان لوگوں کے حقوق کا تعلق ہے جن کو ناجائز طور پر یا غیرقانونی طور پر ان کے کسی رشتہ دار نے ان کی جائیداد سے محروم کر دیا ہو ۔ ۔ ۔

Mr. Speaker : Please be relevant to the amendment.

Malik Muhammad Akhtar : Sir, I am.

جناب والا ۔ جہاں یہ final order دفعہ ۵ (۵) میں کیا جانا مطلوب ہو اور جس کے لیے یہ معیار بھی موجود ہے کہ جب اس کو certified copy دی جاتی ہے ۔ اور اس کے بھی دن دئیے جاتے ہیں ایک سال کے بعد جب

موقع پر آپ کا افسر موجود ہوگا جس نے کہ rights کو determine کرنا ہے اس کو تو یہ ایک سال دیتے ہیں اور اس غریب شخص کو تیس دن دیتے ہیں کہ وہ ٹریبونل کے فیصلے کے خلاف کمشنر کی عدالت کو رجوع کر سکے حالانکہ اس میں کچھ ایسے بھی تنازعات ہوں گے جو کہ کافی پرانے ہوچکے ہوں گے ۔ مثلاً ان کی material date جس میں کہ یہ scrutinise کیا جاتا ہے ۔ وہ ۱۴ اکتوبر ۱۹۵۵ کی alienation ہے ۔ آپ کو بھی ایسی مثالوں کا علم ہوگا ۔ کہ کئی لوگ ایسے ہیں کہ جو بیٹھے تو یہاں پر ہیں ۔ لیکن انھوں نے بیراجوں میں زمینیں خریدی ہوئی ہیں یا ان کو وہاں پر گورنمنٹ نے زمینیں الاٹ کی ہوئی ہیں یا حکومت نے ان کو دی ہوئی ہیں ۔ میں بے حد مجبور ہوں کہ ان باتوں کو دہراؤں ۔ کہ جن لوگوں نے ایسی جگہ پر اس نیت سے زمین خریدی ہے کہ وہ "زیادہ غلہ اگاؤ" کی مہم کو فروغ دیں گے ۔ آپ نے ان لوگوں کے حقوق پامال کئے ہیں ۔

Mr. Speaker : No repetition of arguments.

ملک محمد اختر ۔ جناب والا ۔ بارہ سال پرانے جھگڑوں کے لیے تیس دن کی میعاد دینا اور جب کہ تیس دن گزر جانے کے بعد اس قانون میں کوئی ایسی دفعہ موجود نہیں ہے کہ اس شخص پر personal service کو compulsory قرار دیا جائے ۔ اور جب ایسی بھی کوئی دفعہ موجود نہیں کہ اس شخص کی personal appearance ضروری قرار دی گئی ہو ۔ اگر آپ اس unholy section کی language کو دیکھیں جس میں انھوں نے نہ تو قانون شہادت کا کوئی سہارا لیا ہے اور نہ ہی ضابطہ دیوانی کے تحت service کا جو طریقہ کار ہے ۔ اس کو ضروری قرار دیا ہے ۔ یعنی بیٹھے

بٹھائے بھی آپ کا ٹریبونل کسی کے خلاف یہ فیصلہ دے سکتا ہے ۔ یہ declare کئے بغیر کہ وہ شخص حاضر نہیں ہوا ۔ تو اس کے لیے تیس دن کی میعاد دینا مناسب نہیں ۔ میری دلیل کو اس سے اور بھی تقویت پہنچتی ہے کہ بہت سے لوگ جو کہ اس قانون کی زد میں آنے والے ہیں ، وہ ایسے لوگ ہونگے جو کہ موقع پر موجود نہیں ہونگے یا وہ صوبے کے دیگر حصوں میں ہوں گے یا یہ بھی ممکن ہو سکتا ہے کہ وہ ملک سے باہر گئے ہوں ۔ یا تو کسی ضابطہ کے تحت ۔ ضابطہ دیوانی میں دیئے گئے طریق کار کے تحت ان پر service لازمی قرار دیتے ۔ لیکن میں اس کے باوجود بھی اس تیس دن کی میعاد کو نا جائز ہی سمجھتا۔ قانون شہادت کی provisions یہاں پر نہیں ۔ ضابطہ دیوانی کے ضوابط یہاں پر نہیں ہیں یہ ایک نیا قانون ہے جس کا دوسرا نام سکھا شاہی ہے ۔ آپ اس کے بعد اپیل کے لیے بھی تیس دن کی میعاد مقرر کرتے ہیں ۔ آپ سیدھے طریقے سے یہ کیوں نہیں کہہ دیتے کہ ان لوگوں کو یہاں سے نکال دیا جائے اور ہم یہ سمجھیں گے کہ ۱۹۴۷ء کا زمانہ لوٹ کر آ گیا ہے اور ہم نے جو زمینیں خریدی تھیں ۔ ہمیں ان سے بے دخل کر دیا گیا ہے ۔ میں دعویٰ سے کہہ سکتا ہوں کہ تیس دن کے اندر تو لاہور کا ایک ایڈووکیٹ بھی اپنی ذاتی اپیل دائر کرنے میں کامیاب نہیں ہو سکتا ۔ یہ تیس دن کی میعاد ان کی بدنیتی کا ثبوت ہے ۔ بلکہ میں تو محکمہ قانون کے ان لوگوں کی نیت پر شک کرتا ہوں جنھوں نے اس قانون کی drafting کی ہے ۔ جہاں جائیداد کے جھگڑے ہوں وہاں پر تیس دن کی میعاد دینا کہاں تک مناسب ہے ۔ اور پھر جو فیصلہ کرنا ہوگا وہ اس ٹریبونل نے کرنا ہوگا جس میں کلکٹر جج ہوگا ۔

Mr. Speaker : I will now put the amendment to vote ; the question is :

> That in section 6 of the West Pakistan Pat Feeder Canal (Control and Prevention of Alienation of Land) Ordinance, 1967, for the words "thirty days" occurring in line 2, the words "sixty days" be substituted.

The motion was lost.

Mr. Speaker : Section 7 ; amendment by Malik Muhammad Akhtar.

Malik Muhammad Akhtar : Sir, I beg to move :

> That in para (b) of section 7 of the West Pakistan Pat Feeder Canal (Control and Prevention of Alienation of Land) Ordinance, 1967 for the words "ninety days" occurring in line 2, the words "one hundred and eighty days" be substituted.

Mr. Speaker : Amendment moved is :

> That in para (b) of section 7 of the West Pakistan Pat Feeder Canal (Control and Prevention of Alienation of Land) Ordinance, 1967, for the words "ninety days" occurring in line 2, the words "one hundred and eighty days" be substituted.

Minister for Revenue : Opposed.

ملک محمد اختر (لاہور-۲) - جناب سپیکر - دفعہ نمبر ۷ کے متعلق ہے - اور اس میں یہ قرار دیا گیا ہے کہ اگر بورڈ آف ریونیو چاہے تو خود بخود ہی کوئی ریکارڈ طلب کر سکتا ہے یا کسی ایسے آرڈر کو یا کسی ایسی proceedings کو جو کہ قانون کے تحت کسی ٹریبونل یا کمشنر نے کی ہوں ، ان کی قانونی حیثیت کا جائزہ لینے کے لیے اور یہ دیکھنے کے لیے کہ آیا ایسا قانون regular ہے یا ایسے آرڈر کی proprietary کو دیکھنے کے لیے کہ یہ proceedings ضابطہ کے تحت کی گئی ہیں یا نہیں تو اس صورت میں وہ خود بخود یا اگر ان کے پاس کوئی ایسا شخص اس بارے میں درخواست کرے جس کے حقوق پر زد پڑی ہے - نوے

دن کے اندر اندر اس حکم پر جو کہ اسی آرڈر کے تحت کمشنر نے کیا ہے وہ ریکارڈ طلب کر سکتا ہے اور وہ ایسا آرڈر کر سکتا ہے جیسا کہ وہ مناسب سمجھے ۔ آپ اندازہ فرمائیں کہ یہ ایک طویل و عریض صوبہ ہے ۔ اور بورڈ آف ریونیو کا دفتر لاہور میں واقع ہونے کے بعد آپ اس لفظ suo moto کو ملاحظہ فرمائیں کہ ان کو کیسے خبر پہنچے گی ۔ کیا ایسی کوئی provision ہے کہ بورڈ آف ریونیو کو وہ امثال یا فیصلہ جات یا ان احکام کی نقول پہنچ جائیں گی یا بورڈ آف ریونیو کن حالات میں یہ کرے گا کہ وہ خود بخود اس ریکارڈ کو طلب کرے ۔ کم از کم میں سمجھنے سے قاصر ہوں ۔ اب دفعہ نمبر ۲ میں یہ قرار دیا گیا ہے کہ اگر کوئی فریق revision کرانا چاہے یعنی اپیل کے بعد وہ یہ کہے کہ کوئی revision ہو ۔ تو وہ کیسے ہوگی ۔ یعنی procedure کو abuse کیا گیا ہے آپ مجھ سے اتفاق فرمائیں گے کہ یہاں پر کوئی طریق کار متعین نہیں کیا گیا اور پھر یہ کہ یہ revision کس کے خلاف ہوگی اور تحقیقات کرنے کے کون کون سے طریقے ہیں ۔ اور وہ کون سا ضابطہ ہے کہ جس کے تحت آپ کے ٹریبونل نے یا آپ کے کمشنر نے proceed کرنا ہے ۔ کسی ایسے ضابطے کی عدم موجودگی میں revision کس بات کی ہوگی ۔ یا تو کوئی ایسے قواعد مرتب کیے جائیں گے کہ جن کے تحت کوئی ضابطہ متعین کیا جائے گا اور اگر کوئی ایسے قواعد مرتب کیے جاتے ہیں کہ جن کے تحت کوئی ضابطہ متعین کیا جاتا ہے ۔ تو کیا رولز frame کئے جائیں گے جن کے تحت وہ ضابطہ دیا جائے گا ۔ اگر وہ رولز frame ہوں گے جن کے تحت ضابطہ کو متعین کرنا مطلوب ہے تو میں سمجھتا ہوں کہ پھر delegation of powers کا قصہ آ جاتا ہے ۔ CPC کے تحت یہ یا ضابطہ اسی کتاب کا

حصہ ہے ۔ کچھ قوانین جن کے تحت یہ تمام review, revision, or appeal کا چکر بنایا گیا ہے اب بھی ہیں اور اسی طرح review or appeal کا چکر لینڈ ریونیو ایکٹ جیسی بدنام کتاب میں ہے ۔ جو ۸۰ سال کے بعد پھر اس ملک یا صوبہ میں آپ لاگو کر رہے ہیں ۔

جناب والا ۔ وہ procedure کہاں ہے جس کے تحت revision کی گئی ہے ۔ وہ revision کیا اس بات کے خلاف ہوگی کہ Sunday یا closed day کو کسی Presiding Officer نے کام کیا ہے یا اس چیز کے خلاف ہوگی کہ Presiding Officer کے سرشتہ دار نے فیصلہ لکھ کر دستخط کرا لیے ہیں میری سمجھ میں تو نہیں آتا کہ وہ کون سا procedure ہے جس کے تحت mistake ہوگی یا کون سا ضابطہ ہے جس کی خلاف ورزی کی صورت میں revision ہوگی ۔ اگر یہ دور کی کوڑی لائے ہیں تو آپ اندازہ فرمائیں کہ بورڈ آف ریونیو کی revision کے لیے سب سے پہلے یہ دیکھیں کہ aggrieved party کی کیا پوزیشن ہے ۔ ۔ مثلاً میں نے صبح کو مقدمہ دائر کرنا ہو تو شاید میری جیب میں اتنے پیسے بھی نہ ہوں کہ کورٹ فیس لگا سکوں یا وکیل کو engage کر سکوں ۔ اگر کسی competent lawyer کو engage کروں گا تو اس کی گرانقدر فیس ہوگی ۔ اسی طرح اس بیچارے نے اپنے مکانات یا holding ہر یا کسی طرح سے کسی سے قرضہ حاصل کرنا ہے اس کے بعد لاہور میں آنا ہے جہاں اس کی کوئی واقفیت نہیں پھر اس نے کوئی وکیل engage کرنا ہے اگر کوئی وکیل engage کر لے گا تو وہ کہے گا کہ فلاں فلاں نقلیں لاؤ ۔ وہ شخص اتنا پڑھا لکھا نہیں ہوگا ۔ اس کے بعد وہ نقول لے کر آئے گا ۔ پھر ۹۰ دن revision کے لیے دینا میں

سمجھتا ہوں کہ یہ بالکل غیر مناسب مدت ہے ۔

اس کے متعلق جناب والا ۔ میں صرف اسی قدر عرض کروں گا ۔ کیوں کہ آرڈیننس پر as a whole بحث کرنے کے لیے کچھ باتیں میں reserve رکھنا چاہتا ہوں ۔

Mr. Speaker : I will now put the amendment. The question is :

> That in para (b) of section 7 of the West Pakistan Pat Feeder Canal (Control and Prevention of Alienation of Land) Ordinance, 1967, for the words "ninety days" occurring in line ", the words "one hundred and eighty days" be substituted.

The motion was lost.

Mr. Speaker : Next amendment is from Khawaja Muhammad Safdar.

Khawaja Muhammad Safdar : Sir, I beg to move :

> That in para. (b) of section 7 of the West Pakistan Pat Feeder Canal (Control and Prevention of Alienation of Land) Ordinance, 1967, between the words "by" and "the" occurring in line 4, the words "the Tribunal or" be inserted.

Mr. Speaker : Amendment moved is :

> That in para. (b) of section 7 of the West Pakistan Pat Feeder Canal (Control and Prevention of Alienation of Land) Ordinance, 1967, between the words "by" and "the" occurring in line 4, the words "the Tribunal or" be inserted.

Minister of Revenue : Opposed.

خواجہ محمد صفدر (سیالکوٹ۔۱) ۔ جناب والا ۔ سیکشن ۷ کا تعلق اس امر سے ہے کہ اس میں نگرانی کی اجازت ان لوگوں کو دی گئی ہے جن کے خلاف ٹریبونل میں فیصلہ ہو گا ۔ جناب والا ۔ آپ ملاحظہ فرمائیں کہ اس کے الفاظ اس طرح سے ہیں ۔

"The Board of Revenue may—

(a) at any time of its own motion call for and examine the record relating to any order passed or proceedings taken under this Ordinance, by the Tribunal or the Commissioner, for the purpose of satisfying itself as to the legality, regularity or propriety of such order and proceedings ; and

(b) on application made to it in that behalf by a person aggrieved, within ninety days of the passing of an order in any proceedings under this Ordinance by the Commissioner, call for the record of such proceedings, and pass such order in reference thereto as it thinks fit."

تو جناب والا۔اس میں دو procedures ہیں ۔ ایک تو یہ کہ از خود بورڈ آف ریونیو چاہے تو وہ کمشنر کے پاس جو کارروائی ہورہی ہے یا جو اپیل دائر ہے وہ اس کے متعلقہ کاغذات طلب کر سکتا ہے اور بورڈ آف ریونیو کے ممبر دیکھ سکتے ہیں کہ آیا قانونی طور پر وہ کارروائی درست ہو رہی ہے یا نہیں ۔ حصہ (ب) میں یہ درج ہے کہ اگر کوئی شخص نگرانی کی درخواست دے تو اس صورت میں بورڈ آف ریونیو کمشنر کی عدالت سے مثل طلب کر سکے گا ۔ ٹریبونل کے ہاں سے نہیں کر سکے گا ۔ ان دونوں میں ذرا فرق دیکھیے ۔ یعنی از خود بورڈ آف ریونیو چاہے کوئی مقدمہ یا درخواست یا کوئی تنازعہ جو ٹریبونل کے پاس دائر ہے تو وہاں سے بورڈ آف ریونیو مثل طلب نہیں کر سکتا ہے اور اس کارروائی کو جو ٹریبونل کے پاس جاری ہو اسے نہیں دیکھ سکتا ہے کہ آیا یہ قانون کے مطابق ہے یا نہیں ہے ۔ اگر نہیں ہو رہی تو بورڈ اس کے متعلق احکام جاری نہیں کر سکتا ہے ۔ اگر بدقسمتی سے بورڈ آف ریونیو از خود نہیں کر سکتا تو سائل نگرانی کی صورت میں درخواست دے سکتا ہے یعنی بورڈ آف ریونیو کے پاس اس صورت میں درخواست دے سکتا ہے ۔ لیکن اگر مقدمہ مثل ٹریبونل کے پاس ہو گا تو بورڈ آف ریونیو طلب نہیں کر سکتا۔

مسٹر سپیکر ۔ suo moto کر سکتے ھیں ۔

خواجہ محمد صفدر ۔ suo moto بہت کم ھوتا ھے ۔

suo moto اختیارات اس قانون میں ھیں ۔ جہاں نگرانی کی provision رکھی گئی ھے وھاں ازخود نگرانی کے اختیارات بھی دئے گئے ھیں ۔ یہ اختیارات تو بورڈ آف ریونیو کو ریونیو بل میں دئے گئے ھیں ۔ اس سے پہلے بھی موجود تھے ۔ ترمیم اس قدر کی گئی ھے کہ اس میں میعاد بھی مقرر کر دی ھے ۔ بورڈ آف ریونیو کے اختیارات جو ریونیو ایکٹ کے تحت ھیں ان کی رو سے دونوں صورتوں میں خواہ کسی کی درخواست پر یا از خود وہ کلکٹر سے لیکر کمشنر تک کی عدالت سے امثلہ طلب کر سکتے ھیں لیکن یہاں ایسا نہیں ۔ اس کا مطلب یہ ھے کہ ٹریبونل کے فیصلہ کے خلاف جب تک اپیل نہ ھو جائے اور اپیل کی سماعت ھو رھی ھو تو اس وقت کوئی شخص نگرانی کی درخواست دے سکتا ھے یا اپیل ختم ھو جائے تو پھر دے سکتا ھے اس سے پیشتر نہیں دے سکتا ۔ جب تک کارروائی اپیل کی حدود میں نہ پہنچ جائے یا اپیل کی حدود نہ پھلانگ جائے اس وقت تک کوئی شخص نگرانی کی درخواست نہیں دے سکتا ۔

مسٹر سپیکر ۔ بلکہ کمشنر کے فیصلہ کے بعد ۔

خواجہ محمد صفدر ۔ اس میں یہ پابندی لگا دی گئی ھے ۔

"...in any proceedings under this Ordinance by the Commissioner,..."

میرا اپنا خیال ھے کہ proceeding سے مراد یہ ھے کہ فیصلہ سے قبل بھی دی جائے ۔

Mr. Speaker :

"on application made to it in that behalf by a person aggrieved, within ninety days of the passing of an order....."

Khawaja Muhammad Safdar : I stand corrected.

اپیل کے بعد نگرانی کا حق دیا گیا ہے ٹریبونل کے پاس جب درخواست یا تنازعہ متدائرہ ہو اس وقت بھی بورڈ آف ریونیو کے پاس اختیار ہونا چاہئے کہ اگر کوئی سائل ان کے پاس درخواست لے کر جاتا ہے تو وہ اس سائل کی درخواست کی سماعت کر سکیں -

In that case it would be like this that revision will take place of appeal.

Mr. Speaker : And that is the established principle of law that revision should not take place of appeal.

Khawaja Muhammad Safdar : And where the appeal lies as under the Criminal Procedure Code for quashing the proceedings ?

آپ Criminal Procedure Code میں دیکھیں - pending the proceeding

Mr. Speaker : This is the principle in the revenue law.

خواجہ محمد صفدر - Revenue Law میں یہ principles ہیں - جہاں تک مجھے یاد پڑتا ہے ہم نے suo moto نہیں بلکہ درخواست پر بھی بورڈ آف ریونیو کو اختیار دیا ہے -

Let me be more sure, Sir.

CLAUSE 173

The Board of Revenue may at any time, of its own motion, or on an application made to it within ninety days on the passing of any order, call for the record of any case pending before, or disposed of by any Revenue Officer subordinate to it. (including that of Assistant Collector Second Grade).

(2) A Commissioner or Collector may, at any time of his own motion or on an application made to him within ninety days of the pass-

ing of any order, call for the record of any case pending before, or disposed of by any Revenue Officer under his control.

یہ بورڈ آف ریونیو کی سب کلاز (۱) سے تعلق رکھتا ہے ۔

(1) The Board of Revenue may at any time, of its own motion, or on an application made to it within ninety days on the passing of any order, call for the record of any case pending before, or disposed of by any Revenue Officer subordinate to it.

Mr. Speaker : The provision is there but so far as I remember, the Board of Revenue or the authorities do not interfere if there is another remedy by appeal.

Khawaja Muhammad Safdar : That is quite right.

اگر کوئی appellate آرڈر سے اپیل ہو اور کوئی غیر واجب بات ہو تو quashing of proceeding کے لئے یا

Board of Revenue can interfere in the proceedings before a Revenue Officer.

میری عرض اس لفظ کو یہاں پیش کرنے کی یہی تھی کہ اس سیکشن کا scope بڑھایا جائے اور جب کسی کے خلاف درخواست دینا پڑے تو ایسی صورت میں بورڈ آف ریونیو کے اختیارات محدود نہ ہوں وسیع ہوں ۔ آخر یہ ریونیو کی سب سے بڑی عدالت ہے ۔ اس کے اختیارات کو محدود کرنے سے فائدہ نہ ہو گا ۔ شاید اکثر صورتوں میں نقصان ہو ۔ اگر ہم اپنی اس عدالت کے اختیارات میں وسعت نہ کریں تو پھر ہم اس پر اعتماد کا اظہار نہیں کر رہے ۔ تو یہ امر فائدہ بخش نہ ہو گا ۔

وزیر مال (مسٹر غلام سرور خان) ۔ ویسے کلاز ۲ــمیں کمشنر کو رہنا چاہئے ۔ خواجہ صاحب کا خیال ہے نہیں رہنا چاہئے ۔

مسٹر سپیکر ۔ خان صاحب ان کا مطلب یہ ہے کہ ٹریبونل کے لفظ

کو add کیا جائے ۔ تاکہ ٹریبونل کے حکم کے خلاف direct بغیر اپیل دائر کرنے کے وہ revision فائل سکے ۔

وزیر مال ۔ کمشنر کا لفظ رہنا چاہئے تاکہ اگر کوئی درخواست دیتا ہے تو وہ کمشنر سے ہو کر جائے ۔

مسٹر سپیکر ۔ کمشنر کو خواجہ صاحب delete نہیں کر رہے ہیں بلکہ اس کے ساتھ وہ یہ الفاظ بڑھانا چاہتے ہیں 'the tribunal or' وہ ان الفاظ کو اس لئے بڑھانا چاہتے ہیں کہ اگر ٹریبونل کے فیصلے کے خلاف کوئی اپیل نہیں کرتا ۔ تو پھر بھی ۹۰—دن کے اندر بورڈ آف ریونیو نگرانی کر سکتا ہے ۔

وزیر مال ۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ پہلے کمشنر کے پاس جائے پھر کمشنر سے ہو کر بورڈ آف ریونیو کے پاس جائے ۔

خواجہ محمد صفدر ۔ جناب ایک ایسی صورت پیدا ہو سکتی ہے ۔ مثال کے طور پر ہم نے کلاز ۶ کو منظور کر لیا ہے ۔ اس میں یہ درج ہے کہ ۳۰ دن کے اندر ٹریبونل کے فیصلے کے خلاف اپیل ہو گی ۔ فرض کیجئے کہ میں agrieved پارٹی ہوں ۔ اور ۳۰—دن کے اندر میں اپیل نہیں کرتا اور ۳۵—دن گزر جاتے ہیں ۔ تو مجھے یہ اختیار ہو کہ میں نگرانی کر سکوں ۔

وزیر مال ۔ اگر قانون آپ کو اجازت دیتا ہے ۔ تو آپ ایسا کر سکتے ہیں ۔

Mr. Speaker : The question is :

That in para. (b) of section 7 of the West Pakistan Pat Feeder Canal (Control and Prevention of Alienation of Land) Ordinance, 1967, between the words "by" and "the" occurring in line 5, the words "the Tribunal or" be inserted.

The motion was lost.

Mr. Speaker : We now pass on to the insertion of new clause. The first notice is from Chaudhri Muhammad Idrees.

Chaudhri Muhammad Idrees : Sir, I beg to move :

That after section 7 of the West Pakistan Pat Feeder Canal (Control and Prevention of Alienation of Land) Ordinance, 1967, the following be added as new sections, namely :—

"7(A) Clerical or arithmetical mistake in any order passed by an officer or Tribunal under this Ordinance or errors arising therein from any accidental slip may at any time be corrected by such officer, or Tribunal or his successor-in-office.

7(B) The provisions of section 5 and 12 of the Limitation Act, 1908 (IX of 1908) shall apply in computing the period of limitation under section 6 and 7(b)."

Mr. Speaker : Motion moved is :

That after section 7 of the West Pakistan Pat Feeder Canal (Control and Prevention of Alienation of Land) Ordinance, 1967, the following be added as new sections, namely:—

"7(A) Clerical or arithmetical mistake in any order passed by an officer or Tribunal under this Ordinance or errors arising therein from any accidental slip may at any time be corrected by such officer, or Tribunal or his successor-in-office.

7(B) The provisions of section 5 and 12 of the Limitation Act, 1908 (IX of 1908) shall apply in computing the period of limitation under section 6 and 7(b)."

Minister of Revenue : Not opposed.

Malik Muhammad Akhtar : Opposed Sir.

Mr. Speaker : Yes, please.

ملک محمد اختر (لاہور۔۲) ۔ جناب سپیکر ۔ Limitation ایکٹ کے

جو مسامہ provisions ہیں ۔ اور جو تمام litigations کو کنٹرول کرتے ہیں ۔ جناب والا ۔ انہوں نے Limitation ایکٹ کےان provisions کو اس reference کے لئے جو کہ ایک افسر کو ایک ٹربیونل کے پاس کرنا ہے ۔ Limitation ایکٹ کے تحت پابند نہیں کیا کہ اس قدر میعاد اور اتنے ایام میں اپنے فیصلہ کے خلاف petition فائل کر سکے یا ان کے فیصلے کے خلاف ایک اپیل دائر کی جا سکے ۔ تو جناب والا ۔ میں یہ سمجھتا ہوں کہ یہ Limitation ایکٹ کے ساتھ زیادتی ہے ۔ اور اس کی توہین ہے ۔ Limitation ایکٹ کو ایک نئے سیکشن کی صورت میں اس قانون میں لا رہے ہیں ۔ جس قانون کا قانون سازی کے ساتھ کوئی تعلق نہیں ۔ جناب سپیکر ۔ Limitation ایکٹ کے جو متعلقہ provisions ہیں اگر جناب mover صاحب اس کو بیان فرما دیتے تو زیادہ بہتر معلوم ہوتا ۔ میں یہ سمجھتا ہوں کہ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ایک تو میرا نقطہ نظر یہ ہے کہ اصولی طور پر جب انہوں نے اس قانون کو تمام قوانین سے بہتر قانون سمجھ لیا ہے اور کسی دوسرے قانون یعنی سول پروسیجر کوڈ کا کوئی بھی پراویژن اس میں شامل نہیں ۔ کیا اس لحاظ سے میں Limitation ایکٹ کے provisions کو اس میں شامل قرار دینے کو حق بجانب نہیں قرار دیتا ۔ جناب والا ۔ مجھے یاد ہے Limitation ایکٹ کی pro-visions تمام ایسی جگہوں پر اور تمام ایسے معاملات میں لاگو ہوتی ہیں ۔ جہاں پر specific provisions قرار نہ دئے گئے ہوں ۔

مسٹر سپیکر ۔ specific قرار نہیں دیا ۔ اس سے کیا مراد ہے ؟

ملک محمد اختر ۔ اگر کسی جگہ Limitation ایکٹ کی کہیں مدت قرار نہیں دی گئی کہ کتنے ایام میں اپیل ہو گی مثلاً ۳۰ دن یا کچھ اور

تو میں سمجھتا ہوں کہ Limitation ایکٹ - - -

Mr. Speaker : These sections do not give any specific date for limitation in section 5 and 12. These contain the principal for reckoning the period.

Malik Muhammad Akhtar : Are you reckoning the period under any other law based on justice; equity and good conscience ?

جناب والا - میں سمجھتا ہوں کہ یا آپ تمام دفعات کے لئے Limitation ایکٹ کو applicable بنائیں - اور اگر یہاں پر applicable نہیں بناتے تو میں سمجھتا ہوں کہ سپیشل قانون کی سپیشل حیثیت ہی ختم ہو کر رہ جائے گی - اگر اس میں کوئی اور اصولی بات یا کسی دوسرے قانون کو شامل کیا جائے -

Mr. Speaker : I will put the question. The question is :

> That after section 7 of the West Pakistan Pat Feeder Canal (Control and Prevention of Alienation of Land) Ordinance, 1967, the following be added as new sections, namely :—
>
> "7(A) Clerical or arithmetical mistake in any order passed by an officer or Tribunal under this Ordinance or errors arising therein from any accidental slip may at any time be corrected by such officer, or Tribunal or his successor-in-office.
>
> 7(B) The provisions of section 5 and 12 of the Limitation Act, 1908 (IX of 1908) shall apply in computing the period of limitation under section 6 and 7(b)."

The motion was carried.

Mr. Speaker : Next amendment by Khawaja Muhammad Safdar is a similar one and, therefore, we pass on to section 8. Yes, Malik Muhammad Akhtar.

Malik Muhammad Akhtar : Sir, I beg to move :

> That section 8 of the West Pakistan Pat Feeder Canal (Control and Prevention of Alienation of Land) Ordinance, 1967, be deleted and subsequent sections re-numbered accordingly.

Mr. Speaker : Motion moved is :

That section 8 of the West Pakistan Pat Feeder Canal (Control and Prevention of Alienation of Land) Ordinance, 1967, be deleted and subsequent sections re-numbered accordingly.

Minister for Revenue : Opposed.

ملک محمد اختر (لاہور—۲) ۔ جناب سپیکر ۔ وہ دفعہ جس کو میں delete کرانا چاہتا ہوں ۔ وہ میں سمجھتا ہوں کہ ایک مختصر سی دفعہ ہے ۔

"No order passed by or proceedings before the Tribunal, the Commissioner, or the Board of Revenue under this Ordinance, shall be called in question in any Civil, Revenue or Criminal Courts."

جناب سپیکر ۔ آپ اندازہ یہ فرمائیں کہ کوئی بھی حکم یا proceedings ٹریبونل یا کمشنر یا بورڈ آف ریونیو کا کسی دیوانی عدالت میں قابل مواخذہ نہیں ہوگا ۔ جناب والا ۔ جہاں تک مجھے یاد ہے لینڈ ریونیو ایکٹ جو اس وقت ہمارے صوبہ میں رائج ہے یا کل کو جو نئی شکل میں رائج ہو رہا ہے ۔ اس کے مطابق title کو determine کرنے کے لئے انہوں نے کم و بیش ۳۰—۴۰ bars لگائے ہیں کہ فلاں فلاں معاملات دیوانی عدالتوں میں نہیں جائیں گے ۔ وہاں انہوں نے تین exceptions کی ہیں اور ان میں ایک title of ownership ہے ۔ یعنی title کو determine کرنے کے متعلق ۔ ملکیت کے حق کو ماننا یا مسترد کرنا اس کے متعلق جو حقوق ہیں ۔ وہ دیوانی عدالتوں کو دئے گئے ہیں ۔ جناب والا ۔ اس قانون میں آپ دیکھیں گے کہ اس میں دو نقائص ہیں ۔ کل اس ہاؤس میں ایک موقف تھا کہ کوئی شخص جو کسی fraudulent purchase کا شکار ہوا ہو ۔ وہ اپنی رقومات کی وصولگی کے لئے دیوانی عدالتوں میں رجوع کر سکتا ہے ۔ جناب والا ۔ یعنی ان کی jurisdictions اس قدر ہو گئی ہے کہ وہ قرار دے دیں گی کہ یہ purchase

unlawful اور اس کی زمین واپس کر دینی چاہئے ۔ اور وہ شخص جس نے خریدی ہو گی ۔ وہ بھی دیوانی عدالت میں زمین کی فروخت کے متعلق جا سکتا ہے ۔ تو میں سمجھتا ہوں ۔ یہاں پر ایک قسم کی ambiguity ہے ۔ جناب والا ۔ آپ اندازہ فرمائیں کہ آرڈر یہ ہوا کہ الف نے ج سے جو زمین خریدی ہے وہ غلط ہے ۔ اور اگر یہ قرار دے دیا جائے کہ یہ دھوکے والی خرید تھی یعنی fraudulent purchase تھی ۔ اور اس میں کوئی consideration پاس نہیں ہوئی ۔ کمشنر نے آرڈر کر دیا اور بورڈ آف ریونیو نے اس کو final کر دیا ۔ تو جناب والا ۔ میں یہ سمجھتا ہوں کہ اس دفعہ کی رو سے اگرچہ ان کی intentions شائد ایسی نہ ہوں ۔ لیکن میں سمجھتا ہوں کہ وہ شخص debar ہو جائے گا ۔ اس چیز سے کہ وہ اپنے حقوق کی بازیابی کر سکے ۔ یعنی جناب سپیکر ۔ میں سمجھتا ہوں کہ اس چیز کو زیر غور رکھا جائے کہ وہ دیوانی عدالت میں جا کر اپنی اس consideration کی recovery کے لئے دعویٰ دائر کرے اور موجودہ شکل میں جہاں تک میں اس قانون کو سمجھا ہوں کہ اگر کوئی آرڈر ٹریبونل یا کمشنر یہ پاس کر دے کہ اس نے کوئی consideration نہیں کی تو ایسے آرڈر کی صورت میں دیوانی عدالت کے دروازے نہیں کھٹکھٹائے جا سکتے ہیں ۔ کسی higher دیوانی عدالت میں شائد وہ شخص کسی اور قانون کے تحت جا سکتا ہو ۔ لیکن جہاں تک میری ذاتی رائے کا تعلق ہے وہ کسی دیوانی عدالت میں نہیں جا سکتا ۔ ان دیوانی عدالتوں کے قصے کو چھوڑئیے ۔ اس کے بعد میں ہاتھ چومنا چاہتا ہوں اس شخص کا جس نے یہ قانون بنایا ۔ جناب والا ۔ یہاں یہ قرار دیا گیا ہے ۔

"No order passed by or proceedings before the Tribunal, the Commissioner, or the Board of Revenue under this Ordinance, shall be called in question in any Civil, Revenue or Criminal Court."

ـــــآگے چل کر میں Criminal Courts کو لیتا ہوں ۔ اب Civil معاملہ تو ختم ہوا ۔ مثال کے طور پر حمزہ صاحب نے وہاں جا کر زمین خریدی اور ان کے ساتھ fraud ہو گیا ۔

چودھری محمد نواز ۔ جناب والا ۔ کیا حمزہ صاحب کسی کے ساتھ فرار ہو گئے ہیں ؟

مسٹر حمزہ ۔ جناب سپیکر ۔ کسی خوبصورت کے ساتھ تو فرار ہو سکتا ہوں ۔ لیکن نواز صاحب کے ساتھ تو سوال ہی پیدا نہیں ہوتا ۔

وزیر مال ۔ ان کو اپنے متعلق بڑا مغالطہ ہے ۔

ملک محمد اختر ۔ میں جناب ریونیو منسٹر سے معافی مانگتا ہوں ۔ چاہئے تو یہ تھا کہ لاء منسٹر صاحب یہاں تشریف فرما ہوتے ۔ کیوں کہ اس وقت یہاں ایک ٹیکنیکل سی بات غور طلب ہے ۔

"No order passed by or proceedings before the Tribunal, the Commissioner, or the Board of Revenue under this Ordinance, shall be called in question in any Civil....."

تو مثال کے طور پر کسی شخص کے ساتھ fraud ہو گیا اور اس آرڈر میں لکھ دیا جائے کہ الف نے ج کے ساتھ fraud کیا ہے اور آرڈر میں یہ بھی لکھ دیا جائے کہ جس کے ساتھ fraud ہوا ہے ۔ وہ اپنے حقوق کے متعلق اپنی کوئی ذاتی رائے بھی نہ دے ۔ تو میں سمجھتا ہوں کہ یہ سراسر بے انصافی ہے ۔ تو ایسے آرڈرز کا پاس کرنا جن سے اس بیچارے کے حقوق کی نگہہ

داشت بھی نہ ہو سکے ۔ میں سمجھتا ہوں کہ یہ درست نہیں ہے ۔ ایسے آرڈرز ناواجب ہوں گے ۔ دراصل چاہئے تو یہ تھا کہ یہ specific period کر دیتے اور یہ قرار دے دیتے کہ اس شخص کی اور اس کے حقوق کی دیوانی عدالت میں نگہداشت ہو گی ۔ تب بھی کوئی بات ہوتی ۔ میں سمجھتا ہوں کہ اس ترمیم میں بہت سی خامیاں ہیں ۔ لیکن خواجہ صاحب کی جو ترمیم تھی اس کو reject کیا گیا ۔ جو کہ نہیں کیا جانا چاہئیے تھا ۔

Mr. Speaker : Please don't discuss the disposed of amendments.

ملک محمد اختر ۔ جناب سپیکر ۔ میں یہ کہہ رہا ہوں کہ دیوانی عدالتوں کے دروازے بند کرنے کی صورت میں اگر کوئی criminal proceedings اس شخص کے خلاف کی جا سکتی ہیں ۔ تو اس سے اس بے چارے کا مفاد خطرے میں پڑ جائے گا ۔ ہو سکتا ہے کہ کوئی بددیانت افسر اس کے خلاف کچھ لکھ دے ۔ میں یہاں Judiciary کے خلاف کچھ کہوں گا ۔ کیوں کہ میں سمجھتا ہوں کہ Judiciary کی اس ملک میں عزت ہے ۔

چودھری محمد نواز ۔ آپ نہیں رہنے دیں گے ۔

ملک محمد اختر ۔ آپ نہیں رہنے دیتے ۔ جناب سپیکر ۔ آپ اندازہ فرمائیں کہ جب کوئی اپنی حدود سے باہر نکل جائے تو اس کا کیا نتیجہ ہوتا ہے ۔ خدا کی لاٹھی بے آواز ہوتی ہے ۔ جب کوئی اپنی lines کو پار کر جائے تو اس کا انجام قریب آ جاتا ہے ۔

Mr. Speaker : I will now put the amendment to the vote of the House.

The qnestion is :

That section 8 of the West Pakistan Pat Feeder Canal (Control and Prevention of Alienation of Land) Ordinance, 1967, be deleted and subsequent sections re-numb red accordingly.

The motion was lost.

Mr. Speaker : Section 9. Yes, Malik Akhtar.

(*a pause*)

Should I pass on to the next Section ?

Malik Muhammad Akhtar : Sir, they were interrupting me. Sir, I beg to move :

That in section 9 of the West Pakistan Pat Feeder Canal (Control and Prevention of Alienation of Land) Ordinance, 1967, between the comma and word "for" occurring in line 3, the words "or any such person authorised to act under this Ordinance", be inserted.

Mr. Speaker : Amendment moved is :

That in section 9 of the West Pakistan Pat Feeder Canal (Control and Prevention of Alienation of Land) Ordinance, 1967, between the comma and word "for" occurring in line 3, the words "or any such person authorised to act under this Ordinance" be inserted.

Minister for Revenue : Opposed.

ملک محمد اختر (لاہور—۲) - جناب سپیکر - ان کی دانش کی میں داد دیتا ہوں - اور میں چاہتا ہوں کہ میری ترمیم خدا کرے یہ قبول نہ کریں - میں چاہتا ہوں کہ یہ اس حد تک غلطیاں کرتے جائیں کہ اس کے بعد یہ اپنے انجام کو پہنچ جائیں -

وزیر قانون - لینڈ ریونیو بل میں ہم نے اختر صاحب کی بہت سی amendments مان لی ہیں -

ملک محمد اختر ۔ میری خواہش ہے کہ آپ کو guidance نہیں ملے ۔

"9. No suit or other proceedings shall lie against [Government, the Board of Revenue, the Commissioner or the Tribunal, for anything which is in good faith done....."

یہ بھی لفظ غلط ہے ۔ اس کی جگہ

"which has been done in good faith" ہونا چاہیے تھا ۔

بہر حال ان کی انگریزی ان کو مبارک ہو ۔

".....or intended to be done in pursuance of this Ordinance or any rule made thereunder."

جناب والا ۔ مجھے یہ بتایا جائے کہ جناب وزیر مال اس کا کیا بنائیں گے جس نے reference دینا ہے ۔ کیا اس کے خلاف proceedings ہوں گی اگر وہ نیک نیتی سے بھی کام کرے ۔

جناب سپیکر ۔ آپ یہ دیکھیں کہ حکومت بورڈ آف ریونیو ، کمشنر اور ٹریبونل یہ چار functionaries ہیں ۔ پانچواں وہ شخص ہے جس ۔ سیکشن ۵ (۱) کے تحت ایک سال کے اندر فائینل آرڈر آنے کے بعد refer کرنا ہے ۔ جناب والا ۔ اسے واجب القتل قرار دیا ہے اگر وہ غلطی کرے اس کے خلاف criminal proceedings بھی ہوں گی ۔ suit of damage بھی ہوگا لیکن ان چاروں کو انہوں نے مستثنیٰ قرار دیا ہے ۔ لیکن وہ شخص قابل گردن زدنی ہوگا ۔ ویسے جناب والا ۔ یہ ایک argument دیا کرتے ہیں ۔ جو ان کی جانب سے آج میں دیتا ہوں ۔ کہ وہ جو ریفرنس کرنے والا ہوگا اس نے تو عام طور پر assessment پر ہی reference کرنا ہے ۔ اور یہ زمین جو چھینی جانی ہے یہ اب چھینی جانی ہے ۔ اس لیے یہ آرڈیننس لینڈ ریونیو

ایکٹ سے زیادہ operative ہوگا ۔ ان کی جو provision بورڈ آف ریولیو کی ہے اس میں کہا گیا ہے کہ لا تعداد انتقالات fraudulent ہیں اور ہم ان کو درست کرنا چاہتے ہیں ۔ وہ جو original reference کرنے والا ہے اسے انہوں نے کوئی protection نہیں دی اور باقیوں کو جنہیں عام قوانین کے تحت protection حاصل ہے protection دے دی ہے ۔ مگر اس کے لیے انہوں نے پھانسی کا پھندا تیار کر دیا ہے ۔

Mr. Speaker : I will now put the amendment to vote ; the question is :

> That in section 9 of the West Pat Feeder Canal (Control and Prevention of Alienation of Land) Ordinance, 1967, between the comma and word "for" occurring in line 3, the words "or any such person authorised to act under this Ordinance", be inserted.

The motion was lost.

Mr. Speaker : Section 10 ; amendment by Malik Muhammad Akhtar.

Malik Muhammad Akhtar : Sir, I beg to move :

> That for section 10 of the West Pakistan Pat Feeder Canal (Control and Prevention of Alienation of Land) Ordinance, 1967, the following be substituted, namely :—
>
> "10. Government may make rules to carry into effect the purposes of this Ordinance subject to the provisions contained in West Pakistan General Clauses Act, 1956 (Act IV of 1956)."

Mr. Speaker : Malik Sahib, what do you mean by this amendment ?

ملک محمد اختر ۔ ویسے تو درست ہے ۔ جناب والا ۔ مگر جو بھی آپ کا فیصلہ ہو اس کے سامنے سر تسلیم خم ہے میں یہ submit کرنا چاہتا ہوں کہ انہوں نے کہا ہے ۔

> "Government may make rules to carry into effect the purposes of this Ordinance."

میں یہ چاہتا ہوں کہ رولز بنانے کا پروسیجر جو General Clauses Act

میں ہے وہ تمام کا تمام adopt کر لیا جائے میں نے اس طرح کی ترمیم لینڈ ریونیو ایکٹ میں بھی دی تھی اور آپ نے اس کو admit کر لیا تھا بحث کرنے کے لیے ۔

I yield to your order but similar amendments have been allowed and discussed ; and there is a purpose behind it.

Mr. Speaker : "Subject to the provisions contained in West Pakistan General Clauses Act, 1956" ; what are these provisions ?

ملک محمد اختر ۔ وہ provision یہ ہے ۔ کہ حکومت جو رولز frame کرے پہلے انہیں draft کرے اور وہ شائع کئے جائیں ۔

That is the purpose behind it.

Mr. Speaker : Amendment moved is :

That for section 10 of the West Pakistan Pat Feeder Canal (Control and Prevention of Alienation of Land) Ordinance, 1967, the following be substituted, namely :—

"10. Government may make rules to carry into effect the purposes of this Ordinance, subject to the provisions contained in West Paki-tan General Clauses Act, 1956 (Act IV of 1956).

Minister for Revenue : Opposed.

ملک محمد اختر (لاہور—۲) ۔ جناب سپیکر ۔ ان سے کسی اچھی بات کی توقع کرنا غلط ہے ۔ آپ دیکھیں اگر ریونیو منسٹر صاحب اس قانون کو دو تین یا چار بار پڑھ لیتے تو وہ مجھ سے اتفاق کرتے ۔ جناب والا ۔ دفعہ ۵ میں انکوائری کا طریق کار بیان کیا گیا ہے ۔ وہ غلط دفعہ ہے اور سب سے لمبی دفعہ بھی ہے اس میں جناب والا نہ تو کسی aggrieved پارٹی کو نوٹس serve کرنے کا طریق کار بیان کیا گیا ہے اور نہ یہ مقرر کیا گیا ہے کہ انکوائری کی proceedings کس طرح سے conduct کی جائیں گی ۔

یعنی اس مشینری کو چلانے کے لیے جو اختیارات اس ہاؤس کو دینے چاہئیں تھے کہ وہ ان کے متعلق لیجسلیشن کریں وہ انہوں نے اپنے افسران کو دے دیئے ہیں اور ایک بار پھر ہمارے افسران جیت گئے ہیں ۔ چلئے رولز وہی بنائیں یہ ہمارے لیے قابل قبول ہے لیکن انہیں بنانے کے لیے وہ طریق کار جو One Unit بننے کے بعد ۱۹۵۶ کے قانون میں دیا گیا تھا ۔ اسے قبول کرلیں ۔ میرا اندازہ ہے کہ جو General Clauses Act میں جو provisions رکھی گئی ہیں یہ ۹۷–۱۸۹۶ء سے یعنی پچھلے ۷۷–۶۸ سالوں سے چلی آتی ہیں کہ رولز بنانے کے بعد وہ عام طور پر شائع ہوتے ہیں ۔ پھر پنجاب لینڈ ریونیو ایکٹ میں بھی یہ قرار دیا گیا تھا کہ گورنمنٹ کے بنائے ہوئے رولز پر اسمبلی کا کوئی ممبر موشن move کر سکتا تھا ۔

اب جو دھندا یا کاروبار چلایا جاتا ہے اس چھوٹے سے آرڈیننس کا جس کے لیے ۱۹۵۵ سے کہہ رہے ہیں ۔ ۔ ۔ ۔ اگر ہم تحریک التوا پیش کریں اور اس میں ایک دن کی تاخیر ہو تو وہ خلاف ضابطہ قرار دے دی جاتی ہے لیکن ۱۹۵۵ء سے یہ بے قاعدگی ہو رہی ہے ۔ اس ہنگامی قانون کو یہ ۲۷ اگست ۱۹۶۷ء کو لائے ہیں جب کہ ۲۶ دن کے بعد صوبائی اسمبلی کا اجلاس ہونے والا تھا ۔ یہ جانتے تھے کہ وہاں کچھ لوگ بیٹھے ہوئے ہیں جو ہم سے مواخذہ کریں گے ۔ جو ہم سے احتساب کریں گے اس لیے یہ بد دیانتی سے اس کو ہنگامی قانون کی صورت میں یہاں لائے ہیں ۔ یہ اس کو بل کی شکل میں نہیں لائے ہیں ۔ میں سمجھتا ہوں اگر یہ اس کو بل کی شکل میں لاتے تو اس پر کم و بیش پانچ سو ترامیم آتیں ۔ یہ اس کو ہنگامی قانون کی شکل میں لائے ہیں ۔ ۔ ۔ ۔

Mr. Speaker : The Member is not relevant.

ملک محمد اختر ۔ جناب والا ۔ مجھے اپنی بات مکمل کر لینے دیجیے ۔ میں یہ چاہتا ہوں کہ یہ ہنگامی قانون مکمل شکل میں لائیں جس طرح کہ انہوں نے رولز کی شکل میں اسے مکمل کرنا ہے ۔ رولز کے جو اختیارات ہیں ان کو یہ استعمال ضرور کریں لیکن اس ترمیم کے ساتھ رولز کو ایک بار شائع کر دیں ۔ ۔ ۔ ۔ ۔

Mr. Speaker : The question is :

> That for section 10 of the West Pakistan Pat Feeder Canal (Control and Prevention of Alienation of Land) Ordinance, 1967, the following be substituted, namely :—
>
> "10. Government may make rules to carry into effect the purpose of this Ordinance subject to the provisions contained in West Pakistan General Clauses Act, 1956 (Act IV of 1956)."

The motion was lost.

Mr. Speaker : We now pass on to the Schedule and there is an amendment from Khawaja Muhammad Safdar.

Khawaja Muhammad Safdar : Sir, I beg to move :

> That in the Schedule to the West Pakistan Pat Feeder Canal (Control and Prevention of Alienation of Land) Ordinance, 1967, the figure "1" occurring in line 1, and item 2 be deleted.

Mr. Speaker : Amendment moved is :

> That in the Schedule to the West Pakistan Pat Feeder Canal (Control and Prevention of Alienation of Land) Ordinance, 1967, the figure "1" occurring in line 1, and item 2 be deleted.

Minister of Revenue : Not opposed.

Mr. Speaker : As the amendment is not opposed, it stands carried.

Now, the Preamble. The first amendment is from Khawaja Mohd. Safdar.

Khawaja Muhammad Safdar : Which one, Sir ?

Mr. Speaker : One is at S. No. : 39 and the other one which the Member gave notice of on 31st October.

(*interruptions*)

Please refer to page 2. There is an amendment about the substitution of the entire Preamble. That should come first. The Minister is not present. Chaudhri Muhammad Sarwar Khan.

Chaudhri Muhammad Sarwar Khan : Sir, I beg to move :

That for paragraphs 1 to 5 of the preamble of the West Pakistan Pat Feeder Canal (Control and Prevention of Alienation of Land) Ordinance 1967, the following be substituted, namely :—

'WHEREAS some of the lands under the command of the Pat Feeder Canal of Guddu Barrage are unsurveyed and unsettled ;

ADN WHEREAS certain persons are reported to have unauthorisedly or without lawful authority alienated in the said area lands to or in which they had no valid right or title; ."

Mr. Speaker : Amendment moved is :

That for paragraphs 1 to 5 of the preamble of the West Pakistan Pat Feeder Canal (Control and Prevention of Alienation of Land) Ordinance 1967, the following be substituted, namely :

"WHEREAS some of the lands under the command of the Pat Feeder Canal of Guddu Barrage are unsurveyed and unsettled ;—

AND WHEREAS certain persons are reported to have unauthorisedly or without lawful authority alienated in the said area lands to or in which they had no valid right or title ;".

Minister of Revenue : Not opposed.

ملک محمد اختر ـ Opposed, Sir ـ جناب سپیکر ـ یہ حقیقت نہیں کہ شیڈول کو ترمیم کرنے کے بعد بقایا چتھر ـ تمبو اور میر پور جو قلات ڈویژن کی تحصیلیں رہ گئی ہیں وہاں پر ابھی سیٹلمنٹ اپریشن نہیں ہوا ہے یہ درست نہیں ہے ـ اگر آپ ان کی اپنی زبان کو دیکھیں تو انہوں نے پہلے جو preamble دیا ہے ، اسے contradict کر رہے ہیں اگرچہ اس

کو یہ ترمیم کر رہے ہیں لیکن اس میں کچھ چیزیں ایسی ہیں جن سے بعض انکشافات ہوں گے ۔ اس متبادل ترمیم میں آپ کا خیال درست نہیں ہے پیرا ۴ کو آپ دیکھیں ۔

"AND WHEREAS settlement operations are being carried out in the said area to survey the lands therein and to determine the ownership and other rights in and over the said lands ;

"AND WHEREAS certain persons are reported to have unauthorisedly or without lawful authority alienated lands in the said area, the title whereof is in dispute.

اس کا مطلب یہ ہے کہ وہاں پر سیٹلمنٹ جاری ہے یا بعض علاقہ جات میں سیٹلمنٹ ہوچکی ہے ۔ آج یہ قرار دینا کہ تمام کا تمام ایریا سیٹلمنٹ کے بغیر ہے یہ بات کہنا انہی کا حصہ ہے ۔ کیا یہ اس ایوان میں دو موقف اختیار کر سکتے ہیں ۔ یہاں تو انہوں نے یہ کیا ہے کہ جیکب آباد اور نصیر آباد سب ڈویژن کو اس سے eliminate کیا ہے ۔ اس اعتبار سے اگر کسی کی گردن چھوٹ گئی یا کسی کی جان بچ گئی تو ہزار شکر ہے ۔ اب یہ کہنا کہ تلات ڈویژن کی باقی تحصیلیں unsettled ہیں پہلے سے جو قانون نافذ کیا ہوا ہے اور جسے ۲۷ اگست سے اب تک کم و بیش دو ماہ سے زائد عرصہ گزر چکا ہے ۔ آپ اس کے preamble کو ملاحظہ فرمائیے ۔ اس کے اغراض و مقاصد کے پیش نظر یہ دفعات contradictory ہیں ان دفعات کو بدل دینا چاہیے جو کہ غلط ہیں ۔ اور اغراض و مقاصد کے خلاف جاتی ہیں اب اس کو اس stage پر بدلنا گویا گورنمنٹ کی نا اہلیت کا سرٹیفیکیٹ ہوگا ۔ یہ حکومت کی confession ہے اور اعتراف گناہ کے مترادف ہے اس کو میں پڑھ کر سناتا ہوں ۔

Settlement operations are being carried out in the said areas to survey the lands...

WHEREAS certain persons are reported to have unauthorisedly or wihtout lawful authority alienated lands.

"are reported...", reported by whom ?

یہ خواہ مخواہ عوام پر مسلط کیا گیا تھا ۔

Mr. Speaker : But this amendment is amending and deleting that para.

ملک محمد اختر ۔ جناب والا ۔ اگر یہ بل میں بدلتے تو بہتر ہوتا مگر اب یہ ایک ذیلی دفعہ کے ذریعے تبدیل کر رہے ہیں اس کی بنیاد تو یہ تھی کہ settlement ہو چکا ہے اب یہ کہتے ہیں settlement نہیں ہونی چاہئیے ۔

Mr. Speaker : The Member wants that it should be retained.

Malik Muhmmd Akhtar : I am just telling what they are doing.

یہ دراصل میری amendment ہے ۔

Mr. Speaker : The Member is not opposing the Preamble but he is opposing the amendment by Chaudhri Sarwar Khan.

Malik Muhammad Akhtar : Sir that concerns the Preamble.

Mr. Speaker : I will put the amendment to the vote of the House. The question is—

> That for paragraphs 1 to 5 of the preamble of the West Pakistan Pat Feeder Canal (Control and Prevention of Alienation of Land) Ordinance, 1967, the following be substituted, namely :—
>
> "WHEREAS some of the lands under the command of the Pat Feeder Canal of Guddu Barrage are unsurveyed and unsettled ;
>
> AND WHEREAS reas certain persons are reported to have unauthorisedly or without lawful authority alienated in the said area lands to or in which they had no valid right or title ; ".

The motion was carried.

Mr. Speaker : In view of this decision, all the other amendments are out of order. Next, we pass on to section 1. First amendment is from Malik Akhtar.

Malik Muhammad Akhtar : Sir, I beg to move—

> That in sub-section (1) of section 1 of the West Pakistan Pat Feeder Canal (Control and Prevention of Alienation of Land) Ordinance, 1967, for the words "Control and Prevention" occurring in line 2, the word "Regulation" be substituted.

Mr. Speaker : Amendment moved is—

> That in sub-section (1) of section 1 of the West Pakistan Pat Feeder Canal (Control and Prevention of Alienation of Land) Ordinance, 1967, for the words "Control and Prevention" occurring in line 2, the word "Regulation" be substituted.

Minister of Revenue : Opposed Sir.

Minister of Food and Agriculture (Malik Khuda Bakhsh) : Sir I have to make one point for the consideration of the House and Malik Akhtar. As you have seen, the scheme of this Ordinance is that it contains two provisions ; one is to regulate the thing and the other is to prevent alienation in future. If it is only regulation, would it be in order I ask Malik Akhtar, because it is necessary to have prevention as well as there. He wants to omit the word 'Prevention'.

Malik Muhammad Akhtar : I consider regulation would cover both the aspects, and the actions taken under the...

Mr. Speaker : What would the Member mean by regulation of alienation ?

ملک محمد اختر ۔ اگر کنٹرول کرنا چاہتے ہیں تو Control and Prevention تو future میں ہو سکتا ہے یہ ۱۴ اکتوبر ۱۹۵۵ء کا regulation کیسے ہو سکتا ہے ؟

Mr. Speaker : That is a separate question. If the Member uses the word 'regulation', how would he prevent the alienation, which is contemplated under section 3 ?

ملک محمد اختر - کیا آپ اسے جائز قرار دیں گے ؟ جناب والا - اس کا یہ مطلب ہو سکتا ہے کہ یہ ۱۹۵۵ء سے retrospective طور پر اطلاق پذیر ہو -

Mr. Speaker : I am sorry that is not the amendment before the House. The question is –

> That in sub-section (1) of section 1 of the West Pakistan Pat Feeder Canal (Control and Prevention of Alienation of Land) Ordinance, 1967, for the words "Control and Prevention" occurring in line 2, the word "Regulation" be substituted.

The motion was lost.

Mr. Speaker : Next amendment is from Malik Muhammad Akhtar.

Malik Muhammad Akhtar : Sir I beg to move—

> That in sub-section (2) of section 1 of the West Pakistan Pat Feeder Canal (Control and Prevention of Alienation of Land) Ordinance, 1967, the following be substituted, namely :—
>
> "(2) It shall come into force at once and shall remain in force for two years from the date of notification in the Gazette of West Pakistan."

Mr. Speaker : Will it not be inconsistent with the provisions of section 3.

Malik Muhammad Akhtar : I consider Sir.

Mr. Speaker : This is out of order. For the substitution of sub-section (3), I think there is an amendment by Khawaja Muhammad Safdar at No. 34. Yes, Khawaja Sahib.

Khawaja Muhammad Safdar : Sir I beg to move—

> That for sub-section (3) of section 1 of the West Pakistan Pat Feeder Canal (Control and Prevention of Alienation of Land) Ordinance, 1967, the following be substituted :—
>
> "(3) It shall apply to the areas specified in the Schedule."

Mr. Speaker : Amendment moved is—

That for sub-section (3) of section 1 of the West Pakistan Pat Feeder Canal (Control and Prevention of Alienation of Land) Ordinance, 1967, the following be substituted, namely :—

"(3) It shall apply to the areas specified in the Schedule."

Minister of Revenue : Opposed Sir.

خواجہ محمد صفدر (سیالکوٹ۔۱) ۔ جناب والا ۔ میری اس ترمیم کو پیش کرنے کی وجہ یہ ہے کہ میں ایک اصولی بات پر حکومت سے اختلاف کرتا ہوں ۔ کل پرسوں بھی اس موضوع پر بحث ہوتی رہی ہے اور اس سے پہلے بھی ہوتی رہی ہے ۔ اس لئے میں اس موقع پر اس کے متعلق کوئی زیادہ لمبے چوڑے دلائل پیش نہیں کروں گا بلکہ اختصار کے ساتھ ہی عرض کروں گا کہ میں بنیادی طور پر اس بات کے خلاف ہوں کہ اس ایوان کو جو قوت حاصل ہے اور اسے جو اختیارات حاصل ہیں ۔ وہ کسی طور پر بھی انتظامیہ کے سپرد کئے جائیں ۔ اور جس طور پر یہ آرڈیننس اس معزز ایوان میں پیش کیا گیا ہے اس میں سیکشن نمبر ۱ کا سب سیکشن اس طرح سے ہے کہ نہ صرف یہ کہ ان الفاظ کے ذریعہ یہ قانون ان علاقوں پر حاوی ہوگا جو کہ شیڈول میں درج ہیں بلکہ حکومت یہ اختیارات بھی اپنے پاس رکھنا چاہتی ہے کہ وہ جب بھی چاہے اس قانون کا اطلاق کسی دوسرے علاقے پر کر دے اور جب بھی چاہے ایک نوٹیفیکیشن کے ذریعے کسی علاقے کو اس قانون کے اطلاق سے مبرا کر دے ۔ چونکہ کل بھی اصولی طور پر اس پر بحث ہوتی رہی ہے اس لئے میں اس کی مزید وضاحت کئے بغیر ہی جناب وزیر مال کی خدمت میں یہ عرض کروں گا کہ آخر ان کو اس کلاز کی کیا ضرورت پڑی ہے کہ وہ اپنے اختیارات کو اس قدر وسعت دینا چاہتے ہیں اور کیا یہ کافی نہ

ہوگا کہ ہم اس سب سیکشن کو انہی سطور پر رہنے دیں ۔ جناب چودھری محمد سرور خان صاحب کے نام سے ایک بہت ہی عمدہ ترمیم آنے والی ہے جس میں یہ درج ہے کہ کسی ایسے علاقے پر یہ قانون حاوی نہیں ہوگا یا کسی ایسے علاقے میں یہ قانون نافذ نہیں کیا جائے گا جہاں پر بندوبست ہو چکا ہو ۔ اگر ان کی اس ترمیم کے ساتھ میری ترمیم بھی رکھی جائے ۔ تو میرے خیال میں حکومت کو اس سے کوئی دقت نہیں ہوگی اور ان کے سارے مقاصد بھی پورے ہو جائیں گے ۔ کیونکہ ان کا مقصد بھی یہی ہے کہ جہاں کہیں بھی بندوبست ہو چکا ہو اس علاقے کو اس شیڈول سے خارج کر دیا جائے اور جہاں جہاں بندوبست نہیں ہوا ۔ ان علاقوں کو شیڈیول میں رکھ لیا جائے ۔ چودھری محمد سرور خان صاحب کی ترمیم بھی یہی ہے اور انہوں نے بھی اس ترمیم میں یہی کہا ہے کہ جن علاقوں میں بندوبست ہو چکا ہے ۔ ان علاقوں پر یہ قانون لاگو نہیں ہوگا ۔ اس سے ہماری غرض پوری ہو جائے گی ۔ کیونکہ جہاں پر بندوبست نہیں ہوا وہاں پر تو یہ قانون لازماً رکھنا پڑے گا کیونکہ اس کے بغیر تو چارہ ہی نہیں ہوگا ۔ بارہ سال کی تاخیر کے بعد اب ہم نے یہ کام کیا ہے ۔ اس لئے میری یہ معمولی سی ترمیم ہے ۔ میں حکومت کی اس تجویز کا بنیادی طور پر مخالف ہوں کہ حکومت کو یہ اختیار دیا جائے کہ وہ جب چاہیں کسی علاقے میں یا کسی مقام پر اس قانون کو نافذ کر دیں اور جب چاہیں کسی علاقے سے اس قانون کو واپس لے لیں ۔ یہ ایک بنیادی چیز ہے جس کے متعلق اس معزز ایوان کو سوچنا اور سمجھنا چاہئیے کہ کوئی قانون کسی علاقے پر کس وقت نافذ ہونا چاہئیے اور کس وقت کسی قانون کو کسی علاقے سے ہٹانا چاہئیے ۔ یہ اختیار اس معزز ایوان

کو حاصل ہے اور میں اسی لئے یہ چاہتا ہوں کہ یہ معزز ایوان میری اس ترمیم کو قبول فرما لے اور جس طرح سیکشن نمبر ۱ میں سب سیکشن (۳) کو رکھا گیا ہے ۔ اس کو رد کر دیا جائے ۔

Mr. Speaker : The question is :

That for sub-section (3) of section 1 of the West Pakistan Pat Feeder Canal (Control and Prevention of Alienation of Land) Ordinance, 1967, the following be substituted, namely :—

"(3) It shall apply to the areas specified in the Schedule."

The motion was lost.

Mr. Speaker : A similar amendment is by Malik Muhammad Akhtar at serial No. 35. It is out of order now. Next amendment is by the Law Minister and he is not present. Next amendment is by Chaudhri Muhammad Sarwar Khan.

Chaudhri Muhammad Sarwar Khan : I beg to move—

That in sub-section (3) of section 1 of the West Pakistan Pat Feeder Canal (Control and Prevention of Alienation of Land) Ordinance, 1967, between the word "canals" and the full-stop, occurring at the end, the words "and in which no settlement operations have at any time been carried out" be inserted.

Mr. Speaker : Amendment moved is—

That in sub-section (3) of section 1 of the West Pakistan Pat. Feeder Canal(Control and Prevention of Alienation of Land) Ordinance, 1967, between the word "canals" and the full-stop, occurring at the end, the words "and in which no settlement operations have at any time been carried out" be inserted.

Minister for Revenue : Not opposed.

Mr. Speaker : As the amendment is not opposed, it stands carried. There is another amendment by Mr. Ahmed Mian Soomro. He is not present. The next is by Khawaja Muhammad Safdar.

Khawaja Muhammad Safdar : I beg to move—

That sub-section (4) of section 1 of the West Pakistan Pat Feeder Canal (Control and Prevention of Alienation of Land) Ordinance, 1967, be deleted.

Mr. Speaker : Amendment moved is—

That sub-section (4) of section 1 of the West Pakistan Pat Feeder Canal (Control and Prevention of Alienation of Land) Ordinance, 1967, be deleted.

Minister of Revenue : Not opposed.

Mr. Speaker : As the amendment is not opposed, it stands carried. I think, the rest of the amendments are out of order now. Next amendment is in the long title by Malik Muhammad Akhtar.

Malik Muhammad Akhtar : I consider that it is out of order.

Mr. Speaker : Alright, if the Member so concedes.

Malik Muhammad Akhtar : I don't move it.

Mr. Speaker : The amendment is not moved. I will now put the question about the resolution of approval.

Malik Muhammad Akhtar : Sir, I want to oppose the Ordinance as a whole.

Mr. Speaker : Yes, please.

ملک محمد اختر (لاہور—۲) ۔ جناب سپیکر ۔ سب سے اول تو مجھے اس اصول سے اختلاف کا اظہار کرنا ہے جس کے تحت یہ قانون ایک آرڈی ننس کی شکل میں پیش کیا گیا ہے ۔ پچیس روز قبل اس اسمبلی کا اجلاس ہونا تھا اور گورنر مغربی پاکستان اس آرڈی ننس کے اجراء سے پہلے اسمبلی کے اجلاس کی تاریخ بھی مقرر کر چکے تھے ۔ اور یہ ایک نہایت اہم مسودہ قانون تھا اور اس کی اہمیت کے پیش نظر اسے ایوان میں ایک

بل کی شکل میں پیش کیا جانا چاہئیے تھا۔ ان سب باتوں کے باوجود اسے آرڈی ننس کے طور پر نافذ کیا گیا ۔ اس کے علاوہ یہ قانون دو ماہ کے لئے ایسے علاقہ جات میں بھی نافذ رہا ۔ جہاں سے کہ اب حکومت نے اس قانون کو اپنی ہی ترمیم کے ذریعے واپس لینا مناسب خیال کیا ۔ میرا مطلب نصیر آباد سب ڈویژن سے ہے ۔

جناب سپیکر ۔ اس کے بعد حکومت نے اس قانون کے Preamble میں بھی ترمیم کر دی جو کہ اس قانون کی بنیاد اور اساس تھا ۔ اس کے بعد اگر آپ اس قانون کی دفعات اور اس کے پیچھے جو اصول کار فرما ہے اس کو دیکھیں تو آپ کو محسوس ہو گا کہ نہ صرف یہ کہ حکومت کو اب بھی یہ اختیار حاصل ہے کہ جو specified area شیڈول میں درج ہے ، اس علاقے میں اس قانون کا نفاذ کریں بلکہ حکومت کو یہ بھی اختیار حاصل ہے کہ ایک نوٹیفیکیشن کے ذریعے اس قانون کو کسی علاقے سے واپس بھی لے لے خواہ وہ علاقے شیڈول میں شامل ہی کیوں نہ ہوں ۔ یہاں تک تو مجھے کوئی اعتراض نہیں ہے ۔ لیکن یہ کہ

> ".....or include in the Schedule any area which is receiving or is to receive irrigation supplies from the Pat Feeder Canal."

جناب والا ۔ پٹ فیڈر کینال سے نہ صرف وہ علاقہ جات جو کہ اس سے بلا واسطہ سیراب ہوتے ہیں ۔ بلکہ اس میں وہ علاقہ جات بھی آتے ہیں جو کاشت کے لئے ان نہروں سے اپنا پانی حاصل کر رہے ہیں ۔ 'فیڈر' کے لفظ سے ظاہر ہے کہ پٹ فیڈر کینال دوسری انہار کو feed کرتی ہے ۔

جناب والا ۔ اس طرح سے کم و بیش میرے اندازہ کے مطابق ۲۰ لاکھ ایکڑ زمین متاثر ہو گی ۔ اس طرح جب آپ اس قانون کی دفعات کو

دیکھیں تو اس میں وہ معاملات شامل ہیں جو alienation کے متعلق ہیں ۔ وہ چیزیں alienation کی definition میں ہیں ۔ کہ جب کوئی شخص زمین خریدے یا mortgage یا gift کے طور پر یا lease کے طور پر حاصل کرے ۔ تو اس کی کیا صورت ہو گی ۔ اگر وہ ایک سال سے زیادہ کی lease ہے ۔ تو میں نہیں سمجھتا کہ ایک sale یا lease یا mortgage جو fraudulently ہوئی ہے وہ lease ایک سال کے لئے کس طرح جائز قرار دے دی ہے ۔ اگر آپ الفاظ کو دیکھیں تو اس میں ہے ۔

"or lease exceeding one year".

جناب سپیکر ۔ یہاں اگر کسی غیر مستحق شخص نے less than one year کے لئے lease دی ہو تو وہ جائز ہو گی ۔ لیکن اگر ایک سال سے زائد عرصہ کے لئے دی گئی ہے ۔ تو اس کے لئے ٹریبونل کے رو برو کوئی دعویٰ یا reference کی جا سکے گی ۔

اس کے بعد اگلی definition جو زمین کے متعلق ہے اس پر مجھے شدید اعتراضات ہیں انہوں نے یہ قرار دیا ہے ۔

"(iv) "land" means land which is not occupied as the site of any building in a town or village, and includes proprietary waste and arable land ;"

اس کا نفاذ ۱۹۵۵ء سے ہوتا ہے ۔ اگر کسی زمین پر کوئی فیکٹری یا کسی بلڈنگ کی installation ہو چکی ہے اور اس کی زمین کی فروخت fraudulently کی گئی ہے تو اس wording کے مطابق وہ قابل مواخذہ نہیں ۔ یعنی اس قانون کے تحت کسی نے fraudulently زمین حاصل کی ہے ۔ تو اس کی ایک سال کی lease جائز ہوگی ۔ یا اگر کسی نے زمین fraudulently فروخت کردی ہے

اور اس پر construction ہو چکی ہے ۔ تو اس کا constructed area بھی اس کی زد میں آئے گا۔

اس کے آگے آپ دیکھیں settlement operation ہے ۔ یہ کہتے ہیں کہ settlement operation اگر کسی علاقے میں مکمل ہو جائے گی ۔ تو اس کے بعد تین سال تک کوئی شخص اپنی زمین کو alienate نہیں کر سکے گا۔ میرے پاس documents موجود ہیں ۔ ۱۸۴۶ء میں ایک ریگولیشن کے ذریعہ سیٹلمنٹ کے قانون کا آغاز ہوا لیکن یہ سیٹلمنٹ نہ کر سکے ۔ اس کے بعد ۱۸۷۲ء میں جو قانون لاگو کیا اس کے تحت بھی سیٹلمنٹ نہ ہوئی ۔ پھر ۱۸۸۷ء میں جو قانون نافذ کیا اور جو ان علاقہ جات میں تھا ۔ اس کے تحت بھی ۱۸۸۷ء سے ۱۹۶۷ء تک یعنی ۸۰ سال میں سیٹلمنٹ نہ ہو سکی ۔ اب آپ بتائیں کہ وہ آئندہ تین سال میں کیسے ہو سکے گی ۔ اس کے بعد ایک اورproviso کی صورت میں delegation of powers کی گئی ہے کہ پروجیکٹ ایریا میں اگر settlement proceedings مکمل نہ ہوں تودو سال کے لئے مزید اس آرڈی ننس کا نفاذ کیا جا سکےگا ۔ جناب والا ۔ میں سمجھتا ہوں کہ جو اختیارات حکومت حاصل کر رہی ہے یہ پانچ سال کے لئے ہیں ۔ میں کہتا ہوں کہ پچاس سال میں بھی سیٹلمنٹ نہیں ہو سکے گی ۔ پھر پانچ سال گزر جانے کے بعد میں بار بار یہ عرض کروں گا کہ اس قانون کی حیثیت کو فوراً چیلنج کیا جائے گا ۔ پانچ سال کے بعد تو کئی writs ہائی کورٹ میں گذر جائیں گی ۔ جن میں اس قانون کو چیلنج کیا جائے گا کیوں کہ یہ قانون لوگوں کو ان کی rightful proprietorship اور ان کی bonafide pur-chase سے محروم کرتا ہے ۔

جناب سپیکر ۔ اس طرح سے اس قانون کی بدترین دفعات یہ ہیں کہ انہوں نے دفعہ چار میں جو ٹریبونل appoint کرنا ہے وہاں پر ڈسٹرکٹ جج کے لفظ کو دھوکا دینے کے لئے add کیا گیا ہے ۔ یہ ڈسٹرکٹ جج کو ہرگز appoint نہیں کریں گے یہ کلکٹر یا executives سے کام لیں گے ۔ آج کی proceeding یا اسمبلی کی debate جب چھپ جائے گی تو یہ موجود ہوگی جس میں میں نے ایسی allegations کی ہیں ۔ آپ اس وقت دیکھ لیں ۔ کہ آپ کلکٹر وغیرہ کو اپنے سیاسی اغراض و مقاصد کے لئے استعمال کریں گے ۔

اس کے بعد میں دفعہ ۵ پر آتا ہوں ۔ اس دفعہ میں full-stop اور comma تک ہر چیز جو اس میں دی گئی ہے قابل اعتراض ہے اور سب سے زیادہ قابل اعتراض چیز یہ ہے کہ اس میں قرار دیا گیا ہے کہ اگر کوئی شخص ۔ ۔ ۔ ۔

Mr. Speaker : The Member need not read that ; these are known provisions and he should discuss whatever the clauses of this Ordinance are.

ملک محمد اختر ۔ جناب والا ۔ جس طرح دفعہ ۵ کو پاس کیا گیا ہے ۔ آپ دیکھیں کہ ۱۲ سال کے بعد بھی ایک bonafide purchase کے حق کو ان کا کوئی دو کوڑی کا افسر بھی چیلنج کر سکے گا ۔ اور کوئی reference کر سکے گا ۔ اس افسر کو کہیں define نہیں کیا گیا ۔ وہ ٹریبونل کے پاس reference کر سکتا ہے کہ فلاں شخص کی جو زمین ہے وہ اس کی جائداد نہیں ہے ۔ اور settlement proceedings میں یہ پایا گیا ہے کہ یہ شخص جائز owner نہیں ۔ اب یہ کیسے پایا گیا ۔ کیا کوئی لاٹری نکلے گی یا

کوئی ballot ہو گا جس نے reference کرنی ہے ۔ آخر کن شرائط پروہ reference مبنی ہوگی ۔ اس کو کہیں specific نہیں کیا گیا ۔ اب کسی کی جائز زمین کے لئے جب کسی شخص کو سیاسی نشانہ انتقام بنانا چاہیں گے۔ تو اس کے خلاف refer-ence کرسکتے ہیں ۔ اور یہ کیسے ہوگا ؟ کیا اس کے پاس کوئی application آئے گی ؟ کیا اسکے پاس determination of dispute کے لئے کوئی شخص آئے گا یا وہ ازخود reference کر دے گا ۔ اور reference کے لئے جو میعاد مقرر کی گئی ہے وہ ایک سال کی ہے ۔ یعنی فائینل آرڈر کے بعد یا ایسی صورت میں record of rights بنانے کے بعد اپیل نہ ہو تو کمشنر کے یا بورڈ آف ریولیو کے فائنل آرڈر کے بعد ایک سال تک افسر متعلقہ وہ فائل اپنی بغل میں رکھ سکے گا اور پھر ایک سال کے بعد اس کی reference کرے گا ۔ اس کے بعد کیا ہوگا اس کے متعلق قانون silent ہے ۔ اس لئے یہ دفعات غیر مکمل اور غیر جامع ہیں ۔ دفعہ (۲)۵ میں یہ قرار دیا گیا ہے کہ ٹریبونل ایک انکوائری hold کرے گا ۔ claims کے متعلق تمام افراد کو opportunity دے گا ۔ کہ وہ اپنا اپنا موقف بیان کریں ۔ جناب والا ۔ آپ Land Acquisition Act کو دیکھیں ۔ آپ سول پروسیجر ایکٹ کو دیکھیں اس کے تحت انکوائری کے لئے پراویژن موجود ہے ''ضابطہ فوج داری اور ضابطہ دیوانی'' Land Acquis-tion Act کے اندر ایک ضابطہ دیا گیا ہے لیکن یہاں پر کون سا ضابطہ ہوگا ۔ اس کا تعین کہیں نہیں کیا گیا کہ اس کا تعین کس حد تک گورنمنٹ کرے گی ۔ میں یہ سمجھتا ہوں کہ اس کا تعین نہ کرنے سے ان کا مطلب یہ ہو کہ شاید یہ اسی کو اختیار دے دیں کہ آپ جس طور پر چاہیں اور جس طریقہ پر چاہیں انکوائری کا procedure متعین کرکے انکوائری کر

دیں ۔ اس کے بعد جناب سپیکر ۔ انکوائری یا فیصلہ صادر کرنے کے بعد کہ کون شخص اس کا rightful owner ہے جس نے purchase کی ہے اور جس کا valid title ہے ۔ ٹریبونل حکم دے گا اور اس حکم کے بعد اس کی ایک کاپی اس کو دی جائے گی ۔ جس شخص کے متعلق وہ حکم ہو گا اور اس حکم کے متعلق اپیل کی ضرورت دفعہ ۶ میں قرار دی گئی ہے ۔ لیکن جناب والا ۔ اس کے بعد یہ بھی قرار دیا گیا ہے کہ جس شخص کے خلاف وہ حکم دیا جائے ۔ اس کو dispossess کیا جائے ۔ جناب والا ۔ آپ اندازہ فرمائیں کہ یہ reference ہوا ۔ reference کے بعد انکوائری ہوئی ۔ انکوائری کے بعد ایک حکم ہوا ۔ لیکن procedure جو ہے وہ آرڈی ننس کی دفعات سے غائب ہے ۔ جناب والا ۔ اس کے بعد ڈسٹرکٹ جج کو مقرر کرنے کے بعد انہوں نے اس کی اپیل کمشنر کے پاس کر دی ۔ اب جناب والا ۔ سارے قانون میں جو چیز غائب ہے اور غائب رہی ۔ وہ شخص جس نے جا کر ان علاقہ جات میں purchases کی ہیں۔ ان میں مقامی باشندگان بھی ہیں ۔ لیکن اکثریت foreigners کی ہے جنہوں نے (قطع کلامیاں) ۔

foreign to that province.

یعنی میری مراد ہے دوسرے صوبوں سے آنے والے ۔

Mr. Speaker : Not to that Province.

Malik Muhammad Akhtar : Foreigners to that former Province.

جناب والا ۔ اس میں ہمارے پٹھان بھی ہیں ۔ ہمارے پنجابی بھی ہیں ۔ ہمارے سندھی بھی ہیں لیکن ان لوگوں کی نگہداشت کے لیے کوئی بھی provision نہیں ہے ۔ یہ بھاگے بھاگے اٹھے اور اگست میں جب کہ اسمبلی کے اجلاس کی تاریخ کا تعین ہو چکا تھا انہوں نے ۱۰—۱۲ کلاززز

اور ایک لمبا سا preamble لگا کر جو کہ دو صفحات پر مشتمل ہے ایک آرڈیننس نافذ کر دیا لیکن جن لوگوں نے جائدادیں خریدی ہیں ان کے حقوق کا کچھ خیال نہیں کیا جناب والا ۔ یہ day light robbery ہونے والی ہے لوگوں کی گردنیں کٹنے والی ہیں یہ اس کے ہاتھوں کٹنے والی ہیں ؟ جو اس وقت مغربی پاکستان میں ریونیو پر سب سے زیادہ لائق اور بہتر شخصیت تصور کی جاتی ہے ۔

اس گھر کو آگ لگ گئی گھر کے چراغ سے

Now I will point out a factor, which perhaps is not fully appreciated. At present in the Pakistan Army men are recruited on voluntary basis. The entire Army is voluntary. In this country, perhaps one of the few unique countries, we have a voluntary Army, Air Force and Navy. But, in our Army we have a system of seven and eight. Indeed I would like to draw the attention of the Members to this point that a soldier in the Army serves for seven years. Thereafter he gets the boot and he is out. The chap joins at the age of eighteen. When he is twentyfive, if not promoted in ranks for Havildar, he is out. Is it a folly that he joined the Army to be kicked out when he is in the best of health and in the prime of youth with little education and some experience? He loses his job and his only failing is that he joined the Army. This is our system and the Army calls it 7 and 8-7 years in colour and 8 years in reserve. If he is promoted and becomes a "Havalder" or 'Dafedar' or little above them, he serves in colours for 15 but where does that get him. He would be out at the age of 33. It is only in the case of a few persons who become the junior Commissioned Officers that they carry on and serve somewhat up to a mature age. Now, this is the issue which I have ventured to bring before this learned House. The system we have inherited, with the make-shift arrangements we have done to it, is no good. If we want a professional standing Army, which is efficient, who has mind in the job and will defend us in the time of need, then we will have to cater for their morale. If we don't attend to this problem at this stage, I hesitate even to forecast things which have happened to people in other Armies. Even in recent years we have seen the defence performance of the Armed Services of Egypt. I don't say that it was entirely due to this factor which I am now going to mention, but I am positive that it was one of the contributive factors that the Egyptians did not put up a hundred percent

performance. The fact is that, a major portion of the senior officers had no mind to fight the war at all. They were on a counter-plan to that put up by Nasir. The result was a collapse in twenty-four hours. The point, however, is that in case of Pakistan we have the defence problems. It is a live issue and it is no use saying that it is a subject for the Centre. It is the subject of this Province in the sense that we need the defence they provide. Therefore, we have got to look after them. This Province is practically half the country. I would suggest that we attend to it in the sense that whatever the Central Government has directed us to do, at least, we implement that.

Now, I will come to the point as to what action has so far been taken. On 4th September, 1959, the Additional Chief Secretary wrote a letter to the Administrative Secretaries emphasizing the need of taking early steps, doing their best, for resettlement of the Defence Services personnel. On 19th April, 1960, the Additional Chief Secretary felt that that was no good. So, he wrote another letter and directed that this was the personal responsibility of the Secretaries and he laid down a priority as to how they should approach the issue. But even he felt that the instructions were not being fully implemented. So, a system of quarterly reports for action being taken was implemented. This was done in August 1963. Those reports and returns, for the first time, have been consolidated in 1966 and the results are that in class III for the period from 23rd March, 1967 to 13th July, 1967-a total number of 1186 appointments were created, out of which only 196 were given to ex-service men. And, so, another letter. The result is that up to 1967 we had a number of letters but practically no action. It was in view of this situation that I had decided to raise the issue and bring it to the notice of this learned House, in the hope that this vital issue will be given due attention by the various Departments of the Provincial Government. This problem also extends to the private sector. A lot of assistance can be given by the private employers. They had been approached by the Director of Industries on 24th November, 1959 and, subsequently, by the Deputy Directors to the various industries directly. The results remained, in the view of the Director of Industries, quite unsatisfactory. He directed his subordinates that lack of their interest will not help us in this respect.

Mr. Speaker, with your permission, I would like to bring out a few aspects of this problem which continues to be unattended inspite of the directives from all possible authorities that we have in this land. The need is that when a person from the Army, Navy or Air Force is retired, he should be absorbed and kept in hand so that when an emergency arises he is available to us in, mentally and physically, good and fit condition. As I earlier pointed out, these people, or the bulk of them, are in the reserve. Here, perhaps, it would be pertinent to bring out an aspect, as to what reserves do for our country ? Even in this last emergency a bulk of the fighting forces came from the reserves. This follows the policy of

the country when they have 7 and 8, they basically plan to have the entire force out of this reserve.

The turn-over of personnel in the colour services is so quick that the Reserves, builds up vastly. A force that was taken into service say in 1950, after seven years, i.e. in 1957, the bulk of that is retired and is placed in the reserve, and in 1964, that Reserve is twice in size. That is where the crux of the problem lies and also the ingenuity of our Defence Services' planning. They have got available at their disposal, a vast reserve of trained personnel who are competent and able to function in an emergency and yet they don't pay for them. They are in reserve.

Now, where is this reserve ? The reserves lies entirely in the civil life at the mercies of the Government, semi-Government and private employers. If these agencies keep looking after them and generally sustain them in good moral spirits, then these forces will come handy in a tight corner and for you they will build a wall of protection on the borders behind which you can go on with your constructive work and productive projects and a machinery like the Indian war-lords will be held away from your borders. But if you let them go to dogs, follow the policy of laissez-faire, let them make-shift for themselves, try and seek a job where they can and get a kick out where they do, the result would be that they will not be fit physically or morally and when they are called for service to the nation to sacrifice their life at a short notice, they will come in a condition which is no good for the Army. The vital issue is that such is the planning in this country that the defence by and large depends upon the reserves. I would, therefore, draw the attention of the gentlemen that we should take all possible steps to provide them with some employment. When an ex-service man is sent on reserve service, he has had plenty of military training ; he is a disciplined person and is fairly, acquainted with the problems of life. He has some knowledge of the world and he can be a responsible and useful citizen. It is, I think, in the interest of the employers to recruit him, take him on the roll and keep on paying him some emoluments so that he can keep his body and soul together and be of use to you when the need arises. There are, however, certain difficulties ; first being that he is not a person with strings to pull. Now this is very important in our country, comparing the present day standards. Had this chap possessed a pull, he would not have joined the Army. The only chaps who join the Army, are those who have nobody to look after, at no level at all, and that's why he is willing to serve in the Army where he will sacrifice his life. He knows that he will get a boot after 7 years and then again will be at your mercy. This is the first problem for the employment that these people cannot influence sufficiently the local authorities to get jobs. Therefore, it is the need for us that we should have some sort of directive, and in case of private employers, an ordinance could be issued to enable the ex-servicemen to find jobs befitting their qualifications. The second aspect is that

their qualifications by way of education are not very high. Mostly the personnel for the Army come from areas where educational facilities are not vast. Means of Education and their financial resources too, are not such that they could carry on with the education to a higher degree and that's why they join Army to earn their livelihood. Therefore, because they will be lacking in the educational qualifications, that could put them on a competitive footing with the candidates from the civil. The need therefore, is that we somewhat relax the educational qualifications for them for entry to service. They should mostly be recruited in Class III & IV services and they don't have ambitions for higher employment. At this stage, it should be possible for us to do so. The Government has taken a decision and the instructions have been issued that 50 per cent of these appointments will be given to the ex-servicemen.

Mr. Speaker : Will the Member please conclude his speech now ?

Major Malik Muhammad Ali : Sir, I request for another 10 minutes.

Mr. Speaker : I am sorry. Under rule 87, the Member has consumed about half-an-hour and that is the maximum time he can get.

Major Malik Muhammad Ali : Sir, the Soldiers and Sailors Board has put in recommendations that the Education Department should give them certain facilities whereby children and dependents of these people could be given a chance of getting better education. In reply, they have said, "Do you have the funds to support them ; do you have the financial implications as to what it will cost us, etc. ?" Sir, I do not know what it will cost for education of a boy in a Middle School in Chak No. 87, which provides boys to the Army. I think that the cost in some cases will be very nominal and the reply to this is just impracticable. Similarly, several other recommendations were made to the Education Department wherein they have requested, if the Education Department agrees, to provide some facilities for the dependents of the Armed Service Personnel. These personnel also need facilities in allotment of lands in barrages and other government lands in the colonies which otherwise are sold or leased out to the colonists. But the service personnel . . .

Mr. Speaker : That is not the subject matter of the Resolution.

Major Malik Muhammad Ali : In conclusion Sir, I would like to bring out an aspect that by and large, the instructions issued by the Central Government to the Provincial Government have not been carried out and the entire time has so far been wasted in writing letters and then just asking for other letters but in practice, there have been no efforts made to help them. I would therefore, with all the emphasis at my command, request that this House should assist the ex-servicemen who have done well with us and I am sure they will stand us in good stead in time of need.

Thank you.

مسٹر حمزہ (لائل پور - ٦) - جناب سپیکر - قرار داد زیر بحث پر جناب میجر محمد علی صاحب نے اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے اس ایوان کو مطلع فرمایا ہے کہ اس ملک کی عظمت آزادی اور وقار کے محافظوں اور نگہبانوں کو بھی اس ملک میں روز گار کے مواقع مہیا نہیں کئے جاتے اور اس دور میں جب کہ ہمارے صدر مملکت ہمارے صوبے کے گورنر جو کہ دونوں ہماری بری فوجوں کے سابقہ کمانڈر ان چیف ہیں ان کو یہ بھی علم ہے کہ مرکزی حکومت کی جانب سے وقتاً فوقتاً ہدایات موصول ہوتی رہتی ہیں لیکن ان پر عمل نہیں ہوا - میں اس ترقی پذیر ملک کی انقلابی حکومت سے پوچھتا ہوں کہ آپ کی حکومت اگر اس دور میں سابقہ فوجیوں کو مطمئن نہیں کر سکی تو آپ کی ترقی کہاں ہے اور اس ملک میں مطمئن کون ہے جناب سپیکر - آپ مجھ سے لازماً یہ سوال کریں گے کہ حمزہ تو اس قرار داد کی مخالفت کے لئے کھڑا ہوا تھا اور اب اس کی حمایت کیوں کرتا ہے - مجھے شکایت میجر محمد علی صاحب سے یہ ہے کہ جہاں انہیں محب وطن اور محنتی اور بہادر سابقہ فوجیوں کے لئے ملازمت کی فکر ہے میں ان سے کلمہ تشکر بھی سننا چاہتا تھا -

جناب سپیکر - آپ کو تو علم ہے کہ پچھلے کئی برسوں سے خصوصی طور پر جب سے اس ملک میں مارشل لا کا نفاذ ہوا ہے - بیشتر محکمہ جات بالخصوص W. P. I. D. C. اور A.D.C. اور سمال سکیل انڈسٹریز کارپوریشن، سوئی گیس اور CDA جن میں بڑے بڑے فوجی افسران کو بہت بڑے بڑے عہدے دئیے گئے ہیں - ہمیں اس سے کوئی شکایت نہیں - وہ ہمارے بھائی ہیں عام سول آبادی کو شکایت یہ ہے کہ یہ عہدے ان لوگوں کو دئیے جائیں جن میں ان عہدوں کے لئے خصوصی صلاحتیں موجود ہوں - مثلاً جناب قائد ایوان جیسا ماہر زراعت اس وقت موجود ہے - مگر ایک جرنیل کو A.D.C. کا سر براہ مقرر کر دیا گیا ہے - پھر کہتے ہیں کہ ملک غذائی لحاظ سے خود کفیل نہیں ہے - ہم کہتے ہیں کہ اللہ تعالی ہمارے ملک کو غذا میں خود کفیل کر دے گا - لیکن جہاں تک آپ کی

کوششوں کا تعلق ہے آپ نے ملک کو پیچھے لے جانے میں کوئی کسر اٹھا نہیں رکھی ۔ کل جناب ادریس صاحب کے سوال کے جواب میں بتایا گیا تھا کہ W.P.I.D.C میں کون سے سابق فوجی افسران اس وقت عہدے دار ہیں اور وہ کیا تنخواہ پا رہے ہیں ۔ میں اس جواب میں سے چند نام پڑھ کر سناتا ہوں :-

بریگیڈیئر حاجی محمد سعید	ماہانہ تنخواہ	۲۳۲۵- روپے
بریگیڈیئر چودہری رحیم اللہ	-	۲۳۰۰- روپے
بریگیڈیئر غلام محمد	-	۲۵۲۵- روپے
گروپ کپٹن اے ۔ سلام	-	۲۱۰۰- روپے
لیفٹیننٹ کرنل محمد ظفر اللہ خان	-	۲۲۶۰- روپے
لیفٹیننٹ کرنل نعیم الظفر	-	۲۳۰۰- روپے
کرنل ظفر اللہ خان	-	۲۲۴۰- روپے
کرنل محمد ظریف	-	۲۳۵۰- روپے
میجر محمد افضل	-	۲۱۶۰- روپے

یہ ہیں جناب سپیکر ۔ وہ نوازشیں اور بخششیں جو اس ملک کے بعض افراد پر کی جا رہی ہیں ۔ میرے خیال میں، انہیں یہ قرار داد پیش کرتے ہوئے یہ احساس ہونا چاہیئے تھا ۔ بلکہ انہیں اپنے آپ کو یہ سوال کرنا چاہیئے تھا کہ کیا ہم اپنے بہت سے سابقہ فوجی بھائیوں کے ساتھ یعنی چھوٹے چھوٹے فوجی بھائیوں سابقہ سپاہیوں اور حوالداروں کے ساتھ ایسا سلوک نہیں کر رہے کہ اس کی وجہ سے ان میں بے روزگاری عام ہو رہی ہے ۔ میں انتہائی دکھ سے کہتا ہوں جب وہ یہ فرماتے ہیں کہ فوجیوں کے حوصلے بلند ہونے چاہئیں ۔ مگر ان کو یہ بھی علم ہونا چاہیئے کہ عام آبادی کے حوصلے بلند ہونا اس سے بھی زیادہ ضروری ہے ۔ جب مرکزی حکومت کی جانب سے ہدایات موصول ہوتی ہیں ۔ جب محکموں کے سربراہ احکام جاری کرتے ہیں

تو اس کے بعد سابقہ فوجیوں کو کیوں ملازمتیں نہیں ملتیں ۔ جناب سپیکر ۔ افسوس تو یہ ہے کہ یہ اصل مسائل سے آنکھیں بند کر لیتے ہیں ۔ جو چیز مسائل کی جڑ اور بنیاد ہے اسے یہ نظر انداز کر دیتے ہیں ۔ میں ان سے کہتا ہوں کہ آپ ساری قوم کے لئے سوچیں ۔ سارے عوام کے لئے سوچیں ۔ کوئی صوبائی تعصب کا شکار ہے ۔ کوئی علاقائی تعصب کا شکار ہے کوئی برادری کے تعصب کا شکار ہے ۔ کوئی ضلع کے تعصب کا شکار ہے ۔

جناب سپیکر ۔ اگر ملک کے اصل مسائل حل ہو جائیں ۔ اور ان مسائل میں آبادی کو روزگار مہیا کرنا سر فہرست ہے تو آپ یقین رکھیں کہ سابقہ فوجیوں کو بغیر سفارش اور کوشش کے بغیر مرکزی حکومت سے ہدایات جاری کرائے با عزت روزگار مہیا ہو جائے گا ۔ آپ اس نمکین سمندر میں چند میٹھے جزیرے دیکھنا چاہتے ہیں ۔ آپ کو کبھی احساس نہیں ہوا کہ جب تک ہم سب خوش حال نہ ہوں قوم کے صرف ایک حصہ کی خوش حالی ، میں سمجھتا ہوں ، لعنت ہے ۔ آپ ہمیں اصل مسئلہ سے ہٹا کر غلط لائنوں پر سوچنے اور بولنے پر مجبور کرتے ہیں ۔ جناب سپیکر ۔ آپ کو یاد ہوگا کہ میرے ایک سوال کے جواب میں حکومت یہ بتانے کے لئے تیار نہیں ہوئی تھی کہ مغربی پاکستان میں مارشل لا کے نفاذ کے بعد سے سابقہ فوجیوں کو کتنی اراضیات الاٹ کی گئیں ۔

Mr. Speaker : That is not the subject matter of the Resolution.

مسٹر حمزہ ۔ جناب سپیکر ۔ عرض یہ ہے کہ وہ سابقہ فوجی جو غریب اور محتاج ہیں جن پر روزگار کے دروازے بند ہیں ۔ میرا دل ان کے لئے روتا ہے ۔ مجھے انتہائی افسوس ہے کہ یہ صورت حال ہے کہ ہمارے اس صوبہ میں مختلف سکیموں میں لاکھوں ایکڑ اراضی سابقہ فوجیوں کو دی گئی ہے مگر وہ بڑے بڑے عہدے داروں کو دی گئی ہے چھوٹے فوجیوں کو الاٹ نہیں کی گئی ۔ اسی لئے ہماری یہ حکومت اس ایوان میں یہ اعداد و شمار بتانے کے لئے تیار نہیں ۔

Mr. Speaker : That is not the subject matter of the Resolution.

مسٹر حمزہ ۔ جناب سپیکر ۔ انہوں نے فرمایا تھا اس لئے میں ان کو سمجھا رہا ہوں ۔

Mr. Speaker : I have checked him.

مسٹر حمزہ ۔ تو مجھے بھی آپ چیک کر دیجئے ۔

جناب سپیکر ۔ مسئلہ ہے روزگار کا ۔ لیکن میں اپنے معزز ساتھی اور بھائی کو یہ بتانا چاہتا ہوں کہ اگر قوم کی عزت ناموس اور آزادی کے محافظ دولت سے پیار کرنے لگ جائیں خصوصاً وہ فوجی جو اہم عہدوں پر مامور ہوں ۔ تو آپ جانتے ہیں کہ دولت سے پیار کرنے والا جان دینے سے کافی گریز کرتا ہے ۔ (قطع کلامیاں)

جناب سپیکر ۔ پنشن وصول ہوتی ہے ۔ مربعے وصول ہوتے ہیں ۔ اڑھائی اڑھائی ہزار تنخواہ وصول ہوتی ہے ۔ اس کے علاوہ یہ جو کچھ وہ وصول کرتے ہیں ۔ اس کا ذکر میں یہاں کر ہی نہیں سکتا ۔ جناب سپیکر ۔ مجھے دکھ ہوتا ہے کہ جب یہ یہاں ایسی باتیں کرتے ہیں ۔ مجھ سے بہتر آپ جانتے ہیں کہ اگر فوجیوں کو چلانے والوں یا کمان کرنے والوں کا کردار یہ ہو تو اس کا ماتحتوں پر کیا اثر پڑتا ہے ۔ میں ممنون ہوں کہ ہمارے فوجیوں نے ۱۹۶۵ء میں وہ کردار دکھایا جس پر ہماری قوم فخر کر سکتی ہے ۔ مگر ہمیں مستقبل کے بارہ میں بھی سوچنا چاہئے ۔ اگر انہیں دولت سے اتنا پیار ہو جائے گا تو اس کا اثر یہ ہوگا کہ عملی زندگی سے وہ دور ہو جائیں گے ۔ حالات ایسے ہیں کہ اگر ہم آنکھیں بند کر لیں تو بھی کانوں سے سنا جاتا ہے ۔ معاشرہ کی بہت سی بیماریاں دولت کی ناہموار تقسیم سے پیدا ہوتی ہیں ۔ دولت مند افراد دولت اکٹھی کرنے کے دوران میں ایسی خطرناک بیماری میں مبتلا ہو جاتے ہیں جس کا نام ہوس ہے ۔ جتنی دولت ان کے پاس اکٹھی ہوتی جاتی ہے اتنی ہی ہوس دولت کی زیادتی کے لئے بڑھتی جاتی ہے ۔ آپ ایک دولت مند سے جس کی گلبرگ کالونی میں کوٹھی ہو اس سے کہئے کہ تجھے جنت میں حوریں ملیں گی تو اپنی کوٹھی چھوڑ

دے ۔ اس کو وہ قبول نہیں کرے گا ۔ وہ یہ کہے گا کہ مجھے یہاں ہی حوریں چاہئیں ۔ جنت کی حوریں مجھے نہیں چاہئیں میرے کہنے کا مقصد یہ ہے کہ جب دولت کے پجاری فوج میں بھی ہوں اور فوج کے خصوصاً اہم عہدوں پر فائز لوگ ہوں تو ان کے اندر بہادری کیسے پیدا ہو سکتی ہے ؟ ان میں ایثار کا جذبہ نہیں ہو سکتا ہے ۔ وہ دنیا سے محبت کریں گے اور موت سے گریز ۔ اور مجھے آج تک یہی بتلایا گیا ہے ۔ آج تک میں نے سنا یہی ہے ۔ پڑھا بھی یہی ہے ۔ اور بڑے بڑے علماء بھی یہی کہتے ہیں ۔ تجربہ کار لوگ بھی یہی کہتے ہیں اور قائد اعظم کی مثال بھی یہی کہتی ہے کہ عمل بہترین تبلیغ ہے ۔ اگر ہمارے بڑے بڑے میجر جنرل صاحبان کے کردار یہی ہیں جب کہ آپ فرماتے ہیں کہ فوج کے جو اہلکاران ہیں ان کے حوصلے بلند نہیں ہیں ۔ اس کی وجہ کوئی اور نہیں ہے سوائے اس کے کہ آج ان کے سامنے اچھی مثالیں موجود نہیں ہیں ۔ جناب سپیکر ۔ آپ کو سابقہ فوجیوں سے ہمدردی ہے ۔ میں ان کی اس ہمدردی میں آپ کے ساتھ برابر کا شریک ہوں بلکہ میں تو یہاں تک عرض کروں گا کہ میں آپ سے بھی زیادہ ان سے ہمدردی رکھتا ہوں ۔ اور یہی وجہ ہے کہ اس ایوان میں آج میں اپنی جان جوکھوں میں ڈال کر جو کچھ میں خود اچھا سمجھتا ہوں وہ کہتا ہوں ۔ آپ نے جب سابق فوجیوں کا ذکر کیا تو ہمارے سابق فوجی بھائیوں کی اس وقت جرأت کہاں گئی ہوئی تھی جبکہ اس ملک کے بارہ کروڑ مظلوم مسلمانوں کے مصائب کے بارے میں ذکر یہاں ہوا تھا ۔ ان کی بے روزگاری کا ۔ ان کی مختلف نوعیت کی پریشانیوں کا ۔ آپ محض فوجیوں کے محافظ ہی نہیں ہیں ۔ بلکہ آپ ان مظلوم افراد کے بھی محافظ ہیں جو اس ملک میں بستے ہیں ۔ آپ محض فوجیوں ہی کے محافظ نہیں ہیں ۔ آپ دور نہ جائیے ۔ اس اسمبلی میں ان کی تعداد کو گن لیجئے کہ ان سابقہ فوجی حضرات کو پہلے سے زیادہ نمائندگی ملی ہوئی ہے ۔ آپ کا اتنا اثر و رسوخ ہے ۔ جیسا کہ میں پہلے عرض کر چکا ہوں کہ ہمارے صدر پاکستان سابق کمانڈر انچیف فیلڈ مارشل محمد ایوب خان ۔ اس صوبے کے گورنر محمد موسیٰ

خان جو اس ملک کی بری فوج کے کمانڈر انچیف بھی رہ چکے ہیں اور اب ہم سن رہے ہیں کہ R.C.D میں بھی ایک جنرل مقرر کیا جائے گا۔

Mr. Speaker : Order please, the Member is not relevant.

مسٹر حمزہ ۔ میں افسوس سے کہتا ہوں کہ ہمارے ہم وطن سابق فوجیوں کو جو بے روزگار پھرتے ہیں جن کے لئے آپ نے خود ہی یہ فرمایا ہے کہ روزگار صرف اس کو ملتا ہے جو بارسوخ ہو ۔ یہی شرط ایک عام انسان کے لئے بھی لازم ہے روزگار کے حصول کے لئے ۔ آپ ایسا معاشرہ لانے کے سلسلے میں ۔ ایسا ماحول پیدا کرنے کے لئے اور ایسی انقلابی تبدیلیاں پیدا کرنے کے بارے میں کیوں نہیں سوچتے جس سے کہ ہر شخص کو اس کی اہلیت ۔ قابلیت اور تعلیم اور صلاحیت کے مطابق روزگار مل سکے ۔ آپ کو یہ معلوم ہونا چاہئے کہ سابق فوجی جو بے روزگار ہیں ۔ ان کے اعداد و شمار تو حکومت کے پاس موجود ہیں اور آپ نے خود یہ فرمایا ہے اور اس چیز کو اس ایوان میں تسلیم کیا ہے کہ اتنے سابق فوجی بے روزگار تھے اور اتنوں کو روزگار مہیا کیا گیا ہے۔ لیکن آپ اس ملک میں رہتے ہیں کہ جس پر پچھلے دس سال سے فوجی حکومت کرتے چلے آئے ہیں ۔ لیکن اس ایوان میں اس چیز کو بھی وزیر محنت و روزگار خود تسلیم کر چکے ہیں کہ مغربی پاکستان میں جو لوگ بے روزگار ہیں ان کے اعداد و شمار وزیر موصوف کے پاس موجود نہیں ہیں ۔ روزگار کا مسئلہ حل کرنے کے سلسلے میں ہمارے حکمرانوں کو دلچسپی صرف اتنی ہے اور مجھے افسوس ہے اپنے سابقہ فوجیوں سے اور اس حکومت سے جن کو اس مسئلے سے دور کا بھی لگاؤ نہیں ہے ۔ دلچسپی نہیں ہے کہ حکومت ان بے روزگار اور تعلیم یافتہ افراد کے اعداد و شمار فراہم کرتی اور ان کو روزگار مہیا کرنے کے انتظامات کرتی ۔ ہمارے سابق فوجی ۔ اس حکومت کی حمائت میں یہاں بیٹھے ہیں اور تقریریں فرماتے ہیں ۔ کہ ان بے روزگار افراد کی ہمدردی کے سلسلے میں ان کے حوصلے کہاں گئے ۔ میں جناب میجر صاحب کی خدمت میں یہ عرض کروں گا کہ ہمارے یہاں رونا محض یہی نہیں ہے کہ بہت سے لوگ بے روزگار ہیں اور بہت کم

ان میں ایسے ہیں جو باعزت طریقے سے روٹی کما رہے ہیں ۔ جناب صدر مملکت کا ایک بہت ہی اہم ارشاد ہے ۔ میں تو ان کی کتاب ہر روز ساتھ لاتا ہوں ۔ اس کو سینے سے لگاتا ہوں وہ ایک مقدس کتاب ہے اس کا نام انہوں نے رکھا ہے "جس رزق سے آتی ہو پرواز میں کوتاہی" ۔ میرے بزرگ ۔ میرے ساتھی ۔ میرے قابل عزت و احترام معزز ممبر ۔ میں ان کی خدمت میں یہ عرض کرونگا کہ جن کو روزگار ملتا بھی ہے ان میں سے بہت کم لوگ ایسے بھی ہیں جن کو اس قسم کا روزگار مہیا ہوتا ہے جس سے پرواز میں کوتاہی نہ آتی ہو ۔

میجر محمد اسلم جان (راولپنڈی ۔ ۱) ۔ میں جناب حمزہ صاحب کی بہت ہی لمبی چوڑی تقریر سے اختلاف کرتا ہوں کیونکہ بہت سے واقعات جو دوران تقریر میں انہوں نے بیان فرمائے ہیں وہ اصلیت سے بہت دور ہیں ۔ جناب والا ۔ سب سے پہلے تو میں یہ عرض کرونگا کہ جنگ عظیم دوئم میں یہ ایک اصول بن گیا تھا کہ جو لوگ فوج میں خدمت سر انجام دیں اور جب وہ فوج سے واپس آئیں تو وہ تمام civil services چاہے وہ class I کی ہوں چاہے class II کی ہوں ان سب میں وہ جا سکتے ہیں ۔ اور جس عمر میں انہوں نے فوج یعنی آرمی ۔ نیوی ۔ اور ایئرفورس میں داخلہ لیا ہے ان کی وہ سروس اس وقت سے count کی جائے گی ۔ مثلاً اگر وہ I.C.S. بن جائے یا C.S.P. بن جائے ۔ یا Indian Police میں جائے یا پراونشل سروس میں جائے ایک آدمی کی عمر ۲۱ یا ۲۵ سال کے درمیان ہو اور اگر ایک آدمی ۲۲ سال کی عمر میں فوج میں چلا جائے ۔ اور اس نے ۸ یا ۹ سال خدمت انجام دی اور وہ ۳۰ سال کی عمر میں واپس آیا تو وہ period count کیا جاتا تھا کہ وہ جو عرصہ اس نے فوج میں لگایا ہے وہ count نہیں کیا جائیگا جہاں تک کہ اس کی عمر کا تقاضا ہے ۔ اور اسکی وہ عمر نہیں count کی جائے گی جو اس نے فوج کی سروس میں صرف کی ہے ۔ اور ۲ ۔ یا ۳ ۔ chances اس حیثیت سے اس کو دیئے جائیں گے ۔ اس کے علاوہ لوگوں کو encourage کرنے کے لئے یہ صرف پاکستان ہی کے لئے شرط

نہیں تھی بلکہ تمام ممالک کی جتنی بھی اقوام تھیں اور جن جن افراد نے لڑائیوں میں حصہ لیا تھا ان سب ممالک نے فوجیوں کو یہ مراعات دی تھیں تاکہ زیادہ سے زیادہ لوگ اور اچھے سے اچھے لوگ فوج میں آئیں - اور آپ یہ دیکھیں گے کہ جب تک یہ ملک ایک Welfare State نہیں بنتا ہے جیسا کہ ہمارا ارادہ ہے اور جس کے سلسلے میں ہم نے بہت سے منصوبے بنائے ہیں کہ یہ ملک ایک فلاحی مملکت بن جائے - اور یہاں پر unemployment نہ ہو - اور اگر unemployment ہو تو جس طریقے سے دیگر ممالک میں unemployment کی پنشن دی جاتی ہے اسی طریقے سے ہمارے ملک کے اندر بھی ایسی ہی پنشن دی جائے - free medical aid دی جائے - free education ان کے بچوں کو اس منصوبے کے ماتحت دی جائے - گو کہ ایجوکیشن کے متعلق لازمی تعلیم کے متعلق یہ کہا گیا ہے کہ ۱۹۷۰ء تک اس ملک میں ضرور رائج ہو جائے گی اور ہمارے بچے جن کی عمر ایسی ہے کہ وہ سکول میں جا سکیں ان کو ایسے سکولوں میں مفت تعلیم دی جا سکے گی گو کہ میرے خیال میں ۵۰ برس تک یہ چیز ممکن ہی نہیں ہے - تو جب تک یہ نہیں ہوتا جو لوگ فوج میں گئے ہوں تو وہاں پر ایسا اصول بن گیا ہے کہ فوج سے ریٹائر ہونے - یا واپس آنے کے بعد فوجیوں کے لئے ایسی سہولتیں فراہم کی جائیں - مگر ہمارے یہاں جب تک Welfare State نہیں بن جاتی لوگ جو qualified ہوں یا جو trained ہوں تعلیم یافتہ ہوں ان کی کہیں نہ کہیں کھپت کرنی ہی پڑے گی - آخر آپ کو انہیں کہیں تو کھپانا چاہئے - مگر جناب حمزہ صاحب نے یہ فرمایا ہے سابق فوجی افسران کے متعلق کہ ان کو دو ہزار - ۳ ہزار اور ۴ ہزار روپیہ تنخواہ ملتی ہے - مجھے ان کی اس چیز سے اختلاف ہے - کیونکہ جس وقت کسی ڈیپارٹمنٹ میں کسی بھی فوجی کو نوکر رکھا جاتا ہے تو اگر اس کی پینشن چھ سو روپیہ ہو اور تنخواہ اسکی ایک ہزار روپیہ ہو تو اس صورت میں ۶ سو روپیہ وضع ہو جاتے ہیں اور اصل میں وہ صرف چار ہی سو روپے پر نوکر ہوتا ہے - پھر وہ فوجی جو تعلیم یافتہ ہیں وہ اس قابل ہیں کہ

وہ انتظامیہ کو بہتر چلا سکیں - ہم کم از کم یہ تو کہہ سکتے ہیں کہ فی الحال وہ اس حد تک بد دیانت نہیں ہیں - ہم جن بد دیانت افسران کے متعلق کہتے رہتے ہیں کہ یہ صحیح کام نہیں کر رہے ہیں ان کی نسبت تو وہ کچھ نہ کچھ بہتر کام کر رہے ہیں چاہے آپ کا کہنا یہ ہو کہ وہ بالکل ٹھیک کام نہیں کر رہے ہیں جس طرح ہم انتظامیہ کو صبح و شام کہتے رہتے ہیں کہ وہ بد دیانت ہے اور بد قسمتی ایسی ہے کہ ان میں سے بیشتر ایسے ہیں جو اچھے لوگ ہیں - ممکن ہے ان میں سے ایسے افراد ہوں جو بد دیانتی کر رہے ہوں لیکن ایسے لوگ بھی ہیں جو اپنی ایمانداری - کوالیفیکیشن - تربیت اور ڈسپلن کے تحت بہتر کام کر رہے ہیں - جناب والا - فوجی ریٹائر ہو کر عمر سے پہلے پینشن پر بھیجے جاتے ہیں - فوج میں یہ ہوا تھا کہ وہاں بلاک بن گئے تھے کہ اتنے آدمی کم کریں گے - ایسے وقت یہ ہوتا ہے کہ جب فوج میں کمی کرلی ہو وہاں سے پہلے تربیت یافتہ لوگوں کو لیا جاتا ہے جو ملک کے لئے بہتر خدمات سر انجام دے سکتے ہیں - دوسری جنگ عظیم میں یہ ہدایات جاری کی گئی تھیں کہ جو لوگ کسی محکمہ میں کام کرتے ہیں وہ جا کر اگر فوج میں سروس کریں ان کی تنخواہ پینشن میں شمار کی جائے گی - دیکھنے میں یہ آیا ہے کہ بہت سے محکموں سے جو لوگ اپنی سروسز چھوڑ کر فوج میں گئے تھے فوج سے جب واپس آئے تو اگرچہ پروموشنز دے دی گئیں لیکن پینشن میں غپلہ کر دیا - اس کے لئے واضح قانون بن چکا ہے جیسا کہ میجر محمد علی صاحب نے کہا ہے کہ یہ قانون سنٹرل گورنمنٹ کا ہے اب صوبائی گورنمنٹ نے یہ قانون بنایا ہے کہ ان کو مراعات کیوں نہ دی جائیں -

جناب والا - جہاں تک فوجیوں کو زمینیں دینے کا تعلق ہے اس کے متعلق میں یہ عرض کروں گا کہ مغربی پاکستان میں جو بنجر علاقے تھے جہاں پر کوئی بھی جانا پسند نہیں کرتا تھا . . .

Mr. Speaker : I had checked Major Muhammad Ali, I had checked Mr. Hamza and I will now check the Member that this is not the subject matter of the Resolution.

میجر محمد اسلم جان ۔ جناب والا ۔ میں یہ عرض کر رہا تھا کہ ان لوگوں نے وہاں جا کو ان بنجر علاقوں کو آباد کیا ۔ ایسا ہوا ہے کہ وہ علاقے یونٹوں کو دے دئیے ہیں اور یونٹوں نے وہاں ریٹائرڈ آدمی بھیج دئیے ہیں ۔

مسٹر حمزہ ۔ پوائنٹ آف آرڈر ۔ جناب سپیکر ۔ میں نے یہ نہیں کہا تھا کہ ان کو زمینیں نہ دی جائیں ۔ میں نے کہا تھا کہ آپ چھوٹے چھوٹے فوجیوں کو زمینیں دیں ۔ سپاہیوں کو زمینیں دیں حوالداروں کو دیں جو اپنے ہاتھ سے ہل چلائیں ۔

Mr. Speaker : The Member may please resume his seat.

میجر محمد اسلم جان ۔ جناب والا ۔ میں یہ عرض کر رہا تھا اور حمزہ صاحب کی اطلاع کے لئے مزید عرض کروں گا کہ یہ زمینیں بہت سی رجیمنٹوں کو دی گئیں جنہوں نے وہاں فوجیوں کو آباد کیا ۔ آپ دیکھیں انگلستان جو کہ میرے خیال میں اس وقت

It is really a Welfare State

جس کے متعلق میں کہہ سکتا ہوں کہ بہترین سوشل سیکورٹی جو دنیا میں ہے سوائے سوئٹزر لینڈ اور سویڈن کے انگلستان میں رائج ہے ۔ ۔ ۔ ۔ ۔

ملک معراج خالد ۔ کتنی صدیوں کے بعد ۔

Major Muhammad Aslam Jan : You should bridge the gap.

وہاں سوشل سیکورٹی کے ہوتے ہوئے فوجیوں کو تمام مراعات دیتے ہیں جو عام شہریوں کو حاصل نہیں ہیں آپ وہاں پر چلے جائیں تو آپ کو معلوم ہو گا کہ فوجیوں کو ترجیح دیتے ہیں کہ وہ ریٹائر ہونے کے بعد سوویسٹر میں آئیں ۔ میری سمجھ میں نہیں آتا ہے کہ جب ان فوجیوں نے اپنے دوسرے بھائیوں کی طرح (جیسے ہمیں تنخواہ ملتی ہے اور ہم کام کر رہے ہیں) خدمات سر انجام دی ہیں اگر ان خدمات کے معاوضے میں آپ ان کو یہ مراعات دیتے ہیں اگر چہ within age limit اور آپ کو ایک آدمی employ

کرنا ہے ۔ آپ کو ایک آدمی رکھنا ہے تو کیوں نہ آپ disciplined اور تربیت یافتہ آدمی کو ملازم رکھیں بجائے اس کے کہ ایک ایسے آدمی کو رکھیں جو ہر قسم کی گڑ بڑ کرے open competition میں بھی دوسرے لوگ آتے ہیں ۔ جناب والا ۔ دنیا میں تمام سابقہ فوجیوں کو سہولتیں دی جا رہی ہیں تو کوئی وجہ نہیں کہ جب ہمارے ہاں اس قسم کا قانون ہے ان کو سہولتیں نہ دی جائیں ۔

جناب والا۔ میں ان گزارشات کے ساتھ میجر محمد علی صاحب کے ریزولیوشن کی حمایت کرتا ہوں کہ جب اس قسم کا قانون موجود ہے اس پر ہمیں عمل کرنا چاہئے اور انہیں دل کھول کر مراعات دینی چاہئیں تا کہ لوگ encourage ہوں اور فوج میں آئندہ ملک اور قوم کی خدمت کریں ۔

ملک معراج خالد (لاہور۔ ۵)۔ جناب والا ۔ میجر محمد علی صاحب کی یہ قرار داد محض اس غرض سے پیش کی گئی ہے کہ ہم اپنے سابقہ فوجیوں کی خدمات کے عوض اور ان کے تجربات اور قابلیت کو پیش نظر رکھتے ہوئے اس سے فائدہ اٹھائیں اور ان کو روزگار مہیا کریں ۔ اس طرح ان کی معاشی بحالی کر کے ہم ان کے morale کو اونچا کریں اور قائم رکھیں ۔ اس سلسلہ میں میجر محمد اسلم جان صاحب کی طرف سے اور خود میجر محمد علی صاحب کی طرف سے برطانیہ کے فوجیوں کے حوالے دیئے گئے اور دوسری طرف یہ کہا گیا کہ ہمارے فوجیوں کے کریکٹر ان سے مختلف ہیں ۔ ان کی حیثیت آزاد کارانہ ہے ۔ میں یہ عرض کروں گا کہ ہر ملک ہر قوم اپنی فوج رکھتی ہے ہر فوج کا کردار اس ملک کے حالات اور اس کے مقاصد کے مطابق مختلف ہوتا ہے ۔ جب یہ کہا جاتا ہے کہ ملک کے ہر بے روزگار کو روزگار مہیا کیا جائے یا اگر کوئی شخص یہ کہتا ہے کہ ہمارے وہ فوجی جوان اور بہادر جنہوں نے دفاع وطن کے سلسلہ میں بے مثال خدمات سرانجام دی ہیں یا دینی ہیں ان کو روزگار مہیا کیا جائے تو کوئی بھی اس چیز کی حمایت کئے بغیر نہیں رہ سکتا ۔ سوال صرف یہ ہے کہ جب ہم فوج کا نام لیتے ہیں تو اس

میں ان کے تمام عہدے آ جاتے ہیں ۔ افسران بھی آ جاتے ہیں ۔ سپاہی بھی آ جاتے ہیں ۔ ہماری فوج کا کردار جس طرح ستمبر ۱۹۶۵ء کی جنگ میں عوامی شکل میں سامنے آیا اور تمام قوم نے اسے اپنایا اس جذبہ تشکر کے تحت جو کچھ بھی قوم سے ہو سکتا تھا ان کی تعریف و توصیف عوام اور خواص کی طرف سے کی گئی وہ تعریف و توصیف بے جا نہ تھی ۔ لیکن سوال یہ ہے کہ اس عوامی کردار کو قائم رکھنے کے لئے کونسا اصول ہے جس کو پیش نظر رکھنا چاہئے ۔ یہ کہہ دینا کہ چونکہ ہمارے فوجی رضا کار پروفیشنل بھی ہیں ہمیں ان کا مریل اچھا رکھنے کے لئے انہیں روزگار اور دوسری اسامیاں بہم پہنچانے کے لئے ہر طرح سے کام لینا چاہئے میں سمجھتا ہوں یہ درست نہ ہوگا ۔ جناب والا ۔ میں اگرچہ اس بات کی پوری پوری تائید کرتا ہوں کہ ہماری فوج نے جہاں تک ہماری معلومات کا تعلق ہے ملک کے دفاع میں بے مثال کردار کا ثبوت دیا ہے تاہم مجھے وہ امتیاز ناروا نظر آتا ہے جو فوج کے مختلف طبقوں میں اس ریزولیوشن میں روا رکھا گیا ہے ۔ ہماری فوج نے ایک عظیم الشان عوامی کردار دکھایا تھا اب ہمارا فرض ہے کہ ہم اس عوامی کردار کو قائم و بحال رکھنے کی کوشش کریں اور وہ اسی صورت میں بحال رہ سکتا ہے اور قائم رہ سکتا ہے جبکہ فوج کے مفادات عوام کے ساتھ متصادم نہ ہوں ہمیں اپنی فوج سے بڑی توقعات ہیں اور وہ توقعات جبھی پوری ہو سکتی ہیں کہ ہم فوج میں اور عوام میں ایسا اچھا ربط قائم کر دیں کہ ان کے مفادات متصادم نہ ہوں خصوصی طور پر خود فوج کے افسروں اور اس کے ماتحت سپاہیوں تک میں بھی ربط و تعاون رکھنا چاہئے اس سے ان کا عوامی کردار قائم رہے گا اس سلسلے میں فوجی افسروں کو اعلیٰ اراضیات خاص علاقوں میں الاٹ کر دینے سے وہ تعلقات جو عوام میں اور فوج میں تھے متاثر ہوں گے اس سے ایک قسم کی ناہمواری پیدا ہوگی ۔ جس کو جائز قرار نہیں دیا جا سکتا جناب سپیکر ۔ مجھے خطرہ ہے کہ جس طرح دوسروں کو آپ نے check کیا ہے مجھے بھی آپ ضرور check کریں گے ۔

مسٹر سپیکر ۔ اس کا ریزولیوشن سے کیا تعلق ہے ؟

ملک معراج خالد ۔ لیجئے میری باری بھی آ گئی اور آپ نے مجھے بھی check کر دیا مگر میں تو اسی قدر کہنا چاہتا ہوں ۔ ۔ ۔ ۔

مسٹر حمزہ ۔ پوائنٹ آف آرڈر ۔ جناب والا ۔ جب اس ایوان میں پوائنٹ آف آرڈر اٹھائے جاتے ہیں تو دوسرے سپیکر صاحبان کے رولنگ quote کئے جاتے ہیں تو اس سلسلے میں ان کے precedents کو اہمیت حاصل ہوتی ہے تو کیا اب معاملہ زیر بحث میں ان precedents کو اہمیت نہیں دی جائے گی ۔ ۔ ۔ ۔

ملک معراج خالد (لاہور ۔ ۵) ۔ جناب والا ۔ میں اس ریزولیوشن کی حمایت کرتا ہوں مگر ساتھ ہی یہ بھی عرض کر دینا چاہتا ہوں کہ بے روزگار لوگوں کو روزگار مہیا کرنے کے بارے میں سب کے ساتھ یکساں سلوک کیا جائے اور ان کے درمیان کوئی امتیاز قائم کرنا ناروا ہوگا پھر بڑے بڑے فوجی افسروں میں اور عام فوجی سپاہیوں میں بھی کوئی ناروا امتیاز قطعاً نہیں ہونا چاہئے ۔ بڑے بڑے فوجی افسر تو پہلے ہی امیر ہوتے ہیں اور اکثر و بیشتر زمیندار ہوتے ہیں وہ گورنمنٹ کی امداد کے اتنے محتاج نہیں ہوتے جتنے کے عام سپاہی محتاج ہوتے ہیں ۔ ان کو زمینیں الاٹ ہونی چاہئیں ۔ اس لئے ایک سپاہی اور افسر میں کوئی امتیاز نہیں رکھنا چاہئے ۔ معاش کے سلسلے میں غریب سپاہی زیادہ مدد کے محتاج ہیں ۔ زمینوں کی الاٹ منٹ کے وقت ان میں کوئی تفاوت نہیں رکھنا چاہئے ورنہ انکا morale گر جائے گا اور اعلیٰ سطح پر قائم نہیں رہ سکے گا ۔ نیز فوج کے مفادات اور عوام کے مفادات میں تصادم نہیں پیدا کرنا چاہئے ۔

Minister for Agriculture (Malik Khuda Bakhsh). Mr. Speaker, I had thought that this was a resolution which would meet the approval of the entire House.

حاجی سردار عطا محمد ۔ پوائنٹ آف آرڈر ۔ جناب والا ۔ یہ اردو میں تقریر کریں ۔

مسٹر سپیکر ۔ ملک صاحب آپ اردو میں تقریر فرمائیں ۔

وزیر زراعت ۔ جناب والا ۔ میری رائے میں یہ ریزولیوشن یا قرار داد اس قسم کی تھی کہ جسے اس ایوان میں تمام اطراف و جوانب سے پسند کیا جائے گا ۔ سوال مختصر طور پر صرف یہ ہے کہ اس قرار داد میں محترم میجر محمد علی صاحب نے حکومت کی توجہ اس امر کی طرف دلائی ہے کہ جب حکومت کی پہلے ہی یہ پالیسی ہے کہ عام طور پر ملک میں بے روزگار لوگوں کی معاشی بحالی کی طرف توجہ دی جائے تو اس سلسلے میں فوجی اصحاب کی معاشی بحالی کی طرف بھی کیوں نہ پوری پوری توجہ دی جائے اور اس پالیسی پر پورے طور پر عمل کرنا چاہئے ۔ مگر اس سلسلے میں میرے ایک محترم دوست نے ایسی ایسی باتیں کہی ہیں کہ جن سے میں اتفاق نہیں کر سکتا بلکہ میرا خیال ہے کہ جب وہ خود ہی اپنی تقریر پر دوبارہ غور فرمائیں گے تو وہ محسوس کریں گے کہ انہوں نے ان باتوں سے ملک و قوم کی کوئی خدمت سر انجام نہیں دی ۔ انہوں نے فوج کے افسران اور سپاہیوں میں امتیاز پیدا کرنے کی کوشش کی ہے جس سے مجھے بڑا افسوس اور دکھ ہوا ہے میں نے ہمیشہ ان کی حب الوطنی کی تعریف کی ہے وہ ایک متوازن دماغ کے مالک ہیں مگر انہوں نے آج ایسی باتیں کہی ہیں جن میں انہوں نے ملکی مفادات کو ملحوظ خاطر نہیں رکھا ۔ اس ایوان میں سب حضرات اور محترم ارکان کو مجھ سے اس امر میں اتفاق ہوگا کہ فوجی افسران اور دیگر رینک کے بھائی چونکہ اپنی متاع عزیز یعنی جان تک قربان کرنے کے لئے تیار رہتے ہیں ۔ بلکہ جان قربان کر دیتے ہیں ان کے اس جان کی بازی لگانے کی قدر ہمارے دلوں میں ہونی چاہئے ۔ اور گہری ہونی چاہئے کہ وہ اپنی جان کا نذرانہ پیش کر رہے ہیں کیا کوئی فرد ان کی قربانیوں کے پیش نظر یہ گوارا کر سکتا ہے کہ ان کے بال بچے یا وہ خود معاشی تفکرات کا شکار ہو جائیں اس قرار داد کا مقصد صرف اس قدر ہے کہ ان کو بے روزگاری سے بچانے کے لئے اور معاشی تفکرات سے محفوظ رکھنے کے لئے ایوان ھذا صوبائی حکومت سے سفارش کرتا ہے کہ مرکزی حکومت کی ہدایت کے

مطابق سابق فوجی بھائیوں کی امداد کے لئے موثر تدابیر اختیار کرے ۔ مگر حمزہ صاحب نے جو کہا ہے کہ حکومت نے ان کو امتیازی سلوک سے نوازا ہے یہ سرا سر غلط ہے اور مبنی بر صداقت نہیں ہے تو میرے پاس اعداد و شمار ہیں جن سے یہ ثابت کیا جا سکتا ہے کہ حکومت نے فوج کے مختلف طبقات میں کوئی ناروا امتیاز نہیں پیدا کیا زمینوں کی الاٹ منٹ میں اور ملازمتوں میں کوئی ناروا امتیاز نہیں برتا ۔ کوئی امتیازی سلوک نہیں کیا گیا بلکہ مستحق حضرات کے ساتھ یکساں سلوک کیا گیا ہے ۔

مسٹر حمزہ ۔ پوائنٹ آف آرڈر ۔ اگر قائد ایوان زمینوں کی الاٹمنٹ کے سلسلے میں اعداد و شمار پیش کر دیں تو بہتر ہوگا ان کے اعداد و شمار نہ پیش کرنے سے شکوک و شبہات پیدا ہوتے ہیں ۔

Mr. Speaker : That is not a point of order.

وزیر زراعت ۔ آپ کے پاس جو اعداد و شمار تھے جو کہ آپ نے ایوان میں پیش بھی کئے ہیں ۔ ان کے مقابلے میں میرے پاس اس قسم کے اعدادوشمار نہیں ہیں ۔ آپ کو آزادی ہے کہ جو چاہیں کہیں لیکن میں بعض حدود و قیود کے اندر رہ کر بات کرتا ہوں اس لئے مجھے احتیاط برتنی پڑتی ہے ۔ لیکن مجھے ایک بات کا یقیناً دکھ ہے کیونکہ میں جب سے اس ایوان کا خادم ہوا ہوں میں نے یہاں پر ایک روایت پیدا کرنے کی کوشش کی ہے اور اس میں ہماری پارٹی نے بھی میرے ساتھ بھرپور تعاون کیا ہے ۔ اور وہ یہ ہے کہ ہم کسی محترم لیڈر پر یہاں کسی قسم کا طنز کرنے کی کوشش نہیں کرتے اور نہ ہی ان کے متعلق اس قسم کی باتیں کرتے ہیں جس طرح کی باتیں آج یہاں پر کی گئی ہیں ۔ اس سے صرف فوج میں ہی بددلی پیدا کرنے کی کوشش نہیں کی گئی بلکہ کوشش یہ کی گئی ہے کہ چھوٹے فوجیوں کو یہ کہا جائے کہ تمہارے جرنیل بزدل ہیں ۔ کوشش یہ کی گئی ہے کہ ان کو یہ کہا جائے کہ ان کے جرنیل اور کرنیل نااہل ہیں اور صرف وہی اس حق کے سزاوار ہیں ۔ اس کوشش کو کون مبارک کہہ سکتا

ہے ۔ اس کوشش کو کون حب‌الوطنی کے تقاضے کے مطابق کہہ سکتا ہے ۔ کیا یہ واقعہ نہیں ہے اور اس کے لئے تو اعدادوشمار کی بھی ضرورت نہیں ہے کہ زخمی ہونے ، غازی ہونے اور شہادت پانے میں ہمارے افسران کی تعداد مقابلتاً اتنی تھی جتنی کہ آج تک کسی فوج میں بھی نہیں ہوئی ۔ انہوں نے ہمارا سر اونچا کر دیا ۔ اس کے باوجود آج اس ایوان میں کھڑے ہو کر تمام افسران کے متعلق اس قسم کا تاثر پیدا کرنے کی اگر کوئی شخص کوشش کرے تو اس کے لئے مجھے اپنی حالت پر تو یقیناً افسوس ہے لیکن ان کے متعلق میں کیا عرض کروں ۔ کیونکہ وہ آزاد ہیں اور وہ جو کچھ بھی اس ایوان میں کہنا چاہیں کہہ سکتے ہیں ۔ حالانکہ ان کی اس آزادی پر ان کی اپنی طرف سے بھی کچھ حدود اور قیود ہیں اور وہ ہیں حب‌الوطنی کے تقاضے یا ملکی مصلحت کے تقاضے ۔

مسٹر حمزہ ۔ اللہ کے فضل سے ہم اپنے آپ کو آپ سے زیادہ حب‌الوطن سمجھتے ہیں ۔

Mr. Speaker : Was it a point of order ?

مسٹر حمزہ ۔ پوائنٹ آف آرڈر ۔ کسی شخص کے بارے میں یہ کہنا کہ وہ حب‌الوطن نہیں ہے ۔ اس سے بڑی سیاسی گالی اور کیا ہو سکتی ہے اگر آپ یہ کہتے ہیں ۔ تو ہم آپ کو بتانے پر مجبور ہیں ۔ ۔ ۔ ۔ (قطع کلامیاں)

Mr. Speaker : This is not a point of order.

رانا پھول محمد خان ۔ ہم حب الوطنی کو آپ سے زیادہ اچھی طرح جانتے ہیں اور آپ ہم سے چھپے ہوئے نہیں ہیں ۔

وزیر زراعت ۔ جناب والا ۔ میں نے یہ بالکل نہیں کہا اور اگر حمزہ صاحب نے یہ سمجھا ہے کہ میں نے ان کو حب الوطن قرار نہیں دیا تو یہ ان کی غلط فہمی ہے ۔ میں تو نہایت احتیاط سے الفاظ کہنے والا آدمی ہوں میں نے یہ کہا ہے کہ حب الوطنی کے تقاضے یہ نہیں ہیں ۔ ہم ان اختلافات کو یا ان اختلافات کی نوعیت کو کسی اور طریقے سے بھی پیش کر سکتے ہیں ۔

میں کوئی ایسا دعویٰ نہیں کرتا اور مجھے اس بات کا اعتراف ہے کہ چونکہ حمزہ صاحب کو دعویٰ ہے اس لئے وہ مجھ سے زیادہ حب الوطن ہیں لہذا مجھے یہ بات کہنے میں کوئی شرم محسوس نہیں ہوتی کہ تمام لوگوں کی یہی خواہش ہونی چاہئیے کہ ہر شخص اپنے آپ کو زیادہ سے زیادہ حب الوطن خیال کرے ۔ یہ تو بڑی اچھی بات ہے ۔ اگر میرے کسی لفظ کا مطلب انہوں نے یہ لیا ہے کہ میں نے یہ کہا ہے کہ وہ حب الوطن نہیں ہیں ، تو اس کا مطلب یہ ہے کہ انہوں نے میری ساری بات کو سمجھنے کی کوشش نہیں کی جس کا مجھے افسوس ہے ۔ بہر حال میں یہ عرض کر رہا تھا کہ فوج میں جو امتیاز پیدا کرنے کی کوشش کی گئی ہے ۔ یہ نا درست ہے کیونکہ میری رائے کے مطابق تو فوج ایک organic unit ہوتی ہے ۔ چاہے اس میں سالار ہوں یا سپاہی ہر ایک اپنا اپنا کردار ادا کرتا ہے ۔ اندریں حالات یہاں پر جو کچھ طنز اور تحقیر کے ساتھ کہا گیا ہے ۔ مجھے اس پر بے حد افسوس ہے ۔ کیونکہ یہ تو ایک ایسا مسئلہ تھا کہ جس کے متعلق میں قائد حزب اختلاف کی توجہ بالخصوص دلانا چاہتا ہوں کہ انہوں نے ایک بار یہ اعلان کیا تھا اور ہم نے بھی ان کے اس اعلان کو خوش آمدید کہتے ہوئے ان کی آواز پر لبیک کہا تھا کہ ملکی دفاع کے معاملے میں، کسی پارٹی ، کسی شخص اور کسی فریق کو موجودہ حالات میں بالخصوص کوئی اختلاف نہیں ہونا چاہیئے اور نہ ہی کوئی اختلاف رکھنا چاہیئے ۔

خواجہ محمد صفدر ۔ اور نہ ہے ۔

وزیر زراعت ۔ اور نہ ہے ۔ تو اس بات کے پیش نظر میں اپنے دوست کی توجہ دوبارہ ان ہی خیالات کی طرف دلانا چاہتا ہوں کہ ملکی دفاع کے نقطہ نظر سے ان باتوں کو کہاں تک درست قرار دیا جا سکتا ہے ۔ وہ شاید یہ خیال فرمائیں کہ اس طرح کی باتیں یہاں کہنے سے ہم نے اس بات کی کوئی خدمت کی ہے کہ ہم نے ایک سپاہی کے متعلق یہاں پر بات کی ہے ۔

کیونکہ یہاں پر تو معاملہ سابق فوجی سپاہیوں اور ہم چو قسم کے دیگر لوگوں کا ہے ۔ یہ تو سارے ex-servicemen کے متعلق معاملہ تھا ۔ کوئی بھی امتیاز اس میں روا نہیں رکھا گیا تھا کہ بڑے بڑے فوجیوں کو دیا جائے اور چھوٹوں کو نہ دیا جائے ۔ اور بفضل تعالیٰ ہم اس بات پر نازاں ہیں اور ہمیں فخر ہے کہ ہم حتی المقدور یہ کوشش کر رہے ہیں کہ سابق فوجیوں کی معاشی بحالی کے لئے اپنے وسائل کے مطابق سعی کرتے رہیں ۔ انہوں نے ایک سوال یہ بھی اٹھایا ہے اور جو کہ قرار داد کے متعلق تو نہیں تھا لیکن چونکہ آپ نے ان کو اجازت دے دی تھی کہ وہ اس سوال کو اٹھائیں اس لئے میں بھی مودبانہ گذارش کروں گا کہ مجھے بھی اس کے متعلق کچھ کہنے کی اجازت دی جائے ۔ انہوں نے اس قرار داد کے ذریعے تمام ملکی معشیت اور سارے ماحول اور قومی مسائل پر بحث کر ڈالی ۔ میں جانتا ہوں اور مجھے اس بات کا اعتراف ہے اور مجھے اس کا اعتراف کرنے میں کوئی باک نہیں ہے کہ اس وقت سب لوگوں کو روزگار میسر نہیں ہے حکومت کا بھی یہ فرض ہے اور قوم پر بھی یہ فرض عائد ہوتا ہے کہ تمام لوگوں کی معاشی بحالی کے لئے کوشاں رہیں ۔ کیونکہ یہ ہماری قوم کے لئے بے حد ضروری ہے اس لئے ہمیں اس سلسلے میں ضرور کوشش کرنی چاہیئے اور مجھے امید ہے کہ جناب قائد حزب اختلاف یقیناً میرے ساتھ اتفاق فرمائیں گے کہ یہ جو منصوبے بن رہے ہیں ۔ کارخانے لگ رہے ہیں یا بند تعمیر ہو رہے ہیں ۔ نئی نئی اراضیات آباد کی جا رہی ہیں ۔ نئے نئے شعبہائے زندگی میں یہ کوشش کی جا رہی ہے ۔ اب یہ الگ بات ہے اور یہ درست بھی ہے کہ ہم اپنے نصب العین تک نہیں پہنچ پائے جو کہ ان کی بھی خواہش ہے کہ ہم اپنا نصب العین حاصل کر لیں اور ہماری بھی یہ آرزو ہے ۔ لیکن ان کے خیال کے مطابق ہمارے قدم پیچھے کو چل رہے ہیں لیکن ہمارے اپنے خیال کے مطابق ہمارے قدم آگے ہی بڑھ رہے ہیں ۔ لیکن بہر حال اس حد تک تو اختلاف ہو سکتا ہے لیکن انہوں نے ہماری زرعی ترقی کے متعلق اگر فرمایا تو یہ فرمایا کہ یہ ترقی اللہ تعالیٰ کے فضل سے ہوئی ۔ مجھے

بھی اس کا اعتراف ہے کہ اس میدان میں جو بھی ترقی ہوئی ہے وہ اللہ تعالیٰ کے فضل سے ہوئی ہے اور کسی بات سے نہیں ہوئی ۔ لیکن ان کا مقصد یہ ہے کہ یہ ترقی اللہ تعالیٰ کے فضل سے تو ہوئی ہے لیکن اس ترقی میں نہ کاشتکار طبقے کا کوئی ہاتھ ہے اور نہ حکومت نے ہی اس سلسلے میں کچھ کیا ہے ۔ نہ تو کاشتکاروں نے زمین میں ہل چلائے ہیں نہ انہوں نے اچھے بیج ڈالے ہیں اور نہ حکومت نے ان کو اچھی کھاد مہیا کی ہے اور نہ جراثیم کش ادویات فراہم کی ہیں ۔ نہ ان کے لئے ٹریکٹر منگوا کر دئیے ۔ لہذا یہ اللہ کا فضل تو یقیناً ہے ہی ۔ لیکن یہ بھی کہنا نا جائز ہے کہ کاشتکار کی وسیع اور جفاکش برادری نے اس سلسلے میں کوئی کردار ادا نہیں کیا ۔ میرے خیال میں ایسا کہنا ان سے بے انصافی ہے اور حمزہ صاحب جو کہ یقیناً کاشتکاروں کے بہی خواہ ہیں میں ان سے التماس کروں گا کہ وہ اپنی اس رائے پر نظرثانی فرمائیں اور وہ ان کے بارے میں اچھے کلمات کہہ کر ان کی حوصلہ افزائی فرمائیں جس طرح کہ انہوں نے آج یا کل کسی موقع پر کہا تھا کہ زمین کو آباد کرنا یا زراعت کرنا جان جوکھوں کا کام ہے ۔ اس لئے اس طبقے کو حوصلہ افزائی کی ضرورت ہے ۔ جب کل اخبارات میں یہ بات چھپے گی اور ان کو یہ علم ہو گا کہ کاشتکاروں نے زراعت کی ترقی کے سلسلے میں کچھ نہیں کیا تو وہ یہی کہیں گے کہ ایک اچھا صائب رائے رکھنے والا انسان کاشتکاروں کے متعلق یہ رائے رکھتا ہے تو یقیناً اس بات سے ان کی حوصلہ افزائی نہیں ہو گی ۔ ضرورت تو اس بات کی ہے کہ ان کی حوصلہ افزائی کی جائے لیکن یہ بات اپنی جگہ پر قائم ہے کہ اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم کے بغیر کوئی چیز بھی نہیں ہو سکتی ۔ تو میں نے تین چار گذارشات آپ کی خدمت میں پیش کی ہیں ۔ اس کے بعد ایک اور بات عرض کرنا چاہتا ہوں وہ یہ ہے کہ اسمبلی مسلم لیگ پارٹی اس ریزولیوشن کی مکمل تائید کرتی ہے اور حکومت سے استدعا کرتی ہے کہ وہ اس سلسلہ میں کوئی وعدہ کرے کہ وہ اس ریزولیوشن پر عمل درآمد کرنے کے لئے حتے المقدور اپنے وسائل کے مطابق کوشش کرے گی کیونکہ یہ ان کا حق ہے ۔ ہم ان کے ساتھ کوئی

رعایت نہیں کر رہے اور نہ ہی ہم ان پر کوئی احسان کر رہے ہیں انہوں نے اپنے عزیز وطن کے لئے جان کی بازی لگا کر یہ حق حاصل کیا ہے۔ جناب والا۔ میری عادت نہیں کہ تلخ نوائی کروں اور اگر کوئی کرے تو میں تلخ نوائی برداشت کر لیتا ہوں۔ اس سلسلہ میں مجھ سے اگر کوئی ایسا لفظ کہا گیا ہو تو مجھے افسوس ہو گا۔ میں نے اپنے خیالات کا اظہار بڑی احتیاط سے کیا ہے اگر اس سے یہ تاثر پیدا ہوا ہے کہ اس ریزولیوشن کا مقصد ex-service-men یعنی کرنل یا جرنل سے ہے تو میں یہ عرض کروں گا کہ اس کا یہ مقصد نہیں۔ اس کا مقصد یہ ہے کہ جن کے متعلق آپ تڑپ رہے ہیں اور ہم نے بھی رونا رویا ہے یعنی عام فوجی سپاہی حوالدار یا دفعدار کی معاشی حالت کی بحالی کے لئے کوشش کرنا ہماری قوم کا اخلاقی فرض ہے بلکہ حکومت اور عوام دونوں کا فرض ہونا چاہیئے کہ کوشش کریں۔

اس سلسلہ میں ان چند الفاظ کے ساتھ میں اس ریزولیوشن کی تائید کرتا ہوں اور گذارش کرتا ہوں کہ اس کو بالاتفاق رائے پاس کر دیں تا کہ حکومت اعلان کر دے۔ جہاں تک بعض دوستوں کے اظہار خیال کا تعلق ہے میں سمجھتا ہوں کہ ان کے متعلق کچھ عرض کر دوں۔

اس ریزولیوشن کے پیش کرنے کے بعد جب میں نے oppose کا لفظ سنا تو میں حیران ہو گیا اور میں نے سوچا کہ میرے دوست جن کے متعلق میں بے حد بلند رائے رکھتا ہوں انہوں نے ایسا کیوں کیا۔ لیکن جس وقت انہوں نے تقریر فرمائی تو میری سمجھ میں ان کی بات آ گئی۔ دراصل ان کو اس کے اصول سے اختلاف نہیں تھا۔ بلکہ انہوں نے اس موقع سے فائدہ اٹھا کر چند تاثرات دینا چاہے ہیں۔ جس وقت انہوں نے oppose کہا تھا تو میری سمجھ میں بات نہیں آئی تھی۔ کہ انہوں نے کیوں oppose کیا ہے۔ شاید اس کا مطلب یہ ہو کہ وہ ہمارے متعلق جو خیال رکھتے ہیں یہ چیز اس کا اظہار ہو ہم تو ان کے متعلق حسن ظن رکھتے ہیں کہ وہ بہت اچھے آدمی ہیں۔

ایک معزز ممبر - وہ ہنس رہے ہیں - شاید آپ کی باتوں کو قبول کرتے ہیں -

وزیر زراعت - اس وقت ان کے چہرے پر مسکراہٹ ہے لیکن یہ ہنسی تک نہیں پہنچی - بہر حال جناب والا - حکومت کی طرف سے اور پارٹی کی طرف سے اس ریزولیوشن کی تائید کی جاتی ہے - آپ از راہ کرم معزز ایوان کی رائے معلوم کر کے اس کی منظوری کا اعلان فرما دیں -

Mr. Speaker : I will now put the resolution to the vote of the House. The question is—

> That this Assembly is of the opinion that effective steps should be taken by the Provincial Government to implement the instructions of the Central Government regarding employment of the ex-service-men in Civil Organisations.

The motion was carried.

RE :-AMENDMENT IN THE GOVERNMENT OF WEST PAKISTAN RULES OF BUSINESS SO AS TO GIVE THE STATUS OF AN INDEPENDENT SECRETARIAT TO THE SECRETARIAT OF THE PROVINCIAL ASSEMBLY OF WEST PAKISTAN

Mr. Speaker : Next resolution was from Diwan Syed Ghulam Abbas Bokhari. He has authorised Chaudhri Muhammad Idrees to move it. Yes, please.

Chaudhri Muhammad Idrees : Sir I beg to move—

> That this Assembly is of the opinion that the Government of West Pakistan Rules of Business should be amended so that the Secretariat of the West Pakistan Provincial Assembly should cease to be an Attached Department of the Law Department and instead it should be given the status of an independent Secretariat under the control of the Speaker of West Pakistan Provincial Assembly.

Mr. Speaker : Resolution moved is—

> That this Assembly is of the opinion that the

Government of West Pakistan Rules of Business should be amended so that the Secretariat of the West Pakistan Provincial Assembly should cease to be an Attached Department of the Law Department and instead it should be given the status of an independent Secretariat under the control of the Speaker of West Pakistan Provincial Assembly.

خواجہ محمد صفدر ۔ میں اسے oppose کرتا ہوں ۔

وزیر زراعت و خوراک (ملک خدا بخش) ۔ آج کی آپوزیشن کچھ عجیب سی ہے ۔ میں حمزہ صاحب سے توقع رکھ سکتا تھا مگر آپ کے متعلق توقع نہیں تھی آپ تو oppose نہ کریں ۔

خواجہ محمد صفدر ۔ جناب والا ۔ میری آپوزیشن اس لئے ہے کہ حکومت کو عوام کے خیالات سے باخبر کیا جائے ۔ نیز ہمارے دوست اس ریزولیوشن کے متعلق اپنے خیالات کا اظہار فرما سکیں ۔

ملک محمد اختر ۔ پوائنٹ آف آرڈر ۔ جناب سپیکر ۔ اس میں ہاؤس کی پرولیج کا مسئلہ ہے ۔ ہم چاہتے ہیں کہ اس پر بحث کی جائے کیونکہ ہم unanimously پاس کرکے اس ریزولیوشن کو kill نہیں کرنا چاہتے ۔ اور یہ argue کرکے یہ حق منوانا چاہتے ہیں کہ یہ اسمبلی سیکرٹریٹ ایک independent ادارہ ہے ۔

Mr. Speaker : This is not a point of order. The Member will have a chance to speak.

چودھری محمد ادریس (جھنگ ۔ ۱) ۔ جناب والا ۔ جیسا کہ ابھی ہمارے قائد محترم نے فرمایا ہے کہ جب انہوں نے حمزہ صاحب کی زبان سے oppose کا لفظ سنا تو اس پر حیرانی ہوئی میں expect کر رہا تھا کہ اس ریزولیوشن کو جناب لا منسٹر صاحب oppose کریں گے لیکن انہوں نے oppose نہ کرکے حقیقت پسندی کا ثبوت دیا ہے جیسا کہ وہ اس ہاؤس میں ایسا ثبوت مہیا کرتے رہے ہیں ۔ اگر محترم خواجہ صاحب

نے بھی اسی طرح oppose کیا ہے کہ ہاؤس کے مختلف ممبران اپنے خیالات اور احساسات کا اظہار فرمائیں تو میں ان کا ممنون ہوں ۔

Khawaja Muhammad Safdar : Thank you.

چودھری محمد ادریس ۔ جناب والا ۔ اس اسمبلی کے سیکرٹریٹ کی اس پوزیشن کو ، جیسی کہ اس ریزولیوشن کے تحت ہم چاہتے ہیں ، پیش کرنے سے پہلے میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ اسمبلی کی موجودہ پوزیشن اس ایوان میں پیش کروں اور اس کا مقابلہ کروں کہ دنیا میں اس قسم کے دوسرے اداروں اور ہمارے ملک میں لیشنل اسمبلی اور ایسٹ پاکستان اسمبلی کی کیا حیثیت ہے ۔

صدر محترم ۔ دنیا کے بیشتر ممالک میں ماسوائے تین چار ممالک کے اور جتنے بھی قانون ساز ادارے ہیں ان اداروں کو بالکل independent اور آزاد status حاصل ہے ۔ اس سلسلہ میں ہمارے سامنے دو پہلو آتے ہیں ۔ ایک تو انتظامی امور اور دوسرے مالیاتی امور کے متعلق ہیں اور پھر یہ کہ ان اداروں کو دونوں امور میں کیا کیا اختیارات حاصل ہوتے ہیں ۔

جہاں تک انتظامی امور کا تعلق ہے اس کے لئے ہمیں دیکھنا ہوگا کہ انتظامی امور میں سیکرٹری آف اسمبلی اور سپیکر آف اسمبلی یا لیجسلیٹو ادارے کی کیا پوزیشن ہے ۔ اسی طرح مالیاتی امور میں اس بات کو دیکھنا ہوگا ۔ کہ ایک اسمبلی یا لیجسلیٹو ادارہ اپنے internal مالیات کے متعلق کس حد تک ان مالیات سے جو بجٹ میں اس کے لئے provide کئے جاتے ہیں خرچ کرنے کے اختیارات رکھتا ہے ۔

جناب والا ۔ جیسا کہ میں نے عرض کیا ہے ان دونوں امور کے متعلق دنیا کے بیشتر ممالک ماسوائے تین چار ممالک کے ہر ملک میں لیجسلیٹو ادارہ کو یہ اختیار حاصل ہے کہ انتظامی امور میں اپنے سیکرٹری یا کلرک آف دی ہاؤس کو اپنے subordinate کی appointments کے لئے ۔ ان کی

removal کے لئے disciplinary action کے لئے اور اس محکمہ کے smooth working کے لئے وہی status حاصل ہوتا ہے جو حکومت کے دوسرے کسی سیکرٹری کو حاصل ہوتا ہے ۔ اس طرح سے ان ملکوں میں ایک لیجسلیٹو ادارے کا سیکرٹری انتظامی لحاظ سے independent یعنی خود اختیار ہوتا ہے ۔ اور کسی دوسرے ادارے کے ماتحت نہیں ہوتا ۔ اس طرح مالیاتی امور میں بعض حالات میں سپیکر بیشتر ممالک میں ماسوائے تین چار ممالک کے خود مختار ہے ۔ اور بجٹ میں جو رقم allocate ہو کر اسمبلی کے خرچ کے لئے مقرر کر دی جاتی ہے سپیکر یا سیکرٹری کو بلا کسی supervision کے اور بلا کسی دوسرے ادارے کی انتظامی نگرانی کے certain rules کے تحت خرچ کرنے کا اختیار حاصل ہوتا ہے ۔

جناب والا ۔ میں اس سلسلہ پر دنیا کے ممالک کی تاریخ پیش نہیں کروں گا ۔ شاید کسی دوست یا حکومت کی طرف سے یا محکمہ یا کسی افسر کی طرف سے جو اس ریزولیوشن کی مخالفت کرے یہ دلیل دی جائے کہ دنیا کے ہر ملک کے حالات مختلف ہوتے ہیں ۔ ضروری نہیں کہ جو حالات دنیا کے دوسرے ممالک میں ہیں ہم بھی انہی حالات کو اپنے ہاں اپنا لیں ۔ ہمارے اپنے حالات ایسے ہیں جو دنیا کے دوسرے ممالک سے مختلف ہو سکتے ہیں ۔ اس لئے میں اس مسئلہ کو چھوڑ کر صرف پاکستان میں جو اس وقت اس کی حیثیت ہے یا اس سے پیشتر تھی اس کی طرف اس ہاؤس کے معزز ممبران کی اور آپ کی توجہ مبذول کرانا چاہتا ہوں ۔

جناب والا ۔ پاکستان میں سب سے پہلے کانسٹی ٹیوشن ۱۹۶۵ء میں بن کر enforce ہوا ۔ اس کانسٹی ٹیوشن کے provisions اور کانسٹی ٹیوشن کے تحت ان دونوں امور یعنی انتظامی اور مالیاتی امور میں اسمبلی سیکریٹریٹ کی کیا پوزیشن تھی آپ کے سامنے پیش کرتا ہوں ۔ جناب والا ۔ ۱۹۵۶ء کے کانسٹی ٹیوشن کے تحت لیشنل اسمبلی اور پراونشل اسمبلی کو ان دونوں امور میں ایک independent status حاصل تھا اور یہ خاص طور سے provide کیا گیا تھا کہ لیشنل اسمبلی اور پراونشل اسمبلی سیکریٹریٹ کا

independent status ہے ۔ اس سلسلے میں میں شیڈول ۱ ۔ پارٹ ۳ آئٹم نمبر ۷ ۔ جو نیشنل اسمبلی کے متعلق ہے اسے آپ کے سامنے پڑھتا ہوں جو انتظامی امور کے متعلق ہے ۔ جناب والا ۔ جو میں اب پڑھتا ہوں وہ مالی امور کے متعلق ہے :-

"The expenditure of the National Assembly, within the limits sanctioned under the Government of India Act, 1935, or within the limits of the Appropriation Act, for the time being in force, shall be controlled by the Assembly acting on the advice of its Finance Committee. The Finance Committee shall consist of the Speaker, as Chairman, the Minister of Finance and such other Members as may be elected thereto by the National Assembly. The Finance Committee may make rules regulating its own procedure."

اور انتظامی امور کے متعلق پراوبژن پیراگراف ۸ میں ہے :-

"T e National Assembly shall have its own Secretariat staff. The Parliament may, by law, regulate the recruitment and conditions of service of the persons appointed to the Secretariat staff of the National Assembly."

جناب والا ۔ فائننسز کے متعلق پراونشل اسمبلی کیلئے یہ اسمیں provision کیا گیا تھا :-

"The expenditure of a Provincial Assembly shall be controlled by that Assembly acting on the advice of its Finance Committee. The Finance Committee shall consist of the Speaker, the Minister of Finance and such other Members as may be elected thereto by the Provincial Assembly. The Finance Committee may make rules for regulating its own procedure."

اور اس قانون میں جناب والا اسمبلی سیکریٹریٹ کے انتظامی امور کے متعلق یہ تھا

"The Provincial Assembly shall have its own Secretariat staff. The Provincial Legislature may by law regulate the recruitment and conditions of service of the persons appointed to the staff of the Provincial Assembly."

جناب والا ۔ ۱۹۵۶ء کے کانسٹی ٹیوشن میں یہ بلا کسی ambiguity کے بلا کسی ابہام اور شک و شبہ کے یہ provide کیا گیا تھا کہ پراونشل اسمبلی کے سیکریٹریٹ کی حیثیت اور اس کا independent status ہوگا انتظامی امور میں بھی اور مالیاتی امور میں بھی ۔ اس کے متعلق یہ دلیل دی جا سکتی ہے کہ ۱۹۵۶ء کے کانسٹی ٹیوشن کا حوالہ دینا اس وقت مناسب نہیں ہے یہاں پر ۱۹۵۶ء کے کانسٹی ٹیوشن کا حوالہ relevant نہیں ہے ۔ وہ کانسٹی ٹیوشن ختم ہو چکا ہے ۔ abrogate ہو چکا ہے ۔ اب نیا کانسٹی ٹیوشن inforce ہے اس کے پیش نظر میں عرض کرتا ہوں کہ اس کے تحت موجودہ نیشنل اسمبلی کی کیا حیثیت ہے ۔ موجودہ کانسٹی ٹیوشن کے تحت اس وقت رول inforce ہیں اس کے مطابق نیشنل اسمبلی کے سیکریٹریٹ کو independent ڈیپارٹمنٹ کی حیثیت سے independent status حاصل ہے ۔ نیشنل اسمبلی کا سیکرٹری اسی طرح سے سیکرٹری ہے جس طرح سے مرکزی حکومت کا دوسرا سیکرٹری ہو ۔ بلکہ نیشنل اسمبلی کے سیکریٹریٹ کا سیکرٹری سیکرٹری to گورنمنٹ ہے ۔

جناب والا ۔ نیشنل اسمبلی کے سیکرٹری کی appointment سپیکر کے مشورہ سے ڈائرکٹ پریذیڈنٹ کرتا ہے اور اس کا appointment ڈائرکٹ سپیکر کے پاس آتا ہے ۔ جناب والا ۔ نیشنل اسمبلی کے سیکرٹری کو اپنے سٹاف پر وہی اختیارات حاصل ہیں جو مرکزی حکومت کے کسی سیکرٹری کو اپنے ڈیپارٹمنٹ کے متعلق اختیارات حاصل ہیں ۔ جناب والا ۔ نیشنل اسمبلی کا سیکریٹریٹ نیشنل اسمبلی کا سپیکر اور نیشنل اسمبلی کا سیکرٹری انتظامی اور مالیاتی لحاظ سے independent ہیں ان کی حیثیت کسی دوسرے ڈیپارٹمنٹ کے ماتحت نہیں ہے نہ ہی نیشنل اسمبلی کے سیکریٹریٹ پر کسی دوسرے انتظامی شعبہ کو کوئی کنٹرول حاصل ہے ۔

جناب والا ۔ ممکن ہے یہ کہا جائے کہ نیشنل اسمبلی اور پراونشل اسمبلی کے سیکریٹریٹ کا status ایک نہیں ہو سکتا اس کے لئے قواعد و ضوابط ہیں جو اس اسمبلی پر عائد نہیں ہو سکتے ۔ کیونکہ نیشنل اسمبلی ملک کا سپریم ادارہ ہے اس کے سیکریٹریٹ کی حیثیت independent ہو سکتی ہے ۔ میں اس اعتراض کو meet کرتے ہوئے یہ عرض کروں گا کہ اس ملک کے دوسرے صوبے میں یعنی ایسٹ پاکستان کے اسمبلی سیکریٹریٹ کی کیا حیثیت ہے ۔ اگر ایسٹ پاکستان کے سیکریٹریٹ کی حیثیت آزاد اور independent ڈیپارٹمنٹ کی ہو تو پھر کوئی وجہ نہیں کہ اس اسمبلی کے سیکریٹریٹ کی ایک آزاد اور independent پوزیشن نہ ہو اور کوئی وجہ نہیں کہ یہ سیکریٹریٹ لا ڈیپارٹمنٹ کے ماتحت یا سروسز اینڈ جنرل ایڈمنسٹریشن کے ماتحت ہو ۔ میں جناب والا ۔ ایسٹ پاکستان اسمبلی کے سیکریٹریٹ کی پوزیشن واضح کرنے کے لئے چند رول اس ایوان میں پیش کرتا ہوں ۔ جناب والا ۔ میں جن رولز کا حوالہ دوں گا ان کو میں ذرا تفصیل سے پڑھوں گا تاکہ کسی قسم کا ابہام باقی نہ رہے جناب والا ۔ ایسٹ پاکستان سیکریٹریٹ اور اسمبلی سیکریٹریٹ مختلف نہیں ہیں بلکہ میں رولز سے یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ اسمبلی سیکریٹریٹ کی پوزیشن بالکل independent ہے اور وہ کسی دوسرے انتظامی ادارے کے ماتحت نہیں ہے اسی طرح ویسٹ پاکستان اسمبلی کے سیکریٹریٹ کو بھی independent ہونا چاہئے اور اسے لا ڈیپارٹمنٹ کے اور سروسز اینڈ جنرل ایڈمنسٹریشن کے ماتحت نہ ہونا چاہئے ۔ جناب والا ۔ رول نمبر ۴ ۔ میں یہ provide کیا گیا ہے :۔

"The Speaker shall be the Administrative Head of the Assembly Secretariat."

جناب والا ۔ بالکل clear الفاظ ہیں اس رول کے جس میں یہ ایک mandatory پراویژن ہے ۔ پھر بجٹ کے متعلق اور مالی امور کے متعلق ایسٹ پاکستان اسمبلی کے سپیکر اور سیکریٹریٹ کی حیثیت ہے اس کے متعلق میں relevant رول پیش کرتا ہوں :۔

"There shall be a separate budget allocation for the Assembly Secretariat which shall be under the disposal of the Speaker. The Speaker shall exercise such financial powers in respect of such budgetory allocations as have been delegated to an Administrative Department."

یہ رول صاف ظاہر کرتا ہے کہ جہاں تک اسمبلی کے بجٹ کا تعلق ہے اس کی کنٹرولنگ اتھارٹی سپیکر ہوگا اور سپیکر کو اس بجٹ کے خرچ کرنے میں وہی اختیارات حاصل ہوں گے جو کسی Administrative ڈیپارٹمنٹ کے ہیڈ کو حاصل ہوتے ہیں ۔ اس کے بعد اسمبلی سیکریٹریٹ کے متعلق دوسری پوزیشن آتی ہے وہ انتظامی امور سے متعلق ہے اور ہمیں دیکھنا ہے کہ وہاں سپیکر اور سیکرٹری کے کیا اختیارات ہیں ۔ disciplinary action اور اسمبلی کی ورکنگ اور پروسیڈنگ کے متعلق یا ٹرانسفر کے متعلق اس کے لئے رول نمبر ۸ ۔ ہے اس میں یہ پراویژن ہے :-

"Subject to any direction that the Speaker may give, the Secretary shall exercise control over the subordinate staff of the Assembly Secretariat and shall be responsible for smooth working of the Assembly Secretariat."

اس رول نے اسمبلی کے سیکرٹری کو پورا اختیار دیا ہے کہ وہ ہر لحاظ سے اس ادارہ کا ایک independent head ہو اور کسی کے ماتحت نہ ہو بلکہ تمام اسمبلی سیکریٹریٹ اس کے ماتحت ہو ۔ نمبر ۹ تقرریوں کے متعلق ہے ۔ رول نمبر ۹ (۱) - - - -

"9. (1) Appointments to the posts specified in Schedule I, shall be made by the Governor in consultation with the Speaker on the recommendation of the Public Service Commission, where necessary."

یہ رول جناب بالکل اسی طرح کا ہے جس طرح کہ نیشنل اسمبلی کا

رول ہے ۔ لیشنل اسمبلی میں سیکرٹری کی تقرری پریذیڈنٹ کرتا ہے سپیکر کی concurrence سے ۔ اور مشرقی پاکستان میں سیکرٹری کی تقرری کرتا ہے گورنر سپیکر کے مشورے سے ۔ جناب والا ۔ باقی پوسٹوں کے متعلق اسی رول کا سب رول (۲) ہے :-

> "(2) All appoinments to posts in subordinate establishment of the Assembly Secretariat shall be made by the Speaker on the recommendation of the Board referred to in sub-rule (4)."

جناب والا ۔ تقرریوں کے متعلق مشرقی پاکستان کی تمام پوسٹوں کو تین حصوں میں تقسیم کر دیا گیا ہے ۔ ایک تو وہ حصہ ہے تقرریوں کا جن کی appointment گورنر کرتا ہے سپیکر کے مشورہ سے ۔ دوسری پوسٹوں کی appointment سپیکر کرتا ہے بورڈ کی concurrence اور مشورے سے ۔ اور تیسرے ایسا سٹاف ہے جن کی appointment سیکرٹری کرتا ہے ۔ یہاں پر رولز جناب والا ۔ واضح ہیں اور ان سے ثابت ہوتا ہے کہ جہاں کہیں مالیاتی امور کا تعلق ہے جہاں تک انتظامی امور کا تعلق ہے اور انتظامیہ امور میں subordinate officers کی تقرری ، ترقی اور تبادلے اور ان کا کنٹرول تو وہ اسمبلی سیکرٹری کا ہے اور جہاں تک بعض دیگر posts کا تعلق ہے ان کی appointments سیکرٹری کے مشورے سے سپیکر کرتا ہے ۔ اسی طرح مالی امور میں سپیکر کو اختیار حاصل ہے کہ جب بجٹ میں اسمبلی کے لئے allocations ہو جاتی ہیں تو اس کا Administrative Head ہوتا ہے اور ان کے خرچ کرنے کا اختیار بھی سپیکر کو ہوتا ہے ۔ جناب والا ۔ مغربی پاکستان میں اس کے بالکل برعکس صورت حال ہے وہ یہ ہے کہ ہمارے اس ادارے کا اس ہاؤس کا اس اسمبلی کا سٹاف نہ سپیکر کے ماتحت ہے اور نہ سیکرٹری کے ماتحت ہے بلکہ وہ ایک ڈیپارٹمنٹ کے ماتحت بھی نہیں ۔ یہ دو محکموں کے ماتحت ہے یعنی لا ڈیپارٹمنٹ اور ایس اینڈ جی اے ڈی ۔ تو اسمبلی کا محکمہ یہاں بطور attached department کے کام

کرتا ہے ۔ جہاں تک ملازمین کی تنخواہوں اور allocations اور دوسری مراعات کا تعلق ہے ان تمام چیزوں کا کنٹرول این اینڈ جی اے ڈی کا ہے اور جہاں تک تقرریوں اور ٹرانسفرز کا تعلق ہے ان پر لا ڈیپارٹمنٹ کا کنٹرول ہے یعنی وہ اسے کنٹرول کرتا ہے ۔ اس طرح سے جناب والا ۔ اس اسمبلی سیکریٹریٹ کی پوزیشن independent نہیں رہتی بلکہ یہ ان دو محکموں کا attached department ہو کر رہ گیا ہے ۔ اس لحاظ سے میں یہ سمجھتا ہوں کہ ویسٹ پاکستان اسمبلی سیکریٹریٹ کی پوزیشن ایسٹ پاکستان اسمبلی سیکریٹریٹ کی موجودہ پوزیشن کے مطابق نہیں ۔ نیشنل اسمبلی سیکریٹریٹ اور ایسٹ پاکستان اسمبلی سیکریٹریٹ ان دونوں کی پوزیشن independent ہے اور انتظامیہ اور مالیاتی امور میں بھی ہماری مغربی پاکستان اسمبلی کی یہ پوزیشن نہیں ہے ۔ جناب والا یہاں ایک سوال پیدا ہوتا ہے کہ اس میں فرق کیا پڑتا ہے ممکن ہے میرے دوسرے دوست اس مسئلہ پر مزید روشنی ڈالیں لیکن میں ایک بات کرنی چاہتا ہوں اور وہ یہ ہے کہ میں پوری ذمہ داری سے عرض کرنے کی جسارت کرتا ہوں کہ جب اس اسمبلی سیکریٹریٹ کے ملازمین کا independent status نہیں ہے ۔ اس اسمبلی کے سیکرٹری کی پوزیشن ویسٹ پاکستان گورنمنٹ کے سیکرٹری کی طرح نہیں ہے بلکہ وہ ایک attached department کے سیکرٹری کی حیثیت ہے اور وہ ان کی نگرانی میں کام کرتا ہے تو پھر میں یہ کہنے میں حق بجانب ہوں کہ اب اس اسمبلی سیکریٹریٹ کے ملازمین ہمارے حقوق کی اور اس ہاؤس کے حقوق کی بجائے اپنے ان نگران افسران کے حقوق کی حفاظت زیادہ کریں گے جن کے ماتحت وہ کام کرتے ہیں اور اگر اسمبلی سیکریٹریٹ کی independent position ہو جائے تو پھر یہاں کا سٹاف independent حیثیت میں بلا کسی نگران اعلیٰ کے ۔ بلا کسی خوف و خطر کے اپنے فرائض کو زیادہ اچھے اور احسن طریق پر اور اپنے حقوق کی زیادہ حفاظت کرتے ہوئے زیادہ دیانتداری سے زیادہ ایمانداری سے سر انجام دے سکے گا ۔ جہاں تک مالیات کا تعلق ہے میں ہاؤس کی توجہ صرف ایک مسئلہ کی طرف مبذول کرانا چاہتا ہوں کہ اسمبلی کے ممبران کی خواہش ہے اور جناب کی بھی

خواہش تھی بلکہ ایک proposal تھی کہ پیپل میں ٹیلیفون مہیا کرنے کے لئے ایکسچینج مہیا کر دیا جائے ۔ اس پر ۵/۶ ہزار روپیہ کا خرچہ تھا اس سے زیادہ نہیں ہو سکتا تھا لیکن وہ منظور اس لئے نہیں ہو سکی کہ اس کے متعلق نہ آپ کو اختیار تھا نہ سیکرٹری کو تھا ۔ اس لئے میں اس ریزولیوشن کی پر زور تائید کرتا ہوں اور اس کی حمایت کرتا ہوں ۔

خواجہ محمد صفدر (سیالکوٹ ۔ ۱) ۔ جناب صدر محترم ۔ ادریس صاحب کی فاضلانہ تقریر کے بعد کوئی زیادہ گنجائش نہیں کہ اس مسئلے کے متعلق کچھ کہا جائے لیکن میں نے چونکہ اس ایوان میں ابھی تھوڑی دیر ہوئی جب چودھری صاحب نے یہ تحریک پیش کی تھی اس کی مخالفت میں آواز اٹھائی تھی اس لئے میں یہ چاہتا ہوں کہ میں اپنے خیالات موضوع زیر بحث کے متعلق اس ایوان میں پیش کر دوں ۔ جناب والا ۔ یہ امر پولیٹیکل سائنس کے محکمات میں سے ہے کہ ہر جمہوری ملک یا وہ ملک جو اپنے آپ جمہوری ہونے کا دعویٰ کرتا ہے اس ملک میں انتظامیہ ۔ مقننہ اور عدلیہ علیحدہ علیحدہ ہوں ۔ اس سے صرف یہ مراد نہیں کہ ایک لیجسلیٹو اسمبلی ہو اور ایک ہائی کورٹ ہو اور وزارت ہو بلکہ یہ کہ کسی طور پر بھی حکومت کا ایک حصہ دوسرے حصے پر اثر انداز نہ ہو سکے ۔ اس بنیادی اصول کو پیش نظر رکھتے ہوئے دنیا بھر کے پارلیمانی اداروں کو نہ صرف ان کے فرائض میں آزاد رکھا گیا ہے بلکہ ان اداروں کی کارکردگی کو بخوبی سرانجام دینے کے لئے ان کے سیکرٹریٹ کو بھی صوبہ یا ملک کے عام انتظامیہ سے علیحدہ رکھا گیا ہے ۔ جناب والا ۔ یہ ایک ایسا مطالبہ ہے جو کہ اس برصغیر میں آج سے تقریباً ۴۰ سال قبل انگریز حکمرانوں نے تسلیم کیا ۔ جناب والا ۔ ۱۹۲۸ء میں سنٹرل اسمبلی یعنی الڈین سنٹرل اسمبلی میں ایک پرائیویٹ ممبر کی قرار داد پر حکومت سے یہ سفارش کی گئی کہ اسمبلی کے سیکریٹریٹ کو دوسرے محکموں کی نگرانی سے آزاد کیا جائے اور اسے بھی وہی درجہ دیا جائے جو کہ گورنمنٹ کے دوسرے محکموں کا تھا ۔ اس زمانہ میں یہ مطالبہ کیا گیا کہ ان امور میں اسمبلی کے سیکرٹری کو وہی اختیارات حاصل ہوں

جو گورنمنٹ کے دوسرے سیکرٹریوں کو حاصل ہیں ۔ اس زمانہ میں یہ بھی مطالبہ کیا گیا ۔ کہ مالی امور میں اس سیکرٹریٹ کو اس حد تک آزاد رکھا جائے کہ بجٹ میں پروویژن ہونے کے بعد دوسرے سیکرٹریوں کی طرح اسمبلی کا سیکرٹری بھی خود مختار ہو اور اس پر وہی حدود و قیود ہوں جو دوسرے سیکرٹریوں پر ہیں ۔ نہ یہ کہ اسے کسی دوسرے سیکرٹریٹ کا یا کسی دوسرے محکمہ کا دم چھلا بنا دیا جائے یا نتھی (ب) بنا دیا جائے۔ جناب والا ۔ اس زمانہ میں یعنی ۱۹۲۸ء میں یہ مطالبہ کیا گیا کہ اسمبلی کے پریذیڈنٹ کو ۔ اس زمانے میں اسے پریذیڈنٹ کہتے تھے آج اسے سپیکر کہتے ہیں ۔ تمام اعلیٰ عہدے داروں کی تقرری کے متعلق جو اسمبلی کے سیکرٹریٹ سے منسلک ہوں گورنر کو سفارش کرنے کا اختیار ہو نہ کہ کسی ایگزیکٹو کونسلر کو ۔ اس زمانے میں ایگزیکٹو کونسلر ہوتے تھے وزیر نہیں ہوتے تھے ۔ اسمبلی کے پریذیڈنٹ اور گورنر جنرل کے مابین جو خط و کتابت ہو اس کے درمیان کسی کو آنے کی اجازت نہ ہو ۔ یعنی جہاں تک اسمبلی سیکرٹریٹ کا تعلق ہے ایڈمنسٹریشن کے معاملات میں صدر اسمبلی کو ایک ایگزیکٹو کونسلر کی حیثیت حاصل ہو جناب سپیکر ۔ انگریز حکمرانوں نے آج سے ۴۰ سال قبل یہ مطالبہ منظور کیا شاید میرے بعض دوست شک و شبہ میں مبتلا ہوں ۔ اس لئے میں یہ چاہتا ہوں کہ اس زمانے کے مباحثات میں سے چند ایک سطور ان کے سامنے پیش کروں میرے پاس لیجسلیٹو اسمبلی ڈیبیٹ ۱۹۲۸ء ۱۷ تا ۲۵ ستمبر ہے اس کے صفحہ ۱۲۴۹ پر وہ ریزولیوشن درج ہے جو پنڈت موتی لال نہرو آنجہانی نے اسمبلی میں پیش کیا میں اس کی تمام تر دفعات تو نہیں پڑھوں گا صرف چند ایک پڑھتا ہوں ۔ دراصل میری مخالفت کی ایک وجہ یہ بھی تھی کہ جو قرار داد ہمارے سامنے اس وقت پیش ہے وہ مبہم سی ہے ۔ اس سے یہ ظاہر نہیں ہوتا یا واضح طور پر ظاہر نہیں ہوتا کہ اسمبلی کیا چاہتی ہے ۔ یا یہ معزز ایوان حکومت سے کیا مطالبہ کرتا ہے ۔ اس لئے میرا خیال ہے کہ اگر موجودہ قرار داد کو بھی اسی طرح سے ڈرافٹ کیا جاتا تو وہ زیادہ بہتر ہوتی ۔

"This House is strongly of opinion :

(a) that a separate Assembly Department should be constituted not later than 1st December, 1928 ;"

(1) that the Assembly Department should be included in the portfolio of the Governor-General ;

یہ میں اس لئے پڑھ رہا ہوں کہ میری بعد کی گفتگو کا اس سے کچھ تعلق ہوگا ۔

(2) that the principal officers of the Department should be appointed by the Governor General in consultation with the President ;

(3) that these principal officers shall be liable to dismissal ;

(a) by the Governor-General in consultation with the President ;

(b) that other disciplinary action against these officers should be in the hands of the President subject to a right of appeal to the Governor-General ;

(4) that other members of the establishment should be appointed by the President in consultation with the Secretary ;

(5) that these other members of the establishment shall be liable to be dismissed or otherwise punished, by the President in consultation with the Secretary, subject to a right of appeal to the Governor-General ;

اور مالیاتی امور کے متعلق ۔

(6) that questions of expenditure should be dealt with in the ordinary manner, but in case of difference of opinion on any item of expenditure between the President and the Government of India there should be a reference to the Governor General, whose decision shall be final ;

تو جناب والا ۔ اس تحریک پر تقریر کرتے ہوئے پنڈت موتی لال نہرو نے فرمایا ۔

"Honourable Members will, I hope, be agreed that in spite of the peculiar position of this Assembly, and its limited powers, it is in no sense subordinate to the Government and that it is an Assembly the Members of which have equal rights, no Member having any superior rights to another Member. It is therefore only proper and in the fitness of things that the establishment attached to the Assembly should also be independent of Govt. control. In fact, that is so in the House of Commons and I suppose—though I am not quite sure — in the other representative Legislatures. Therefore, the one thing that we have to ensure is independence of not only the Assembly but of everything appertaining to the Assembly — its office and establishment—from the control of Government. The motion that I have put before the House goes a long way to secure that independence, but of course, not the whole way, and that is due to the peculiar conditions in which we find ourselves."

تو حقیقت یہ ہے کہ پنڈت موتی لال نہرو نے جن حدود و قیود کا احساس اس زمانے میں کیا تھا ۔ مجھے بھی ان کا کچھ احساس ہے ۔ میں کسی آئینی بحث میں نہیں پڑنا چاہتا ۔ لیکن جو آئین اس وقت موجود ہے اس کے اندر رہتے ہوئے بھی -- بغیر اسے ترمیم کیے ہم اس حد تک کامیاب ہو سکتے ہیں کہ اس اسمبلی کے سیکرٹریٹ کو ہم دوسرے محکمہ جات کے کنٹرول سے آزاد کرا سکتے ہیں ۔ اور جہاں تک اس سیکرٹریٹ کے ملازمین کی تقرری ۔ تبادلے اور ان کے الاؤنسوں اور تنخواہوں کا سوال ہے ان کے سلسلہ میں ہم سپیکر صاحب کے لئے وہی اختیارات حاصل کر سکتے ہیں ، جو کہ ایک منسٹر صاحب کے ہیں ۔ مجھے اپنے محترم بھائی چودھری محمد ادریس صاحب سے یہ بھی اختلاف ہے ۔ میں جناب سپیکر کو گورنمنٹ

کے سیکرٹری کے لیول پر نہیں رکھنا چاہتا ۔ میری رائے میں محترم سپیکر کا مرتبہ اور رتبہ گورنمنٹ کے ایک منسٹر کے برابر ہونا چاہئیے ۔ اور اسمبلی کے سیکرٹری کا مرتبہ ، رتبہ اور اختیارات گورنمنٹ کے ایک سیکرٹری کے برابر ہونے چاہئیں ۔ میری رائے میں یہ زیادہ احسن اور زیادہ بہتر ہو گا جناب والا ۔ اس ریزولیوشن پر مختلف دوستوں نے تقریریں کرتے ہوئے اپنے خیالات کا اظہار فرمایا ۔ اس زمانے میں یوروپین گروپ کے لیڈر ایچ ۔ جی کاک تھے ۔ ان کی تقریر سے میں ایک سطر پیش کرتا ہوں :۔

> "I support this motion thoroughly in principle, and I am quite sure that the separation of the Assembly Office is a sound thing to accomplish."

اور مولوی محمد یعقوب صاحب کی تقریر سے بھی ایک سطر پڑھے دیتا ہوں ۔

> "It is now an admitted fact that the separation of the office of the Legislative Assembly and the Legislative Department is very essential and desirable, and therefore this fact need not be argued at all..... "

مولوی صاحب یہاں تک کہہ گئے ہیں کہ اس پر مزید بحث کی ضرورت ہی نہیں ہے ۔ گورنمنٹ کو اسے فوری طور پر مان لینا چاہئیے ۔چونکہ میرے پاس وقت کم ہے اس لئے میں اختصار سے عرض کروں گا کہ میں کیا چاہتا ہوں ۔ جناب والا ۔ میں ذاتی طور پر یہ چاہتا ہوں کہ موجودہ صورت حال کو جیسا کہ محترم چودھری ادریس صاحب نے تجویز کیا ہے فوری طور پر تبدیل کر دیا جائے اور اس اسمبلی سیکرٹریٹ کو نیشنل اسمبلی اوز مشرقی پاکستان اسمبلی کے سیکرٹریٹ کی سطح پر لایا جائے ۔ مختصر یہ ہے کہ جتنے انتظامی امور ہوں ان میں سپیکر صاحب کو وہ تمام اختیارات ہوں جو کہ گورنمنٹ کے وزرا صاحبان کو اپنے اپنے محکموں کے متعلق حاصل ہیں ۔ اور اسمبلی کے سیکرٹری صاحب کو اسمبلی سیکرٹریٹ کے انتظامی معاملات کے متعلق وہ تمام اختیارات حاصل ہوں جو کہ

گورنمنٹ کے ایک سیکرٹری کو اپنے محکمے کے متعلق حاصل ہیں ۔ جہاں تک کہ مالی امور کا تعلق ہے میں نہایت اختصار سے یہ عرض کروں گا کہ مالی امور میں میں اپنے محترم دوست چودھری ادریس صاحب سے کلی طور پر اتفاق نہیں کر سکتا ہوں یہ ٹھیک ہے کہ یہ امر کسی حد تک موجودہ حالت میں بہتر ہو گا کہ جو کچھ بجٹ میں رکھ دیا گیا ہے اس کا انتظام اور انصرام جو ہم نے انتظامی امور کے متعلق کیا ہے جناب سپیکر ۔ اور جناب سیکرٹری صاحب کے ہاتھ میں ہو ۔ لیکن میں اس سے ایک قدم آگے جانا چاہتا ہوں ۔ در اصل مالی امور میں فائیننس ڈیپارٹمنٹ کو ہر ڈیپارٹمنٹ کے مقابلے میں زیادہ اختیارات حاصل ہیں اور اسمبلی سیکرٹریٹ کے متعلق ہم یہ چاہتے ہیں کہ فائیننس ڈیپارٹمنٹ کو وہ اختیارات حاصل نہ ہوں یا اگر ہوں تو اس حد تک کہ اگر اس سیکرٹریٹ کا بجٹ سپیکر صاحب اپنے دفتر سے تیار کراکے اپنی سفارشات کے ساتھ فائیننس ڈیپارٹمنٹ میں بھیجیں تو اس صورت میں فائننس ڈیپارٹمنٹ کو یہ حق حاصل نہ ہو کہ وہ اس بجٹ میں کمی کر سکے ۔ اور اگر وہ بجٹ کے اندر کمی کی تجویز کرے تو اس کا فیصلہ گورنر صاحب خود کریں ۔ چنانچہ اس لحاظ سے ہم یہ چاہتے ہیں کہ فائننس کے معاملات میں یہ بات خاص طور سے توجہ طلب ہو کہ اگر فرض کیجئے کہ یہ سیکرٹریٹ مالی اعتبار سے دس لاکھ روپیہ کی ضرورت محسوس کرتا ہے لیکن فائننس کا محکمہ اس سلسلے میں کل دو لاکھ کی منظوری دیتا ہے تو اس صورت میں جناب والا ۔ مالی خود مختاری کہاں گئی ۔ اور نہ اس دفتر کی خودمختاری باقی رہیگی جناب والا آپ صرف اس ایوان کے ہی نہیں بلکہ اس ایوان کے صدر ہونیکی حیثیت سے سارے مغربی پاکستان کے واحد نمائندے ہیں ۔ اگر ایک ایسا شخص جس کو نمائندگی کا اس حد تک شرف حاصل ہو ۔ اگر اس کی رائے پر ایک دوسرے وزیر صاحب نے لکیر کھینچ دینا ہے ۔ تو میرے خیال میں یہ نامناسب ہو گا ۔

اس لئے مناسب یہ ہو گا کہ اگر کسی وقت بجٹ کے معاملات میں جناب سپیکر صاحب اور فائیننس منسٹر صاحب میں اختلاف ہو تو اس اختلاف

کو رفع کرنے کے سلسلے میں ایسے معاملات کو گورنر صاحب کے پاس بھیجا جائے جن کا فیصلہ حتمی ہو گا ۔ آخر میں جناب والا ۔ میں یہ عرض کروں گا کہ مغربی پاکستان کے متعلق عام طور پر تاثر یہ ہے کہ یہ بہت خاموش سا، کم گو سا اور unassertive سا صوبہ ہے ۔ برخلاف اس کے مشرقی پاکستان اپنے آپ کو assert کرکے وہ تمام امور گورنمنٹ سے منوا لیتا ہے جن کا وہ مطالبہ کرتا ہے تو کوئی وجہ نہیں ہے کہ اگر اس اسمبلی کے یہ تمام معزز اراکین اس مسئلے پر متفق ہوں تو گورنمنٹ کسی صورت میں انکار کرنیکی جسارت اور جرات نہیں کر سکتی ہے ۔ اس لئے میں اپنے دوستوں سے یہ درخواست کروں گا کہ وہ اپنی تقاریر میں اپنے اپنے خیالات کو واضح طور سے اس ایوان میں پیش کریں کہ آپ کیا چاہتے ہیں ۔ اور اصلی غرض میری اس تحریک کے پیش کرنیکی یہ تھی کہ ایوان میں وہ تمام احساسات ۔ وہ تمام خیالات جو ہمارے دلوں میں ہیں وہ ہم واضح طور پر پیش کر سکیں تاکہ حکومت اور اس کے عمال پر وہ واضح ہو سکے ۔

Mr. Ahmedmian Soomro (Jacobabad-II) : Mr. Speaker, the resolution brought forward today is no doubt a step further in the progress of democracy and in the progress of the administration of this Province. Sir I am thankful to the Leader of the Opposition for his so-called opposition to this resolution, which, as he has expressed, was merely and very rightly to give an opportunity to this House to express its opinion on such an important matter. There is no doubt that in spite of the so-called opposition, the Leader of the Opposition, and in fact I think the whole House without a single exception, would wholeheartedly support this progressive move.

Sir, my friend, the mover, Chaudhri Muhammad Idrees, has dealt in detail with the various aspects of this resolution leaving very little scope, which again to a great extent was coverd by the Leader of the Opposition. But I would like to make my humble contribution to this very important matter, which is before this Assembly today.

Sir, I am confident that our present Governor, who has always respected the wishes of this House, would not allow any delay in implementing the unanimous decision of this House, particularly when it leads to progress of democracy, to progress of the administration, to progress of the legislature. Sir, a country, a Nation for its progress must have two fold inherent basis. The very first is the independence

and supremacy of the judiciary, and next is the independence and supremacy of the legislature. Unless the executive is made to feel that its sovereignty is subject to the control of the legislature, no country can expect to progress, and the sooner emphasis is laid on this fact that the supremacy of the legislature has to be safeguarded, the better it would be. It has repeatedly been pointed out even by our worthy President that it is these legislatures, which comprise the representatives of the people, and the will of the people cannot be set aside if the Nation, if the country is to progress. Sir, it is very unfortunate that this matter had come up about five years back and those at the helm of affairs of this province at that time, those in charge of the Law Department at that time, for personal reasons, I would say personal power hungry reasons sought to set aside and not accede to such an essential progress, a major progress in the functioning of the legislature.

Sir, in order to make the legislature really achieve its purpose it has to be independent. That is why the Speaker is, by convention, supposed to be a non-Party man so that he can see that the rules which govern the procedure and the noble conventions that are laid down from time to time are carried out. Therefore, he, while being ushered into this high office, is made to swear that he shall, without fear or favour, abide by the Constitution and perform his duties accordingly. To implement this it is necessary that the Secretariat with which the Speaker has to work, which is the machinery, must be at his command. A General must have the forces at his command. The Speaker, to serve the purpose for which he is meant, must have the Secretariat at his command. We have so in the National Assembly. When we have adopted the Rules of Procedure of the National Assembly why we are not adopting this procedure? It is because the then authorities did not want to part even with this small power. Today, the Speaker who is presiding over this august House, who is presiding over a House which rules the destinies of this Province, who sanctions the Budget for the whole Province, has not got the power to appoint even a peon or the Secretary has not even the power to go direct to the Finance Department for the post of a peon. He has to route it through the Law Department. Are these the curbs or are these the brakes that should be applied in a democratic country; in a country where we have conventions before us and where we have examples before us of our own National Assembly? Why should the Government, why should the Law Department, not support this Assembly in saying that "yes, this Secretariat is concerned with the Assembly and Assembly alone"? Because you, Sir, represent the Assembly, because you have been elected to this office by the Assembly therefore, you, as representative of this Assembly, must be the Head of the Department. You must control this Department. Today, if anything goes wrong, if any notices are not received properly or any circular is not received properly, the Members would get up on a point of order and draw your attention to this fact. What can you do when

you have no control over the Secretariat? Can you do anything when you have no power to take any action against a clerk even? Then why such things should be pointed out to you? They should send their application regardig the complaint to the department concerned and get the reply in the next year. If you are to be made responsible for this, then it is only right that the Secretariat should be responsible to you.

I suggest, and fully agree with my learned friend Khawaja Mohd. Safdar, that the Assembly Secretariat and its finances should have no exterior interference. Once this august House sanctions an amount for the Assembly then it would be entirely up to the Speaker and the Assembly Secretariat to exercise control over that expenditure and no other authority should have any control over it. Sir, we have an example with us. I would say it is rather a shameful example but it did not occur in the days of my very revered friend for whom I have personal respects and regards, I mean the present Law Minister, and who has as far as possible tried to adhere to the wishes of the House and respect them. (*applause*) Sir, in the days, prior to his occupying this office, a delegation went to China wherein one of the representatives of this Assembly was also selected. One representative of the East Pakistan Assembly was selected. It was decided that the Provincial Assemblies, who have been given quotas, should finance their own representative. The East Pakistan Assembly did it but the Law Minister here said, "let him go if he wants to pay his own fare", and that Member, not only a Member but Parliamentary Secretary, had to keep his respect and pay his own fare to go and join a delegation comprising of representatives of other legislatures whose expenses were borne by the Provincial Assemblies they represented. Is this not a shame? Had the Assembly its own control, you would never have taken this decision. It is really shameful to say to a representative of the Assembly "you go and represent this Assembly in a foreign country but you pay your own fare". I don't think that there can be two opinions about this. With such examples before them, would the House not feel degraded and defamed that its representative, occupying this august place, should have no control over its own finances. Today, we have a Law Minister who respects this House but tomorrow if we have a man like his predecessor and he wants the Secretary or the Deputy Secretary to act according to his wishes and does not succeed in it, he may transfer any of them and bring here a Secretary or a Deputy Secretary of his own choice. The Secretary of the Provincial Assembly must have the status of any other Secretary of the Province. He must have the powers like any other Secretary in the Province and be subordinate directly to you without any outside interference. By this and this alone the independence of this Legislature can be maintained. As I said, after the Judiciary, the supremacy and independence of the Legislature must be maintained and this can only

be maintained when the person elected by this House to that esteemed office is incharge of the Secretariat of the Assembly and the expenses that are provided in the Budget for the Assembly are under the supervision and control of the Speaker and his Secretariat.

I, therefore, strongly support this Resolution and am confident that the Government would not delay this matter and would respect the unanimous sentiments of this House and immediately raise the Secretary of this Assembly to the status of any other Secretary of this Province and place the entire Secretariat, alongwith the annual funds, at the disposal of the Speaker and amend the rules of business accordingly.

ملک محمد اختر (لاہور - ۲) - جناب سپیکر - اس سے قبل بہت کچھ اس ہاؤس میں کہا جا چکا ہے - بہر حال جو کچھ بقایا رہ گیا ہے میں کوشش کروں گا کہ اس پر ہی اکتفا کروں -

جناب سپیکر - یہاں پر اس وقت تین مسائل درپیش ہیں - ایک مسئلہ تو یہ ہے اگرچہ میں اس کو کہتے ہوئے اچھا نہیں لگتا لیکن میں اس کو ریفر کرنا چاہتا ہوں - پہلا مسئلہ سپیکر صاحب کی غیر جانبداری - دوسرا مسئلہ یہ ہے کہ ممبران اپنے ان محدود حقوق سے جو کہ انہیں حاصل ہیں پوری طرح سے عہدہ برآہوں - تیسرا مسئلہ یہ ہے کہ جو مالی امور ہیں ان پر کسی دوسرے محکمہ کا کنٹرول ہونا چاہئے یا نہیں -

جناب والا - میں directly اس بات پر آتا ہوں کہ کانسٹی ٹیوشن کے آرٹیکل ۸۱ کا reference دے کر کچھ عرض کروں -

> "81. The Governor of a Province may -
>
> (a) Specify the manner in which orders and other instruments made and executed in pursuance of any authority or power vested in the Governor shall be expressed and authenticated ; and
>
> (b) regulate the allocation and transaction of the business of the Government of the Province and establish departments of that Government."

جناب والا - آرٹیکل ۸۱ کے تحت صفحہ ۵۳ پر یہ قرار دیا گیا ہے کہ

یہ اسمبلی کا سیکرٹریٹ ہے ۔ اور اس کے جتنے معاملات ہیں یہ لا ڈیپارٹمنٹ سے متعلق ہوں گے اور صفحہ ۵۵ پر یہ قرار دیا گیا ہے کہ ۔

Salaries, allowances and privileges of Speaker, Deputy Speaker, Members and Officials of the Assembly.

اب تک ہمارے جن لوگوں نے تقریریں کی ہیں انہوں نے اس معاملہ کو serious اور alarming قرار دیا ہے ۔

جناب والا ۔ یہ امر انتہائی افسوسناک ہے اور مجھے دکھ ہوتا ہے کہ یہ زیادتی کی گئی اور میرا نقطہ نگاہ جدا اور الگ ہے ۔ میں تین امور پر کچھ عرض کرنا چاہتا ہوں ۔ اول تو آئین کی رو سے ۔

جناب سپیکر ۔ آئین میں بھی ترمیم میرے نقطہ نظر سے ضروری ہے مگر وہ مرکزی حکومت کا کام ہے کم از کم میری تو یہ رائے ہے ۔ گورنر مغربی پاکستان کو آئین نے اختیار دیا ہے کہ وہ rules of business بنائیں ۔ اب گورنر صاحب ہی ان رولز میں فوری طور پر ترمیم کر سکتے ہیں وہ ترمیم کیا ہوگی ؟ جناب سپیکر ۔ وہ ترمیم یہ ہونی چاہئے کہ اسمبلی کے سپیکر کو چیف جسٹس آف ہائی کورٹ کا درجہ دیا جائے تاکہ وہ اپنے فرائض سے بخوبی عہدہبرآ ہو سکیں اصل میں جناب سپیکر ۔ آپ پہلے ہی ایوان میں بہ حیثیت جج کے کام کرتے ہیں آپ حکومت اور آپوزیشن کے درمیان ۔ واقعی ایک جج کا رول ہی play کرتے ہیں میرے نقطہ نظر سے تو کوئی وجہ نظر نہیں آتی کہ جناب سپیکر کو کیوں اپنے سٹاف کی منظوری کے لئے سول سیکرٹریٹ کے ماتحت رکھا جائے باقی رہا آپ کے سٹاف کا معاملہ تو میری دو سال سے دفتر کی تمام برانچوں میں آمد و رفت ہے ۔ رول ۷۳ کی رو سے جو حقوق دیئے گئے ہیں اور جو Privileges رول ۸۰ کے تحت دیئے گئے ہیں ۔ اس میں اسمبلی کے سٹاف کو سول سیکرٹریٹ کے ماتحت رکھا گیا ہے اور عملے کی salary وغیرہ کے لئے لاء ڈیپارٹمنٹ کی منظوری لینی پڑتی ہے اس لئے اگرکسی وقت اسمبلی کا سٹاف گورنمنٹ کے دباؤ میں آ کر آپوزیشن

سے تعاون نہ کرے جو وہ آج کر رہا ہے کیونکہ سیکرٹری صاحب پرانے تجربہ کار ہیں جنہوں نے آپوزیشن اور حکومت کے ماتحت کام کیا ہوا ہے ورنہ جب اس سٹاف کی removal اور promotion لاء ڈیپارٹمنٹ کے ماتحت ہے گو وہ تمام اخراجات کی منظوری لاء ڈیپارٹمنٹ اور سروسز اینڈ جنرل ایڈمنسٹریشن سے آتی ہے تو وہ سٹاف انہی کے دباؤ کے ماتحت آپوزیشن کی طرف بے رخی بھی دکھا سکتا ہے میرے اڑھائی سالہ تجربے میں تو کبھی ایسا موقع پیدا نہیں ہوا لیکن اگر کوئی لاء منسٹر یا ایڈمنسٹریشن ڈیپارٹمنٹ دخل اندازی کرنا چاہے تو وہ اس مشینری کو upset کر سکتا ہے اس لئے اسمبلی سٹاف کی recruitment سب کی سب جناب سپیکر کے ماتحت ہونی چاہئے - میں اس موقع پر یہ بات ریکارڈ پر لانا چاہتا ہوں کہ اسمبلی سٹاف نہایت غیر جانبداری سے کام کرتا ہے اسمبلی کے سیکرٹری کو دوسرے محکموں کے سیکرٹری کا درجہ ملنا چاہئے اس لئے میں چودھری محمد ادریس کے نیم دلانہ ریزولیوشن کی تائید کرنے کو تیار نہیں ہوں میرے نقطہ نظر سے یہ دفتر مکمل طور پر autonomous ہونا چاہئے اور اپنے امور میں خود مختار ادارہ قرار دیا جانا چاہئے -

جناب والا - میری تجویز یہ ہے کہ جب اسمبلی لاکھوں کروڑوں روپے کا بجٹ خود منظور کرتی ہے تو خود اسمبلی کے سٹاف کے خرچ کی منظوری بھی اسی طرح دے کر ریلوے بجٹ کی طرح ایک الگ بجٹ منظور کر لیا کرے یعنی جناب سپیکر - تین مختلف بجٹ منظور ہوا کریں ایک عام بجٹ - دوسرا ریلوے کا اور تیسرا اسمبلی سیکرٹریٹ کا - آئیے آج موقع ہے اس میں نہ تو میرا کوئی ذاتی مفاد ہے اور نہ ہی کسی موجودہ اہلکار کا یا جناب سپیکر کا ہی کوئی ذاتی مفاد ہے - کیونکہ وہ تو ان حدود و قیود کی موجودگی میں بھی جس نیک نیتی اور جس حوصلے اور ثابت قدمی اور انصاف سے اپنے فرائض کو سر انجام دے رہے ہیں ، ہمیں اس پر فخر ہے - (نعرہ ہائے تحسین) جناب سپیکر - میں چاہتا ہوں کہ مالی امور میں ہمیں مکمل آزادی ہو - جہاں ہم مغربی پاکستان کے متعلق لئے اخراجات کو

مسترد کر سکتے ہیں وہاں ہمیں یہ حق بھی حاصل نہیں ہے کہ ہم چند لاکھ روپے کے اخراجات خود منظور یا نامنظور کر سکیں ۔ اس کے علاوہ آپ کے سیکرٹری کا مسئلہ ہے ۔ آپ اندازہ فرمائیں کہ ہم آپوزیشن والوں کا سارا کاروبار لے دے کر براہ راست حکومت کے سیکرٹریوں یا بورڈ آف ریونیو کے ممبروں پر نکتہ چینی کرنا ہی ہے ۔ آپ کے سیکرٹری اپنی کہنہ مشقی کی وجہ سے اور اچھے ماحول دیکھے ہونے کی وجہ سے ، وہ کافی independent ہیں ۔ لیکن کیا حکومت کا کوئی سیکرٹری ان کو ڈپٹی سیکرٹری کے برابر بھی تصور کرتا ہے ۔ کیا وہ ان پر undue influence نہیں ڈال سکتے ۔ میرے نزدیک ایسا ہو سکتا ہے ۔ حکومت کے سیکرٹری اچھے بھی ہو سکتے ہیں لیکن ان میں بعض black sheep بھی ہوتے ہیں ۔ صدارتی نظام میں جو تھوڑا بہت جمہوری طریقہ رہنے دیا گیا ہے اگر تو اس کا احیاء اور بقا مقصود ہو ، تو ہمیں اس کے لئے یہ قدم اٹھانا ہوگا ۔ نہ تو ہم کوئی privileges مانگ رہے ہیں اور نہ ہی ہم آئین میں کوئی ترمیم کرنا چاہتے ہیں ۔ ہم صرف قواعد میں ترمیم چاہتے ہیں ۔ میرے نزدیک اگر جناب صدر مملکت نے اس صدارتی نظام میں فی‌الحقیقت اپنے ہی ان ممبروں کو جو کہ ان کے supporters ہیں اور جن کی تعداد اس ایوان میں ۱۴۵ یا ۱۴۶ سے بھی زیادہ ہے ، اگر اپنے ان ساتھیوں اور Lieutenants کو اختیارات دینے ہیں ۔ ۔ ۔ ۔ یہ کتنی مضحکہ خیز بات ہے کہ جناب کرمانی صاحب جو کہ میرے دوست بھی ہیں لیکن میں نے اصول کو ہمیشہ دوستی پر ترجیح دی ہے ، وہ اس دن کہنے لگے کہ میں اسمبلی سٹاف کے over-time کے معاملے پر غور کروں گا ۔ حالانکہ حقیقت یہ ہے کہ میں نے آپ کے عملے کو رات کے گیارہ گیارہ بجے تک کام کرتے دیکھا ہے ۔ میں نے ان سے رات کے دو دو بجے بھی ایجنڈا وصول کیا ہے اور مجھے ایسے واقعات بھی یاد ہیں کہ جب یہ بیچارے ان معزز اراکین کے ہاں ایجنڈے دینے گئے جو کہ گلبرگ میں رہتے ہیں ، جب آپ کے چپڑاسی ایجنڈا دینے گئے تو ان کو گلبرگ کی کوٹھیوں کے کتوں نے کاٹ کھایا لیکن اس کے باوجود وہ اپنے فرض سے کما حقہ عہدہ بر آ ہوئے ۔

جناب والا ۔ مجھے یہ خدشہ ہے کہ آج ہم نے اس قرار داد کو منظور نہ کیا تو جس طرح کہ "کشمیر چلو" کی تحریک چلی تھی جو کہ کشمیر کی تحریک کے علاوہ تھی ۔ ۔ ۔ ۔

ملک معراج خالد ۔ جناب والا ۔ کیا یہ ضروری نہیں ہے کہ اس وقت تقریروں پر کچھ پابندی عائد کر دی جائے تاکہ ڈیڑھ بجے سے پہلے پہلے ہمیں معلوم ہو سکے کہ اس قرار داد کے متعلق کیا فیصلہ ہونا ہے ۔

مسٹر سپیکر ۔ ملک اختر صاحب ۔ آپ بھی اپنی تقریر ختم کر لیں کیونکہ آپ کو تقریر کے لئے جو پندرہ منٹ دیئے گئے تھے وہ ختم ہو چکے ہیں اور پھر میں نے یہ بھی معلوم کرنا ہے کہ اور کون کون سے حضرات اس کے متعلق تقریر کرنا چاہتے ہیں ۔ یہ میں اس غرض سے پوچھنا چاہتا ہوں کہ اسی حساب سے وقت کو regulate کیا جا سکے ۔

Would the Minister of Law like to say something ?

Minister of Law : Not much.

Mr. Speaker : How many minutes would the Minister take ?

Minister of Law : I have not a long speech to make. I will speak after they have finished.

ملک محمد اختر ۔ جناب سپیکر ۔ جب ہم نے ہوش سنبھالا تو ہم نے "کشمیر چلو" کی تحریک دیکھی ، مسجد شہید گنج کی تحریک دیکھی اور آزادی پاکستان کی جد و جہد دیکھی ۔ اس وقت ان تحاریک کی ذرا سی جھلک ہی ہمارے اذہان میں باقی رہ گئی ہے یہ روائت ہے کہ جس پر یہ ایوان چل رہا ہے ورنہ قانونی پوزیشن کے مطابق تو آپ بھی بے اختیار ہیں ، آپ کا سیکرٹری بھی بے اختیار ہے اور آپکا عملہ بھی بے اختیار ہے ۔ مجھے افسوس ہے کہ وقت کی کمی کے باعث میں اس سے زیادہ اس قرار داد پر کچھ نہ کہہ سکوں گا حالانکہ اگر مجھے مزید بولنے کی اجازت ہو تو میں اس پر دو تین روز تک بول سکتا ہوں ۔ بہر حال میں یہ سمجھتا ہوں کہ نہ

صرف یہ کہ ہمیں گورنر مغربی پاکستان سے اس بارے میں درخواست کرنی چاہئے بلکہ ہمیں ان سے یہ مطالبہ کرنا چاہئے کہ اس قانون ساز ادارے کی آزادی کی خاطر ہمارے سپیکر صاحب کو چیف جسٹس کے برابر privileges دیئے جائیں اور ہمارے سیکرٹری کو حکومت کا سیکرٹری بنا دیا جائے تاکہ ان کا ماتحت عملہ ان کے ہی ماتحت ہو اور ہمارے تمام مالی امور ایک علیحدہ بجٹ کی شکل میں پیش کئے جائیں -

مسٹر سپیکر - اخوند صاحب - آپ کو کتنے منٹ درکار ہیں -

Minister of Law : I will take two minutes only. I have not a long speech to make.

Mr. Speaker : I thought the Minister had said that he wanted to make a long speech. Dewan Ghulam Abbas Bokhari.

دیوان سید غلام عباس بخاری (ملتان - ۷) - جناب والا - میں اس تھوڑے سے وقت میں اس اہم قرار داد کی تائید کرنے کے لئے کھڑا ہوا ہوں اور میں اپنے محترم بھائی چودھری محمد ادریس صاحب کی مکمل تائید کرتا ہوں - جیسا کہ جناب قائد حزب اختلاف نے فرمایا ہے ، ہمارے ملک کے موجودہ نظام کے تحت تین محکمہ جات ہیں کہ جن پر ہمارا انحصار ہے - یعنی مجلس قانون ساز ، عدلیہ اور انتظامیہ - تو مجلس قانون ساز کے سربراہ سپیکر ہیں ، عدلیہ کے سربراہ چیف جسٹس اور انتظامیہ کے سربراہ کے طور پر ہر وزیر اپنے محکمے کے متعلق امور میں با اختیار ہوتا ہے اور پھر ان کو گورنر کے سامنے جواب دہ ہونا پڑتا ہے - میری نظریں شرم سے جھک جاتی ہیں جب میں یہ دیکھتا ہوں کہ ہمارے اسمبلی سیکرٹریٹ پر نہ تو ہمارے سپیکر کو اور نہ ہی ان کے سیکرٹری کو انتظامی اور مالی معاملات میں اتنا بھی اختیار نہیں ہے جتنا کہ گورنمنٹ کے سیکرٹری یا ڈپٹی سیکرٹری کو اپنے اپنے اداروں پر اختیار حاصل ہے - حالانکہ مشرقی پاکستان کی مجلس دستور ساز کا سیکرٹریٹ آزاد ہے اور ہم سے زیادہ بہتر طریقے پر کام کر رہا ہے - مرکزی اسمبلی کے سیکرٹریٹ کا عملہ ہم سے

بہتر طریقے پر کام کر رہا ہے اور ہم سے زیادہ آزاد ہے ، تو مجھے اس بات کی سمجھ نہیں آتی کہ یہ سیکرٹریٹ کسی اور ادارے اور کسی اور سیکرٹریٹ کا محتاج کیوں ہے ۔ ان الفاظ کے ساتھ میں اس قرار داد کی پر روز تائید کرتا ہوں اور معزز ایوان سے یہ درخواست کرتا ہوں کہ وہ اس قرار داد کو جلد منظور کرے تاکہ ہمارے سپیکر کا عملہ مالی اور انتظامی امور میں مکمل طور پر با اختیار ہو سکے ۔

بابو محمد رفیق (لورالئی - سبی) - جناب سپیکر - میں اپنے معزز دوست دیوان سید غلام عباس بخاری صاحب کا مشکور ہوں کہ انہوں نے ایک نہایت اہم قرار داد اس ایوان میں پیش کی - جیسا کہ میرے محترم دوست احمد میاں سمرو صاحب نے فرمایا ہے - اور میں بھی ان کا ہمنوا ہوں کہ چاہئے تو یہ تھا کہ اس سلسلے میں بہت پہلے اقدامات کئے جاتے - کیونکہ ہم یہاں پر پانچ کروڑ عوام کے نمائندے ہیں اور ان کی آزادی کے ضامن ہیں لیکن ہمارا اپنا سیکرٹریٹ حکومت کے ایک محکمے کا غلام ہے - اور اسی وجہ سے ہماری گردن شرم سے جھک جاتی ہے - ہم عوام کو کیا جواب دے سکتے ہیں جب وہ ہم سے یہ کہیں گے کہ جب آپ اپنے سیکرٹریٹ کی آزادی کو بحال نہیں رکھ سکتے ہیں تو آپ ہماری آزادی کی ضمانت کیسے دیتے ہیں - اس موضوع پر چونکہ کافی لمبی چوڑی تقاریر دونوں جانب سے ہو چکی ہیں اس لئے میں یہی کہنے پر اکتفا کرتا ہوں کہ میں خواجہ محمد صفدر صاحب سے متفق ہوں کہ ہمارے تمام معاملات جو کہ آپ کے سپرد ہیں اور جو کہ آپ کے سیکرٹریٹ کے سپرد ہیں اور دوسرے محکموں کی طرح اپنے محکمے کے متعلق آپ کے اختیارات بھی ایک وزیر کے ہی ہونے چاہئیں اور آپ بلا واسطہ گورنر کو جواب دہ ہوں اور آپ کے سیکرٹری کے اختیارات گورنمنٹ کے سیکرٹری کے برابر ہونے چاہئیں - اور جہاں تک مالی امور کا تعلق ہے میں جسٹس کیانی صاحب کی مثال دوں گا تاکہ معلوم ہو سکے کہ فنانس ڈیپارٹمنٹ سے کیوں آزادی ملنی چاہئے - جسٹس کیانی مرحوم نے کہیں ذکر کیا تھا کہ ایک دفعہ ہائی کورٹ

کے ۱۵ ججوں نے تجویز پیش کی کہ ھائی کورٹ کی عمارت کی extension ہونی چاہئے - اس پر فنانس ڈیپارٹمنٹ کے ایک اسسٹنٹ نے نوٹ لکھ دیا کہ

The Finance Department cannot agree to this proposal.

اس اسسٹنٹ سے وہ معاملہ سیکشن افسر کے پاس پہنچا - اس نے initials کر دیئے - پھر ڈپٹی سیکرٹری سے ہو کر وہ سیکرٹری کے پاس پہنچا اور آخر کار ڈیپارٹمنٹ سے ھائی کورٹ کو یہ جواب دیا گیا - کہ

Finance Department do not agree to the proposal of the High Court.

آپ اندازہ لگائیں کہ ۱۵ جج ایک طرف اور فنانس ڈیپارٹمنٹ کا ایک اسسٹنٹ ایک طرف اور پھر بھی ان کی بات نہیں مانی گئی - میں سمجھتا ہوں کہ فنانس ڈیپارٹمنٹ کے اس قسم کے اختیارات سے آزادی ملنی چاہئے - میں اس ریزولیوشن کے لئے اپنے دوستوں کا ممنوا ہوں کہ اسمبلی سیکرٹریٹ کے متعلق تمام اختیارات سپیکر صاحب کے پاس ہونے چاہئیں تاکہ وہ جس طرح مناسب سمجھیں اپنی صوابدید سے فیصلہ کریں - ان الفاظ کے ساتھ میں اس تجویز کی حمایت کرتا ہوں -

Khawaja Muhammad Safdar : I propose Sir that the question be now put.

میں قائد ایوان سے استدعا کروں گا کہ وہ اپنے زرین خیالات کا اظہار کریں -

Mr. Speaker : I think there is no other person who wants to speak. Only the Law Minister is to make a statement.

Minister of Law (Mr. Allah Bachayo Ghulam Ali Akhund) : Sir I have always respected the wishes of the Members of this Assembly and also the Hon'ble Speaker in all matters ; in matters of appointment ; in matters of extension, and in all other matters. Wherever the Speaker has kindly condescended to write to me with regard to anything, I have tried to accommodate him even in preference to the viewpoint which may be existing anywhere else. In this manner we have always upheld the dignity of this House. We have respected the wishes of the House. Personally I am not for power of any type whatsoever, but whatever power is placed in my hands will be exercised always in consultation with you Sir.

Coming to the resolution, Sir, this is a matter, which needs closer examination because it is not only the Law Department, which is concerned. The Services and General Administration Department and the Finance Department are also concerned, and the matter will be very closely examined, and the sentiments and the views of the Members of this august House will be kept in view. The whole matter will be very carefully considered. This is all that I had to say Sir.

Mr. Speaker: I will now put the resolution to the vote of the House. The question is —

> That this Assembly is of the opinion that the Government of West Pakistan Rules of Business should be amended so that the Secretariat of the West Pakistan Provincial Assembly should cease to be an Attached Department of the Law Department and instead it should be given the status of an independent Secretariat under the control of the Speaker of West Pakistan Provincial Assembly.

The motion was carried.

RE: CONSTITUTION OF A COMMITTEE BY THE PROVINCIAL GOVERNMENT TO INQUIRE INTO THE INADEQUACY OF IRRIGATION FACILITIES FROM KHWESHKI LIFT IRRIGATION SCHEME OF TEHSIL NOWSHERA

Mr. Speaker: Next resolution is from Syed Abdul Khaliq. He has authorised Syed Inayat Ali Shah, to move his resolution.

سید عنایت علی شاہ ۔ جناب عالی ۔ میں تحریک کرتا ہوں ۔

کہ اس ایوان کی رائے یہ ہے کہ صوبائی حکومت
ایک کمیٹی تشکیل کرے جو پشاور ڈویژن سے
تعلق رکھنے والے دو اراکین صوبائی اسمبلی
ڈپٹی کمشنر پشاور چیف انجینئر اریگیشن
پشاور ڈویژن اور ایگزیکٹو انجینئر لفٹ اریگیشن
سکیم مردان پر مشتمل ہو اور جو تحصیل
نوشہرہ کی خویشکی لفٹ اریگیشن سکیم سے آبپاشی
کی ناکافی سہولتوں کے بارہ میں تحقیقات کرے

تا کہ ایسی اراضیات جو اس سے سیراب نہ ہو سکتی ہوں انہیں آبیانہ کی ادائیگی سے مستثنیٰ قرار دیا جائے ۔

Mr. Speaker : Resolution moved is -

> That this Assembly is of the opinion that a Committee consisting of two M.P.As. from Peshawar Division ; the Deputy Commissioner, Peshawar ; the Chief Engineer Irrigation, Peshawar Division and the Executive Engineer, Lift Irrigation Scheme, Mardan, be constituted by the Provincial Government to inquire into the inadequacy of irrigational facilities from Khwesbki Lift Irrigation Scheme of Tehsil Nowshera, so that the land which cannot be irrigated should be exempted from the payment of Abiyana.

Minister of Irrigation & Power : I oppose it Sir.

رانا پھول محمد خان ۔ پوائنٹ آف آرڈر ۔ جناب والا ۔ میں یہ عرض کروں گا کہ ایجنڈا کے نمبر چار پر ایک نہایت ہی مفید ریزولیوشن آ رہا ہے جو اس صوبہ کی ۸۵ فیصد آبادی کی بہبود کے لئے ضروری ہے ۔ ہمارا خیال تھا کہ مخدوم صاحب oppose نہیں کریں گے ۔ اور تمام ریزولیوشن زیر بحث آ جائیں گے اب امید ہے کہ کافی وقت لگ جائے گا اس لئے میری گزارش ہے کہ وقت بڑھا دیا جائے تاکہ سارے ریزولیوشن پیش ہو سکیں ۔

Mr. Speaker : This is upto the House. I am at the disposal of the House.

وزیر آبپاشی (مخدوم حمیدالدین) ۔ میں تھوڑی سی assurance دینا چاہتا ہوں ۔

Mr. Speaker : Alright ; if it is the sense of the House, the time is extended upto 2.00 p.m.

سید عنایت علی شاہ (پشاور - ۴) ۔ جناب عالی ۔ میرا ریزولیوشن خویشکی لفٹ اریگیشن سکیم تحصیل نوشہرہ کے متعلق تھا ۔ یہ سکیم ۱۹۵۱ء میں

بنی تھی اور اس سے ۴ دیہات سیراب ہوتے تھے ۔ اس میں خذدر ۔ خویشکی بالا ۔ خویشکی پائین ۔ اور نوشہرہ کلاں کی زمینیں تھیں ۔ اب اسے بدقسمتی سمجھئے یا حسن اتفاق سمجھیں یہ سکیم کامیاب نہ ہو سکی ۔ چنانچہ اس کا اثر یہ ہوا کہ دو سال کے بعد نمبرداروں نے تمام ڈھال باچھ گورنمنٹ کو واپس کر دیئے ۔ کیونکہ وہاں پر اتنا کافی پانی نہیں تھا کہ تمام اراضیات سیراب ہو سکیں ۔ اور لوگ مطمئن ہو سکیں یہ مسئلہ ایسا ہے کہ اس کے لئے ڈپٹی کمشنر صاحب وہاں گئے ممبران ریوینیو بورڈ وہاں پر گئے لیکن پھر بھی وہ مسئلہ ابھی تک جوں کا توں پڑا ہے اور بہت سے لوگوں نے ابھی تک نہ آبیانہ ادا کیا ہے کیونکہ ان کو پانی نہیں ملا ۔ نہ ان کو پانی ملا ہے اور نہ وہ آبیانہ دے سکتے ہیں ۔ اس صورت حال کے پیش نظر لوگوں میں مایوسی ، بے اطمینانی ، اور بے چینی پھیلی ہوئی ہے اس مسئلہ کا حل ضروری اور لازمی تھا تاکہ یہ معاملہ ادھر ہو جائے یا ادھر ہو جائے ۔ اس سلسلہ میں میری گذارش یہی تھی کہ ایک انکوائری کمیٹی مقرر کی جائے جس میں ڈپٹی کمشنر پشاور چیف انجینئر اریگیشن پشاور اور ایگزیکٹو انجینئر لفٹ اریگیشن سکیم مردان بھی ہوں ۔ اور دو ممبران صوبائی اسمبلی بھی ہوں تاکہ وہ اس کی تحقیقات فرمائیں اور اس کے بعد جیسے مناسب ہو کیا جائے ۔ اس میں صرف انصاف کے لئے ایک request کی گئی ہے ۔ یہ نہیں کہا گیا کہ جن لوگوں کی زمینوں کو پانی مل رہا ہے آپ ان کا مالیہ اور آبیانہ معاف کر دیں وہ قطعاً نہیں ۔ یہ ریزولیوشن سیدھا سادہ تھا اور نہایت ہی بے ضرر تھا اس میں صرف حصول انصاف کے لئے کمیٹی مقرر کرنا تھا ۔

لہذا ان وجوہات کی بناء پر مجھے امید ہے کہ حصول انصاف کی خاطر یہ ہاؤس میرے ساتھ co-operate کرے گا اور آپ انصاف فرمائیں گے ۔

Minister of Irrigation and Power (Makhdum Hamid-ud-Din) : Mr. Speaker, Sir, I submit that the specific relief sought through this resolution is that after the consitution of this Committee, as a result of it some part of the revenue, which is accruable to the Provincial Government by way of water rate from the people of that particular area, be exempted

from the assessment of that water rate. I asked for information from the department and I was intimated that whatever the command of this Khweshki Lift Irrigation Scheme is, it is being properly irrigated and no area under the command of the scheme is being left over. Therefore, this assessment is valid. Anyhow, the Member still maintains that the information is not fully correct. That still there are areas which are not recipients of these irrigation releases and still they are being assessed. I would submit that as it involves the exemption of provincial revenue I deemed it proper that before we take any action in this respect let this fact be further investigated and, through the kind intervention of the Leader of the House, I think, it has been agreed to both by me and the Revenue Minister that we will write to the Commissioner concerned and the Chief Engineer concerned and that in association with the Member concerned they will look into the situation and finally put up the information to us and if we think that there is some substance in it then, of course, we will take proper steps to eliminate the sufferings or difficulties of the people concerned. At this stage, I will request the Member, he may please withdraw his Resolution till we finally secure the information pertaining to this issue from the relevant agencies concerned.

چودھری محمد ادریس ۔ اگر آپ کے ڈیپارٹمنٹ نے غلط انفارمیشن دی ہے تو پھر اس کے بارے میں کیا ہو گا ۔ اور آپ کیا کریں گے ؟

Minister for Irrigation & Power : Then proper action shall be taken.

مسٹر سپیکر ۔ آپ فرمائیے شاہ صاحب کیا آپ اس ریزولیوشن کو واپس لیتے ہیں ؟

سید عنایت علی شاہ ۔ چونکہ مخدوم صاحب نے assurance دی ہے کہ کمشنر صاحب چیف انجینئر اریگیشن اور میں اس معاملے میں تحقیقات کرائیں گے اس کے بعد جو صورت حال ہوگی اس کے پیش نظر اور اس کے بعد کوئی اقدام ہوگا میں اسے قبول کرتا ہوں اور میری خواہش بھی تھی اور میرا مقصد بھی یہی تھا کہ اس سلسلے میں انکوائری کی جائے لہذا انہوں نے assurance دی ہے تو میں اسے واپس لیتا ہوں ۔

مسٹر سپیکر ۔ تو پھر آپ ایوان سے اجازت طلب کیجئے ۔

سید عنایت علی شاہ ۔ منسٹر صاحب کی assurance دلانے پر کہ

ایک کمیٹی کی تشکیل کی جائے گی اور اس میں کمشنر چیف انجینئر اور میری موجودگی میں کوئی مناسب اقدام لیا جائے گا میں ایوان سے اس ریزولیوشن کو واپس لینے کی اجازت طلب کرتا ہوں ۔

Mr. Speaker : Has Syed Inayat Ali Shah leave of the House to withdraw his resolution ?

The Resolution was by leave withdrawn.

RE : IMMEDIATE OPENING OF MEDICAL SCHOOLS IN WEST PAKISTAN

Mr. Speaker : Next resolution, Mr. Abbasi.

Kazi Muhammad Azam Abbasi : I beg to move—

> That this Assembly is of the opinion that Medical Schools should be opened at once in West Pakistan.

Mr. Speaker : Resolution moved is :

> That this Assembly is of the opinion that Medical Schools should be opened at one in West Pakistan.

Minister for Food and Agriculture : Opposed. This opposition is of the same character as the opposition of the Leader of the Opposition

قاضی محمد اعظم عباسی (حیدرآباد - ۲) - جناب سپیکر - جب میں نے یہ ریزولیوشن move کیا تو آپ مہربانی فرما کر اس کو معزز ایوان کے سامنے لے آئے لیکن جب قائد ایوان نے اس کے لئے oppose کہا تو میں ڈر گیا کہ قائد ایوان صاحب اس ریزولیوشن کی کیوں مخالفت کر رہے ہیں مگر جب انہوں نے حمزہ صاحب سے کہا کہ وہ اسی طرح اس کی مخالفت نہیں کر رہے ہیں جیسے آپ لوگ مخالفت کرتے ہیں تو مجھے اطمینان ہوا کہ وہ اس کی مخالفت نہیں کر رہے ہیں - اب میں یہ سمجھتے ہوئے کہ قائد ایوان کی یہ مخالفت مخالفت نہیں ہے امید رکھتا ہوں کہ قائد ایوان اس کو منظور فرمائیں گے - جناب والا - یہ ریزولیوشن بڑی مدت کے بعد اس اسمبلی

	2.	—do—	Zia Uddin.	Khairpur.	—do—	Govt. High School, Shikarpur.
	3.	—do—	Faiz Mohd.	Larkana.	—do—	—do— —do— Larkana.
	4.	—do—	Abdul Jabbar.	Nawabshah.	—do—	Islamia High School, Nawabshah.
	5.	—do—	Aziz Ullah.	Jacobabad	—do—	Govt. High School, Jacobabad.
	6.	—do—	Mohd Bux.	Khairpur.	—do—	Murad High School, Gambat.

1	2	3	4	5	6	7
	7.	—do—	Mohd Hussain.	Nawabshah.	Urdu.	Govt. High School, Mirpurkhas.
1963	8.	—do—	Sikandar Ali	Sukkur.	Sindhi.	Govt. High School, Sukkur.
	9.	—do—	Mohd Sidiq.	—do—	—do—	Murad High School, Gambat.
	10.	—do—	Mohd Shabamas Ali Shah.	—do—	Urdu.	Rly. High School, Sukkur.
1964	11.	—do—	Ghous Bux.	Jacobabad.	Sindhi.	Govt. High School, Mirpurmathelo.
	12.	—do—	Inayat Ullah.	Larkana.	—do—	—do— —do— Larkana.
	13.	—do—	Mohd Saleh.	—do—	—do—	—do— —do— Larkana.
	14.	—do—	Tasaduq Hussain.	—do—	Urdu.	Municipal High School, Larkana.
	15.	—do—	Manzoor Ali.	—do—	Sindhi.	Govt. High School, Larkana.
	16.	—do—	Ghulam Mohd.	—do—	—do—	—do— —do— Larkana.
1965	17.	—do—	Mohd Aslam.	Jacobabad.	Sindhi.	Municipal High School, Jacobabad.
	18.	—do—	Mushtaq Ahmad.	Sukkur.	—do—	Govt. High School, Sukkur.
	19.	—do—	Mohd Akram.	Nawabshah.	Urdu.	Municipal High School, Nawabshah.

	20.	—do—	Tajamul Husain.	Larkana.	—do—	—do—	—do—	Kambar.
	21.	—do—	Zulfiqar Ali.	—do—	Punjabi.	Islamia High School, Chinot.		
	22.	—do—	Zarar Khan.	Jacobabad.	Sindhi.	Govt. High School, Dekri.		
1966	23.	—do—	Abdul Sam.	D.G. Khan.	Urdu.	Govt. College, D.G. Khan.		
	24.	—do—	Rashid Ahmad.	Larkana.	Sindhi.	Govt. High School, Nasirabad.		
	25.	—do—	Zafar Din Ahmad.	Khairpur.	—do—	—do—	—do—	Khairpur Nathan Shah.
	26.	—do—	Munir Ahmad.	Sukkur.	—do—	—do—	—do—	Rohri.
	27.	—do—	Mohd Israr.	Nawabshah.	Urdu.	Hamidia High School, Jacobabad.		
	28.	—do—	Din Mohammad.	Sukkur.	—do—	D.B. High School, Maurusipur.		
	29.	—do—	Mumtaz Ahmad.	Nawabshah.	—do—	Govt. High School, Nawabshah.		

1	2	3	4	5	6	7
	30.	—do—	Ijaz Ali.	Khairpur.	Sindhi.	—do— —do— Pir Jo Goth.
	31.	—do—	Mohd Hashim.	Jacobabad.	—do—	—do— —do— Jacobabad.
	32.	—do—	Shafi Mohd	Sukkur.	—do—	—do— —do— Shikarpur.
	33.	—do—	Abdul Aziz.	Sukkur.	Punjabi.	D.B. High School, Chak No. 485/G.B., Lyallpur.
	34.	—do—	Mohd Iqbal.	—do—	Urdu.	Govt. High School, Mianwali.
	35.	—do—	Mohd Nawaz.	D.G. Khan.	—do—	D.B. High School, Rojhan.
	36.	—do—	Muzaffar Ali.	Nawabshah.	—do—	Municipal High School, Shahdadpur.
	37.	—do—	Dilbar Yar.	Nawabshah.	Urdu.	K.G. Academy High School, Bhiria.
	38.	—do—	Qamar Abbas.	Khairpur.	—do—	Govt. Murad High School, Gambat.
	39.	—do—	S. Ijaz Shah.	Larkana.	Sindhi.	Govt. High School, Badni.
	40.	—do—	Hazoor Bux.	Nawabshah.	—do—	D.L.B. High School, Nawabshah.

41.	—do—	Raunaq Ali.	Jacobabad.	Urdu.	Govt. High School, Jacobabad.	
42.	—do—	Kambar Ali.	—do—	Sindhi.	—do—	—do—
43.	—do—	Ali Akbar.	—do—	Urdu.	—do—	—do—
44.	—do—	Buxan Khan	Larkana.	Sindhi.	—do—	Shahdadkot.
45.	—do—	Ahmad Khan	Nawabshah.	Sindhi.	D.L.B. High School, Kazi Ahmad.	

(b) The following is the number of Sub-Inspectors and Assistant Sub-Inspectors who retired since 1962 yearwise :—

Year.	*No. of S. Is. retired.*	*No. of A.S. Is. Retired.*
1962	1	2
1963	2	—
1964	8	10
1965	3	3
1966	17	5
1967 to date.	10	14

(c) The following number of Sub-Inspectors and Assistant Sub-Inspectors were reverted to their substantive ranks since 1962 :—

Year.	*No. of S. Is. reverted.*	*No. of A.S. Is. Reverted.*
1962	—	—
1963	12	15
1964	2	4
1965	3	1
1966	8	4
1967 to date.	13	—

The names and reasons for their revertion are given below yearwise :

Year.		*Name.*	*Rank from which reverted.*	*Reasons.*
1	2	3	4	5
1963	1.	Mr. Allah Wayaro.	Offg. Sub-Inspecto-r.	Reverted due to adverse record.
	2.	Mr. Ghulam Rasul.	—do—	—do—
	3.	Mr. Mir Hassan Shah.	—do—	—do—
	4.	Mr. Abdul Rehman.	—do—	—do—
	5.	Mr. Hassan Ahmad.	—do—	—do—
	6.	Mr. Ghulam Mohd.	—do—	—do—
	7.	Mr. Allah Dino.	—do—	Reverted as a result of departmental enquiry.
	8.	Mr. Ghulam Haider Iqbal.	—do—	Reverted due to adverse record.
	9.	Mr. Khuda Bux.	—do—	—do—
	10.	Mr. Ghulam Mustafa.	—do—	—do—
	11.	Mr. Saadat Ali.	—do—	—do—
	12.	Mr. Shah Mohammad.	—do—	—do—
	13.	Mr. Qaim Din.	Offg. A.S.I.	—do—

1	2	3	4	5
	14.	Mr. Ghulam Ali.	—do—	—do—
	15.	Mr. Mohd Ilyas.	—do—	—do—
	16.	Mr. Bisharat Hussain.	—do—	—do—
	17.	Mr. Ghulam Mohd.	—do—	—do—
	18.	Mr. Mohd Yaqub.	—do—	—do—
	19.	Mr. Suba Khan.	—do—	—do—
	20.	Mr. Mohammad Yar.	—do—	—do—
	21.	Mr. Nazir Ahmad.	—do—	—do—
	22.	Mr. Bahadur Ali.	—do—	—do—
	23.	Mr. Karim Bux.	Offg. A.S.I.	Reverted due to adverse record.
	24.	Mr. Fazal Mohd.	—do—	—do—
	25.	Mr. Sardar Ali.	—do—	Reverted at a result of departmental enquiry.
	26.	Mr. Ghulam Rasool Shah.	—do—	Reverted due to adverse record.
	27.	Mr. Mohammad Sajan.	—do—	—do—

1964	28.	Mr. Fazal Karim.	Offg. S.I.	—do—
	29.	Mr. Amanullah.	—do—	Reverted as a result of departmental enquiry.
	30.	Mr. Mohammad Umar.	Offg. A.S.I.	Reverted due to adverse record.
	31.	Mr. Abdul Ghaffar.	—do—	—do—
	32.	Mr. Mohammad Amir Shah.	—do—	—do—
	33.	Mr. Ghulam Mohd.	—do—	—do—
1965	34.	Mr. Mohd Bux.	Offg. S.I.	—do—
	35.	Mr. Qurban Ali Shah.	—do—	—do—
	36.	Mr. Ali Murad.	—do—	—do—
	37.	Mr. Ghulam Murtaza.	Offg. A.S.I.	—do—
1966	38.	Mr. Abdul Rauf.	Offg. S.I.	—do—
	39.	Mr. Mohd Iran.	—do—	—do—
	40.	Mr. Ali Azam Jafri.	—do—	—do—
	41.	Mr. Ghulam Nabi.	—do—	Reverted as a result of departmental enquiry.

1	2	3	4	5
	42.	Mr. Ali Sher.	—do—	Reverted due to failure in Upper School Course.
	43.	Mr. Ghulam Mohd.	—do—	—do—
	44.	Mr. Ali Gul Shah.	—do—	—do—
	45.	Mr. Faiz Mohammad.	—do—	Reverted due to adverse record.
	46.	Mr. Qurban Ali.	Offg. A.S.I.	—do—
	47.	Mr. Qurban Ali.	—do—	—do—
	48.	Mr. Qilandar Bux Shah.	—do—	—do—
	49.	Mr. Ghulam Rasool.	—do—	—do—
1967	50.	Mr. Ghayoor Abbasi.	Offg. S.I.	Reverted as a result of departmental enquiry.
	51.	Mr. Mohd. Aslam.	—do—	His conduct is under enquiry.
	52.	Mr. Tufail Mohd.	—do—	—do—
	53.	Mr. Mohammad Tufail.	—do—	—do—
	54.	Mr. Ghulam Rasool.	—do—	—do—

55.	Mr. Abdul Rashid.	—do—	Reverted as he avoided to undergo Upper School Course.
56.	Mr. Haq Nawaz.	—do—	Reverted due to inefficiency.
57.	Mr. Mohammad Bux.	—do—	His conduct is under enquiry.
58.	Mr. Mir Mohammad.	—do—	—do—
59.	Mr. Abdul Qarim.	—do—	—do—
60.	Mr. Alla Uddin.	—do—	Reverted as he failed in Upper School Course.
61.	Mr. Abdul Hamid.	—do—	—do—
62.	Mr. Abdul Jabbar.	—do—	—do—

E N D

جمعة المبارک - ۲۹ رجب المرجب ۱۳۸۷ھ

The Assembly met at the Assembly Chamber, Lahore at 8-30 a.m. of the clock. Mr. Speaker, Chaudhri Muhammad Anwar, in the Chair.

Recitation from the Holy Qur'an by Qari Ali Hussain Siddiqi (Qari of the Assembly) and its translation.

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

وَلَا تَسْتَوِي الْحَسَنَةُ وَلَا السَّيِّئَةُ ۭ اِدْفَعْ بِالَّتِيْ هِيَ اَحْسَنُ فَاِذَا الَّذِيْ
بَيْنَكَ وَبَيْنَهٗ عَدَاوَةٌ كَاَنَّهٗ وَلِيٌّ حَمِيْمٌ ۝ وَمَا يُلَقّٰىهَآ اِلَّا الَّذِيْنَ صَبَرُوْا ۚ
وَمَا يُلَقّٰىهَآ اِلَّا ذُوْ حَظٍّ عَظِيْمٍ ۝ وَاِمَّا يَنْزَغَنَّكَ مِنَ الشَّيْطٰنِ نَزْغٌ
فَاسْتَعِذْ بِاللّٰهِ ۭ اِنَّهٗ هُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ۝ وَمِنْ اٰيٰتِهِ الَّيْلُ
وَالنَّهَارُ وَالشَّمْسُ وَالْقَمَرُ ۭ لَا تَسْجُدُوْا لِلشَّمْسِ وَلَا لِلْقَمَرِ وَاسْجُدُوْا
لِلّٰهِ الَّذِيْ خَلَقَهُنَّ اِنْ كُنْتُمْ اِيَّاهُ تَعْبُدُوْنَ ۝

(پ ۲۴- س ۴۱- ع ۱۹- آیات ۳۴ تا ۳۷)

اور بھلائی اور برائی برابر نہیں ہو سکتی۔ تم (سخت کلامی) کا ایسے طریق سے جواب دو جو بہت اچھا ہو کہ جس شخص کے اور تمہارے درمیان دشمنی تھی۔ دیکھو گے گویا وہ تمہارا گہرا دوست ہے۔ اور یہ بات اُن ہی لوگوں کو حاصل ہوتی ہے۔ جو برداشت کرنیوالے ہیں۔ اور یہ بات اُن ہی کو نصیب ہوتی ہے جو بڑے صاحب نصیب ہیں۔ اور اگر تمہیں شیطان کی جانب سے کوئی وسوسہ پیدا ہو تو خدا کی پناہ مانگ لیا کرو۔ بیشک وہ سُنتا اور جانتا ہے۔ اور رات دن اور سورج و چاند اس کی نشانیوں میں سے ہیں۔ تم لوگ نہ تو سورج کے سامنے سربسجود ہو اور نہ چاند کے آگے۔ بلکہ اللہ کے سامنے سجدہ ریز ہو جس نے ان تمام چیزوں کو پیدا کیا ہے۔ اگر تم واقعی اسی کی عبادت کرنا چاہتے ہو۔

STARRED QUESTIONS AND ANSWERS

Mr. Speaker : Now the Question Hour. Mr. Hamza.

WAPDA HOUSE LAHORE

*3153. **Mr. Hamza :** Will the Minister for Irrigation and Power be pleased to state :—

(*a*) the date on which WAPDA House Lahore was scheduled to be completed alongwith the revised date therefor ;

(*b*) its original estimated cost of construction ;

(*c*) the amount that is now expected to be spent on the construction of the said building and in case its differs from the original estimate, reasons therefor ?

Parliamentary Secretary (Mian Ghulam Muhammad Ahmad Khan Maneka) : (*a*) October, 1966.

(*b*) Rs. 238·08 lac.

(*c*) Rs. 403·89 lac.

Reasons for increase of cost are as follows :—

(1) Increase in built up area of about fifty two thousand sq. ft.

(2) Additional Air-Conditioning of commercial area comprising 1·4 lac sq. ft.

(3) Rise in prices of elevators and electric goods.

(4) Additional interest and other indirect charges due to War.

مسٹر حمزہ ۔ کیا جناب وزیر برقیات مجھے یہ بتلائیں گے کہ واپڈا ہاؤس جیسی عمارت جس پر آپ نے بقول آپ کے چار کروڑ روپیہ خرچ کیا ہے اور میری معلومات تو یہ ہیں کہ آپ اس سے زیادہ خرچ کر چکے ہیں ۔ یہ چیز پاکستان جیسے غریب ملک میں اس قسم کی قیمتی اور مہنگی عمارتیں تعمیر کرنے کی جو زیادتی ہے کیا اس کو پاکستان برداشت کر سکتا ہے ؟

وزیر برقیات (مخدوم حمیدالدین) ۔ اس کے متعلق میں یہ عرض کرونگا کہ اس کے مختلف افادی پہلو ہیں ۔ یہ صرف ایسا ہی نہیں ہے جناب—انکے پیش نظر Administration ہے ۔ بلکہ میں یہ عرض کروں گا کہ ترقی یافتہ ممالک میں جیسا کہ پاکستان اس وقت ایک شاندار ترقی یافتہ دور سے گزر رہا ہے تو مستقبل کی generations کی ضروریات کو بھی ملحوظ خاطر رکھا گیا ہے اور دوسرا جو اس میں addition کیا گیا ہے ۔ وہ commercial interest کو پیش نظر رکھ کر کیا گیا ہے ۔ بہر حال ایک long vision کے پیش نظر اس عمارت کو مکمل کیا گیا ہے اور امید ہے کہ مستقبل کی ضروریات کے پیش نظر یہ عمارت مفید رہے گی ۔

خواجہ محمد صفدر ۔ کیا یہ حقیقت ہے کہ یہ عمارت قرضہ برداشت کر کے بنائی گئی ہے ؟

وزیر برقیات ۔ قرضہ اگر تعمیری کاموں کے سلسلے میں لیا جائے تو کیا برائی ہے ۔

Loan is a part of the development work.

مسٹر حمزہ ۔ انھوں نے یہ فرمایا ہے کہ انھوں نے موجودہ اور آئیندہ کی نسلوں کو گروی رکھ کر تو نہیں بنوایا ہے ۔

وزیر برقیات ۔ گروی رکھ کر نہیں بنوایا ہے ۔

مسٹر حمزہ ۔ صدر ایوب کا آپ نے کل کا بیان بھی پڑھا ہے ۔

Mr. Speaker : This is not a supplementary and this is not the way to put a supplementary.

مسٹر حمزہ - کیا جناب وزیر برقیات مجھے یہ بتلائینگے کہ اتنی مہنگی اور قیمتی عمارت جو تعمیر کر لی گئی ہے کیا واپڈا کے تمام کے تمام دفاتر جو اس شہر کے اندر موجود ہیں وہ یہاں اس عمارت کے اندر منتقل کر دیئے جائینگے ؟

وزیر برقیات - جی ہاں سب کے سب دفاتر اسی عمارت میں منتقل کر دیئے جائینگے -

چودھری محمد نواز - کیا وزیر موصوف یہ فرمائینگے کہ کیا یہ حقیقت نہیں ہے کہ Sunny View میں جو اس وقت دفاتر موجود ہیں وہ وہاں پر ہی قائم رہینگے اور جو دفاتر گلبرگ یا دوسرے علاقہ جات میں ہیں وہ سارے کے سارے اسی بلڈنگ میں آ جائیں گے اور جب یہ سب دفاتر اس بلڈنگ کے اندر آ جائینگے تو کیا - - - - -

وزیر برقیات - جناب والا - مضافاتی نوعیت کے دفاتر ممکن ہے کہ وہاں ہی رہ جائیں مگر زیادہ سے زیادہ دفاتر جو ہیں ان سب دفاتر کا قیام یہاں ہی رہے گا -

مسٹر حمزہ - جناب مخدوم صاحب نے اب ایک نئی تشریح کر دی ہے - آپ کا مطلب ان مضافاتی دفاتر سے کیا ہے جو کہ بقول آپ کے واپڈا ہاؤس میں منتقل نہیں کئے جائینگے ؟

وزیر برقیات - جن کی ضرورت زیادہ محسوس کی گئی تھی کہ وہ وہاں ہی رہیں مناسبت کے پیش نظر—مگر بہت ہی مختصر پیمانے پر ایسا ہوسکتا ہے - لیکن بیشتر دفاتر کو یہیں واپڈا ہاؤس ہی میں رکھا جائیگا -

چودھری محمد نواز - وہ مضافاتی دفاتر تو اس میں نہیں آتے ہیں جن کی تشریح آپ نے فرمائی ہے -

مسٹر حمزہ - جناب وزیر برقیات نے پہلے جو میرے ضمنی سوال کا جواب دیا ہے کہ تمام دفاتر اس میں آ جائیں گے اور بعد میں کہا ہے کہ وہ مضافاتی دفاتر جن کی انہوں نے تشریح کی ہے ، نہیں آئیں گے ، میں اس سلسلے میں آپ سے پوچھنا چاہتا ہوں کہ اس کا کیا مطلب ہے ؟

وزیر برقیات - اگر کوئی دفتر کا ایسا حصہ بچ جائے جیسے سالدہ کلاں میں کوئی چھوٹا سا دفتر رہ جائے جو ضروری ہو تو ایسا ہو سکتا ہے مگر جو بڑے دفاتر ہیں وہ سب واپڈا ہاؤس میں منتقل کر دیئے جائیں گے -

مسٹر حمزہ - جناب مخدوم صاحب کچھ ایسے جوابات دیتے ہیں اور اتنی غلط بیانی کرتے ہیں کہ وہ مجھے لاجواب کر دیتے ہیں -

---

First Unit of Mangla Power House

*8533. **Chaudhri Muhammad Nawaz**: Will the Minister of Irrigation and Power be pleased to state :—

(*a*) whether it is a fact that some serious defects have developed in the first unit of the Mangla Power House ;

(*b*) if answer to (*a*) above be in the affirmative (*i*) the reasons therefor (*ii*) the names of the Officers due to whose negligence the said defect has occurred (*iii*) whether it is a fact that the said defects developed due to the continuous operation of the turbine when the unit in the new condition needed resting periods ; if so, the action taken against the Officers responsible therefor ;

(*c*) whether it is a fact that the said unit which remained under repairs for the last 9 months is again out of order ; if so, the time required for putting it into operation ?

Parliamentary Secretary (Mian Ghulam Muhammad Ahmad Khan Maneka) : (*a*) No.

(*b*) Does not arise in the light of (*a*) above.

(*c*) No.

چودھری محمد نواز - کیا وزیر موصوف یہ فرمائینگے کہ کیا انھوں نے یہ جواب دیکر حقیقت کی پردہ پوشی کرنیکی کوشش نہیں کی ہے ؟ اور کیا یہ حقیقت نہیں ہے اور اگر میں آپ کو اخبارات کی cuttings اور documents کی رپورٹ دوں کہ آپ نے فرمایا تھا کہ یہ generator خراب نہیں ہوا تھا - یہ حقیقت میں خراب ہوا تھا ، لیکن آپ نے جو جواب دیا ہے وہ غلط جواب دیا ہے -

وزیر برقیات (مخدوم حمید الدین) - میں نے غلط عرض نہیں کیا ہے بلکہ آپ حقیقت کو سمجھنے سے قاصر رہے ہیں - اس کے بعد جناب والا منگلا کے generator نے end of June سے کام شروع نہیں کیا تھا جیسا کہ اس ہاؤس میں میں نے ایک اعلان کیا تھا - محترم حمزہ صاحب کے سوال کے جواب میں کہ انشاء اللہ منگلا میں یہ generator یکم کو شروع ہو جائیگا اور اس کو بھی in commission آئے ہوئے ابھی تقریباً پانچ ماہ نہیں ہوئے ہیں ، مگر یہ فرماتے ہیں کہ یہ تقریباً ۹ ماہ سے خراب پڑا ہوا ہے -

چودھری محمد نواز - میں وزیر موصوف سے دریافت کرونگا کہ یہ generator آپ کے کہنے کے مطابق ان پانچ ماہ میں کبھی خراب نہیں ہوا ہے -

وزیر برقیات - ایک چیز کا اعتراف وہ فرماتے ہیں اور کہتے ہیں کہ پچھلے ۹ ماہ سے خراب ہے حالانکہ میں نے حمزہ صاحب سے یہ عرض کیا

تھا کہ جون کے مہینے میں وہ in commission آ جائے گا ۔ مگر میرے محترم دوست یہ فرماتے ہیں کہ پچھلے ۹ ماہ سے خراب پڑا ہوا ہے ۔

مسٹر حمزہ ۔ اس بات میں تو آپ جیت گئے ، اگلی بات کا آپ جواب دیں ۔

ملک محمد اختر ۔ Point of order ۔ حمزہ صاحب ۔ بجلی سے کیوں کشتی لڑتے ہیں ؟

Mr. Speaker : This is not a point of order.

وزیر برقیات ۔ یہ ایک مختصر قسم کا defect پیدا ہو گیا تھا جس کو remove کر دیا گیا ہے اور یہ کوئی خاص بات نہیں ہے ۔

چودھری محمد نواز ۔ وہ defect کس وجہ سے پیدا ہوا تھا ؟ کیا وہ defect کسی افسر کی غفلت کی وجہ سے پیدا ہوا تھا یا اس کے اندر کچھ technical نقائص تھے ؟

وزیر برقیات ۔ ایسے نقائص کا مشینری کے اندر نمودار ہونا بہت ممکن ہے ۔

مسٹر محمد ہاشم لاسی ۔ جناب والا ۔ کیا وزیر محترم از راہ کرم یہ بتلائینگے کہ انہوں نے اس سوال کا جواب دے کر ساتھ ساتھ یہ بھی فرمایا ہے کہ وہاں نقائص پیدا ہوئے تھے ۔ آپنے محکمے کی نا اہلی پر پردہ ڈالنے کی کوشش کی ہے ۔

وزیر برقیات ۔ سپیکر صاحب کو آپ سے اتفاق نہیں ہے ۔

Malik Muhammad Akhtar : It is your baby.

مسٹر سپیکر - مخدوم صاحب جواب آپ نے دینا ہے -

وزیر آبپاشی و برقیات - جناب والا - میں نے یہ عرض کیا ہے کہ محترم ممبر صاحب نے جو تمہید فولادی باندھی تھی وہ غلط ثابت ہوئی ہے خفیف قسم کا نقص لاحق ہوا تھا -

ملک محمد اختر - پوائنٹ آف آرڈر - جناب والا - بجلی کے خفیف سے نقص سے کئی کارخانے بند ہو جاتے ہیں -

Mr. Speaker : This is not a point of order.

چودھری محمد نواز - جناب والا - پہلے وہ جیت گئے تھے - اب ہم جیت گئے ہیں - (قہقہہ)

وزیر آبپاشی و برقیات - جناب والا - اس میں چھپانے کی کوئی بات نہیں ہے - میں نے اس ایوان میں عرض کیا تھا کہ میں خود اس نقص کی نوعیت دیکھ کر آیا تھا ، وہ معمولی نوعیت کا نقص تھا -

خان اجون خان جدون - تو کیا اتنے معمولی نقص کی وجہ سے اتنے دن کام معطل رہا ؟

وزیر آبپاشی و برقیات - میرا خیال ہے ۱۵ دن کے لئے out of commission رہا ہو گا - صرف اس کو کھولنے ہی میں اتنا وقت لگ جاتا ہے -

مسٹر حمزہ - جناب سپیکر- اس میں کوئی شک نہیں کہ مخدوم صاحب سوال کا جواب دینے میں بہت ماہر ہیں - انہوں نے فرمایا ہے کہ وہ بذات خود وہاں تشریف لے گئے اور اس جنریٹر کا معائنہ کیا - وہاں جو مشینری

ہو گی وہ لازماً بڑی پیچیدہ ہو گی ۔ کیا آپ نے مشینری کی پیچیدگی کو سمجھنے کی صلاحیت پیدا کر لی ہے ؟

وزیر آبپاشی و برقیات - اس دوران میں قدرت نے مجھے یہ ودیعت فرما دی ہے ۔

چودھری محمد نواز ۔ کیا وزیر موصوف یہ فرمائیں گے کہ وہاں معمولی قسم کا نقص تھا جس کی وجہ سے آپ وہاں تشریف لے گئے اور موقع پر جنریٹر کو دیکھا ۔ کیا ایسا تو نہیں تھا کہ ریسٹ ہاؤس میں بیٹھے ہوئے ماہرین نے آپ کو نقص بتا دیا ہو ۔

Mr. Speaker : Next question.

PROMOTION OF OVERSEERS IN QUETTA DIVISION

***8842. Babu Muhammad Rafiq** : Will the Minister of Irrigation and Power be pleased to state :—

(*a*) whether it is a fact that according to rules, 20 percent posts of Sub-Divisional Officers in Class II are filled by promotion of Overseers in all Zones except Quetta Zone of the Irrigation Department ; if so, reasons for excepting Quetta Division ;

(*b*) the names of the Overseers promoted since Integration as Sub-Divisional Officers in Quetta Zone ?

Parliamentary Secretary (Mian Ghulam Muhammad Ahmad Khan Maneka) : (*a*) No. No. exception to the Rule has been made in the case of Quetta Region.

(*b*) Mr. Ghulam Ghaus.

خان اجون خان جدون ۔ جناب والا ۔ ۱۹۵۵ء سے لے کر آج تک اتنے عرصے میں ایک پرموشن بھی نہیں ہوئی ۔ اس کی کیا وجہ ہے ؟

وزیر آبپاشی و برقیات (مخدوم حمید الدین) - جناب والا - اس سے پہلے وہاں کوئی اریگیشن سروس ہی نہیں ہوا کرتی تھی - وہاں ملٹری انجینئرنگ سروسسز سارا کام کیا کرتی تھیں - ون یونٹ کے وقت سے ایک ہی آدمی ہوا کرتا تھا - اب نئی ترقیاں ہو رہی ہیں - اس بلاک سسٹم کے تحت جو کوالیفائڈ آدمی ہوں گے وہ ہو جائینگے -

خان اجون خان جدون - کیا جو باقی اسامیاں ہیں وہ بھی پر ہوئی ہیں ؟

Mr. Speaker : The Member should give a fresh notice for that.

RAWAL DAM

*8868. **Mr. Hamza :** Will the Minister of Irrigation and Power be pleased to state :—

(*a*) the total amount so far expended on Rawal Dam ;

(*b*) the total area that is being irrigated by the said Dam ;

(*c*) the actual estimate of the said Project alongwith the causes of increase, if any, in expenditure as against the estimate ;

(*d*) the recurring annual expenditure on the said Dam ;

(*e*) whether the said Dam is economically profitable ; if so, how ; and if not, reasons therefor ?

Parliamentary Secretary (Mian Ghulam Muhammad Ahmad Khan Maneka) : (*a*) Rs. 211·23 lac.

(*b*) Culturable Commandable Area in 2825 acres.

(*c*) The final cost estimate of the Rawal Dam Project amounts to Rs. 211·23 lac.

(*d*) Rs. 19·18 lac.

(*e*) The profitability of the Dam depends on the rate charged for water supply. As against the annual charges of Rs. 19·18 lac, the annual revenue from the Project at a rate of Rs. 1.5 per thousand gallons and an irrigation rate of Rs. 25 per acre as notified by the Government comes to Rs. 21·88 lac. This should give an annual saving of Rs. 2·77 lac.

مسٹر حمزہ - جناب سپیکر - میں نے آج یہ اندازہ لگایا ہے کہ پینے کے پانی کی بہم رسانی کے لئے جو انتظامات کئے گئے ہیں ، اگر ان کو نظر انداز کر دیں تو آبپاشی کے لئے پانی کی بہم رسانی پر فی ایکڑ جو خرچ آیا ہے وہ ۷ ہزار ۴ سو ۷۷ روپے بنتے ہیں - راول ڈیم پر جو خرچ آیا ہے اس سے ۲۸۲۵ ایکڑ رقبہ قابل کاشت ہوا ہے - اگر آپ اس کو کل رقم پر تقسیم کریں تو ۷ ہزار ۴ سو ۷۷ روپے فی ایکڑ خرچ آتا ہے - کیا جب آپ نے یہ بند باندھنے کا منصوبہ باندھا تھا تو اس امکان کو سامنے رکھا تھا ؟

مسٹر سپیکر - ۷ ہزار فی ایکڑ ایک سال کا ہوگا -

مسٹر حمزہ - کل ۲۸۲۵ ایکڑ رقبہ سیراب ہوا ہے اور اس پر ۲۱۱۶۲۳ لاکھ روپیہ خرچ ہوا ہے - اگر اس رقبہ کو اس رقم پر تقسیم کریں تو پانی بہم پہنچانے کے لئے فی ایکڑ ۷ ہزار ۴ سو ۷۷ روپیہ خرچ آیا ہے -

مسٹر سپیکر - کیا یہ ایک سال کی calculation کی ہے ؟

مسٹر حمزہ - جناب والا - آپ کو پتہ ہے کہ زمین کی قیمت اتنی نہیں ہے جتنا اس پر خرچ کر دیا گیا ہے -

وزیر آبپاشی و برقیات (مخدوم حمید الدین) - جناب والا - انکو صحیح علم نہیں ہے - یہ ابتدا میں - - - - پراجیکٹ کا حلقہ سیرابی اتنا نہیں تھا - اس وقت تو existing position دیکھی گئی تھی - راول ڈیم سے

جتنا علاقہ سیراب ہوتا ہے یہ اس سے زیادہ علاقے کے لئے تھا ۔ اب کیپیٹل ڈویلپمنٹ اتھارٹی کے لئے ، اٹامک انرجی کے لئے اور دیگر ضروریات کے لئے یہ رقبہ شامل کر لیا گیا ہے ۔ بقایا اتنا پانی بچنے کا امکان ہے کہ اس سے مزید اور بھی رقبہ شامل کیا جا سکے گا ۔ اصل کمانڈ یہ نہ تھی جس کے اوپر base کیا گیا ہے ۔ اب کیپیٹل ڈویلپمنٹ اتھارٹی کو بھی پانی مل رہا ہے ۔ drinking water supply کے لئے بھی پانی لیا جاتا ہے ۔ جو خرچ calculate کیا گیا ہے وہ ۱۹ لاکھ کے قریب ہے ۔ معلوم نہیں انھوں نے ۷ ہزار کا کیسے حساب لگایا ہے ؟ basically اس کی کمانڈ زیادہ تھی ۔ کچھ رقبہ دیگر ضروریات کے لئے لے لیا ہے ، کچھ کیپیٹل ڈویلپمنٹ اتھارٹی اور اٹامک انرجی کے لئے لیا گیا ہے ۔ اب اس کی کمانڈ کچھ کم ہو گئی ہے ۔

خواجہ محمد صفدر - پہلے کتنی تھی ؟

وزیر آبپاشی و برقیات - تقریباً چار پانچ ہزار تھی ۔

خان اجون خان جدون - جناب والا ۔ میں وزیر آبپاشی سے یہ پوچھنا چاہتا ہوں کہ ابتدا میں جو علاقہ حلقہ سیرابی میں نہیں تھا وہ کتنا ہے ۔ اب اس کے بڑھانے کے کیا امکانات ہیں اور کون سا رقبہ زیر آبپاشی لانا چاہتے ہیں ؟

وزیر آبپاشی و برقیات - جناب والا ۔ عرض یہ ہے کہ پانی اس وقت کوئی فالتو ضائع نہیں ہو رہا ہے ۔

خواجہ محمد صفدر - جناب والا ۔ ہم کہتے ہیں کہ یہ بند un-economic ہے جس سے پانی ۷ ہزار روپے فی ایکڑ دینا ہے ۔

This is the point which the Minister does not catch.

وزیر آبپاشی و برقیات - آپ ۷ ہزار روپیہ establish نہیں کرسکے میرا عرض کرنے کا مقصد یہ ہے کہ اسکی اکنامک value کسی صورت میں کم نہیں ہے - اسے greater use کے لئے - کیپیٹل ڈویلپمنٹ اتھارٹی کے لئے - drinking water supply کے لئے استعمال کیا جا رہا ہے اور utility purposes کے لئے استعمال کیا جا رہا ہے - کسی حیثیت سے پراجیکٹ value ضائع نہیں ہوئی -

مسٹر حمزہ - جناب والا - جیسا کہ وزیر برقیات نے فرمایا ہے کہ جواب کے جز (ج) سے ظاہر ہوتا ہے کہ سالانہ اخراجات ۱۹ لاکھ ۱۸ ہزار روپے ہیں اور سالانہ آمدنی ۲۱ لاکھ ۸۸ ہزار روپے ہے اس سے سالانہ کل منافع ۲ لاکھ ۷۷ ہزار روپے ہوگا اب ذرا حساب لگا کر دیکھیں کہ ان کے اندازے یا تخمینے کے مطابق یہ نفع ایک فیصد کے برابر ہوگا مگر جیسا کہ صدر مملکت نے کل ہی فرمایا ہے کہ غیر ملکی رقوم قرضہ پر ۱۰ فیصد سود ادا کرنا پڑتا ہے تو یہ ایک فیصد نفع دس فیصد سالانہ سود کے مقابلے میں اس پراجیکٹ کو کس لحاظ سے مفید بناتا ہے اقتصادی نقطۂ نگاہ سے یا معاشی نقطۂ نظر سے یا ملکی مفاد کے نقطۂ نگاہ سے ؟ آپ اس پراجیکٹ کو کس لحاظ سے مفید سمجھتے ہیں کیا اس منصوبے کو بناتے وقت نفع و نقصان کا اندازہ خاص ریاضیاتی لحاظ سے بھی لگایا گیا تھا ؟

وزیر آبپاشی و برقیات - اس کا جواب اسکی موجودہ ضروریات کے لحاظ سے دیا گیا ہے ورنہ پہلے زیادہ رقبہ زیر آبپاشی آتا تھا جو منتقل کر دیا گیا ہے -

It is more or less functionary mainly as a water supply project.

اب C.D.A. کو پینے کے لئے بھی پانی فراہم کیا جا رہا ہے اور دیگر کئی ضروریات مثلاً Atomic Energy Centre کو پانی مہیا کیا جاتا ہے آبپاشی کے لحاظ سے واقعی رقبہ اب کم ہوگیا ہے ۔

خواجہ محمد صفدر - جناب والا ۔ مسٹر حمزہ کے سوال کو اپنی دانست کے مطابق پھر دوہرانا چاہتا ہوں - وزیر صاحب نے اپنے جواب میں فرمایا ہے کہ ایک ہزار گیلن پانی بحساب ایک اعشاریہ پانچ روپے پینے کے لئے فروخت کیا جاتا ہے ۔

وزیر آبپاشی و برقیات - یہ املا کی غلطی ہے ۔ اصل شرح اعشاریہ پانچ (۰۵) بنتی ہے ۔

خواجہ محمد صفدر - اور آبپاشی کے لئے پچیس روپے فی ایکڑ کے حساب سے فروخت کیا جاتا ہے ۔ یہ پانی دو طریقوں سے فروخت کرنے یا استعمال کرنے کے بعد ہی وزیر صاحب نے بتایا ہے ۔ کل سالانہ آمدنی ۲۱ لاکھ ۸۸ ہزار روپے اور کل خرچ ۱۹ لاکھ ۱۸ ہزار روپے سالانہ ہے اب آپ کے کل خرچ کو کل آمدنی سے منہا کرنے کے بعد باقی بچت اور نفع صرف ۲ لاکھ ۷۷ ہزار روپے آتا ہے ۔

وزیر آبپاشی و برقیات - میں نے عرض کیا ہے کہ آپ پینے کے پانی کا ریٹ ۱۶۵ نہ سمجھیں بلکہ اصل میں یہ صرف اعشاریہ ۵ یعنی (۰۵) ہے ۔

خواجہ محمد صفدر - چلو یہ بھی مان لینے کے بعد پھر بھی آپ کی کل سالانہ خالص آمدنی یا نفع صرف ۲ لاکھ ۷۷ ہزار روپے بنتا ہے ۔ اب میں پوچھتا ہوں کہ آپ نے سارے پراجیکٹ پر دو کروڑ ۱۱ لاکھ

۲۳ ہزار روپے خرچ کئے ہیں اس کے مقابلے میں ایک فیصد نفع ہے کیا ایڈ کے قرضوں پر ۶ فیصد سالانہ سود کے مقابلے میں بے معنی نہیں ہے؟ میں مسٹر حمزہ کے کہنے کے مطابق صدر مملکت کے اعلان کردہ دس فیصد شرح سود کو بھی چھوڑتا ہوں جو کہ آئندہ کے قرضوں پر شاید ہو سابقہ شرح سود چھ فیصد ہی ہے ۔ اگر آپ نے چھ فیصد سود سالانہ شرح کے حساب سے ادا کرنا ہے اور صرف ایک فیصد نفع یا خالص آمدنی آپ کو ہوگی تو پھر قرضہ کس طرح ادا کرینگے اور اس ڈیم کی لاگت دو کروڑ ۱۱ لاکھ ۲۳ ہزار روپیہ کب اور کس طرح پوری ہوگی ؟ ذرا سوچ کر جواب دیجئے ۔

وزیر آبپاشی و برقیات - جناب والا ۔ اس میں سود بھی شامل ہے ۔

خواجہ محمد صفدر - آپ نے interest کہاں شامل کیا ہے ۔ آپ نے تو کل خرچ سالانہ ۱۹ لاکھ ۱۸ ہزار روپے بتایا ہے اور کل آمدنی gross income ۲۱ لاکھ ۸۸ ہزار روپے بتائی ہے اب ذرا پھر سوچ کر جواب دیجئے ۔

وزیر آبپاشی و برقیات ۔ جناب اس میں interest شامل ہے ۔ ہم نے سود ڈال کر ہی سارا خرچ بتایا ہے ۔ اس کے بعد ۱ فیصد نفع ہوتا ہے ۔

مسٹر حمزہ ۔ یہ کیسے ؟

ملک محمد اختر ۔ پوائنٹ آف آرڈر ۔ خواجہ صاحب نے فرمایا تھا کہ سوچ کر جواب دیں میں کہونگا کہ سمجھ کر جواب دیں ۔ (قہقہہ)

مسٹر حمزہ - جناب کل خرچ ۱۹ لاکھ ۱۸ ہزار روپے ہے اور کل آمدنی سالانہ ۲۱ لاکھ ۸۸ ہزار - اس میں اگر سود بھی شامل ہے تو پھر خرچ کے مقابلے میں نفع ایک فیصد کیا حیثیت رکھتا ہے - یہ تو کچھ بھی نہیں - اول تو سود کا حساب اس میں شامل نہیں ہے انگلش حصہ (ڈی) جواب میں صرف ۱۹ لاکھ ۱۸ ہزار درج ہے -

وزیر آبپاشی و برقیات - جناب والا - سود شامل ہے -

خواجہ محمد صفدر -کیا وزیر صاحب کے پاس اس خرچ کی break up ہے - وہ تفصیل ہمیں کھول کر بتائیں -

	ہزار	لاکھ
خرچ	۱۸	۱۹
Income	۸۸	۲۱
لاکھ خالص آمدنی	۷۷	۲

وزیر آبپاشی و برقیات - جناب والا - چودہ پندرہ لاکھ کا break up تو میں بالکل صحیح دے سکتا ہوں اور دو تین لاکھ کا میں آپکو بتا سکتا ہوں - اس میں سے آپ اندازہ لگا لیں -

مسٹر سپیکر - بہر حال مخدوم صاحب ۱۵ لاکھ میں سود شامل ہے -

وزیر آبپاشی و برقیات - جی ہاں شامل ہے -

Interest on capital cost is included on annual maintenance.

مسٹر حمزہ - راول ڈیم کا کل خرچ مع سود آپ کتنے سالوں میں ادا کر سکینگے ؟

وزیر آبپاشی و برقیات - تازہ نوٹس دیں -

خواجہ محمد صفدر - آپ نے جب اس منصوبے کی Feasibility رپورٹ لی تھی تو اندازہ اس کی عمر کا کیا لگایا گیا تھا ؟ مثلاً منگلا ڈیم کی عمر پہلے پچاس سال بتائی گئی تھی کہ اس مدت میں یہ سلٹ وغیرہ سے پر ہو جائے گا - پھر سو سال عمر بتائی گئی کہ اس مدت میں یہ پر ہو جائے گا تو دوبارہ صفائی مرمت کا خرچ درپیش ہوگا -

وزیر آبپاشی و برقیات - یہی کوئی سو سال یا ایک سو ۶۰ سال -

چودھری انور عزیز - جناب حصہ (سی) میں جواب دیا گیا ہے کہ کل آمدنی ۲۱ لاکھ ۸۸ ہزار ہو گی اور خرچ ۱۹ لاکھ ۱۸ ہزار ہے تو مجھے پنسل مل گئی تھی میں نے حساب لگایا ہے زیر آبپاشی رقبہ جو کمانڈ ہوگا وہ ۲۸۲۵ ایکڑ ہے -

وزیر آبپاشی و برقیات - یہ پھر پرانی بات لے بیٹھے ہیں - یہ پہلے cover ہو چکی ہے -

چودھری انور عزیز - دراصل یہ ڈیم جو آبپاشی کے لئے بنایا گیا تھا ، اب پینے کے کام آ رہا ہے -

---

TENDERS FOR THE SUPPLY OF 76 THOUSAND TONS SORE RANGE ROM COAL FOR SHEIKH MANDA THERMAL ELECTRIC POWER STATION NEAR QUETTA

*8884. **Babu Muhammad Rafiq** : Will the Minister of Irrigation and Power be pleased to state :—

(*a*) whether it is a fact that the Director of Procurement, WAPDA had invited tenders for the supply of 76 thousand tons Sore Range ROM Coal for Sheikh Manda Thermal Electric Power Station near Quetta under WAPDA enquiry No. 1405;

(*b*) if answer to (*a*) above be in the affirmative (*i*) the number of tenders received (*ii*) the date on which the said tenders were opened (*iii*) the names of the parties who submitted tenders alongwith the rates in rupees per ton of coal delivered and stocked at Sheikh Manda Power Station mentioned in the said tenders (*iv*) whether it is a fact that it costs about Rs. seven per ton to transport the coal from coal depots at Quetta Cantt. Samungli Road Railway Station to Sheikh Manda Power Station and to stack this at the Power Station (*v*) at what rate per ton of Sore Range ROM coal, delivered and stacked at Sheikh Manda Power Station, WAPDA was purchased during the years 1966 and up to 30th June, 1967 (*vi*) the name of the party which supplied the coal mentioned in (*v*) above?

Parliamentary Secretary (Mian Ghulam Muhammad Ahmad Khan Maneka): (*a*) Yes.

(*b*) (*i*) Two.

(*ii*) 17th May 1967.

(*iii*) (1) General Manager (Mining), W.P.I.D.C., Karachi at the rate of Rs. 67.50 per long ton plus Rs. 7.00 per long ton as stacking charges which comes to Rs. 75.50 per long ton.

(2) M/s. Habib Ullah Mines Limited Jinnah Road, P. O. Box, 42, Quetta at the rate of Rs. 61.00 per long ton. The coal can be delivered at Thermal Power Station, Sheikh Manda, Quetta.

(*iv*) One of the firms i. e. M/s. W. P. I. D. C. have quoted the rates of Rs. 7.00 per long ton as stacking and unloading charges.

(*v*) The last purchase order No. 2377/1218/DS/Special/65/ 66/15848, dated 26th May, 1966 was placed with M/s. W.P.I.D.C. at the rate of Rs. 67.00 per long ton including unloading charges.

(*iv*) M/s. W. P. I. D. C. supplied the coal mentioned in (*v*) above.

بابو محمد رفیق - کیا وزیر صاحب بتلائیں گے کہ انھوں نے جو کول سپلائی کا last order ۱۹۶۶ء میں place کیا ہے جب کہ ٹینڈر آپ نے ۷ مئی ۱۹۶۷ء میں لئے تھے تو ۱۹۶۷ء کے بعد آپ نے کل کتنا کوئلہ اور کس rate پر purchase کیا ؟

وزیر برقیات (مخدوم حمید الدین) - میں نے جواب میں عرض کیا تھا کہ یہ PIDC سے لیا تھا -

بابو محمد رفیق - میرا کہنے کا مطلب یہ ہے کہ آپ نے ۱۹۶۶ء میں ٹینڈر لئے تھے اور حوالہ آپ نے ۱۹۶۶ء کا دیا ہے تو مئی ۱۹۶۷ء کے بعد آپ نے کوئی کوئلہ purchase کیا ہے . . . .

وزیر برقیات - وہ تو ان کی جو early transaction تھی ۶۶-۱۹۶۵ء ۶۷-۱۹۶۶ء جون تک جو اکتوبر تک رہی وہی early transaction جس کا year ۱۹۶۷ء . . . . . .

بابو محمد رفیق - آپ حصہ (بی) کے کالم دو میں دیکھیں -

وزیر برقیات - جون ۱۹۶۷ء تک یعنی اکتوبر تک تقریباً earlier transaction جن کا rate وہ continue کرتی رہی ہے ، اب نئی transaction کی ہے -

بابو محمد رفیق - میں یہ دریافت کرنا چاہتا ہوں کہ آپ نے ۶۱ روپے per long ton کے حساب سے کیوں نہیں خریدا اور W.P.F.D.C. سے آپ نے ۶۷ روپے کے حساب سے خرید کر چھ روپے زیادہ کیوں دیئے ہیں ؟ اس کا مطلب ہے کہ ۶ روپے فی ٹن آپ نے زیادہ پر حاصل کیا -

جناب سپیکر - پہلی transaction کا agreement آ چکا تھا ، وہ جون ۱۹۶۷ء تک لینا تھا ، اب جب دوسرے ٹینڈر طلب کئے گئے تو حبیب اللہ کا ریٹ اکسٹھ روپے تھا ، لیکن اس کے برعکس PIDC نے حکومت کی منظوری سے ۶۵ روپے کا ریٹ پیش کیا جو ہم نے منظور کر لیا ہے - and with the orders and approval of the Government-PIDC سے ۶۵ روپے کے ریٹ پر لیا جائیگا جو کہ حبیب اللہ سے کم ہے -

---

IRAB FUNCTIONING IN TEHSIL SWABI

*9338. **Khan Ajoon Khan Jadoon** : Will the Minister of Irrigation and Power be pleased to state the name and length of each Government Irab functioning in Tehsil Swabi, District Mardan, alongwith the following information in respect of each Irab :—

(*i*) date on which last cleaned ;

(*ii*) amount spent on cleaning ;

(*iii*) present condition ;

(*iv*) whether it needs immediate cleaning if so, the amount needed for cleaning ;

(*v*) whether any amount has been sanctioned for the cleaning of the Irab, if so, how much ?

Parliamentary Secretary (Mian Ghulam Muhammad Ahmad Khan Maneka) : The information is being callected.

خان اجون خان جدون - جناب والا - یہ تو ایک تحصیل کے متعلق سوال تھا اور پھر ان کی دوسری باری بھی اس اجلاس میں نہیں آئی - تو کیا میں یہ دریافت کر سکتا ہوں کہ اس ایک تحصیل کے متعلق اطلاعات

فراہم کرنے میں کیا دقت پیش آتی تھی ؟ میں نے یہ سوال اس غرض سے پوچھا تھا کہ اگر وہاں کے اعرابوں کی صفائی نہ کی گئی تو صوابی تحصیل کی ساری اراضی سیم اور تھور کا شکار ہو جائے گی تو کیا اس کی اہمیت کے پیش نظر اس سوال کا جواب کل تک موصول ہو جائے گا ۔

وزیر آبپاشی و برقیات ۔ چونکہ انہوں نے سوال کا جواب تفصیل کے ساتھ مانگا ہے اس لئے کل تک اس کا جواب موصول ہونا ممکن نہیں ہے ۔ البتہ معزز رکن میرے Chamber میں تشریف لائیں تو میں ان کی تسلی کر دوں گا ۔

METALLING OF ROAD RUNNING ALONG RIVER KABUL

*9352. **Mr. Jalal-ud-Din Khan**: Will the Minister of Irrigation and Power be pleased to state :—

(*a*) whether it is a fact that the five mile long stretch of road which takes off from Pabbi-Chirat Road and runs along river Kabul, is kucha ;

(*b*) whether it is a fact that Garhi Wazir and Garhi Hakim Khan are situated on the said Kutcha road ;

(*c*) whether it is a fact that Union Councils Urmar Payan and Tehsil Council, Nowshera have passed many resolutions demanding the metalling of the above-said road ;

(*d*) whether it is a fact that sugarcane crop is grown in abundance in the area around the said Kutcha road ;

(*e*) whether it is a fact that Sugarcane is transported by trucks on the said road throughout the season ;

(*f*) if answer to (*a*) to (*e*) above be in the affirmative, the time by which the said road will be metalled and the funds from which expenditure would be met upon its metalling ?

Parliamentary Secretary (Mian Ghulam Muhammad Ahmad Khan Maneka): (a) Yes.

(b) Yes.

(c) No such resolution had been received in this office.

(d) Yes.

(e) Yes.

(f) The work was included in the lists of New Major Works under Head "68-Capital" for the year 1967-68 but no funds have been allotted. It will be provided against in the Budget Estimates for the year 1968-69 and will be executed on the receipt of funds.

PROMOTION OF SUB-DIVISIONAL OFFICERS (ELECTRICITY) AS EXECUTIVE ENGINEERS

*9367. **Mian Saifullah Khan**: Will the Minister of Irrigation and Power be pleased to state :—

(*a*) the total number of posts of Executive Engineers (Electricity) and Sub-Divisional Officers (Electricity) separately in the whole of the Province ;

(*b*) the pay scales allowed to Degree holder and Diploma holder Sub-Divisional Officers ;

(*c*) whether the seniority list of the Sub-Divisional Officers mentioned in (*b*) above is maintained jointly ;

(*d*) the names, qualifications and parentage of the Sub-Divisional Officers (Electricity) posted in Lahore as on 25th September, 1967 ;

(*e*) tha position of each of the Sub-Divisional Officers mentioned in (*d*) above in the order of seniority determined for their promotion to the rank of Executive Engineers ;

(*f*) the criteria prescribed for the promotion of Degree holder and Diploma holder Sub-Divisional Officers (Electricity) to the rank of Executive Engineers ;

(g) the normal period after which a Degree holder Sub-Divisional Officer and a Diploma holder Sub-Divisional Officer is promoted to the rank of Executive Engineer ?

Parliamentary Secretary (Mian Ghulam Muhammad Ahmad Khan Maneka) : The requisite information is being collected.

چودھری محمد نواز ۔ جناب والا ۔ یہ سوال ۲۳ اکتوبر کو بھی پوچھا گیا تھا اور اس کا جواب نہیں دیا گیا تھا اور یہ کہا گیا تھا کہ اس کا جواب اگلی باری پر دیا جائے گا اور اب بھی یہی کہا جا رہا ہے ۔ تو اس تاخیر کی وجہ کیا ہے ؟

وزیر آبپاشی و برقیات ۔ جناب والا ۔ اس کا جواب کافی لمبا ہو گا اور چونکہ سینیارٹی لسٹ وغیرہ زیر ترمیم اور زیر تجویز ہے اس لئے میں یہ نہیں چاہتا کہ یہاں پر کوئی ایسا جواب دیا جائے کہ جس سے بعد میں کوئی شکایت پیدا ہو اس لئے ہم نے اس کا جواب فی الحال نہیں دیا ۔ لیکن جونہی مکمل جواب تیار ہو جائے گا ہم جواب دے دیں گے ۔

چودھری محمد ادریس ۔ جناب والا ۔ کیا مخدوم صاحب کے جواب سے یہ ظاہر نہیں ہوتا کہ وہ جان بوجھ کر جواب دینے میں تاخیر کر رہے ہیں ۔

Minister of Irrigation and Power : It is being processed. It is not mature. So we did not think it proper to give premature information for presentation before this House.

مسٹر حمزہ ۔ جناب والا ۔ آیا information mature نہیں ہے یا اس کو اکٹھا کرنے والے mature نہیں ہیں ۔

CONSTRUCTION OF CHISHTIAN-QAZIWALA HAROONABAD ROAD

*9369. **Mr. Hamza** : Will the Minister of Communications and Works be pleased to state :—

(*a*) the dates on which lands were acquired by the Government for the construction of Chishtian-Qaziwala-Haroonabad road in District Bahawalnagar ;

(*b*) whether owners of the said lands have been paid compensation ; if not, why and the time by which it will be paid ?

Parliamentary Secretary (Khan Muhammad Iqbal Khan Jadoon) : (*a*) Some lands were acquired on 10th February, 1964. The possession of some other lands proposed to be acquired has not yet been taken over.

(*b*) No. It could not be paid for want of finalisation of land acquisition proceedings. The compensation is expected to be paid during the current financial year.

مسٹر حمزہ - جناب سپیکر - جناب پارلیمنٹری سیکرٹری نے اپنے جواب میں تسلیم کیا ہے کہ انہوں نے بیشتر زمین کا قبضہ حاصل کر لیا ہے یعنی فروری ۱۹۶۴ء سے زمین ان کے قبضہ میں ہے - تو کیا جن بد قسمت لوگوں سے انہوں نے زمین حاصل کی ہے ان کو اس زمین کا جو معاوضہ ادا کیا جائے گا - تو کیا اس تاخیر کی بناء پر ان کو اس رقم پر سود بھی ادا کیا جائے گا یا صرف اصل رقم ہی ادا کی جائے گی -

ملک محمد اختر - پوائنٹ آف آرڈر - مجھے افسوس ہے کہ میں مداخلت کرنے پر مجبور ہوں - لیکن جدون صاحب آج صبح سے ہی سود کی رٹ لگائے ہوئے ہیں - (قطع کلامی)

پارلیمنٹری سیکرٹری - جناب سپیکر - میں نے یہ عرض کیا کہ جو زمین ۱۹۶۴ء میں حاصل کی گئی تھی مئی ۱۹۶۴ء میں اس کے معاوضہ کے

طور پر محکمہ مواصلات و تعمیرات نے محکمہ مال کے پاس رقم جمع کردی تھی ۔ چونکہ اس زمین کا معاوضہ اس محکمہ کے پاس finalize ہورہا ہے اس لئے گذشتہ مالی سال میں اس کی ادائیگی نہیں کی جاسکی لیکن امید ہے کہ اس سال کے اختتام سے قبل ادائیگی کردی جائے گی ۔

مسٹر حمزہ ۔ جناب والا ۔ میرے سوال کا جواب انہوں نے نہیں دیا ۔ میں نے یہ پوچھا تھا کہ جن لوگوں سے تقریباً تین سال سے زمین حاصل کی گئی ہے اور ان کو جب تین سال کی تاخیر سے معاوضہ دیا جائے گا تو کیا ان کو اس رقم پر سود بھی دیا جائے گا یا نہیں ؟

وزیر تعمیرات و مواصلات (مسٹر محمد خان جونیجو) ۔ دراصل زمین حاصل کرنے کے بعد جب جھگڑے پیدا ہوتے ہیں تو پھر اس زمین کی قیمت رکویزیشن آفیسر کرتا ہے ۔ تو ابھی تک اس کی قیمت مقرر نہیں ہو سکی ۔ اور جب تک قیمت کا تعین نہ ہو جائے سود نہیں لگ سکتا ۔ سود لگنا تبھی شروع ہو گا جب کہ اس کے معاوضے کا فیصلہ ہو جائے ۔

چودھری محمد نواز ۔ جناب والا ۔ اس میں ان لوگوں کا کیا قصور ہے کہ جن کی زمینیں حاصل کی گئی ہیں ۔ یہ تکلیف تو ان لوگوں کو ان افسران کی سستی کی وجہ سے پہنچی ہے کہ جو اب تک معاوضے کا تعین ہی نہیں کر سکے ۔ آخر آپ ان افسران سے باز پرس کیوں نہیں کرتے کہ جنہوں نے اپنی کاہلی کی وجہ سے ان لوگوں کو تکلیف میں مبتلا کیا ہے ؟

وزیر مواصلات و تعمیرات ۔ مجھے معزز رکن سے اتفاق ہے ۔ لیکن جہاں تک ہمارے محکمے کا تعلق ہے ہمارا کام صرف یہی ہے کہ

زمین حاصل کرنے کے بعد اس پر راستہ بنا دیں ۔ معاوضے کو آخری شکل دینا ہمارے محکمہ کی ذمہ داری نہیں ہے البتہ ہم متعلقہ محکمہ سے کہہ رہے ہیں کہ اس معاملہ کو نمٹا دیں ۔ ہم نے تو تین سال سے رقم جمع کرا دی ہے لیکن امید ہے کہ اس کے متعلق جلد ہی آخری فیصلہ ہو جائے گا ۔

چودھری محمد سرور خان ۔ جناب والا ۔ یہی ایک معاملہ نہیں بلکہ یہ تکلیف تو صوبہ میں کئی جگہ پر ہے ۔ جو concerned Departments ہیں وہ لوگوں کو چھ یا دس سال تک معاوضہ نہیں دے رہے ۔ کیا آپ کا محکمہ نظر ثانی کرے گا تاکہ ان لوگوں کو مناسب وقت پر پیسہ دلایا جائے ؟

وزیر مواصلات ۔ میں کوشش کروں گا کہ جو concerned Departments ہیں اور وہ ایسے cases کو جلدی finalize کرکے پیسہ دے دیں ۔

چودھری محمد نواز ۔ معزز وزیر نے فرمایا ہے کہ ہم کوشش کریں گے ۔ میرے فاضل دوست کا سوال یہ تھا کہ یہ تکلیف یہاں تک ہی محدود نہیں بلکہ یہ صوبہ میں ہر جگہ ہے ۔ میں ان سے معلوم کرنا چاہتا ہوں کہ کیا حکومت کوئی ایسا اصول وضع کرے گی کہ جن لوگوں کی زمین لی جائے ان کو وقت پر پیسہ دیا جائے تاکہ یہ تکلیف رفع ہو جائے ؟

Mr. Speaker: I think the other day the Leader of the House had made a statement that in future no land would be taken in possession unless the amount is handed over or deposited with the department concerned about land acquisition.

Minister of Food & Agriculture (Malik Khuda Bakhsh): That was what the policy is, that the estimated amount required for the acquisition of the

land will be deposited with the Collector before any land is taken possession of. Am I clear Sir?

And secondly, the principle of law is, as you are well aware, if a land is taken possession of on a particular date and the amount is paid three years, four years or five years afterwards, the person, who has been dispossessed of his land, is entitled to get interest or profit, as we call it, at the rate of six percent from the date of possession till the date of payment. This is the principle of law, and so this was what I had said. The policy of the Government is; in fact the Board of Revenue have issued very strict instructions about it; that we will not involve ourselves into the odium of not being able to pay. But there have been old cases before the promulgation or announcement of this policy; there are cases of old where no money was deposited, and there has been trouble in getting the money from the Finance Department or from one source or the other, and so there has been delay.

Mr. Speaker: In these cases of land acquisition pertaining to the Communications Department or other departments, there has been sufficient delay in the payment of price and some policy should be evolved so that the payment to the owners of the land should be made at an early date.

Minister of Food & Agriculture: That is true, and the Government is conscious of it. I don't deal with acquisition of land personally, but knowing as I do something about the Revenue Department, I think it is now the considered and declared policy of the Government that the estimated amount required for the land should be deposited with the Revenue Department.

Mr. Speaker: Next step is that of actually determining the right and making payment to the owner.

Minister of Food & Agriculture: That is not the only step. What happens is that determination and announcement of the award is undoubtedly the step; that also involves sometimes protracted enquiries or several other factors.

Mr. Speaker: Some steps should be taken to curtail that period and minimize the difficulty.

Minister of Food & Agriculture: There is no doubt about that.

خواجہ محمد صفدر ۔ کیا محترم قائد ایوان کو اس امر کا علم ہے کہ سیالکوٹ میں نالہ ڈیک پر جو ۹ سال ہوئے ایک protective بند باندھا گیا تھا اس سلسلے میں وہاں کے لوگوں کو زمین کا کوئی معاوضہ نہیں دیا گیا ۔ پچھلی دفعہ جب میں نے سوال کیا تھا تو یہ جواب دیا گیا تھا کہ بہت جلد معاوضہ دے دیا جائیگا ۔

وزیر زراعت و خوراک ۔ محترم قائد حزب اختلاف نے جو کچھ فرمایا ہے ممکن ہے درست ہو ۔ حکومت ایک ایسی پالیسی ضرور وضع کریگی کہ ایسے cases میں معاوضہ جلد دیا جائے اور کوئی شخص پیسے سے محروم نہ رہے ۔ میں سمجھتا ہوں کہ حکومت کا حق ہے کہ ضرورت ہو تو کسی کی زمین لے لے لیکن حکومت کا یہ بھی فرض ہے کہ اس کی زمین کا معاوضہ بھی دے ۔ اس کے لئے تو constitutional provision بھی ہے ۔ میرے دوست وزیر متعلقہ اس وقت موجود نہیں ورنہ وہ اس طرف توجہ دیتے ۔

مسٹر حمزہ ۔ خواجہ صاحب نے اس معاملہ کی طرف قائد ایوان کی توجہ دلائی ہے ۔ میرے خیال میں یہ مناسب نہیں کیونکہ یہ بات تو سفید انقلاب سے پہلے بدنام سیاستدانوں کے زمانہ کی ہے ۔

خواجہ محمد صفدر ۔ نہیں یہ انہی کے زمانے کی ہے ۔

وزیر زراعت و خوراک ۔ میں تو صرف یہی کہہ سکتا ہوں کہ آج جو کلام مجید پڑھا گیا ہے ، میں نے اس پر عمل کیا ہے اور آپ کے لئے بھی عمل کرنا ضروری سمجھتا ہوں ۔

مسٹر حمزہ ۔ اللہ تعالیٰ ہم سب کو توفیق دے ۔

EXPENDITURE ON IRRIGATION AND POWER PROJECTS IN THE PROVINCE

*9405. **Syed Inayat Ali Shah**: Will the Minister of Irrigation and Power be pleased to state the amount spent on each Project of Irrigation and Power Department in the Province during the period from 1962 to 1966, alongwith the location of each Project ?

Parliamentary Secretary (Mian Ghulam Muhammad Ahmad Khan Maneka): The required information is to be collected from many Zonal Offices and Directorates and is too lengthy. Efforts are being made to collect and supply the same as soon as possible.

سید عنایت علی شاہ ۔ جناب والا ۔ اس سوال کا جواب کیا دوبارہ دیا جائے گا ؟

مسٹر سپیکر ۔ کل تک اگر جواب آ سکے تو مجھے کوئی اعتراض نہیں لیکن کل تک جواب آنے کی توقع بہت کم ہے ۔

وزیر آبپاشی و برقیات (مخدوم حمید الدین) ۔ مغربی پاکستان میں ۳۰ ڈویژن ہیں ، اس کے لئے ۵ سال کے تمام ورکس رجسٹر اکٹھے کرنے ہوں گے ۔

Mr. Speaker: The Minister need not send for the information.

AUCTION OF OLD AND BROKEN ARTICLES AND GOODS BELONGING TO GOVERNMENT

*9426. **Diwan Syed Ghulam Abbas Bokhari**: Will the Minister of Communications and Works be pleased to state :—

(*a*) whether it is a fact that an auction of old and broken articles and goods belonging to Government, one-fourth of the auction money is

received at the fall of the hammer from the last successful bidder but the goods are not handed over to him ;

(*b*) whether it is a fact that confirmation of an auction usually takes two to three years and the form and value of the auctioned articles is badly affected ;

(*c*) if answer to (*a*) and (*b*) above be in the affirmative, whether Government intend to revise the procedure and provide for confirmation of the auction immediately at the fall of the hammer ?

Parliamentary Secretary (Khan Muhammad Iqbal Khan Jadoon) : (*a*) Yes.

(*b*) No.

(*c*) Does not arise.

SENIORITY LIST OF ZILLADARS OF FORMER PUNJAB AND BAHAWALPUR ZONES

*9430. **Mr. Hamza** : Will the Minister of Irrigation and Power be pleased to state :—

(*a*) whether it is a fact that integrated seniority list of *Zilladars* of former Punjab and Bahawalpur Zones was drawn up in 1961 by the then Chief Engineer, Irrigation, West Pakistan ;

(*b*) whether it is a fact that several representations were made against the said seniority list ;

(*c*) whether it is a fact that in view of the said representations the case was referred to the Services and General Administration Department and the Law Department and after getting advice of the said Departments the seniority list pertaining to Bahawalpur Zone was revised by the Chief Engineer, Bahawalpur on 17th November 1964 ;

(*d*) whether it is a fact that in the said revised list one Mr. Kamal Din was placed at serial No. 44 ;

(*e*) whether it is a fact that officials at serial Nos. 23 to 43 are still working as *Zilladars* while the above said Kamal Din (Serial No. 44) is

officiating as Deputy Collector since 15th November 1962 on the basis of seniority list referred to in (*a*) above ;

(*f*) If answer to (*a*) to (*e*) above be in the affirmative, reasons for not promoting any official from amongst serial Nos. 23 to 43 of the revised list to the post of the Deputy Collector ;

(*g*) in case the integrated list mentioned in (*a*) above has not so far been revised, reasons therefor ?

Parliamentary Secretary (Mian Ghulam Muhammad Ahmad Khan Maneka) : (*a*) Yes.

(*b*) Yes. Some representations were received.

(*c*) No. In fact a tentative seniority list of *Zilladars* of Bahawalpur Zone was issued on 17th November 1964 but it was not finally approved.

(*d*) Yes.

(*e*) (*i*) Yes. (*ii*) Yes, with the approval of the Public Service Commission on the basis of the seniority list prepared by the Chief Engineer, Irrigation, West Pakistan, Lahore.

(*f*) The question of promoting officials on the basis of a list, which was prepared only tentatively, does not arise, so long as it is not finally adopted and approved by the competent authority.

(*g*) The integrated seniority list of former Punjab and Bahawalpur will be revised only when the issues involved are clarified by the Services and General Administration Department to whom the case has been referred recently.

مسٹر حمزہ ۔ جناب سپیکر ۔ یہ خود تسلیم کرتے ہیں کہ یہ عارضی فہرست تیار کی گئی ہے اس میں جو شخص نمبر ۲۳ پر آتا ہے وہ آج تک ضلعدار ہے اور جو نمبر۴۳ پر آتا ہے اس کو ڈپٹی کلکٹر بنا دیا گیا ہے ۔ کیا آپ بتا سکتے ہیں کہ یہ صورت حال انصاف پر مبنی ہے اور جس طریقہ پر آپ نے عمل کرنا روا رکھا ہے اس کے ہوتے ہوئے لوگ اپنا کام دیانتداری اور محنت سے کیسے کرسکتے ہیں ۔

وزیر آبپاشی و برقیات (مخدوم حمید الدین) - اس قسم کا کوئی عمل روا نہیں رکھا جاتا اس میں تھوڑی سی غلط فہمی ہورہی ہے - جن کا یہ case ہے انہوں نے غالباً اچھی طرح نہیں سمجھایا - وہ یہ ہے کہ آپ مجھے یہ بتائیں کہ کونسے year میں وہ سینئر تھا -

Mr. Speaker : I think Mr. Hamza is not clear to Makhdum Sahib and Makhdum Sahib is not clear to Mr. Hamza. (*laughter*).

Minister of Food and Agriculture : Are they both clear to you Sir ?

مسٹر حمزہ - جناب سپیکر - آپ میرے سوال کے حصہ (ای) کو ملاحظہ فرمائیں میں نے یہ دریافت کیا تھا کہ وہ ضلعدار جو نمبر۲۳ سے ۴۳ تک ہیں ابھی تک ضلعداری کا کام کر رہے ہیں اس کے مقابلہ میں کمال الدین جو نمبر۴۴ پر آتا ہے وہ ڈپٹی کلکٹر کی حیثیت سے نومبر۱۹۶۲ء سے کام کر رہا ہے - آپ نے اس کا جواب دیا ہے ''جی ہاں'' - آپ یہ عذر ڈھونڈنے کے بجائے یہ کیوں نہیں کہتے کہ حتمی فہرست تیار نہیں کی گئی بلکہ عارضی ہے اور اس کا جلد ازالہ کردیا جائے گا -

وزیر آبپاشی و برقیات - ۱۹۵۹ء میں زونل چیف انجینئر نہیں ہوتے تھے بلکہ مغربی پاکستان میں ایک ہی چیف انجینئر تھا - اس نے جو فہرست تیار کی تھی اس میں بھی کمال الدین کو سینئر ہی دکھایا گیا ہے -

ملک محمد اختر - کہیں کمال الدین ہی کا کمال نہ ہو اور سینئر بن گیا ہو -

وزیر آبپاشی و برقیات ۔ حمزہ صاحب - آپ ذرا غور سے میری بات سنیں ۔ اس میں آپ کچھ تاریخوں کی confusion کر رہے ہیں چیف انجینئر مغربی پاکستان نے جو فہرست مرتب کی ہے اس میں یہ شخص بطور سینئر function کر رہا تھا ۔ ۱۹۶۲ء میں جب cases پبلک سروس کمشن کو گئے تو اس نے اس کو سینئر تسلیم کر لیا - ۱۹۶۲ء کے بعد یا ۱۹۶۶ء میں S & GAD نے ایک pronouncement کیا کہ جنگی وار سروسز ہیں وہ ان کی مدت ملازمت میں شمار کیجائیں ۔ تو چیف انجینئر نے لسٹ تیار کی - اسکو ہمنے کہا کہ circulate کرو کہ اگر کسی کو اعتراض کرنا ہو تو وہ اعتراض کرے اس پر کمال الدین نے اعتراض کیا ۔

Those persons who want to claim by virtue of their war services will have to satisfy us. If somebody says that since a pronouncement of war service has been given in his favour and because he has got war service, therefore, he should be made senior to others, he has to establish that fact. The Services and General Administration Department has not pronounced him as senior. They have said that all those persons who have rendered war service be given the benefit of war service. He has come forward with the claim that he has got war service, therefore, he be, *ipso facto*, declared as senior but it is a question of fact which has got to be consequently established. This is even now with the Services and General Administration Department on the representation of Kamal-ud-Din. In 1962, the Public Service Commission declared him senior. Nobody can dispute that. After that, if somebody wants to declare him junior on the score that the other person is senior, by virtue of rendering war service, he has to satisfy the Services and General Administration Department from the competent authority that he has actually put in 10 years' war service. So, on merit the case will be decided. We have sent the file to the Services and General Administration Department and we hope that very soon the issue will be decided. He has always been senior in every list.

مسٹر حمزہ ۔ جناب سپیکر - میں جناب وزیر برقیات اور آبپاشی کی توجہ خاص طور پر اس امر کی جانب دلاتا ہوں کہ آپ کے محکمہ

میں دوسرے محکموں کی طرح بیشتر افراد ایسے ھیں جن کو حتمی طور پر یہ پتہ نہیں ھے کہ ان کی seniority کیا ھے - اگلے دن میں نے کلاس I افسروں کے متعلق عرض کیا تھا کہ آپ سالہا سال سے ان کی seniority متعین نہ کرسکے کیا آپ اس صورت حال سے مطمئن ھیں کہ آپ کا محکمہ بد انتظامی کا شکار ھے اور آپ کے محکمہ کے افسروں کو پتہ نہیں کہ وہ کہاں کھڑے ھیں کیا اس سے ان میں بد دلی نہیں پیدا ھوتی - میں آپ سے التجا کروں گا کہ اس قسم کے معاملات کا آپ فوری طور پر ازالہ کریں تاکہ آپ کے محکمہ کی کارکردگی پر اچھا اثر پڑے -

---

SUPPLY OF ELECTRICITY FOR INSTALLATION OF TUBEWELLS TO ERADICATE WATER-LOGGING

Malik Muhammad Akhtar: It is clause 96 under which proprietary rights have been given. And these are Quranic references and I may not be interrupted.

Mr. Deputy Speaker: The Member should know this is the third reading.

ملک محمد اختر ۔ جناب والا ۔ قرآن مجید سے عرض کر رہا ہوں ۔

I am sorry I will have to repeat it Sir.

> "The underlying idea of this Quranic principle is that all mankind is like joint family of which the Members are intimately concerned with the welfare of one another. They work in different spheres of life and earn more or less, according to their capacities, and though the better-off among them do not give away all their earnings to those who are poor, yet they never become so unconcerned about the welfate of the poor out of them as to let them starve. Though the members have a right separately to their respective earnings, they have to pool them-regardless of the large or small share of each in order to provide each of them with the necessities of life."

ترجمان القرآن جلد دوم جناب والا میں کوٹیشن لہیں دوں گا ۔ اسی طرح حدیث بخاری میں ہے کہ جس کے پاس زیادہ زمین ہے وہ کچھ اپنے ہمسایہ کو دے دے اس کے فائدہ کے لئے لیکن خود اس سے ضرورت سے زیادہ فائدہ حاصل نہ کرے ۔ جناب والا ۔ اس کے بعد میں صرف دو instances اور عرض کروں گا ۔ جناب والا ۔ حضرت امام الہند شاہ ولی اللہ دہلوی نے کہا ہے کہ زمینداری سسٹم میں ہمارے لئے صرف یہ جائز ہے کہ ہم اپنی زمین کی خود کاشت کریں اور اس سے ضرورت سے زیادہ فائدہ نہ اٹھائیں ۔

مولانا عبیداللہ سندھی نے بھی اس کے متعلق ایک جامع کتاب لکھی ہے لیکن میں اس کی کوٹیشن پیش نہیں کرتا ۔ اس کے بعد ایک کوٹیشن ہے جو میں سمجھتا ہوں کہ ضروری ہے :

> "On the conquest of Iraq a question arose regarding the diposal of the land which was conquered. The Ghazis claimed their share of booty but Hazarat Omar refused to dispossess the peasants in possession and later on the land was declared as 'Waqf' for the benefit of the Mussalmans in general.

تو جناب والا اس وقت بھی قرآن مجید کی interpretation جو حضرت عمر رض نے کی یہ تھی کہ جو زائد زمین ہے اس کی آمدنی کو pool کر دیا جائے اور کوئی خاص اکیلا آدمی فائدہ نہ اٹھائے ۔ جناب والا ۔ اس کے بعد مجھے یہ عرض کرنا ہے اور مجھے واقعات اسلامک ہسٹری سے عرض کرنے ہیں وہ یہ ظاہر کرتے ہیں کہ جب مسلمانوں کی حکومت تھی اور جب انہوں نے کئی فتوحات کیں اور وہ تمام دنیا میں پھیل گئے تو پھر بھی انہوں نے چھوٹے چھوٹے زمینداروں کی زمینوں کو disturb نہ کیا بلکہ انہوں نے بڑی بڑی زمینداریاں ختم کر کے رکھ دیں تاکہ چھوٹے کاشتکار اور زمینداروں کو نقصان نہ پہنچے ۔ ان کے الفاظ ہیں citizens of feudalism کو ختم کر کے رکھدیا اور جناب والا Persian or Roman Empire جب مسلمانوں کے قبضہ میں آئی تو انہوں نے جاگیرداری نظام کو ختم کر کے رکھ دیا ۔

That will be the end of their point. I will be taking the next point.

یہ حضرت عمر رض کے متعلق ایک چھوٹی سی quotation ہے ۔

Speaking of Hazrat Umar says Ameer Ali:

> "With a far-sightedness often wanting in rulers of later times, he perceived that the stability of the empire and its material development depended upon the prosperity of the agricultural classes. To secure that object he forbade the sale of holdings and agricultural lands in the conquered countries. As a further protection against encroachment on the part of the Arabs he ordained that no land should be acquired from the natives of the soil."

جناب والا ۔ مفتوحہ ممالک میں مسلمان حکمرانوں کا یہ طریق کار رہا ہے کہ natives سے کوئی لینڈ ایکوائر نہیں کی جائے گی ۔

In the administration of the land the improvement of peasantry and development were persistently insisted upon.

جناب والا ۔ اب میں اس نکتہ کو چھوڑتا ہوں اور یہ دہراتا ہوں کہ آج جب کہ ہم ۱۰۶ قوانین منسوخ کر رہے ہیں جن کے ذریعے زمیندار مالک چلے آتے تھے ۔ آپ اگر آج دفعہ ۹۶ ، میں ایک ہلکی سی ترمیم کے ساتھ جیسے میں نے ہی پیش کیا تھا اسے پاس کرتے تو کاشتکار جو دس بیس سال کا تھا آپ اسے مالک قرار دے سکتے تھے ۔ جناب والا ۔ اب میں اس کے نتائج کی طرف آتا ہوں ، یہ ایک کتاب ہے جو قائد ایوان نے لکھی ہے اور جسے بیورو آف ایگریکلچرل انفارمیشن مغربی پاکستان نے شائع کیا ہے ، وہ اس میں لکھتے ہیں ۔

"اگر کسی ملک میں زرعی انقلاب کو زیادہ دیر تک روکا جائے تو اس سے صرف یہی نہیں کہ ملکہ کے باشندوں کا معیار زندگی پست رہتا ہے ۔"

اور آج وہ خود اس غلط بات کا ارتکاب کر رہے ہیں ۔

"بلکہ وہاں زرعی انقلاب جب بھی آتا ہے تو وہ انقلاب فرانس اور انقلاب روس کی سی شدت اختیار کر لیتا ہے اور اپنے جلو میں طرح طرح کی خرابیاں لاتا ہے ۔ اس لئے زراعت کو ترقی دینا ہر ملک کی اولین ضرورت ہوتی ہے جس کی اہمیت کو کسی طرح بھی نظر انداز نہیں کیا جا سکتا ۔"

اب میں ان کی اسی کتاب کا ایک اور اقتباس پیش کرتا ہوں تاکہ معلوم ہو کہ ہماری دیہاتی آبادی کن مشکلات سے گزر رہی ہے اور اس ترمیم کے ذریعے سندھ کے ہاڑیوں کو مالک نہ بنانے کے نتائج کیا ہوں گے ؟

"لیکن پاکستان کے مخصوص زرعی حالات ہمارے زمینداروں کے محدود وسائل اور ان میں تعلیم کے فقدان کے پیش نظر یہ ایک نہایت ہی کٹھن کام ہے ۔ ابھی تک ہماری مجموعی آبادی کی تعلیمی حالت یہ ہے کہ دس میں سے صرف ایک شخص دستخط

کرنا جانتا ہے اور ہزار میں سے ایک میٹرک پاس ہے ۔ اس عام تعلیمی فقدان کے پیش نظر زرعی توسیع کے اہم مگر دشوار کام کو کامیاب بنانے کے لئے یہ ضروری ہے کہ اسے ایک فکری تحریک کا درجہ دے کر پاکستانی کسانوں کے افکار و نظریات میں بنیادی تبدیلی پیدا کی جائے ۔''

انہوں نے یہاں ایک شعر بھی لکھا ہے :

آشنا اپنی حقیقت سے ہو اے دہقان ذرا

''دانہ تو ، کھیتی بھی تو ، باران بھی تو ، حاصل بھی تو

(قہقہہ)

مجھے افسوس ہے کہ میں یہاں ایک قوم کے لئے نوحہ خوانی کر رہا ہوں اور یہ لوگ ہنس رہے ہیں ۔ میں انہیں بتائے دیتا ہوں کہ ان کا حال فرانس اور روس کے بورژوا والا ہوگا ۔

Mr. Deputy Speaker : Be relevant to the Bill.

ملک محمد اختر - اب جناب اس کے بعد میں قائد ایوان کا ایک بڑا پیارا فقرہ پیش کرتا ہوں ۔

''ترقی کے اس دور میں جب کہ انسان ستاروں پر کمندیں ڈال رہا ہے ہر سال دنیا میں ساڑھے تین کروڑ انسانی جانیں محض

اس لئے تلف ہو جاتی ہیں کہ انہیں پوری خوراک میسر نہیں
آتی - اور یہ اموات دنیا کی کل سالانہ اموات کا ۸۰ فی صد ہیں -
ستم بالائے ستم یہ ہے کہ بھوک اور فاقہ کشی کا شکار زیادہ تر
وہی لوگ ہیں جو خود خوراک پیدا کرتے
ہیں - دنیا کی کل زرعی پیداوار کا ایک تہائی
حصہ وہاں سے آتا ہے جہاں بھوک اور غربت و
افلاس کا دور دورہ ہے اور ان علاقوں میں دنیا
کی دو تہائی آبادی رہتی ہے -"

Mr. Deputy Speaker: Malik Sahib address the Chair.

Malik Muhammad Akhtar: Alright Sir.

میں apologise کرتا ہوں -

جناب سپیکر - میں یہ عرض کرتا ہوں کہ انہوں نے سندھ میں چھوٹے زمینداروں اور چھوٹے کاشتکاروں کو آج مالک نہ بنا کر اور سات ہزار زمیندار خاندانوں کے حوالے کر کے غلامی کی یاد تازہ کر دی ہے - بڑے اچھے کردار کے بھی زمیندار ہیں لیکن میں یہ سمجھتا ہوں کہ سندھ کے کاشتکار عوام کے ساتھ جو بے انصافی ہوئی ہے وہ اس سے زیادہ ہے جس کے لئے آپ پیٹ فیڈر کینال آرڈی ننس لائے تھے - وہ لوگ جو اس آرڈی ننس پر بولتے تھے ، وہ آج کیوں خاموش ہیں ؟

Mr. Deputy Speaker: Five minutes more.

Malik Muhammad Akhtar: I have got fifteen minutes.

Mr. Deputy Speaker: The Member started at 10.22.

ملک محمد اختر - جناب والا - سندھ کی تیس لاکھ آبادی کے ساتھ جو ظلم روا رکھا گیا ہے اس کی کہیں بھی مثال نہیں ملتی - صدر مملکت اس ملک میں ایک انقلاب لائے تھے اور حمزہ صاحب بھی کہتے ہیں کہ وہ انقلاب لانے میں حق بجانب تھے - چاہیئے تھا کہ آج ہماری یہ حکومت بھی چالیس پنتالیس لاکھ ہاڑیوں کو ملکیت کے حقوق عطا کر دیتی ویسے تو ہم سب ہاڑی ہیں اور مظالم کا شکار ہیں - جناب والا - میں تو کہتا ہوں کہ سارے مغربی پاکستان میں زمینداری کو ختم ہونا چاہیئے مگر آپ نے سندھ میں زمینداری کو ایک اور نئی شکل دے دی ہے - پہلے وہ زمیندار آئین اکبری کے مطابق ایک کلکٹر تھا - ایسٹ انڈیا کمپنی کے نظام کے مطابق وہ ایک جاگیردار تھا - مگر آج اس حکومت نے اسے مکمل طور پر مالک بنا دیا ہے - اور ڈھنڈورا یہ پیٹ رہے ہیں - کہ انہوں نے جاگیرداری کو ختم کر دیا ہے - اب میں پھر جناب قائد ایوان کی کتاب کا ایک حوالہ جو انہوں نے وہاں دیا ہے پیش کرتا ہوں - یہ کہتے ہیں کاشتکار سے -

بتا کیا تیری زندگی کا ہے راز
ہزاروں برس سے ہے تو خاکباز

اسی خاک میں دب گئی تیری آگ
سحر کی اذاں ہو گئی - اب تو جاگ

بتان شعوب و قبائل کو توڑ
رسوم کہن کے سلاسل کو توڑ (اقبال رح)

آج انہوں نے ایک اتنی موٹی زنجیر سے صدفہ کے تمام کے تمام ہاڑیوں کو جکڑ کے رکھ دیا ہے - اسکا کریڈٹ آنے والی نسلیں جناب خالد ایوان کو دینگی - جناب ریونیو منسٹر تو معصوم ہیں - جناب والا - اگر میں غلطی کرتا ہوں جو قانون کو رات دن پڑھتا ہوں تو میں زیادہ مورد الزام ہوں بہ نسبت حاجی عطا محمد کے - یہ کہہ کر میں اپنی تقریر کو ختم کرتا ہوں کہ -

جس کھیت سے دھقان کو میسر نہ ہو روزی
اس کھیت کے ہر خوشہ گندم کو جلا دو

مسٹر ڈپٹی سپیکر - حاجی سردار عطا محمد -

حاجی سردار عطا محمد (خیر پور - ۲) - کل کے پروگرام کے مطابق میجر محمد اسلم صاحب کو اسوقت تقریر کرنی چاہئے تھی لیکن یہ آپ کی مہربانی ہے کہ آپ نے مجھے تقریر کرنیکا حکم دیا ہے - حالانکہ میں تقریر کرنیکے سلسلے میں تیار نہ تھا بہر حال جو میری معلومات تھوڑی بہت ہیں وہ میں آپ کے سامنے پیش کرتا ہوں -

مسٹر ڈپٹی - پیکر - حاجی صاحب اگر ہم آپکو preference دیں تو کیا آپ کو کوئی اعتراض ہے - کیونکہ خالد ایوان آپ کا بہت احترام کرتے ہیں - میں نے تو آپ کو ترجیح دی ہے دوسرے مقررین کے اوپر -

وزیر زراعت - حاجی صاحب کو ہر معاملے میں انکے تقدس کے پیش نظر ترجیح ملنی چاہئے -

حاجی سردار عطا محمد ۔

رب اشرح لی صدری و یسرلی امری

آج ہم مغربی پاکستان کی مجلس قانون ساز میں ایک بہت اہم اور ضروری بل کے اوپر تیسری اور آخری خواندگی کر رہے ہیں ۔ میں اس بل کے سلسلے میں بحیثیت ایک پسماندہ علاقے کی نمائندگی کرتے ہوئے اور ساتھ ساتھ نا تجربہ کاری کی بناء پر کوئی لمبی تقریر نہیں کرونگا ۔ بہت عرصے سے اس بل کے اوپر بحث ہوتی رہی ہے اور بہت سی کوششوں کے بعد آج یہ بل اس سٹیج پر آیا ہے ۔ مجھ سے پہلے ملک محمد اختر صاحب نے بہت وضاحت سے اس بل کے سلسلے میں تقریر کی ہے جس کی میں تعریف کرتا ہوں اور انکی تائید بھی کرتا ہوں اس کے ساتھ ساتھ میں یہ بھی گذارش کرونگا کہ اس بل کو تکمیل تک پہنچانے کا سہرا ہمارے موجودہ گورنر جنرل محمد موسیٰ صاحب کے سر ہے۔ خاص طور پر ہمارے محترم بزرگ اللہ بخائیو صاحب کی کوشش کو بھی ہم فراموش نہیں کر سکتے ہیں ۔ کیونکہ گو دو برس پہلے یہ دفعات اس ایوان میں پیش ہو چکی تھیں ۔ لیکن یہ بل نامکمل رہا ۔ مگر ہم گورنر صاحب کے بڑے شکر گزار ہیں کہ گزشتہ اجلاس کے وقت پھر ان کے سامنے ہم نے ایک عرضداشت پیش کی تھی کہ اس بل کو خاص طور سے مکمل کیا جائے چنانچہ انھوں نے ہماری عرضداشت پر ہمدردی سے غور کیا اور ہماری اس اپیل کو قبول فرمایا جس کا نتیجہ یہ ہے کہ اس ہاؤس کے اندر یہ بل پیش ہوا اور

ایک ماہ سے زیادہ عرصے تک یہ بل اس ایوان میں زیر بحث رہا۔ اور خدا کے فضل سے یہ بل آج پایہ تکمیل تک پہنچا ہے اس لئے میں ان کا شکریہ ادا کرتا ہوں ۔ حالانکہ یہ ہماری حکومت کا فرض منصبی تھا کہ آج سے ۲۰ سال پہلے اسی قسم کے بل کو ایوان ہذا میں پاس ہو جانا چاہئے تھا ۔ ہم سب غریب ہیں ۔ خواہ وہ کاشتکار ہوں خواہ چھوٹے زمیندار ۔ وہ سب ہی بھاری taxes کے بوجھ میں دبے ہوئے ہیں ۔ جس کی وجہ سے وہ اپنے بچوں کو اعلیٰ تعلیم دلانے سے قاصر رہے ہیں ۔ نتیجہ اس کا یہ ہے کہ ۲۰ سال گزر چکے اور وہ تعلیم سے محروم ہیں ۔ ظاہر ہے کہ اب ان کے بچے کس منزل پر پہنچ سکتے ہیں اور ترقی کے اس میدان میں جاہل ہمیشہ پیچھے ہی رہتا ہے ۔ حالانکہ ہمارے دوسرے علاقوں کے بھائی جو ہمارے ساتھ ہیں اور جو بہت ہی تھوڑا مالیہ ادا کرتے ہیں خواہ وہ چھوٹے زمیندار ہوں یا بڑے وہ ہم سے بہت زیادہ اچھی حالت میں زندگی گزار رہے ہیں ۔ اس سلسلے میں شاہ لطیف صاحب نے جو کچھ فرمایا ہے، وہ میں پیش کرتا ہوں ۔

(سندھی) اے دریا ! تو کہیں تو جنگل میں سیلاب لے آتا ہے اور کہیں تیرے کنارے پر جو گھاس ہوتی ہے اس کو بھی خشک کر دیتا ہے ۔

اے دریا ! تو نے جو میری محبوبہ کو ڈبو دیا ہے میں قیامت کے دن اس کے لئے تیری شکایت کروں گا ۔

مسٹر ڈپٹی سپیکر ۔ آپ اسکے معنی تو سمجھا دیں ۔

حاجی سردار عطا محمد ۔ معنی تو میں اسکے ضرور سمجھاؤنگا ۔ لیکن آپ مجھے ٹائم تو اس سلسلے میں دیں ۔

مسٹر ڈپٹی سپیکر ۔ آپ کو ایک منٹ زیادہ وقت دیا جائیگا ۔ اور اشعار کے سلسلے میں آپ سے میں وعدہ نہیں کرتا ہوں لیکن صرف اس شعر کے سلسلے میں آپکو ایک منٹ زیادہ وقت دونگا ۔

وزیر زراعت ۔ حاجی صاحب کیا یہ لینڈ ریونیو ایکٹ کے متعلق ہے یہ شعر ۔ ہم کو تو اس کا پتہ نہیں ہے ۔

حاجی سردار عطا محمد ۔ میں اس کی تفصیل بتلاتا ہوں اور وہ یہ ہے کہ ہم سب مغربی پاکستان کے جو رہنے والے ہیں وہ کم محصول دیکر فائدہ اٹھاتے تھے ۔

مسٹر ڈپٹی سپیکر ۔ پہلے آپ اس شعر کا ترجمہ سنائیں ۔

حاجی سردار عطا محمد ۔ اب میں اسکی تفصیل آپ کے سامنے پیش کرتا ہوں اسلئے کہ شاہ صاحب دریا کو مخاطب کرتے ہوئے فرماتے ہیں ۔ کہ تو جنگلات کو تو سیراب کرتا ہے ۔ اور کہیں کاہ ہوتے ہیں اور خس و خاشاک ہوتے ہیں انکو تو خشک کر دیتا ہے ۔ اسی طرح ہم

کہتے ہیں کہ آپ نے ہماری اسمبلی کو نوازا ہے ۔ لیکن ہماری قوم کو نہیں نوازا ۔ جیسے شاہ صاحب کہتے ہیں اے دریا! چونکہ تو نے خس و خاشاک کو خشک کیا اسکی شکایت میں خدا کے سامنے کرونگا ۔ تو اسی طرح سے آپ نے کسی کو سیراب کیا اور کسی کو بے جان کیا ۔ تو جناب سپیکر ۔ ہم بہت تھوڑی سی تعداد میں سندھ کے علاقے سے آئے ہیں ۔ ہم تو پہلے ہی سے آپکے خدمتگار تھے ۔ اسی کے اوپر شاہ صاحب نے کہا ہے ۔

(سندھی) سسی کہتی ہے کہ پہلے میں ایسی تھی کہ پنوں میرے کپڑے دھوتا تھا ۔ آج یہ حالت ہے کہ میرا کوئی بھی سہارا نہیں ہے ۔

مسٹر ڈپٹی سپیکر - آپ سسی پنوں کا قصہ نہ سنائیے ۔ اسوقت بل کے متعلق فرمائیں - آپ اسوقت بل کے متعلق نہیں بول رہے ہیں ۔ آپ کا ان قصوں ہی میں ٹائم ختم ہو جائیگا ۔ سسی پنوں بل میں نہیں ہے ۔ سسی پنوں کے بعد آپ لیلیٰ مجنوں کے قصے چھیڑ دیں گے ۔

حاجی سردار عطا محمد ۔ دوسرا فائدہ یہ ہوتا ہے جناب سپیکر کہ ہم کو پہلے سندھ کے علاقے میں حق ملکیت سے محروم رکھا گیا تھا جس کے نتیجے میں نہ تو ہم پکا مکان تعمیر کرا سکتے تھے اور نہ ایک اینٹ تک بنوا سکتے تھے - ہم صرف کاشتکار ہی تھے ۔ مگر اس بل کے پاس ہونیکے بعد ہمارے اس قسم کے حقوق کا تحفظ کر دیا گیا ہے ۔ اسلئے ہم

اس بل کے پاس ہونے کے سلسلے میں جناب کو مبارکباد دیتے ہیں ۔ تیسری بات یہ تھی جناب والا کہ وہاں sliding scale تھا ، وہ بھی ہمارے فائدہ میں نہیں تھا ۔ میں اچھی بات کے ساتھ ساتھ کچھ وہ باتیں بھی عرض کرونگا جس سے ہمیں نقصان ہوا ہے ۔ جیسے سابقہ پنجاب میں یہ نمبرداری سسٹم کا اچھا رواج تھا اس کے متعلق ہاؤس میں یہ شکایت کروں گا کہ ہمارے سندھی بھائیوں نے میری سمجھ میں نہیں آتا کہ انہوں نے کوئی اچھی مثال قائم نہیں کی ۔ کیونکہ وہاں یہ حالت ہے کہ نمبرشماری بھی پٹواری کرتے ہیں اور مالیہ کی وصولی بھی پٹواری کرتے ہیں ۔ وصولی کرنے کے وقت ہم سے وہ ایک روپیہ کے اوپر ایک آنہ لیتے ہیں مثلاً اگر ہمارے ذمہ ایک سو روپیہ مالیہ کی رقم ہے تو ہمیں ایک سو کی بجائے ۱۰۶ روپے ۴ آنے دینے پڑتے ہیں ۔

جناب سپیکر ۔ اگر ہم وہ ادا نہ کریں تو جو وہاں جنگل وغیرہ ہیں وہ بھی ان کے ذمہ لگا دیتے ہیں ۔ ان کی رسائی اوپر تک ہوتی ہے ۔ اگر ان کی پڑتال کیلئے تحصیلدار کے پاس جائیں تو وہ یہی کہے گا کہ پہلے پیسے ادا کر دو بعد میں آپ کو refund ملے گا ۔ حالانکہ میں اس سے پہلے بھی خیر پور ڈویژن کے کمشنر صاحب کی تعریف کیا کرتا تھا اور اب بھی کر رہا ہوں کہ مغربی پاکستان میں بہت کم ایسے افسر ہونگے جو دیانتداری اور ایمانداری سے کام کرتے ہیں اور غریبوں کے ساتھ اچھا سلوک کرنے والے

ہیں ۔ ہمارا جو ڈپٹی کمشنر اس سے پہلے تھا اس کا بھی کوئی جواب نہیں تھا۔ اب مسٹر آغا رفیق آئے ہیں ۔ ۔ ۔

مسٹر ڈپٹی سپیکر ۔ حاجی صاحب آپ بل کے متعلق بات کریں تعریف نہ کریں ۔

حاجی سردار عطا محمد ۔ جناب والا ۔ بل کے متعلق ہی بات کر رہا ہوں کہ افسران کا ہمارے ساتھ کیا تعلق ہے ۔ میں آپکی وساطت سے قائد ایوان اور وزیر مال صاحب کی خدمت میں عرض کروں گا کہ ہر تحصیل میں ہر مہینے کوئی چار ہزار روپیہ مشترکہ خرچ تھے دار یا پٹواری دیتے ہیں ۔ اب اسکی مخالفت میری سمجھ میں افسران کی معرفت ہم سے کروائی گئی ہے ۔ وہ چار ہزار روپیہ ایک مہینے کا دیتے ہیں ۔ ان کی رسائی سیکریٹریٹ تک ہوتی ہو گی ۔ اس لئے اس کی مخالفت کی گئی ہے ۔

مسٹر ڈپٹی سپیکر ۔ حاجی صاحب آپ بل کے متعلق فرمائیں ۔

حاجی سردار عطا محمد ۔ جناب والا ۔ نمبرداری سسٹم کے متعلق جو مخالفت ہوئی ہے اس سے مجھے خوشی نہیں ہوئی ہے بلکہ اس سے مجھے بڑا افسوس ہوا ہے ۔ دوسرے یہ کہ ہمارے سندھ میں یہ قانون تھا کہ جو بھی زمین کو منتقل کراتا تھا اسکی رجسٹریشن ہوتی تھی ، یہ اتنی مضبوط ہوتی تھی کہ کسی کو چون و چرا کرنے کی ضرورت نہ ہوتی تھی ۔ اب پنجاب کا قانون ہم پر لاگو کر دیا ہے بلکہ دو گواہوں کے کہنے پر یہ کام ہو جائے گا ۔ ۔ ۔

وزیر زراعت - جناب والا - میں اس کے متعلق یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ حاجی صاحب کو غلط فہمی ہو رہی ہے کہ ہم نے رجسٹریشن کو منسوخ کر دیا ہے - یہ فریقین کی صوابدید پر چھوڑ دیا گیا ہے کہ اگر وہ رجسٹریشن کرانا چاہیں تو کرا لیں یا کاغذات مال میں اندراج کرا لیں بلکہ یہ دونوں کام بھی ہو سکتے ہیں - اس لحاظ سے ان کی تسلی کے لئے عرض کرنا چاہتا ہوں کہ اگر وہ اپنے علاقے میں رجسٹریشن کو پسند فرماتے ہیں تو وہ بدستور جاری ہے اور وہ کراتے رہیں -

حاجی سردار عطا محمد - جناب والا - اس کے ساتھ ہی نیا طریقہ رائج کر دیا ہے - اس لئے مجھے اعتراض پیدا ہوا ہے - اس کے علاوہ چھوٹے زمینداروں کے لئے ترمیم لائی گئی تھی کہ جن لوگوں کی ۱۵ ایکڑ اراضی ہے ان کو مالیہ سے مستثنیٰ قرار دیا جائے - افسوس ہے اس کو ہماری گورنمنٹ نے قبول نہیں کیا ہے حالانکہ اسکو قبول کر لینا ضروری تھا کیونکہ تجارتی لوگونکو ۲۰۰۰ روپیہ تک کی انکم پر ٹیکس سے مستثنیٰ قرار دیا جاتا ہے لیکن پانچ ایکڑ اراضی کا مالک اپنے بچوں کا پیٹ کیسے پالے گا ؟ اپنے بچوں کو تعلیم کیسے دلائے گا ؟ وہ ریونیو والوں کو رشوت دے گا - وہ پولیس والوں کو رشوت دے گا کیونکہ ملک میں حالات ایسے ہیں کہ ہر سال ہر ہاری کو کچھ پیسہ خرچ کرنا پڑتا ہے ، وہاں چوری تو زور و زوری کر لی جاتی ہے ، ان کی کہیں بھی شنوائی نہیں ہوتی - اس لحاظ سے آپ نے اچھی مثال قائم نہیں کی حالانکہ ہماری گورنمنٹ

انقلابی گورنمنٹ کہلاتی ہے ۔ یہ ان کے وقت میں قانون کو یکساں کرنے کے لئے بل آیا ہے ، ان کا یہ حق تھا کہ یہ ان کی طرف بھی نگاہ کرتے ۔

جناب سپیکر ۔ میں اپنے ہاؤس والوں کو اور اپنی حکومت کو قرآن کریم کی آیات سے اللہ تبارک تعالیٰ کا فرمان بتا دیتا ہوں ، آپ کو بھی اس کی باز پرس لازماً ہوگی ۔ جو اللہ تبارک تعالیٰ نے آپ کو انعام دیا ہے وہ یہ ہے کہ ۔

ان السمع و البصر و الفؤاد کل اولٰئک

کان عنہ مسئولاً O

(بلا شبہ کان ، آنکھ اور دل ، ان سب سے ضرور باز پرس ہوگی)

آپکے دل نے سمجھا ، آپکے کان نے سنا اور آپکی آنکھ نے اسکو دیکھا ۔ اس ہاؤس میں زیادہ تر اکثریت دیہاتیوں کی ہے ، وہ دیہاتیوں کے حالات سے یا تو ناواقف ہیں یا وہ ان کی پرواہ نہیں کرتے ۔ میں ان کو یقین دلاتا ہوں کہ اللہ تبارک تعالیٰ اس نعمت کی آپ سے باز پرس کریگا ۔

جناب والا ۔ اسکے ساتھ ساتھ صدر مملکت کے جو چھوٹے کاشتکاروں کے متعلق عہد و پیمان ہیں ، جیسا کہ خواجہ محمد صفدر صاحب نے ایک دفعہ نہیں کئی دفعہ ان کے ارشادات پڑھ کر سنائے تھے ، ان کا بھی آپ نے لحاظ نہیں کیا ہے حالانکہ اللہ تبارک تعالیٰ یہ فرماتا ہے کہ :

واوفوا بالعهد ان العهد كان مسئولا O

(اپنے عہد و پیمان کو پورا کرو ، کیونکہ عہد و پیمان کے
بارے میں ضرور باز پرس ہوگی)

میں اپنے وزراء صاحبان کی تعریف لازماً کروں گا ، کیونکہ ان سے زیادہ خوش خلق ، نیک نیت اور ایمان دار . . . . . .

مسٹر ڈپٹی سپیکر - حاجی صاحب یہ بحث بل متعلقہ سے نہیں ہے -

حاجی سردار عطا محمد - جناب والا - جو بل زیر بحث ہے اسی کے متعلق بات کروں گا ، جیسے علامہ اقبال نے کہا ہے کہ -

اقبال بڑا اپدیشک ہے من باتوں میں موہ لیتا ہے
گفتار کا غازی بن تو گیا کردار کا غازی بن نہ سکا

آپ بھی بڑے خوش خلق اور اچھے سمجھدار ہیں ، لیکن غازی نہیں بنے - ان کو قوم کا کچھ احساس نہیں ہوتا ہے - - - -

وزیر مال - انہوں نے پہلے لفظ "ایمان دار" بھی استعمال کیا ہے -

حاجی سردار عطا محمد - جناب سپیکر - میں آپ کی وساطت سے اپنی حکومت کو ہر بات سے آگاہ کرونگا کہ ہمارا فرض ہے کہ لوگوں کی بھلائی کریں اور حق بات کریں -

مسٹر ڈپٹی سپیکر - ایسی باتیں کریں جن کا دل سے واسطہ ہو -

حاجی سردار عطا محمد - ایسی کونسی بات ہے جس کا دل سے تعلق نہیں ہوتا ؟

مسٹر ڈپٹی سپیکر - بہت سی باتیں ہیں جن کا دل سے واسطہ نہیں ہوتا - حاجی صاحب آپ اور باتیں چھوڑیں اس بل کے متعلق عرض کریں -

حاجی سردار عطا محمد - جناب والا - میں بل کے بارے میں تو کہہ رہا ہوں کہ X X X X X X X X X X*

مسٹر ڈپٹی سپیکر - ہاؤس میں کیا ہے ؟

حاجی سردار عطا محمد - یہی لوٹ کھسوٹ -

چودھری محمد سرور خان - جناب والا - انہوں نے جو لوٹ کھسوٹ کا ذکر کیا ہے - کیا میں ان سے پوچھ سکتا ہوں کہ ان کو اس میں سے کتنا حصہ مل رہا ہے ؟

مسٹر ڈپٹی سپیکر - حاجی صاحب آپ یہ الفاظ واپس لیں -

**Expunged as ordered by the Deputy Speaker.*

حاجی سردار عطا محمد - نہیں جناب میں تو - - - - -

مسٹر ڈپٹی سپیکر- نہیں حاجی صاحب آپ پہلے اپنے الفاظ واپس لیں یہ ایوان کے لئے ٹھیک نہیں ہیں - آپ نے سارے ہاؤس کو مخاطب کیا ہے -

حاجی سردار عطا محمد - اچھا جناب میں واپس لیتا ہوں -

Mr. Deputy Speaker : These words are expunged from the proceedings of the Assembly.

ایک ممبر - جس وقت حاجی صاحب نے لوٹ کھسوٹ کہا تو کئی ممبر لیڈی ممبر سمیت بھاگ گئے -

Mr. Deputy Speaker : The words have been withdrawn and expunged from the proceedings of the Assembly.

حاجی سردار عطا محمد - اگر میں آپ کی خدمت میں گزارش کروں گا کہ کوئی ۸۰ فی صد لوگ غریب لوگوں کی عزت ، ان کی زندگی ، ان کی موت ، ان کی تعلیم ، ان کا کھانا پینا سب کچھ حکومت کے ہاتھوں خراب ہو رہا ہے -

مسٹر ڈپٹی سپیکر - حاجی صاحب اپنی تقریر ختم کیجئے -

حاجی سردار عطا محمد - جناب والا - میں قرآن پاک کی ایک آیت سنانا چاہتا ہوں

و من یشاقق الرسول و یتبع غیر سبیل المومنین الخ

میری بات قائد ایوان سن رہے ہیں یا نہیں ؟

X X X X X X X X X X X X X X *

مسٹر ڈپٹی سپیکر - حاجی صاحب یہ الفاظ آپ واپس لیں -

حاجی سردار عطا محمد - اچھا جی میں نے واپس لئے -

Mr. Deputy Speaker : These words are expunged from the proceedings of the Assembly.

حاجی صاحب آپ تشریف رکھئے -

میں ایسے الفاظ استعمال کرنے کی اجازت ہرگز نہیں دوں گا - آپ ایک ذمہ دار ممبر ہیں اور آپ کو اپنی ذمہ داری کو سمجھنا چاہیئے -

وزیر زراعت - حاجی صاحب نے جناب یہ الفاظ دوبارہ استعمال کئے ہیں میرے خیال میں - - - -

Mr. Deputy Speaker : The Member has withdrawn them and they have been expunged from the proceedings of the Assembly.

چودھری محمد ادریس - جناب والا - حاجی صاحب نے جو ایوان کی توہین کی ہے وہ واپس تو نہیں آ سکتی - حاجی صاحب کو چاہیئے کہ وہ ایوان سے معافی مانگیں - - - - -

---

*Expunged as ordered by the Deputy Speaker.

Mr. Deputy Speaker: The Member has already withdrawn the words.

مسٹر حمزہ ۔ جناب والا ۔ چودھری محمد ادریس صاحب نے اعتراض اٹھا کر ایوان کی کوئی خدمت نہیں کی ۔ جب حاجی صاحب نے الفاظ واپس لے لئے ہیں تو پھر ممبروں کا کونسا استحقاق باقی رہ جاتا ہے جس پر یہ سخت تر کارروائی کا تقاضا کرتے ہیں ؟

حاجی سردار عطا محمد ۔ جناب والا ۔ میں نے اپنا فرض ادا کیا ہے ۔ میرے خلاف کیوں کارروائی کرنے کو کہا جاتا ہے ؟

مسٹر ڈپٹی سپیکر۔ ایوان کی توہین کرنا تو آپ کا فرض نہیں ہے ۔ ہاؤس کی dignity کا خیال رکھنا بھی تو آپ کا فرض ہے ۔ اس فرض کی ادائیگی کا بھی خاص لحاظ رکھیں ۔

(آوازیں۔ اگر ہاؤس میں رہنا ہے تو ایسے الفاظ پر جو قابل اعتراض ہوں اور یا توہین آمیز ہوں اُن پر اصرار نہ کریں ورنہ سخت کارروائی ان کے خلاف ہونی چاہیئے) ۔

مسٹر حمزہ ۔ میں ایوان سے پوچھتا ہوں کہ ایوان کے استحقاق اور معزز ارکان کے استحقاق کا احساس ملک غلام یزدانی کے سلسلے میں کہاں سویا پڑا ہے ، اس کے خلاف اتنے لمبے عرصے سے کوئی کارروائی نہیں ہوئی ۔ دنیا آپ کا مذاق اڑا رہی ہے ۔ یہ ایوان کی کمزوری ہے ۔ ۔ ۔ ۔

مسٹر ڈپٹی سپیکر ۔ حاجی صاحب تشریف رکھئے تقریر ختم کیجئے ۔

حاجی سردار عطا محمد ۔ آپ خفا ہوتے ہیں ، میں اپنے سب الفاظ واپس لے چکا ہوں ۔

مسٹر ڈپٹی سپیکر ۔ میجر صاحب ۔ حاجی صاحب تشریف رکھیں ۔

میجر محمد اسلم جان (راولپنڈی ۔ ۱) ۔ جناب والا ۔ آج ہم ایک نہایت اہم قانون کی تیسری خواندگی کر رہے ہیں اور اس قانون پر کروڑوں عوام کی زندگی کا دار و مدار ہے ۔ جناب والا ۔ یہ ایک زرعی ملک ہے اور زراعت سے جو ٹیکس وصول کیا جاتا ہے ، اسے حکومت ٹیکس کی بجائے اپنی ملکیتی اراضی کا حصہ یا لگان سمجھتی ہے اس ٹیکس سے حکومت اپنا خزانہ بھرتی ہے جو کہ اصل میں غریب کاشتکار کے خون اور پسینے کی کمائی ہوتی ہے ۔ جناب والا ۔ یہ درست ہے کہ ڈیڑھ سو سال سے یہ لگان کا دستور اور رواج چلا آ رہا ہے ، مگر پاکستان کے بیس سالہ دور میں بھی ابھی تک ہم اس کو اسلامی قانون اور اسلامی جمہوری ڈھانچے میں تشکیل نہیں کر سکے ، بلکہ غلامی کے دور کے قوانین اسی ڈھب اور اسی شکل میں مسلمان عوام پر مسلط رکھے جا رہے ہیں اور غریب عوام کو ان غلامی کی زنجیروں سے نجات نہیں دلائی گئی ۔ یہ قانون پاکستان اور پاکستانی حکومت کے شایان شان نہیں ہے ۔

اس مسودۂ قانون میں کئی دفعات ایسی ہیں جن سے ظاہر ہوتا ہے کہ اس کو رائج کر کے ہمیں غلام بنایا جا رہا ہے تعجب تو یہ ہے کہ خان غلام سرور جیسی محب وطن شخصیت کا مالک اس کی حمایت کر رہا ہے جو اگر ۱۹۴۷ء میں بطور ڈپٹی کمشنر ہزارہ ، بھارت کے مقابلے میں

دیوار بن کر نہ کھڑا ہو جاتا اور بھارتی افواج کو بارہ مولا میں نہ روک دیتا تو شاید بھارتی فوجیں ٹٹوال تک آ جاتیں یا اس سے بھی آگے بڑھ آتیں - میں نے ان کو قریب سے دیکھا ہے ، ان کے ساتھ کام کیا ہے ، میں ان کی ہمت ، شجاعت ، تدبر ، حب الوطنی کا مداح ہوں اور ان کی دور اندیشی کا قائل ہوں - حیرانی ہے کہ ان جیسا دور اندیش انسان ایسا رجعت پسندانہ قانون کس طرح پیش کر سکتا ہے ؟

لیکن اس کے ساتھ ہی مجھے یہ خیال آتا ہے جیسا کہ آپ کو معلوم ہے کہ لینڈ ریونیو ایکٹ ایک fiscal enactment ہے جس کے تحت record of rights بنائے جاتے ہیں اور جس کو میں تو ٹیکس کہتا ہوں ، لیکن جسے حکومت لگان یا usufruct کہتی ہے جس سے کہ مجھے اختلاف ہے - تو ایک ریونیو آفیسر کا کام یہ ہے کہ وہ record of rights تیار کرے - آپ ملاحظہ فرمائیں کہ دفعہ نمبر ۴۲ کے تحت انتقالات درج کرنے کا جو طریقہ ہے وہ انتہائی ناقص اور غلط ہے - انھوں نے یہ بندوبست کیا ہوا ہے اور گو اب یہ provision ہے کہ آپ رجسٹری کے ذریعے بھی کر سکتے ہیں ، لیکن اس بل میں کوئی ایسی دفعہ موجود نہیں ہے کہ جس میں یہ کہا گیا ہو کہ by registered deed ہو اور اس کے بعد انتقالات درج ہوں زبانی انتقالات کے متعلق اگر ان کو اپنے قانون یعنی Transfer of Property Act یا رجسٹریشن ایکٹ پر اعتماد اور بھروسہ نہیں تھا تو انگلستان کے پراپرٹی ایکٹ ۱۹۲۵ء یا لینڈ ریونیو ایکٹ ۱۹۲۵ء پر بھروسہ

کر لیتے اور اسی سے نقل کر لیتے کیونکہ یہ ضروری ہے کہ کوئی بھی transac-
tion ہو وہ by deed ہو اور If it is not done by a deed تو ان حالات میں
voidable ہو ۔ کیونکہ یہ اکثر ہوا ہے کہ ایک غریب زمیندار اور کاشتکار
اپنی زمین سے ہاتھ دھو بیٹھا ہے ، کیونکہ پٹواری اور ریونیو آفیسر
بد دیانت تھے اور وہ آپس میں مل گئے اور انہوں نے اس کی اراضی دوسرے
کے نام منتقل کر دی ۔ تو اگر خرید و فروخت بذریعہ رجسٹری ہو تو جیسا کہ
میں نے ترمیم دی تھی کہ اگر بذریعہ رجسٹری نہیں کرتے تو بائع اور مشتری
دونوں ہی کے انگوٹھے وہاں پر ثبت کئے جائیں یا رجسٹر انتقالات پر دونوں
کے انگوٹھے لگوائے جائیں یا یوں کیا جائے کہ ان دونوں کے انگوٹھوں کے
ساتھ ساتھ دو ایسے اشخاص کے بھی انگوٹھے یا دستخط وہاں پر ثبت کئے
جائیں جو کہ ان کی گواہی دیں ، اس طرح سے بہت حد تک بد دیانتی دور
ہو سکتی تھی ۔ لیکن ایسا معلوم ہوتا ہے کہ انہوں نے اس ترمیم کو
نا منظور کر کے بد دیانتی کا ایک دفتر ور گودام کھول دیا ہے ۔ ہونا تو
یہ چاہیئے تھا کہ جب ہم ۸۰ سال کے بعد ایک نیا قانون بنا رہے ہیں تو
وہ پہلے قانون سے بہتر ہوتا اور جو بد دیانتی ان واقعات اور وجوہات کی بنا
پر ہو رہی تھی اس کا سدباب کیا جاتا ، یہ تو ان کو پھنسایا جا رہا ہے
یا تو جس طرح پہلے املاک فروخت کی جاتی تھیں تو فنانشل کمشنر کو یہ
احکامات تھے کہ تمام انتقالات موقع پر یعنی متعلقہ دیہہ میں ہی ہونے
چاہئیں ، حالانکہ ایک حالیہ judgement ہے ۔ میں نام تو نہیں لینا چاہتا

کہ بورڈ آف ریونیو کے وہ کونسے ممبر تھے ، ان کی رولنگ یہ ہے کہ انتقالات کہیں بھی منظور ہو سکتے ہیں ۔ اور واقع یہ ہے کہ جو بالغ تھا وہ یہ کہتا تھا کہ اس نے زمین فروخت ہی نہیں کی اور جس آدمی نے اسکو شناخت کیا تھا ، وہ کہتا تھا کہ اس نے اس کو شناخت ہی نہیں کیا تھا ۔ لیکن ریونیو آفیسر نے یہ لکھا ہوا ہے کہ زمین فروخت ہو گئی ہے اور دوسرے آدمی کے نام پر انتقال چڑھ بھی گیا ہے اور وہ منظور بھی ہو گیا ہے ۔ یہ کہاں کا انصاف ہے کہ اگر بالغ موجود نہ ہو اور پٹواری اور ریونیو آفیسر کسی آدمی کے ساتھ ملکر اسکی زمین دوسرے کے نام منتقل کر دیتے ہیں ؟ جس کے بعد چار سال تک تو خاموشی رہتی ہے اور اسکے بعد جمع بندی میں اندراج ہو جاتا ہے جسکے بعد ان کا ریکارڈ مکمل ہو جاتا ہے ۔ اس کے بعد آپ سالہا سال تک دیوانی عدالتوں کے دروازے کھٹکھٹاتے رہیں اور مشکلات اور تکالیف میں پڑے رہیں ، اور ایسا بھی ہو سکتا ہے کہ ایک آدمی روپیہ لے کر زبانی انتقال کروا دیتا ہے اور چند سال کے بعد آتا ہے اور جس آدمی نے اس کی شناخت کی ہوتی ہے اس کے ساتھ مل جاتا ہے اور پھر اسکے بعد کہتا ہے کہ صاحب میں نے تو یہ زمین فروخت ہی نہیں کی اور اس مشتری نے ریونیو آفیسر کے ساتھ ساز باز کر کے غلط طور پر اپنے نام انتقال چڑھوا لیا ہے تو یہ بھی ایک طرح کا جھگڑا ہی ہوا ۔ پھر جیسا کہ میں نے عرض کیا تھا کہ آپ شرعی قانون کے تحت لڑکیوں کو حصہ دیتے ہیں تو یہ بھی ہو سکتا ہے کہ کوئی آدمی کسی عورت کو برقعہ پہنا کر

وہاں کھڑا کر دے اور کہے کہ یہ میری بہن ہے اور وہ بہن کہے کہ میرے حصے کی جتنی زمین ہے وہ میں بھائی کے نام منتقل کرتی ہوں ۔ حالانکہ اس کی بہن وہاں پر موجود ہی نہیں ہو گی ۔ ہم یہ کہتے ہیں کہ کوئی ایسا fool-proof سسٹم ہو ہی نہیں سکتا ، لیکن پھر بھی ہماری کوشش تو یہی ہونی چاہیئے کہ اس سسٹم کو اس طرح سے بنائیں کہ جو بد دیانتی اور بے ایمانی ہوتی ہے اور لوگ دوسروں کی زمینیں بے جا اور بلا وجہ ہضم کر لیتے ہیں کم از کم انکو ایسے لوگوں سے تو نجات مل سکے ۔ اب ہوتا یہ ہے کہ تحصیلدار صرف یہ لکھ دیتا ہے کہ جلسہ عام میں فلاں شخص کو فلاں شخص نے شناخت کیا اور فلاں بائع اور فلاں مشتری دونوں حاضر ہوئے اور اتنا زر ثمن وصول ہوا اور فلاں رجسٹری کا انتقال درج ہوا اور انتقال منظور ہوا ۔ چاہے وہ بائع وہاں موجود ہی نہ ہو لیکن اسکی قسمت پر مہر ثبت کر دی جاتی ہے ۔ اس لئے تمام خرید و فروخت بذریعہ رجسٹری ہونی چاہیئے اور جیسا کہ جناب قائد ایوان نے فرمایا ہے کہ اس سے لوگوں کو بڑی تکلیف ہوتی ہے تو میں اس کے متعلق یہ عرض کرونگا کہ اس سلسلے میں جو Stamp duty زرعی زمین پر لگتی ہے اس کو کم کر دیا جائے اور اگر یہ بھی آپکو منظور نہیں تو پھر ان کے انگوٹھوں اور دستخطوں کے لئے کوئی ایسی provision ہونی چاہیئے ۔ ایسی کوئی provision ہی موجود نہیں ہے کہ دو معتبر اشخاص ان کی شناخت کریں تاکہ اس قسم کی بد دیانتی نہ ہو سکے ، تو بجائے اس کے کہ ہم ذرا سی تکلیف سے

بچنے کے لئے لوگوں کو عدالتوں کے دروازوں پر اور تحصیلدار کے پاس بھجوانا پسند کریں اور اس کے بعد مدتوں تک عدالتوں کے دروازے ہی کھٹکھٹاتے پھریں اور بد دیانتی کی حوصلہ افزائی کرتے پھریں ، ہمیں یہ ذرا سی تکلیف ابھی گوارا کر لینی چاہیئے تھی ۔ اسکے علاوہ ایک گزارش یہ بھی کی گئی تھی کہ مالیہ ، جسکو کہ میں پہلے بھی ٹیکس کہہ چکا ہوں اور جسے آپ لگان کہتے ہیں ، اسے آپ انکم ٹیکس کی طرح وصول کریں ۔ ٹیکس کی خصوصیت یہ ہے کہ یہ حکومت کا کاروبار چلانے کے لئے عوام کی استطاعت کے مطابق وصول کیا جاتا ہے اور اس سے زیادہ وصول نہیں کیا جاتا ۔ مثلاً یہ کہ جس شخص کی ماہوار آمدنی پانچ سو یا سالانہ آمدنی چھ ہزار روپے ہو تو اس پر انکم ٹیکس عائد نہیں ہوتا اور اس کے علاوہ بھی اسکو بہت سی exemptions حاصل ہیں ۔ مثلاً ایک شخص کو اپنے اخراجات کے طور پر دو ہزار روپے سالانہ کی استثنیٰ ہے ، اس کے بچوں کی تعلیم کے لئے نو سو روپے سالانہ کی چھوٹ ہے ، اسکی بیمہ کی سالانہ رقم یا اسی طرح کی دوسری exemptions ہیں ۔ ۔ ۔ ۔

وزیر زراعت و خوراک (ملک خدا بخش) ۔ جناب والا ۔ میں یہ عرض کروں گا کہ آج ایوان کا وقت بڑھا کر ساڑھے بارہ بجے تک کر دیا جائے ۔ میرا مقصد یہ ہے کہ حزب اختلاف کی طرف سے تقریر کے بعد سردار اشرف صاحب تقریر کریں گے ۔ اس لئے ساڑھے بارہ بجے تک وقت بڑھا دیا جائے ۔

خواجہ محمد صفدر ۔ مجھے کوئی اعتراض نہیں ۔

Mr. Deputy Speaker: He will finish his speech at 12.15 p.m.

Mr. Deputy Speaker: If that is the sense of the House, the time of the House is extended to 12.30 p.m.

میجر محمد اسلم جان ۔ جناب والا ۔ جو شخص آسودہ حال ہے اس کے لئے کار، ٹیلیفون اور اس قسم کے کئی اخراجات کو انکم ٹیکس میں منہا کر دیا جاتا ہے ۔

اسی طرح مکانات کے کرایہ پر تو ٹیکس لگاتے ہیں مکانوں کی سالانہ مرمت پر ٹیکس نہیں لگتا اور آمدنی میں سے وہ رقم منہا کردی جاتی ہے ۔

جناب والا ۔ صدر مملکت نے جو زرعی اصلاحات نافذ کی ہیں اس طرح تو ان کا مقصد فوت ہو جاتا ہے ۔ اس سلسلہ میں یہ گذارش پیش کی گئی تھی کہ جس زمیندار کی ساڑھے بارہ ایکڑ زمین یعنی subsistence holding ہو اس پر کوئی ٹیکس نہ لگایا جائے اس سے جمع بندی وغیرہ کی بھی تکلیف نہیں ہوتی ۔ اسے نامنظور کیا گیا ۔ پھر ہم نے یہ suggestions دی تھیں ۔ کہ اگر ایسا نہ ہو ۔ تو جب آپ اس پر لگان لگائیں اسے پہلے ۵۰ روپیہ پر معاف دے دیں یا اصول کے طور پر دس پندرہ یا بیس روپیہ کی معافی دے دیں ۔ اور بڑے زمیندار پر مالیہ لگا دیں ۔ آپ کو معلوم ہے کہ

ہمارے ہاں ایک زمیندار کی اوسط سالانہ آمدنی ۱۷۰ یا ۱۷۵ روپیہ نکلتی ہے گویا وہ ۵۰ پیسے یومیہ کماتا ہے - ایسے شخص پر مالیہ لگانا کہاں کا انصاف ہے - صدر مملکت نے اپنے منشور میں دو تین چیزیں فرمائی تھیں - وقت بہت کم ہے صرف اتنا عرض کرونگا کہ انہوں نے اپنے منشور میں فرمایا ہے -

".....to rationalize the land revenue system so as to give a fair deal especially to the small land-owners."

جناب والا - کوئی زمیندار جس کی صرف دو کنال زمین ہے یا جس طرح سے کہا گیا ہے کہ subsistence holding ساڑھے بارہ ایکڑ ہو تو اس سے وہ بہ مشکل تمام زندہ رہ سکتا ہے پھر اس سے مالیہ وصول کریں یا اس پر ٹیکس لگائیں یہ کیسی rationalism ہے اس طریقہ سے تو آپ کیا غریب زمیندار کو پیس نہیں رہے -

جیسا کہ عرض کیا گیا تھا کہ ۵ ایکڑ پر مالیہ نہ لگایا جائے اس کو work out کیا گیا تھا اور قائد حزب اختلاف نے بتایا تھا کہ بجٹ میں تقریباً ۸۰ لاکھ روپیہ کا فرق پڑے گا اور ۴۵ فیصد زمیندار متاثر ہونگے - اور اگر ساڑھے بارہ ایکڑ زمین کے مالک کو مالیہ سے مستثنیٰ قرار دے دیں تو دو کروڑ کا فرق پڑے گا اور اس سے ۶۰ فیصد عوام یا مالک زمین متاثر ہونگے - اتنی رقم تو بآسانی پوری ہو سکتی ہے - کیونکہ بڑے بڑے صنعت کاروں پر آپ ٹیکس بڑھا سکتے ہیں - اور رقم پوری

ہو سکتی ہے ۔ اور کچھ نہیں تو کوئی سیس لگا دیں ۔ اس سے ۶۰ فیصدی عوام متاثر ہونگے اور مشکلات سے بچ جائینگے ۔ لیکن آپ نے یہ بھی منظور نہ کیا ۔ اس کے بعد یہ عرض کرونگا کہ آپ نے غیر مستقل مالیہ لگا کر بھی عوام کے لئے کوئی بہتری نہیں کی ۔ حالانکہ ہم نے کہا تھا کہ غیر مستقل مالیہ کی بجائے مستقل مالیہ کا بندوبست کریں ۔

جناب والا ۔ مالیہ کی یہی دو قسمیں ہیں ۔ مستقل اور غیر مستقل ۔ جب زمین کاشت ہوتی ہے تو اس کے لئے وسائل آبپاشی مقرر ہوتے ہیں جہاں ایسی بات ہو تو ایسی اراضیات پر مستقل طور پر مالیہ لگایا جاتا ہے ۔ اور غیر مستقل مالیہ ایسی اراضیات پر لگاتے ہیں جہاں ہمیشہ کاشت نہیں ہوتی ۔ جس کے متعلق یہ نہ کہا جا سکے کہ یہاں پر کاشت نہیں ہو سکتی یا یہ پتہ نہیں کہ کب کاشت ہو گی یا اس زمین میں کیا کاشت ہوا ہے ۔ تو وہاں غیر مستقل مالیہ لگایا جاتا ہے ۔ ۱۸۸۰ میں جب شروع میں نہریں آئیں اور یہ پتہ نہ لگ سکا کہ یہ نہریں کون کونسی زمینوں کو سیراب کریں گی تو اس وقت حکومت نے غیر مستقل مالیہ لگا دیا اس کے برعکس آپ دیکھیں کہ لارڈ کرزن نے مشرقی پاکستان میں مستقل مالیہ لگا دیا تھا اور وہاں لوگ آج تک اس طرح پر کام کر رہے ہیں عوام کو کوئی تکلیف نہیں اور نہ ہی حکومت کو کوئی تکلیف ہے حالانکہ وہاں کی زمین کے حالات ہم سے زیادہ خراب ہیں ۔ بارشیں زیادہ ہوتی ہیں ۔ دریاؤں کی وجہ

سے زمین پانی سے جل تھل ہو جاتی ہے ۔ بہت کم اراضیات ہوتی ہیں جہاں زمین قابل کاشت ہوتی ہے کیونکہ اس میں پانی ہوتا ہے اس لئے وہ وہاں چاول لگا لیتے ہیں پھر بھی وہاں پر مالیہ مستقل طور پر لگا دیا گیا ہے ۔ فائدہ یہ ہوا کہ رقم دینے والے کو معلوم ہوتا ہے کہ میں نے اپنی زمین کے لئے کتنی رقم دینی ہے ۔ اس طرح آپ کو معلوم ہوتا ہے کہ آپ نے کتنی رقم دینی ہے اور آپ اپنا بجٹ مکمل کر سکتے ہیں ۔ آپ اندازہ فرمائیں کہ غیر مستقل مالیہ لگانا حکومت کے لئے کس قدر نقصان دہ ہے ۔ اس سے رشوت بڑھ جاتی ہے ۔ اگر کوئی زمیندار ۵۰ ایکڑ زمین زیر کاشت لاتا ہے اور اس پر آپ غیر مستقل مالیہ لگاتے ہیں تو جس کا مالیہ زیادہ ہو گا وہ پٹواری سے مل کر کم اراضی زیر کاشت دکھا دیتا ہے یا یہ بھی ہو سکتا ہے کہ کبھی زیادہ دکھا دی جاتی ہے ۔ یہ تو منڈیوں کے بھاؤ کی طرح ہے کہ آج کم ہے اور کل بڑھ گئے ہیں اور کچھ معلوم نہیں ہو سکتا کہ ہم نے کیا لینا ہے اور کیا دینا ہے ۔ ہماری اس گزارش کو بھی نامنظور کیا گیا ۔ میں یہ سمجھتا ہوں کہ ہمارے جیسے ترقی پذیر ملک میں جب کہ ہم ترقی کر رہے ہیں یہ ضروری تھا کہ مستقل طور پر مالیہ لگا دیا جاتا ۔ موجودہ طریقہ سے یعنی غیر مستقل مالیہ کی وجہ سے سندھ کے لیے دار مالا مال ہو جاتے ہیں اور بڑے بڑے زمینداروں سے روپیہ وصول کرتے ہیں ۔

جناب والا ۔ کلاز ۵۷ کے تحت حکومت نے مالیہ کی ادائیگی کی

ذمہ داری کے لئے یہ فیصلہ کیا ہے کہ ایک کھاتے کے مالک اگر وہ ایک سے زائد ہوں یا وصولی ناکافی ہو تو مالیہ کی وصولی کسی ایک مالک سے کی جا سکتی ہے چاہے اس کا قبضہ ہو یا نہ ہو ۔ اس قانون سے حکومت نے تو اپنے گھر کو بھرنے کا تو پورا پورا بندوبست کر لیا ہے چاہے اس زمین پر آپ ہیں یا نہیں ہیں خود قابض ہیں یا نہیں ہیں آپ کو مالیہ ادا کرنا پڑے گا ۔ لیکن آپ نے غور نہیں فرمایا کہ ۸۰ فیصد عوام جن کا انحصار صرف زراعت پر ہے آپ نے ان کو مختلف قسم کی تکالیف میں الجھا دیا ہے اور کئی قسم کی مصیبتوں میں ڈال دیا ہے ۔ ہماری آواز تو ایسی ہے جیسی نقار خانہ میں طوطی کی آواز ۔ یہی وجہ ہے کہ ہماری اس تجویز کو بھی نا منظور فرمایا گیا ہے لیکن میرا فرض ہے کہ میں اپنے زمیندار بھائیوں کو آگاہ کر دوں کہ آپ پر جبر وتشدد ہو سکے گا اور آپ پر اس شق کے ذریعہ سے سیاسی دباؤ ڈالا جا سکے گا ۔ میں یہ بتادوں کہ جن کی طرف سے احکامات آتے ہیں ان کی بالکل زبان بندی ہے اور وہ کچھ بول نہیں سکتے ۔

بہر حال ہم نے اس ملک کو ایک فلاحی مملکت بنانا ہے اور صرف زراعت ہی کے ذریعہ سے کامیابی حاصل کر سکتے ہیں ۔ اگر آپ دیکھیں تو اس میں اکثریت چھوٹے مالکان کی ہے ۔ اس کے متعلق جناب بچہ صاحب نے فرمایا تھا کہ ملک میں overlordship حکومت کی ہے ۔ پھر تو ہمارا کچھ بھی نہیں ہے جو کچھ بھی ہوگا اس کی حکومت مالک ہوگی اور جو حکومت

بھی آئے گی وہ مالک بن جائے گی جو لوگ باغات لگائیں گے یا زمین قابل کاشت بنائیں گے حکومت ان کو نکال باہر کریگی - آپ کا اور میرا کیا تعلق ہوگا - مزارعین تو گئے گذرے ہوں گے -

ان زمینداروں میں ۹۰ فیصد وہ لوگ ہیں جو بالکل ان پڑھ ہیں اور بے حد غریب ہیں - ان کے لئے مشکل ہے کہ وہ اپنی روح اور جسم کو اکٹھا رکھ سکیں - ان کو زندگی کی کوئی آسائش میسر نہیں - میرے اپنے علاقہ میں ایسے بے شمار واقعات ہیں جہاں پر کسی کو سانپ نے ڈس لیا تو کوئی علاج کی سہولت نہیں اس کو فرسٹ ایڈ تک نہیں ملتی - کسی کو چوٹ آجاتی ہے اور زیادہ خون بہہ جائے تو کوئی انتظام نہیں اور کوئی provision نہیں کہ اس کو خون مہیا کیا جائے - راولپنڈی جیسے شہر میں جب کوئی بلڈ بنک نہیں تو گاؤں میں کیا توقع ہو سکتی ہے -

جناب والا - دیکھنا یہ ہے کہ اس طرح مالکوں یا کاشت کاروں سے مالیہ کی وصولی مشترکہ یا انفرادی طور پر کرنے سے ملک کو نقصان ہوتا ہے یا فائدہ - مثلاً کسی شاملات دہ میں جو تین ہزار کنال کی ہے کوئی شخص ۲۰ کنال کا مالک ہے اور اس پر قبضہ کسی دوسرے کا ہے اس میں اچھی زمین بھی ہے اور خراب بھی ہے - بدقسمتی سے اگر وہ شخص کسی قسم کا سیاسی کام کرتا ہے یا اس پر سیاسی دباؤ ڈالنا چاہتے ہیں تو تین ہزار کنال زمین کا مالیہ اس پر ڈال دیا جائے گا - وہ اگرچہ یہ کہے کہ میرے پاس

تو صرف ۲۰ کنال زمین ہے اور اس پر بھی میرا قبضہ نہیں باقی ۲۹۸۰ کنال کا مالیہ میں کیوں دوں تو آپ کہیں گے کہ اگر تم نہیں دیتے تو سیکشن ۸۴ کے تحت ہم تمہیں گرفتار کرتے ہیں ۔ اور منقولہ جائیداد ، گھر کا سامان ، کپڑے ، سائیکل وغیرہ لیتے ہیں تمہارا گھر بھی لیتے ہیں اور تمہیں باہر نکال دیتے ہیں ۔ آپ کیا کر سکتے ہیں ایک شخص اگر اپنی زمین کو بیچنا چاہے تو وہ زمین بیچ نہیں سکتا اور اسلئے نہیں بیچ سکتا کہ مارشل لا ریگولیشن ۶۴ - کے تحت اسکو زمین کو دکھانا پڑیگا کہ فلاں میری زمین ہے کیونکہ جو شخص زمین خریدتا ہے وہ پوچھتا ہے کہ تمہاری زمین کہاں پر ہے اگر وہ پوچھتا ہے کہ میری زمین کہاں ہے تو آپ اس سے کہتے ہیں کہ کہیں پر جمع کھاتے میں ہوگی اسکو وہ تقسیم کروا نہیں سکتا کیونکہ وہ ۷ - کنال سے زیادہ کا مالک نہیں ہے اگر آپ کے پاس ۱۰۰ - کنال زمین ہو تو آپ تقسیم کروا سکتے ہیں اگر ۱۰۰ - کنال سے کم ہو تو آپ تقسیم نہیں کروا سکتے - لہذا وہ بیچ بھی نہیں سکتا تقسیم بھی نہیں کروا سکتا اس کے گلے میں یہ شیطان کی آنت کی طرح پڑی رہے گی آپ اسکو جس طرح چاہیں سیاسی طور پر دبالیں کیا حکومت یہ چاہتی ہے کہ لوگ اپنی چھوٹی چھوٹی ارضیات کو چھوڑ دیں یا آپ یہ چاہتے ہیں کہ لوگ اپنے آباؤ اجداد سے منحرف ہوجائیں اور یہ کہہ دیں کہ ہمارے باپ دادا نہیں تھے اسلئے ہمیں زمین نہیں ملی اور اپنی قومیت بدل دیں اور وہ کسی اورگروہ میں پھنس جائیں ۔ جناب والا ۔ یہ حکومت کے ہاتھ میں ایک زبردست ڈنڈا بطور حربہ کے آ گیا

ہے وہ جسطرح چاہے اور جسکے سر پر چاہے مار دے لیکن وہ کب مارے گی یہ میں نہیں کہہ سکتا ۔ یہ جس طرح چاہیں گے اور جب چاہیں گے اور جس زمیندار کو چاہیں گے ذلیل و خوار کر سکتے ہیں ۔ جناب والا ۔ اسیطرح آپ دیکھئے کہ یہ چیز آئین کے تحت بنیادی حقوق اور پرنسپلز آف پالیسی کے خلاف ہے ۔ کہ آپ ان سے مالیہ وصول کرتے ہیں جنسے آپ کو مالیہ وصول کرنے کا حق نہیں ہے اور جو تھوڑی سی زمین کے مالک ہیں جتنی زمین اسکے پاس ہے اسکا مالیہ آپ اس سے لے سکتے ہیں ۔ جناب والا ۔ آپ ایک شہری کی ذمہداری دوسرے پر نہیں ڈال سکتے یہ تمام قانون آئین سے derogatory inconsistent ہے یہ آئین کے آرٹیکل ۶ ۔ کے تحت کسی کا گناہ کسی اور کے سر نہیں تھوپ سکتے یہ کہاں کا انصاف اور یہ کہاں کا قانون ہے ۔ میری سمجھ میں نہیں آتا میں اسکو کیا کہوں آیا یہ جنگل لا ہے extortion ہے یا پبلیک میلنگ ہے اسکو جو کچھ بھی کہوں وہ کم ہے کہ آپ کسی کی ذمہ داری کسی پر ڈالتے ہیں ۔ جناب والا ۔ اسوقت بنیادی حقوق معطل ہیں لیکن آپ دیکھیں گے کہ جب بنیادی حقوق دوبارہ بحال ہونگے تو اس پوائنٹ پر writ ہوجائیگی کیونکہ آپ کسی شخص کی ذمہداری کسی دوسرے آدمی پر نہیں ڈال سکتے ۔ پھر آپ یہ کہیں گے کہ پارٹنر شپ میں ایسا ہوسکتا ہے تو میں کہونگا کہ پارٹنرشپ ایکٹ کے تحت ایک آدمی کہتا ہے کہ تمہاری ذمہداری میری ذمہداری ہے لیکن یہاں پر تو آپ ذمہداری ایک آدمی پر زبردستی ٹھونس رہے ہیں ۔ یہ equality آف

لا کہاں ہے یہ قانون بنا کر آپ ایک آدمی کے خلاف دوسرے آدمی کو نواز رہے ہیں ۔ یہ تو ایسا ہی ہے جیسے ایک مزدور مصنف نے کہا تھا ۔

> "From barbarism to civilisation requires at least a century but from civilisation to barbarism it needs a day."

جناب والا ۔ آپ ایک لائن کھینچ رہے ہیں کہ ہم شاید ڈیڑھ سو برس کے بعد civilisation کی طرف آئیں کیونکہ ابھی ہمکو آزادی ملی ہے ابھی تو یہ قانون barbarism پر صادق آرہا ہے جناب والا ۔ کلاز ۸۳ ۔ پاس ہونے کے بعد سٹیٹ منٹ آف اکاؤنٹ منظور ہوجاتا ہے ۔ ریونیو آفیسر کی تصدیق اسکا قطعی ثبوت ہے ۔ اسکے بعد کلاز ۸۴ کے تحت آپ نے یہ نہیں کہا کہ آپ پہلے کیا سزا دینگے بیک وقت آپ اسکو قید بھی کرسکتے ہیں ، نظر بند بھی کرسکتے ہیں ، اسکی منقولہ اور غیر منقولہ جائداد کو قرق بھی کر سکتے ہیں ، اس کی کھڑی فصل کو قرق بھی کر سکتے ہیں اسکی اراضی جس پر مالیہ قابل وصول ہے اس کو کسی اور کو منتقل کرسکتے ہیں ، اسکی وہ اراضی جسکا مالیہ قابل وصول ہے اس اراضی کو قرق کرسکتے ہیں ، اسکو فروخت کرسکتے ہیں اور اسکی غیر منقولہ جائداد کو بھی فروخت کرسکتے ہیں ۔ آخر ظلم و ستم کی کوئی انتہا بھی ہے سوائے ایک شق کے کہ اسکے بیوی بچے قرق کر لئے جائیں جیسا میں نے عرض کیا آپ نے کسی اور چیز کی بھی

گنجائش نہیں چھوڑی آپ ایک آدمی کو کس طرح تنگ کرسکتے ہیں کیا آپ اسطرح کا قانون نہیں بنا رہے ہیں کہ پہلے جس آدمی کو آپ کہتے ہیں کہ تم بہت ہی بلند اخلاق ہو تم مجسمہ اخلاق ہو اور تم ملک کی محبت سے سرشار ہو لیکن ادھر اس سے کوئی لغزش ہوئی آپ نے کہا کہ تم سے بڑا کوئی غدار نہیں ہے تم سے بڑا کوئی ظالم نہیں ہے تم سے برا کوئی آدمی نہیں ہے جسنے غداریاں نہ کی ہوں اور اگر آپ کچھ بھی نہ کریں تو ۴۲ کے تحت اسکو بند کرواسکتے ہیں ۔ اسلئے جیسا کہ شاعر نے کہا ہے میں اس کے علاوہ کیا کہوں ۔

نثار میں تری گلیوں کے اے وطن کے جہاں
چلی ہے رسم کہ کوئی نہ سر اٹھا کے چلے

پارلیمنٹری سیکرٹری (سردار محمد اشرف خان) ۔ جناب سپیکر ۔ ہمیں یہ تسلیم کرنا پڑیگا کہ جناب صدر مملکت کی زرعی اصلاحات کے بعد موجودہ لینڈ ریونیو بل کا پاس کیا جانا اس حکومت کا ایک بہت بڑا کارنامہ ہے ۔ جناب والا ۔ ایک طرف اس لینڈ ریونیوبل کے پاس ہونے سے صوبے کے ریونیو سسٹم میں یکسانیت پیدا کردی گئی ہے اور اسکے ساتھ دوسری طرف ان تمام شکایتوں اور ان تمام برائیوں اور ان تمام خامیوں کو دور کرنے کی سعی اور کوشش کیگئی ہے جو کہ حکومت کے نوٹس میں سابقہ سالوں

میں آتی رہی ہیں ۔ جناب والا ۔ مجھے سب سے زیادہ خوشی اسبات کی ہے
کہ حزب اختلاف نے پوری کوشش اور پوری دلچسپی سے اس معاملہ میں
حکومت کا ہاتھ بٹایا اور مجھے خوشی اس سے بھی زیادہ یہ ہے کہ حکومت
نے بھی انکی تمام تجاویز اور ایسی ترمیمات جو کہ قابل عمل تھیں اور جنکو
مفاد عامہ کے حق میں سمجھا جاتا تھا خوشی سے منظور کیا جناب والا ۔
آجتک میرے خیال میں کسی حکومت کی یہ مثال نہیں ملتی ہے کہ جس
نے ایک ایک دن میں پانچ پانچ سات سات ترمیمیں جو حزب اختلاف
کی طرف سے پیش کی گئی ہوں انکو قبول کیا ہو ۔ جناب والا ۔ جیسا کہ
میں نے عرض کیا ہے کہ اس بل میں بہت سی ایسی باتیں یا بہت سی
خامیاں تھیں جو کہ حکومت کے نوٹس میں آئیں انکو پورے غور و خوض
کے بعد دور کرنے کی کوشش کیگئی ۔ مثال کے طور پر کلاز ۳۲ جو کہ
پچھلے سیشن میں اور اس سیشن میں بھی دس بارہ دن زیر غور رہا اور
آپوزیشن کیطرف سے بہت سے نقطے پیش کئے گئے اسکے متعلق میں بھی کچھ
reference پیش کرنے کی کوشش کرونگا ۳۲ میں ریکارڈ آف رائٹس کا ذکر کیا گیا
ہے یہ جمع بندی اور مثل حقیت کے متعلق ہے ۔ سابق سندھ میں اس
سلسلے میں یہ دستور تھا کہ یہ تشخیص مالیہ کے وقت تیار کر لیا
جاتا تھا اور پھر اسکو دھرایا نہیں جاتا تھا اسکی ایک کاپی صرف ٹپہ دار کے

پاس موجود رہتی تھی ۔ سابق پنجاب میں اسے ہر سال روائز کیا جاتا تھا اور اسکی تین کاپیاں ہوتی تھیں جنمیں سے ایک پٹواری کو دی جاتی تھی اور ایک تحصیل آفیسر کو اور ایک یونین کونسل کے دفتر میں مہیا کیجاتی تھی پنجاب کے اس قانون کو اچھا اور بہتر سمجھتے ہوئے اسے تسلیم کیا گیا اور اسے نہ صرف تسلیم کیا گیا بلکہ ریکارڈ آف رائٹس بناتے وقت اس پر یہ پابندیاں بھی لگائی گئی ہیں ۔ جناب والا ۔ اس میں یہ لکھ دیا ہے کہ پٹواری ریکارڈ آف acquisiton کو قطعی طور پر روزنامچہ میں درج کریگا اور نہ صرف درج کریگا بلکہ اسکی ایک کاپی مفت اس آدمی کو مہیا کریگا اسکے بعد پھر ایک ہفتہ کے اندر اندر اس پر یہ پابندی لگا دی گئی ہے کہ اسکی ایک کاپی یونین کمیٹی ٹاؤن کمیٹی اور یونین کونسل کے دفتر میں بھی مہیا کر دیگا ۔ تو ان تمام چیزوں کے بعد میرے نزدیک جو کچھ خدشے یا شکوک و شبہات اس سسٹم میں پیدا ہو سکتے تھے انکو دور کر دیا گیا ہے اسکے علاوہ ایک اور proviso لگا دی گئی ہے کہ پٹواریوں پر پابندیاں عائد کر دیجائیں جس کے متعلق رولز میں وضاحت کر دی گئی ہے ۔ تو یہ چار پابندیاں ہیں جو پٹواری پر لگا دیجائینگی اور اس کے بعد جہاں تک میں خیال کرتا ہوں جعلسازی کا امکان کم ہو جائیگا ۔ اس کے بعد حکومت نے انتقالات کے سسٹم میں بھی محسوس کیا کہ اس کو جس

حد تک ہو سکے قول پروف بنا دیا جائے اور اگر کوئی شخص بد دیانتی کا ارادہ کرے تو وہ اس کا مرتکب نہ ہو سکے ۔ اس میں جناب والا یہ پابندی لگا دی گئی ہے کہ دو گواہان ایک نمبر دار اور ایک ممبر یونین کمیٹی یا یونین کونسل ہونگے جنکے دستخط mutation form پر لازمی ہونگے اور پڑتال ریونیو ایسٹیٹ میں ہوگی ۔ یہ انتہائی ضروری تھا ریونیو آفیسر کسی جگہہ بیٹھ کر ٹائٹل کو تبدیل کر سکتا تھا تو اس proviso کے add کرنے سے وہ خدشہ دور کر دیا گیا ہے کہ کسی آدمی کے علم کے بغیر اس میں تبدیلی کر دیجائے اور سب سے اہم بات یہ کہ ہر ریونیو آفیسر پر پابندی لگا دی گئی ہے کہ وہ تین مہینے کے اندر اندر انتقال کو منظور کریگا یا نا منظور کریگا اور اس کو ایسا کرنا ہوگا ۔ اس سے پہلے حکومت کے نوٹس میں کچھ واقعات آئے کہ کئی انتقالات دیر سے درج ہوئے اور بعض cases میں کئی سالوں تک فیصلے نہیں کئے گئے ۔ حکومت نے غور کیا اور مدت مقرر کر دی کہ وہ ریونیو آفیسر پر پابندی لگا دینگے کہ وہ تین مہینے کے اندر اندر اسکے انتقال کا فیصلہ ہاں میں یا نہ میں کرنا ہوگا اور جناب والا اس سے اہم بات یہ ہے کہ ریونیو آفیسر کے اوپر پابندی لگا دی گئی ہے کہ متعلقہ آدمی جس کا حق قرار دیا گیا ہے وہ یونین کمیٹی اور ٹاؤن کمیٹی کو اس کے متعلق مطلع بھی کریگا

جیسا کہ جناب والا ۔ میں نے عرض کیا ہے کہ یہ تمام واقعات جو ہیں ان پر حکومت نے غور کر کے نہایت سنجیدگی کیساتھ اور آپوزیشن کے تعاون کے ساتھ ان تمام مسائل پر غور کیا ہے اور جیسا کہ میں نے عرض کیا ان تمام ترامیم کو پیش کیا ۔ چند چیزوں پر اختلاف رائے موجود تھا جنکو آج دھرایا گیا ان میں سے ایک چیز تو یہ تھی کہ پانچ سات مختلف رائیں تھیں ۔ میرے محترم دوست خواجہ محمد صفدر صاحب نے صدر صاحب کے manifesto کا بھی ذکر کیا اور آج میجر اسلم جان ۔ بھی اس کا تذکرہ چھیڑا ۔ میں اس کے متعلق یقین دلانا چاھتا ھوں کہ جناب صدر مملکت کی ھمیشہ یہ خواھش رھی ھے کہ چھوٹے زمینداروں کو زیادہ سے زیادہ مراعات دیجائیں ۔ زرعی اصلاحات اس سلسلے میں پہلا قدم تھا اور اس کے بعد ۱۹۶۴ء میں سب سے پہلے اس ملک میں اس کی طرف قدم اٹھایا گیا ۔ پھر صدر صاحب کے حکم کے مطابق مختلف کمیٹیاں قائم کی گئیں جن میں ریونیو بورڈ کے ممبران اور صوبہ کے فائننس سیکریٹریز بھی موجود تھے ۔ دونوں صوبوں کے بورڈوں کو consult کیا گیا ۔ حکومت اب اس نتیجہ پر پہنچی ھے کہ چونکہ دشواریاں اور مشکلات زیادہ ھیں اور ان کو عبور کرنا بھی عین ضروری ھے تو حکومت نے اس مسئلے کے اوپر دوسرے طریقہ پر غور کیا کہ ۵/۷ ایکڑ والے کو exemption دیجائے ۔

میں اس چیز سے اتفاق کرتا ہوں کہ اگر کمی کو ۱۰ روپے کی رقم سے مستثنیٰ کیا جائے تو اس حساب سے ایک کروڑ ۸۸ لاکھ روپیہ بنتا ہے تو حکومت جو عوام کی بہتری کے لئے ہے اور بالخصوص چھوٹے زمینداروں کی بہتری کے لئے اس سے کئی گنا زیادہ رقم خرچ کر رہی ہے اس کو ان کی بہتری کا ہر طرح سے خیال ہے ۔ لیکن چونکہ کچھ انتظامی دشواریاں تھیں اور کچھ مالی بھی اس لئے پالیسی میں کچھ تبدیلی ہوئی ۔ مجھے رائے ہوا کہ اپوزیشن نے اس پوائنٹ کو بہت زیادہ play کرنے کی کوشش کی اور حکومت پر بے بنیاد الزامات لگائے حکومت اس سے کئی گنا زیادہ روپیہ فرٹیلائزرز کے سلسلے میں اور دیگر ہزاروں طریقوں سے کاشتکاروں کو سبسڈی کے طور پر دے رہی ہے ۔ میں نے اس سے قبل انتظامی دشواریوں کا ذکر کیا ہے ۔ میرے فاضل دوست مجھ سے اتفاق کرینگے کہ اگر ہم ۵ ایکڑ کی زمین کو مستثنیٰ کریں تو ہم کیسے اندازہ لگائیں کہ لائلپور کی زمین جو لائلپور کی میونسپل کمیٹی کی حدود کے اندر واقع ہے اس کی کتنی مالیت ہے اور اس کی کتنی آمدنی ہے اور کتنا تفاوت ہے تو یہ دشواریاں ہمارے سامنے آئینگی ۔

میجر محمد اسلم جان ۔ پوائنٹ آف آرڈر ۔ جو زمین میونسپل کمیٹی کی حدود کے اندر واقع ہوگی اس پر مالیہ نہیں لگے گا ۔

سردار محمد اشرف خان ۔ پیداوار کی مالیت کو ascertain کرنا مشکل ہوگا ۔ انتظامیہ دشواریاں ہیں ۔ entries بھی دیکھنی ہوں گی جنکو چیک کرنا

بعض اوقات مشکل ہو جاتا ہے ۔ بعض دفعہ fragmentation of holdings بھی شروع ہو جاتی ہے تو ایسی چیزوں کا بھی روکنا ضروری ہوتا ہے ۔ دولتانہ کی زرعی اصلاحات کا بھی ذکر کیا گیا جو ۱۹۵۲ء میں ہوئیں مگر ان میں جو مزارعین کو زمینیں دی گئیں مرجر صاحب اتفاق کرینگے کہ اس سلسلے میں کتنی fraudulent entries ہوئیں اور عوام کو دھوکہ بھی دیا گیا اور اس قدر دیا گیا کہ آج تک ان کا علاج نہ ہو سکا ۔ جناب سپیکر میں آپ کو یقین دلاتا ہوں کہ ہم بھی اس چیز کے شکار ہیں اور ۱۴ سال کے بعد بھی آج تک وہ ریکارڈ درست نہیں کیا جا سکا اور جب تک فاضل سٹاف نہیں رکھا جائیگا کام کے درست ہونے کی امید نہیں کیجا سکتی ۔ ہماری حکومت کی دلی خواہش ہے اور حکومت ہمیشہ اس مسئلے کے متعلق کوشاں رہتی ہے کہ چھوٹے زمینداروں کو زیادہ سے زیادہ مراعات دیجائیں ۔ جو ہم ان کی اتنی امداد کرتے ہیں آپ ان کو بھول جاتے ہیں بعض دفعہ ۵۰۰ / ۵۰۰ روپیہ بھی بطور امداد کے دیا جاتا ہے تو آپ اس امداد کو تو بھول جاتے ہیں اور ۵ روپیہ کی جو معافی کا سلسلہ ہوتا ہے اس کو آپ exploit کرنے کی کوشش کرتے ہیں ۔ دوسرا پوائنٹ جو کسی حد تک زیر بحث رہا اور جس پر اختلاف رائے رہا ہے وہ یہ کہ سول کورٹس کی jurisdiction کو محدود کر دیا گیا ہے ۔ یا یہ کہ اس کو محدود کرنیکی کوشش کی گئی ہے ۔ یہ معمولی سا نکتہ ہے ۔ یہ عام فہم چیز ہے ۔ یہ اس مقصد کیخاطر کیا گیا ہے کہ زمینداروں کو speedy اور cheap انصاف

مل سکے ۔ میرے فاضل دوست ہمیشہ یہ اصرار کرتے ہیں کہ مقدمات کا فیصلہ دیر میں ہوتا ہے ۔ چھوٹے زمینداروں کو دیوانی مقدمات میں بڑی دشواریوں کا سامنا کرنا پڑتا ہے ۔ بہت جنجال ہے تو جہاں تک اہم معاملات کا تعلق ہے ریولیو آفیسر پر پابندی لگادی گئی ہے کہ وہ ریولیو آفیسر اسسٹنٹ کلکٹر گریڈ I سے کم نہ ہوگا ۔ اور اسسٹنٹ کلکٹر گریڈ I عام طور پر ایی ۔ سی۔ ایس افسر ہوتا ہے ۔ اور سول کورٹ کا presiding officer بھی اسی کے عہدہ کا آدمی ہوتا ہے ۔

Mr. Deputy Speaker : The House is adjourned till 8.30 a.m. tomorrow.

The Assembly then adjourned (at 12.30 p.m.) till 8.30 a.m. on Saturday, the 4th November, 1967.

APPENDIX I

(Ref : Starred Question No. 9948)

S. No.	*Name*	*Date of appointment*	*Date of confirmation.*
1.	Mr. M.Y. Munshey	20-5-57	—
2.	Mr. Muhammad Bakhsh	20-5-57	20-5-57
3.	Mr. A.H. Ghauri	20-5-57	20-5-57
4.	Mr. Muhammad Mian Ansari	6-6-57	6-6-57
5.	Mr. K.K. Abbasi	20-5-57	20-5-57
6.	Mr. K.J. Notta	14-4-58	14-4-58
7.	Mr. A.S. Qureshi	20-5-57	20-5-57
8.	Mr. M.H. Jaffri	20-5-57	20-5-57
9.	Mr. Murad Ali S. Baloch	22-7-57	22-7-57
10.	Mr. Sher Muhammad Khan	20-5-57	20-5-57
11.	Mr. Lutuf Ali Shah	20-5-57	20-5-57
12.	Mr. Muhammad Nasim Shaikh	20-7-57	20-7-57

13.	Mr. A.R. Quraishi	20-5-57	20-5-57
14.	Mr. U.M. Akhani	20-5-57	20-5-57
15.	Mr. Abdullah M.I. Roonjho	20-5-57	20-5-57
16.	Mr, Ahmad Hasan Baloch	20-5-57	20-5-57
17.	Mr. S.M.S. Bokhari	15-12-60	15-12-60
18.	Mr. M.S. Syed	20-5-57	20-5-57
19.	Mr. Abdul Qadir	28-9-57	28-9-57
20.	Mr. A.K. Pathan	24-5-57	24-5-57
21.	Mr. Josph Borges	10-9-57	10-9-57
22.	Mr. N.G. Abbasi	17-2-59	17-2-59
23.	G. Mustafa A. Moghal	2-9-57	2-9-57
24.	Mr. A. D' Souza	7-9-57	7-9-57
25.	Mr. M.A. Qazi	27-5-57	27-5-57
26.	Mr. Mushtaq Ahmad	20-5-57	20-5-57
27.	Mr. Mumtaz Hussain	14-4-58	14-4-58

28.	Mr. Gh am Rasul Leghari	20-5-57	20-5-57
29.	Mr. G.K. Baloch	15-12-60	15-12-60
30.	Mr. A. Rahim Munshey	20-5-57	20-5-57
31.	Mr. Mohd Khan M. Chawro	20-5-57	20-5-57
32.	Mr. Akhtar Muhammad	2-8-58	2-8-58
33.	Mr. G.H. Kazi	15-12-60	15-12-60
34.	Mr. Muhammad Ibrahim	22-6-59	22-6-59
35.	Mr. Shafi Muhammad Kazi	4-4-59	4-4-59
36.	Mr. Abdul Qadir Memon	20-5-57	20-5-57
37.	Mr. G.A. Uqaili	He was on deputation and is still on deputation. He was given proforma seniority.	
38.	Mr. Z.A. Pirwani	20-5-57	20-5-57
39.	Mr. M.H. Khatri	20-1-61	20-1-61
40.	Mr. Muhammad Munawwar Khan	14-11-57	14-11-57
41.	Mr. Bakhtiar Ali Malhi	12-11-57	12-11-57

42.	Mr. Zulfiqar Ali Shah	23-11-67	23-11-57
43.	Mr. Abdul Rashid	14-11-57	14-11-57
44.	Mr. Zafar Jamil	23-11-57	23-11-57
45.	Mr. Sakhawat Ali	22-11-57	22-11-57
46.	Mr. Abdul Hamid	13-11-57	13-11-57
47.	Mr. Atta Ullah Khan	13-11-57	13-11-57
48.	Mr. Foroze-ud-Din	20-5-57	20-5-67
49.	Mr. S.M. Athar	6-11-57	6-11-57
50.	Mr. Allah Ditta	20-7-57	20-7-57
51.	Mr. M.K. Soomro	1-7-58	1-7-58
52.	Mr. Khurshid Ahmad Farooqi	5-6-57	5-6-57
53.	Mr. Abdul Aziz Adenwala	14-4-58	14-4-58
54.	Mr. Saeed-ud-Din	5-6-58	5-6-58
55.	Mr. Y.E. Sakrani	14-4-58	14-4-58.
56.	Mr. Fuzail Ahmad	14-4-58	14-4-58

57.	Mr. P.D. Jariwala	13-5-58	13-5-58
58.	Mr. Abdul Ghaffar Khan	14-4-58	14-4-58
59.	Mr. Ghulam Hussain Jaffri	14-4-58	14-4-58
60.	Mr. Abdul Majid Shaikh	20-5-57	20-5-57
61.	Mr. H.R. Amir	4-6-58	4-6-58
62.	Mr. Abdul Qayyum	23-4-58	23-4-58
63.	Mr. Muhammad Jaffar Memon	19-11-57	19-11-57
64.	Mr. Abdul Halim Khan	7-7-58	7-7-58
65.	Mr. Muhammad Ashraf	5-6-58	5-6-58
66.	Mr. Nazir Ahmad	20-5-57	20-5-57
67.	Mr. Abdul Latif	29-8-57	29-8-57
68.	Mr. Aziz Ullah Batra	20-5-57	20-5-57
69.	Mr. Muhammad Naqi Mirza	1-9-59	1-9-59
70.	Mr. Abdul Majid Shaikh	20-7-57	20-7-57

71.	Mr. Saeed Ahmad	1-2-61	1-2-61
72.	Mr. S. Khurshid Ahmad	20-5-57	20-5-57
73.	Mr. Karamat Hussain	1-9-59	1-9-59
74.	Mr. Muhammad Warris Khan	15 1-59	15-1-59
75.	Mr. S. Riaz Ullah Bokhari	1-2-59	1-2-59
76.	Mr. Anwar Beg	20-5-57	20-5-57
77.	Mr. Sardar Ali Khan	20-5-57	20-5-57
78.	Mr. Abdul Aziz Orakzai	5-6-58	5-6-58
79.	Mr. Muhammad Masud Mufti	1-9-59	1-9-59
80.	Mr. Abdul Hadi Shah	14-4-58	14-4-58
81.	Mr. Muhammad Masud	5-6-58	5-6-58
82.	Mr. Abdullah Jan	3-9-59	3-9-59
83.	Mr. Abdul Hamid Jokhio	26-2-60	26-2-60

84.	Mr. Abdul Rehman Khan	1-9-59	1-9-59
85.	Mr. Farrukh Zaman	1-9-59	1-9-59
86.	Mr. Hamid Ullah Durrani	20-8-59	20-8-59
87.	Mr. Qamar-ud-Din	1-9-59	1-9-59
88.	Mr. Muhammad Hashim	29-8-59	29-8-59
89.	Mr. Hamid Ullah Durrani	20-8-59	20-8-59
90.	Mr. Zia-ul-Huq	1-9-59	1-9-59
91.	Mr. Allah Bakth	1-9-59	1-9-59
92.	Mr. Muhammad Abdullah Ch.	1-9-59	1-9-59
93.	Mr. Farid Ahmad Khan	5-9-59	5-9-59
94.	Mr. Sultan Zaman Mirza	1-10-59	1-10-59
95.	Mr. Muhammad Karamat Ullah	12-10-59	12-10-59
96.	Mr. Abdul Majid Akhtar	22-10-59	22-10-59
97.	Mr. Riaz Ahmad Kazmi	31-10-59	31-10-59

98.	Mr. Muhammad Bilal Ashraf	4-11-59	4-11-59
99.	Mr. Muhmmad Nasrullah Uppal	10-12-59	10-12-59
100.	Mr. Manzoor-ul-Hassan Butt	7-12-59	22-5-63
101.	Mr. Muhammad Shah Din	1-2-60	26-6-63
102.	Mr. M.S. Mustafa Hussain Bilgrami	18-1-60	10-12-63
103.	Mr. M.A. Mohtashim	11-6-60	20-10-64
104.	Mr. Muhammad Akbrar Qureshi	5-12-59	7-4-65
105.	Mr. Shah Muhammad Shahi	5-3-60	19-9-65
106.	Mr. Muhammad Aslam	24-8-60	22-9-69
107.	Mr. S. Khalid Ahmad Ali Rizvi	31-8-60	31-10-65

APPENDIX II

(Ref: Starred Question No. 9712)

STATEMENT SHOWING THE PROGRESS OF LINING OF KAREZES IN MEKRAN DISTRICT.

Name of the Scheme.	Estimated Cost in thousands.	Date of start.	Progress	Expdr. up to 6/67	Remarks.
Lining of Solband Karez.	0.19	6/65	32%	7,359.00	Continued durin financial year.
Lining of Umeedabad Karez.	0.13	6/65	77%	5,710.00	Efforts are being squeeze funds fr budget grant for k completion of the
Lining of Phulani Karez.	0.207	6/64	Completed	16,388.00	Completed.
Lining of Bahman Karez.	0.46	5/65	60%	22,000.00	Continued durin financial year.
Lining of Kulaho Karez.	0.116	6/64	Completed	11,207	Completed.

PROVINCIAL ASSEMBLY OF WEST PAKISTAN

SIXTH SESSION OF THE SECOND PROVINCIAL ASSEMBLY OF WEST PAKISTAN

Saturday, the 4th November, 1967.

شنبہ - ۱ شعبان المعظم ۱۳۸۷ھ

The Assembly met at the Assembly Chamber, Lahore at 8-30 a.m. of the clock. Mr. Speaker, Chaudhri Muhammad Anwar, in the Chair.

Recitation from the Holy Qur'an by Qari Ali Hussain Siddiqi, (Qari of the Assembly) and its translation.

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

أَوَلَمْ يَرَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا أَنَّ السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضَ كَانَتَا رَتْقًا فَفَتَقْنٰهُمَا ط
وَجَعَلْنَا مِنَ الْمَاءِ كُلَّ شَيْءٍ حَيٍّ ط أَفَلَا يُؤْمِنُوْنَ ٥ وَجَعَلْنَا فِي الْأَرْضِ رَوَاسِيَ
أَنْ تَمِيْدَ بِهِمْ ص وَجَعَلْنَا فِيْهَا فِجَاجًا سُبُلًا لَّعَلَّهُمْ يَهْتَدُوْنَ ٥ وَجَعَلْنَا السَّمَاءَ
سَقْفًا مَّحْفُوْظًا ج وَهُمْ عَنْ اٰيٰتِهَا مُعْرِضُوْنَ ٥ وَهُوَ الَّذِيْ خَلَقَ الَّيْلَ وَ
النَّهَارَ وَالشَّمْسَ وَالْقَمَرَ ط كُلٌّ فِيْ فَلَكٍ يَّسْبَحُوْنَ ٥ وَمَا جَعَلْنَا لِبَشَرٍ مِّنْ
قَبْلِكَ الْخُلْدَ ط أَفَإِيْنْ مِّتَّ فَهُمُ الْخٰلِدُوْنَ ٥ كُلُّ نَفْسٍ ذَائِقَةُ الْمَوْتِ ط
وَنَبْلُوْكُمْ بِالشَّرِّ وَالْخَيْرِ فِتْنَةً ط وَإِلَيْنَا تُرْجَعُوْنَ ٥

(پ ۱۷- س ۲۱- ع ۳- ایات ۳۰ تا ۳۵)

کیا کافروں نے نہیں دیکھا کہ آسمان و زمین دونوں ملے ہوئے تھے تو ہم نے جدا جدا کر دیا۔ اور تمام جاندار چیزیں ہم نے پانی سے بنائیں پھر آخر یہ لوگ ایمان کیوں نہیں لاتے۔ اور ہم ہی نے زمین میں پہاڑ بنائے تاکہ (زمین) لوگوں کے بوجھ سے ہلنے اور جھکنے نہ لگے اور اس میں کشادہ راستے بنائے تاکہ لوگ اُن پر چلیں۔ اور آسمان کو محفوظ چھت بنایا۔ اس پر بھی وہ ہماری نشانیوں سے منہ پھیر رہے ہیں۔ اور وہی تو ہے جس نے رات دن اور سورج و چاند کو بنایا یہ سب (سورج و چاند ستارے) آسمان میں اس طرح چلتے ہیں گویا تیر رہے ہیں۔ اور اے پیغمبر ہم نے تم سے پہلے کسی آدمی کو بقائے دوام نہیں بخشا۔ بھلا اگر تم مر جاؤ تو کیا یہ لوگ ہمیشہ رہینگے۔ ہر متنفس کو موت کو مزہ چکھنا ہے۔ اور ہم تم لوگوں کو سختی اور آسودگی میں آزمائش کے طور پر مبتلا کرتے ہیں۔ اور تم سب ہماری ہی طرف لوٹ کر آؤ گے۔

وما علینا الا البلاغ

STARRED QUESTIONS AND ANSWERS

Mr. Speaker : Now the Question Hour. Mr. Zain Noorani.

IMPROVEMENT TRUST FUND, BAHAWALPUR

*7958. **Mr. Zain Noorani :** Will the Minister of Basic Democracies and Local Government be pleased to state :—

(a) whether it is a fact that a balance of Rs. 7,73,659 in the credit balance in what is known as the Improvement Trust Fund Bahawalpur;

(b) if answer to (a) above be in the affirmative, how does the Government intend to dispose of this amount ?

Minister of Basic Democracies and Local Government (Mian Mohd. Yasin Khan Wattoo) : (a) There is no such Fund known as 'Improvement Trust Fund, Bahawalpur'.

(b) Question does not arise.

For the Information of the learned Member I may submit the amount mentioned in part (a) of the question has been given in the Government of West Pakistan Finance Accounts of 1965-66 at page 221 and that, I think, pertains to the amount of the Improvement Trust in the whole of the State. I have already instructed my Department to scrutinize the matter and do the needful.

GOLIMAR COLONY, KARACHI

*7964. **Mr. Zain Noorani :** Will the Minister for Basic Democracies and Local Government be pleased to state :—

(a) when was Golimar Colony, Karachi set up and under whose orders ;

(b) is the said Colony a regularised Colony or an unregularised Colony ;

(c) if it is an unregularised Colony by when will the said Colony be regularised and by when will it be developed ?

Minister for Basic Democracies and Local Government (Mian Mohd.

Yasin Khan Wattoo) : (a) and (b) There is no colony known as Golimar Colony but there is a group of colonies known as Golimar area. The area consists of three Housing Societies allotted land by the Central Government and their lay out plan was approved by them. Five hundred quartes known as Pirabad were constructed by the Sind Government for Displaced Persons. The rest of the area is an unauthorised settlement consisting of Pucca ; Semi Pucca and Kutcha houses.

(c) KDA has prepared an Improvement Scheme and also an Amelioration Plan. It was decided to consult the Union Committees of the area before the plan is notified and objection called for. For this purpose a meeting was held in July 1967 to obtain the ideas and suggestions and incorporate them in the plan before it is notified. As soon as these are received the proposals will be notified without delay.

The latest position is that the K.D.A. has prepared a temporary scheme and also an Amelioration Plan for the Golimar Area. After the meeting of July, 1967 another meeting was held in August, 1967, and in consultation with the Basic Democrats and Chairmen, Union Committees, of the area, the suggestions made for improvement have been incorporated in the Plan which will be notified will be called for by the K.D.A. after approval of the Governing Body. It is expected to take one month to finalise the Plan and notify the proposals received from various agencies.

مسٹر حمزہ ۔ کیا جناب وزیر بلدیات مجھے یہ بتائیں گے ۔ انہوں نے یہ فرمایا ہے کہ اسے گولی مار کہتے ہیں کیا اس کا نام ۱۹۶۵ء کے صدارتی انتخاب کے بعد جب وہاں گولی چلائی گئی تھی گولی مار رکھا گیا تھا ؟

وزیر بلدیات ۔ جناب والا ۔ کیا یہ ایسا سوال نہیں ہے کہ اس سوال کو گولی مار دی جائے ؟

Mr. Speaker : Next question, Mr. Narejo.

UP-GRADING OF AGRICULTURAL COLLEGE TANDO JAM

*8014. **Mr. Muhammad Bakhsh Khan Narejo**: Will the Minister of Education, be pleased to state :—

(a) whether it is a fact that it is a long standing demand of the people of Hyderabad and Khairpur Divisions that the Agricultural College, Tando Jam should be upgraded to the University level;

(b) if answer to (a) above be in the affirmative, whether Government intend to accede to the said demand, if not, the reasons therefor?

Parliamentary Secretary (Sardar Muhammad Ashraf Khan): (a) In November, 1966, a memorandum was presented to the Governor of West Pakistan in which it was desired that the Agriculture College, Tando Jam be rasied to the status of a University.

(b) No. At the present stage this question is pre-mature.

Mr. Muhammad Bakhsh Khan Narejo: Will the Minister for Education kindly let me know how it is pre-mature, when the institution was established and what are the specific reasons for not converting this institution into a University and also state that if it is not converted into University whether the following faculties would be opened :—

Plant Breeding.
Crop Research.
Agricultural Engineering.
Live-Stock Breeding.
Agricultural Marketting.

Minister for Education (Mr. Muhammad Ali Khan): When this Memorandum was presented to the Governor this question was discussed at length in various departments, i.e., the Agriculture Department, the Planning & Development Wing and then, subsequently, it was discussed in the Education Department and it was thought that to convert that College into a University, at this stage, would rather be pre-mature. The best solution would be to introduce Animal Husbandry and Agricultural Engineering at Tando Jam for the present and funds have been allocated for this purpose. It has been decided that, during this Plan period,

Animal Husbandry and Agricultural Engineering would definitely be introduced in the College. So far as other subjects are concerned it is also desirable that such subjects be introduced but it would be very very difficult to say as to when these subjects, as stated by the learned Member, would be introduced. I would ensure that in due course of time, besides Animal Husbandry and Agricultural Engineering, those subjects are introduced.

SCHOLARSHIPS FOR CHILDREN OF HURS IN HYDERABAD AND KHAIRPUR DIVISIONS.

*8027. **Mr. Muhammad Bakhsh Khan Narejo:** Will the Minister of Education be pleased to state :—

(a) whether any scholarships had been sanctioned for the children of Hurs studying in colleges and schools of Hyderabad and Khairpur Divisions ; if so, the number and amount of such scholarships and the year from which the said scholarships were given ;

(b) whether it is a fact that the said scholarships were subsequently withdrawn ; if so, the reasons therefor ?

Parliamentary Secretary (Sardar Muhammad Ashraf Khan): (a) Yes. The number and amount of the scholarships are as under :—

(1) *Primary School Scholarships*	Amount		Sanctioned in 1955
500	Rs. 5/-P.M.		
(2) *Middle School Scholarships*	PM	PA	
	Rs. 20/-	+50/- (Resident)	sanction in
	Rs. 5/-	+50/- (Non-Resident)	1955 ; converted into Provincial Merit Scholarships in 1962 and continue since 1964.
(3) *High School Scholarships*	PM	PA	
30	Rs. 32/-	+80/- (Resident)	
	Rs. 12/-	+80/- (Non-Resident)	—do—

(b) No.

چودھری محمد سرور خان ۔ کیا جناب پارلیمنٹری سیکرٹری صاحب یہ فرمائیں گے کہ وہ کون سی خصوصی وجوہات تھیں جن کے باعث ان لوگوں کے بچوں کو وظائف دیئے جاتے ہیں ؟

وزیر تعلیم (مسٹر محمد علی خان) ۔ جناب عالی ۔ انہوں نے جنگ آزادی میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیا تھا اور قابل تعریف خدمات سر انجام دی تھیں ۔ انگریز نے ان پر فوج کشی کی اور ان کے پیر کو پکڑا ان لوگوں کی بحالی کے لئے اور ان کے بچوں کو تعلیم کے زیور سے آراستہ کرنے کے لئے ان کو یہ وظائف دئیے گئے ۔

Mr. Muhammad Bakhsh Khan Narejo : The number and amount of scholarships at present is very meagre and I would request the Minister for Education kindly to assure that the number and amount will be increased.

Minister for Education : If these scholarships pertain only to fees and if the fees have not been enhanced then it will be difficult to increase the number or money as far as these scholarships are concerned. But if it covers many other epxenses also then definitely we will look into it. At the time these scholarships were awarded, the value of rupee has gone down. I assure the Member that we will look into it if it covers other expenditure.

مسٹر حمزہ ۔ جناب سپیکر ۔ جناب وزیر تعلیم نے ابھی فرمایا ہے کہ ان لوگوں نے آزادی کی جدوجہد میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیا تھا ۔ اس لئے ان کے بچوں کو وظائف دئیے جاتے ہیں ۔

جناب والا ۔ میرا ضمنی سوال یہ ہے کیا کبھی انہوں نے اس بات پر بھی غور کیا ہے کہ جن لوگوں نے قوم سے غداری کی تھی ۔ ان پر کوئی مزید ٹیکس لگا کر اس رقم سے ان لوگوں کے بچوں کو وظائف دیئے جائیں ۔ جو قوم کو موجودہ حکمرانوں سے آزادی دلانے کے لئے قربانیاں دے رہے ہیں ؟

Mr. Speaker : Supplementary does not arise out of this question.

چودھری محمد سرور خان ۔ کیا جناب وزیر تعلیم فرمائیں گے کہ انہوں نے جو یہ فرمایا ہے کہ جنگ آزادی میں حصہ لینے والوں کے بچوں کو یہ وظائف دئیے جا رہے ہیں تو کیا صوبہ کے دوسرے حصوں میں بھی ایسے لوگ ہیں اور کیا حکومت ان کے بچوں کو بھی وظائف دینے کے متعلق غور کر رہی ہے ؟

وزیر تعلیم ۔ جناب والا ۔ یہ ضمنی سوال اس سوال سے پیدا نہیں ہوتا ہے ۔ یہ وظائف سابقہ گورنمنٹ سندھ نے دئیے تھے اور ان کی ذمہ داری موجودہ مغربی پاکستان گورنمنٹ پر ہے ۔

چودھری محمد ادریس ۔ جناب والا ۔ اگر چہ یہ ضمنی سوال اس سوال سے پیدا نہیں ہوتا مگر چونکہ یہ پالیسی کا معاملہ ہے اس لئے ان سے پوچھتا ہوں کہ آیا یہ اصول صوبہ کے دوسرے حصوں پر لاگو نہیں ہونا چاہیئے ؟

وزیر تعلیم ۔ جناب والا ۔ اب آزادی حاصل ہوئے ۲۰ سال ہو چکے ہیں اور ان لوگوں کے بچے تعلیم سے فارغ ہو چکے ہیں اور ملازمتیں کر رہے ہیں ۔ اب یہ سوال ہی ختم ہو گیا ہے ۔

چودھری محمد سرور خان ۔ جناب والا ۔ ۱۹۴۷ کی جنگ آزادی کو تو ۲۰ برس گزر گئے ہیں ۔ لیکن ۱۹۶۵ کی جنگ آزادی میں جن لوگوں کی جانیں گئی ہیں جن میں فوجی بھی ہیں اور سویلین بھی ۔ ان کے بچے تو ابھی جوان نہیں ہوئے کیا انہیں کوئی وظائف دئیے جائیں گے ؟

وزیر تعلیم ۔ جہاں تک ۱۹۶۵ کی جنگ کا تعلق ہے ان فوجیوں کے بچوں کو بھی خاص مراعات دی گئی ہیں ۔ جنہوں نے اس جنگ میں قربانیاں دی ہیں ۔ اور متاثرہ علاقے کے لوگوں کے بچوں کو بھی کافی امداد بہم پہنچائی گئی ہے ۔ اگر مزید ضرورت ہوئی تو ہم اس پر غور کریں گے ۔

مسٹر حمزہ ۔ جناب وزیر تعلیم نے یہ فرمایا ہے کہ پاکستان کی جنگ آزادی کو گذرے ہوئے بیس سال گزر چکے ہیں اور اس زمانے میں جو ایسے لوگوں کے بچے تھے جنہوں نے اس جنگ آزادی میں حصہ لیا تھا وہ جوان ہو گئے اور تعلیم سے فارغ ہو کر روزگار پر لگ گئے ۔ کیا میں ان سے یہ دریافت کر سکتا ہوں کہ وہ افراد جو کہ ۱۹۵۸ء کے بعد سے جنگ آزادی میں حصہ لے رہے ہیں ان افراد کے بچوں کو وہ اس قسم کی رعائت دیں گے ؟

وزیر تعلیم ۔ ۱۹۵۸ء کی جنگ آزادی کا مجھے علم نہیں ہے ۔

TECHNICAL INSTITUTIONS IN HYDERABAD AND KHAIRPUR DIVISIONS

*8036. **Mr. Muhammad Bakhsh Khan Narejo :** Will the Minister of Education be pleased to state :—

(a) the year-wise total number of Technical Institutions established in the Province since the year 1960 ;

(b) the number of Institutions out of those mentioned in (a) above which were established in Hyderabad and Khairpur Divisions alongwith (i) their locations (ii) the present enrolement in each of the said Institutions and (iii) the branches of the courses taught therein ?

Parliamentary Secretary (Sardar Muhammad Ashraf Khan) . (a) The information is given in the attached statement (A).*

(b) (i) (ii) (iii) The information is given in the attached statement (B).*

Mr. Muhammad Bakhsh Khan Narejo : Will the Minister for Education kindly let me know whether it is "proportionate" that out of 69 Institutions, only 5 have been sanctioned for the Hyderabad and Khairpur Divisions ?

**Please see Appendix I at the end.*

Parliamentary Secretary: Sir, actually if the Member looks carefully at the statement and the figures provided to him, he will see that the shares of the Hyderabad and Khairpur Divisions are a little more than the required policy. In other words, out of 10 Polytechnic Institutes in the Province, at present 3 are functioning in these two divisions and at the same time, out of 10 Commercial Government Institutes, there are 3 functioning in these divisions. But as far as the question of Industrial Schools is concerned, Education Department has very recently taken over these Institutes from the Industries Department and their location was decided by the Industries Department. Anyhow, out of 37 such Schools (26 for Girls and 11 for Boys) 5 such Institutes exist in the said area and this is not less in proportion to the population of that area.

چودھری محمد ادریس - ابھی میرے فاضل دوست نے یہ سوال کیا تھا کہ سندھ کو اس کے کوٹے سے کم کیوں ملا ہے - میں آپ سے یہ سوال کرنا چاہتا ہوں کہ آپ نے دس گورنمنٹ training institutes کھولے ہیں جس میں سے آپ نے ۳ سندھ کو دے دئیے ہیں حالانکہ مغربی پاکستان کی ۵ کروڑ کی آبادی میں سندھ کا حصہ ۱۰/۱ ہوتا ہے مگر آپنے بجائے ایک Institute دینے کے ان کو ۳ دے دئیے ایسا کیوں ہو رہا ہے ؟

Parliamentary Secretary: Since the share of the Sind Area comes to 14 per cent but keeping in view its backward areas .....

مسٹر سپیکر - سردار صاحب - آپ اردو میں جواب دیجئے گا کیونکہ حاجی صاحب supplementary پوچھنا چاہتے ہیں -

وزیر تعلیم (مسٹر محمد علی خان) - جناب والا - اس وقت پوزیشن یہ ہے کہ سندھ کو آبادی کے لحاظ سے ۱۴ فیصدی ملنا چاہئے تھا - لیکن چونکہ خیرپور اور حیدرآباد کے علاقوں کو back ward اور پسماندہ تصور کیا جاتا ہے اس لئے حکومت نے تین پولی ٹیکنیک Institutes وہاں پر کھولے ہیں - اور میں جناب ادریس صاحب کو یہ یقین دلاتا ہوں کہ حکومت آئندہ سالوں میں مزید ٹیکنیکل Institutes کھول رہی ہے - آپ کے ڈویژن میں بھی

Polytechnique Institutes کھلیں گے اور ساتھ ساتھ ضلع لائلپور میں بھی کھلیں گے ۔ اور اس سلسلے میں جتنے ایسے کام ہیں ان کے متعلق حکومت کا خیال یہ ہے کہ زیادہ سے زیادہ پولی ٹیکنیک انسٹی ٹیوٹ کھولے جائیں ۔ اور مجھے یقین ہے کہ مغربی پاکستان کے تمام علاقہ جات کا جو مطالبہ ہے اس کو پورے طور پر meet کیا جا سکے گا ۔

حاجی سردار عطا محمد ۔ میں سمجھا نہیں تھا ۔ مگر جو انہوں نے جواب دیا ہے ۔ (C) اور (D) میں ۔ کیا وہاں زراعتی یونیورسٹی بنانے کی ضرورت ہے یا نہیں ہے ؟

مسٹر سپیکر ۔ حاجی صاحب آپ کون سا سوال پوچھ رہے ہیں ؟

حاجی سردار عطا محمد ۔ میں زراعتی یونیورسٹی کے متعلق سوال پوچھ رہا ہوں ۔

مسٹر سپیکر ۔ حاجی صاحب ۔ یہ نریجو صاحب کا تیسرا سوال ہے ۔

مسٹر حمزہ ۔ میں جناب پارلیمنٹری سیکرٹری صاحب سے یہ دریافت کروں گا کہ آپ نے سابقہ سندھ کے علاقے کو ان کے حصے سے زیادہ ٹیکنیکل انسٹی ٹیوٹس دیئے ہیں یا ٹیکنیکل تعلیم کے اداروں دیئے ہیں ۔ تو ان اداروں کو دیتے وقت کیا آپ کو یہ مدنظر تھا کہ اس علاقے کے بعض معزز ممبران جو ہمیشہ صوبائی عصبیت کا شکار رہتے ہیں ان اداروں کو ان کے علاقہ جات میں کھولنے سے کچھ مفید نتیجہ بھی نکلے گا ؟

Mr. Speaker : Disallowed.

Mr. Muhammad Bakhsh Khan Narejo : Will the Minister for Education kindly give an assurance that one Institute each will be established in Sanghar, Nawab Shah, Jacobabad, Dadu and Thatta ?

Minister for Education : We propose to set up 5 Vocational Schools

for Boys and 10 more for Girls and these areas would definitely get their share.

حاجی سردار عطا محمد ۔ جناب سپیکر۔ میں نے جناب وزیر تعلیم سے جو سوال دریافت کیا تھا ۔ اس سلسلے میں ان سے میں مزید پوچھنا چاہتا ہوں کہ ۳ انسٹی ٹیوٹ کھولے گئے ہیں ۔ ان Institutes کے اندر ۸۰ فیصد سابق صوبہ پنجاب کے افراد تعلیم حاصل کر رہے ہیں ۔ ان کے نگران بھی وہی ہیں ۔ سٹاف میں بھی زیادہ تر وہاں ہی کے افراد ہیں ۔ پرنسپل وغیرہ آپ نے ہی بھیجے ہیں ۔ آپ کو وہاں ایسا نہیں کرنا چاہئے ۔ آپ ہم سے زیادہ ہیں ۔

مسٹر سپیکر ۔ حاجی صاحب آپ سوال کیجئے ۔ مشورہ دینے سے کام نہیں چلے گا ۔

حاجی سردار عطا محمد ۔ آپ کو معلوم ہے کہ ہمارے یہاں سندھ کے رہنے والے کتنے پڑھے لکھے ہیں ۔ اور کتنے باہر سے آ گئے ہیں ۔

مسٹر سپیکر ۔ اس کے متعلق آپ دوسرا سوال دیجئے ۔

خان اجون خان جدون ۔ مزید Vocational Institutes وزیر تعلیم نے کھولنے کے لئے فرمایا ہے ۔ کیا tribal areas میں جہاں پر ایسے Institutes کی کمی ہے مزید سکول کھولے جائیں گے ۔ اور ان کو اپنے کوٹے سے زیادہ دیا جائے گا ؟

وزیر تعلیم ۔ مغربی پاکستان کے تمام علاقوں میں ۳۵ Institutions کھولی جائیں گی خواہ وہ tribal area ہوں یا دوسرے علاقے ۔

خان اجون خان جدون ۔ وہ علاقے جہاں بہت زیادہ پس ماندگی ہے کیا ان علاقوں کو ترجیح دی جائے گی ۔ میں وزیر تعلیم سے یہ دریافت

کرنا چاہتا ہوں - - - -

وزیر تعلیم - جہاں تک education کے مسئلے کا تعلق ہے ہم equal facilities دیتے ہیں - population basis کے اوپر ہم facilities دیتے ہیں - اس صورت میں جو بھی حصہ جس علاقے کا ہوگا وہ ہم ان کو دیں گے -

---

UPGRADING PRIMARY SCHOOLS

***8038. Mr. Muhammad Bakhsh Khan Narejo :** Will the Minister of Education be pleased to state :—

(a) the number of Primary Schools in the Province which will be upgraded as High Schools during the year 1967-68 ;

(b) the district-wise number of schools, out of those mentioned in (a) above, which will be upgraded in Hyderabad Region ?

Parliamentary Secretary (Sardar Muhammad Ashraf Khan) : (a) Nil. No Primary School is directly upgraded to a high standard. Normally Primary schools are first upgraded to a middle standard.

(b) Does not arise.

Mr. Muhammad Bakhsh Khan Narejo : Sir, I am really grateful to the Minister for Education that he has corrected me but I would like to ask at to how many Primary Schools will be up-graded to Middle Standard and Middle Schools to High Standard during the third year or the current year ?

Minister for Education (Mr. Muhammad Ali Khan) : We intend to upgrade about 85 Primary Schools to Middle Schools and the shares of Khairpur and Hyderabad Regions is 17. Similarly there is a proposal of upgrading 15 Middle Schools to High Standard and in that, the share of these regions would be round-about 5.

Major Malik Muhammad Ali : Sir, while giving the data for Hyderabad, the Minister stated that 16 schools will be upgraded, I would request

him to consider the situation in the Barani areas of Rawalpindi, Jhelum, Sargodha and Mianwali, that these areas should get equivalent share in upgrading the Middle Schools because these are backward areas.

Minister for Education : There are so many backward areas as far as Education is concerned and we give facilities on the basis of population. However, whatever the share of these areas comes to we will give that share to each one of them.

بابو محمد رفیق - کیا وزیر تعلیم بتلائیں گے کہ کتنے سکول کوئٹہ اور قلات میں آپ پرائمری سے مڈل کر رہے ہیں ؟

Minister of Education : I should get a fresh notice for that.

CONSTRUCTION OF BUILDINGS FOR COMMERCIAL INSTITUTES

*8039. **Mr. Muhammad Bakhsh Khan Narejo :** Will the Minister of Education be pleased to state :—

(a) whether it is a fact that allocation has been made in the budget for 1967-68 for the construction of buildings and providing equipment for 25 Commercial Institutes in the Province ;

(b) if answer to (a) above be in the affirmative, the regionwise number of such Institutes ?

Parliamentary Secretary (Sardar Muhammad Ashraf Khan) : (a) Yes, a total provision of Rupees two lakhs has been made in the Budget for 1967-68 for providing equipment for twenty five new Commercial Institutions in the Province.

(b) The location of these institutions has not yet been finally decided.

Mr. Muhammad Bakhsh Khan Narejo : Will the Minister of Education kindly let me know how many commercial institutions will be opened in the Southern Region ?

Minister of Education (Mr. Muhammad Ali Khan) : Sir, it has not yet been decided and the scheme is under preparation.

CONSTRUCTION OF ROAD FROM 46 JANUBI TO CHAK, 87 JANUBI, DISTRICT SARGODHA

*8088. **Mr. Hamza :** Will the Minister of Basic Democracies and Local Government be pleased to refer to answer to Starred Question No. 4247 by Chaudhri Muhammad Sarwar Khan, M.P.A., laid on the Table of the House on 24th November, 1966 and state :—

(a) the progress so far made regarding construction of road from Chak No. 46/SB to Chak No. 87/SB in Sargodha District and if no progress has been made, reasons therefor and the action Government intend to take to complete the said work ;

(b) the amount collected through contributions by local residents and the amount allocated by Government for the construction of the road mentioned in (a) above alongwith the amount spent therefrom so far on the said work ?

Minister of Basic Democracies and Local Government (Mian Mohd. Yasin Khan Wattoo) : (a) The total length of this road is 17 miles, and 5 furlongs. The construction work was undertaken in bits on different parts of the road and two miles were completed by the District Council in 1962-63. Of the remaining road, eight miles have been completed. Work is at various stages on other parts of the road. Action is being taken to have the work expendited.

(b) A sum of Rs. 2,24,022.28 was contributed by the residents of the area concerned and a sum of Rs. 3,59,941,69 was allocated by Government. A sum of Rs. 5,44,684 has been spent on this work so far.

مسٹر حمزہ ۔ کیا جناب وزیر بنیادی جمہوریت کو میرے سوال کا جواب دے کر یہ احساس ہوا ہے کہ اس علاقے کے لوگوں نے ۲ لاکھ ۲۴ ہزار روپیہ اپنی مدد آپکے تحت اکٹھا کرکے ایک قابل تقلید مثال قائم کی ہے ۔ یہ ایسی سڑک ہے جس کو جلد تعمیر کرکے اس علاقے کے لوگوں کی کارکردگی کے پیش نظر حکومت کو ان کی حوصلہ افزائی کرنی چاہئے ۔ کیا آپ اس سے اتفاق کرتے ہیں ؟

وزیر بنیادی جمہوریت و لوکل گورنمنٹ - جناب والا - میں ان سے اتفاق کرتا ہوں اور حکومت ان کی حوصلہ افزائی کر رہی ہے اور ان کی کوششوں کو قدر کی نگاہ سے دیکھتی ہے - باقی علاقے کے لوگوں کو بھی ان کی قدر کرنی چاہئے -

---

APPLICATION FOR SALE OF LAND FOR SETTING UP A TEXTILE MILL

*8096. **Mr. Hamza** : Will the Minister of Basic Democracies and Local Government be pleased to state :—

(a) whether it is fact that Improvement Trust Bahawalpur, in its meeting held on 10th May, 1967, unaniomusly decided to reject the application of Messrs. N. T. C. Textiles Limited for the sale of land for setting up a textile mill on Yazman Road, Bahawalpur ; if so, reasons for rejecting the said application ;

(b) whether it is a fact that the said Improvement Trust again called a special meeting on 23rd May, 1967, to consider the sale of trust land to Messrs. N. T. C. Textiles Limited ; if so, reasons for reconsidering the previous decision of the Trust in such a short time ?

Minister of Basic Democracies and Local Government (Mian Mohd. Yasin Khan Wattoo) : (a) Yes. Reasons for rejecting the application of Messrs. N. T. C. Textiles Limited, in the first instance in the meeting held by the Trust on the 10th May, 1967 are as under :—

(i) The area is situated within Municipal Limits and adjacent to *abadi* and canal offices.

(ii) It will create traffic congestion.

(iii) It is situated opposite defence installations.

(iv) The locality is thickly populated.

(v) The land is most suitable for housing colony and not for commercial purposes.

(b) Yes. Reasons for reconsidering the previous decision by the Trust are as under :—

(i) The local Bar and Students Union have resolved that the Mill should be set up within the Municipal Limits for the benefit of the poor citizens of Bahawalpur Town.

(ii) It will be a source of income to the Municipal Committee.

(iii) The Trust considers that if Mill Management were not given the site immediately, setting up of the Mill will be delayed for a considerable time and the project might ultimately fizzle out. It was, therefore, unanimously decided to sell the land in question in public interest, subject to the following conditions :—

(1) The Mill Management will complete building of the Textile Mill within one year of delivery of possession of the land in question. No Mill, other than Textile Mill, will be set up on this land.

(2) They will have a Treatment Plant for waste of dye, bleaching and other acidic and alkaline discharge before final disposal.

(3) The Management will be responsible for maintenance of sanitary and health conditions according to the Health Code.

(4) In case the Management fails to construct building within one year as laid down in condition No. I *supra* the land in question will be resumed by the Improvement Trust without any compensation. The price paid by the Management will, however, be refundable to them subject to deduction of 5 percent of the total amount.

(5) In case the building is not completed within the stipulated period, any structure raised thereon will be removed by the Management at their own cost and will not be entitled to any compensation for the same.

(6) Agreement about sale of this land on the above conditions will be drawn up in consultation with the Legal Advisor of the Improvement Trust on stamped paper, inaccordance with the existing Rules.

(7) Price of this land will be fixed by the Trust recommendations of the Allotment Committee in accordance with the existing Rules.

(8) The Mill Management will keep in view the provision of High way Act while constructing the building.

(9) The Management will submit to the Trust office a lay out plan of Mill as well as residential quarters with brief outlines within one month.

مسٹر حمزہ ۔ جناب والا ۔ یہ انقلابی دور ہے ۔ ۔ ۔ ۔ جناب سپیکر ۔ جناب وزیر بنیادی جمہوریت نے جو جواب اس ایوان میں پڑھا ہے وہ اچھا خاصا مضحکہ خیز ہے ۔ آپ فرماتے ہیں کہ ۱۰ مئی ۱۹۶۷ء کو امپروومنٹ ٹرسٹ نے فیصلہ کیا کہ یہ زمین مل والوں کو دینا کسی لحاظ سے مناسب نہیں کیونکہ یہ جگہ آبادی سے قریب ہے ۔ میونسپل حدود کے اندر ہے ۔ وہاں پر گنجان آبادی ہے ۔ آمد و رفت میں رکاوٹ پیدا ہو گی ۔ دفاعی تنصیبات کے بالمقابل واقع ہے ۔ گندگی پھیلے گی ۔ یہ تمام وجوہات جو بہت لمبی چوڑی بیان کی گئی ہیں آپ کے نزدیک ۳ ، دن کے بعد یہ صورت حال کیوں پیدا ہو گئی یا مل بنانے کے لئے محض بہانہ تراشا گیا ہے ؟

وزیر بنیادی جمہوریت و لوکل گورنمنٹ ۔ جناب والا ۔ اس مل کو ان چیزوں کے پیش نظر جب نا منظور کر دیا تھا تو شائد اس وقت ان ممبر صاحبان کے ذہن میں "حمزیاتی" قسم کے خیالات ہوں جو بعد میں مفاد عامہ کے مطابق اور لوگوں کی رائے کے مطابق اور بار ایسوسی ایشن اور طلباء کے مطالبہ کے پیش نظر نظر ثانی کی گئی کہ یہ مفاد عامہ کے خلاف ہے اور مل والوں کو اجازت دے دی جائے ۔ پہلے دن جو چیزیں زیر غور تھیں ان میں ایک مسئلہ ایسا بھی تھا کہ جب میں سوال تیار کر رہا تھا مجھے بھی اس کے متعلق خصوصی طور پر خیال تھا کہ یہ دفاعی تنصیبات کے قریب ہے ۔ چنانچہ اس کے بارے میں متعلقہ افسران سے رابطہ قائم کرنے کے بعد رپورٹ موصول ہوئی ہے جس میں بتایا گیا کہ ڈیفنس کی طرف سے کوئی اعتراض اس مل کے بنائے جانے کے متعلق نہیں کیا گیا ہے ۔ وہاں ملٹری پولیس

کے کچھ کوارٹرز یا بیرکس ہیں ۔ no-objection یا Approval of military authorities has also been obtained ایک وہ ایسی چیز تھی جس کے بارے میں واقعی یہ مسئلہ پیدا ہو سکتا تھا کہ کیوں نہ اس کو c nsider کیا ۔ لیکن پہلے بھی یہ وجہ ممبر صاحبان نے از خود بتائی تھی اور اس پر نظر ثانی کرنے پر اور افسران متعلقہ سے رابطہ قائم کرنے کے بعد معلوم ہوا کہ ان کو کوئی اعتراض نہیں ہے ۔ باقی چیزوں کے بارے میں اختلاف رائے ہو سکتا ہے ۔ میں سمجھتا ہوں کہ عوام کے بہترین مفاد کے پیش نظر ان چھوٹی موٹی چیزوں کو نظر انداز کیا جا سکتا ہے ۔

چودھری محمد ادریس ۔ جناب والا ۔ میں یہ پوچھنا چاہتا ہوں کہ کیا یہ بہتر نہ ہوگا کہ یہ مل آبادی سے باہر ہو ۔

وزیر بنیادی جمہوریت و لوکل گورنمنٹ ۔ جناب والا ۔ مناسب تو یہ تھا کہ آبادی سے باہر ہو لیکن ہوا یہ ہے کہ ۱۸ ایکڑ زمین آبادی کے قریب پڑی ہے ۔ آبادی کے قریب آپ بھی جانتے ہیں کہ ملیں موجود ہیں اور وہ بڑے اچھے طریقے سے چل رہی ہیں ۔ مقامی طور پر اور قانون کے مطابق جو ان کو اختیار دیا گیا ہے میں اس کو مناسب سمجھتا ہوں ۔ لوگوں نے اور بار کونسل نے بھی قرارداد پاس کی ہے کہ مفاد عامہ کے لئے اس پر دوبارہ غور کر لیا جائے ۔ میرے خیال میں یہ قابل اعتراض بات نہیں ہے ۔

مسٹر حمزہ ۔ جناب وزیر بنیادی جمہوریت نے کیا خوب فرمایا ہے کہ مقامی بار کونسل اور طلباء کی یونین کے مطالبات کے پیش نظر ۱۳ دن کے بعد فیصلے کو تبدیلی کر دیا گیا ۔ کیا میں دریافت کر سکتا ہوں کہ پچھلے کئی سالوں سے بار کونسلیں اور طلباء مطالبہ کرتے رہے ہیں کہ بنیادی جمہوریت کے ارکان کو انتخابی ادارہ نہ بنایا جائے آپ نے وہ بات

نہ مانی ۔ میں یہ بات عرض کرتا ہوں کہ کیا یہ بات محض بے بنیاد نہیں ہے کہ ۱۳ دن کے بعد کایا پلٹ فیصلہ ہوا ہے ۔ کیا آپ اس سے مطمئن ہیں ؟

وزیر بنیادی جمہوریت و لوکل گورنمنٹ ۔ جناب والا ۔ میں فاضل ممبر کی اطلاع کے لئے عرض کروں گا جب کسی صحیح بات کے لئے مطالبہ کیا جائے اور ہماری غلطی ہو تو ہم ۱۳ دن تو کجا ۱۳ منٹوں کے بعد اس پر نظر ثانی کرنے کو تیار ہیں بشرطیکہ اس میں مفاد عامہ کا سوال ہو ۔

Mr. Speaker : Next question, Mr. Hamza.

KANDIWALA ROAD

***8097. Mr. Hamza :** Will the Minister of Basic Democracies and Local Government please refer to answer to part (b) (ii) of starred question No. 4248 of Chaudhri Muhammad Sarwar Khan, M. P.A., laid on the Table of the House on 24th November, 1966 and state whether the funds have been allocated to Tehsil Councils and Union Councils of Sargodha District for the construction of road in the Chaks of the said District particulary of Kandiwala Road ; if so, details thereof and if not, reasons therefor ?

Minister of Basic Democracies and Local Government (Mian Mohd. Yasin Khan Wattoo) : A provisional allocation of Rs. 27,34,000 for the year 1967-68 has been communicated to the Deputy Commissioner Sargodha. Funds have, however, not been released so far. The District Council has not made the allocation to the Tehsil Councils and Union Councils so far.

مسٹر حمزہ ۔ جناب سپیکر ۔ کیا میں وزیر بلدیات ۔ لوکل سیلف گورنمنٹ اور بنیادی جمہوریت سے دریافت کر سکتا ہوں ۔ کہ ۲۷ لاکھ ۳۴ ہزار روپے کی جو رقم ڈپٹی کمشنر سرگودھا کو مختلف چکوک میں

سڑکیں بنانے کے لئے بالخصوص کالڈی والا روڈ کی تعمیر کے لئے مختص کی گئی تھی وہ بجٹ منظور ہو جانے کے ۵ ماہ بعد اب تک کیوں ادا نہیں کی گئی جس سے بنیادی جمہوریت کے دیہاتی منصوبوں کی تکمیل کی رفتار پر سخت زد پڑ رہی ہے ؟

وزیر بنیادی جمہوریت و لوکل گورنمنٹ ۔ جناب والا ۔ یہ رقوم مرکزی حکومت نے صوبائی حکومت کو دینی تھیں جس کے بعد ہی صوبائی حکومت ان رقوم کو ڈسٹرکٹ کونسل اور یونین کونسل کے حوالے کر سکتی تھی تا حال وزارت خزانہ نے یہ رقوم allocate کرنے کے بعد release نہیں کی ہیں ۔ وزارت خزانہ نے اپنی مجبوریوں کی بنا پر ہی ان رقوم کو release نہیں کیا ۔ مجھے اعتراف ہے کہ اس سے دیہاتی منصوبوں کی تکمیل میں سخت رکاوٹ پڑ رہی ہے مجھے اس امر کا افسوس ہے مگر میں پریشان نہیں ہوں اور میری رائے میں مسٹر حمزہ صاحب کو بھی پریشانی کا شکار نہیں ہونا چاہئے کیونکہ یہ رقوم lapse نہیں ہوتیں اور مالی سال گزر جانے کے بعد بھی یہ allocation بحال و برقرار رہتی ہے اور منصوبہ جات کی تکمیل میں لازماً صرف کی جا سکتی ہے ان کی منظوری مالی سال کے ختم ہونے کے ساتھ ختم نہیں ہو جاتی ۔

مسٹر سپیکر ۔ میاں صاحب کیا جو رقم بنیادی جمہوریت کے منصوبوں کے لئے مختص کی گئی تھی کیا یہ صوبائی بجٹ کا حصہ نہیں تھی ؟

وزیر بنیادی جمہوریت و لوکل گورنمنٹ ۔ جناب والا ۔ صوبائی بجٹ کے حصے میں بھی مرکزی حکومت کا حصہ شامل ہوتا ہے مستقبل قریب میں یہ رقم release ہو جائے گی ۔ اور جیسا کہ اصل سوال کے جواب میں عرض کیا جا چکا ہے ایک کروڑ روپے کی رقم کی تاریخ اجراء کا اعلان ہونے

ہی والا ہے ۔

مسٹر سپیکر ۔ آپ براہ راست فنانس ڈیپارٹمنٹ سے رابطہ پیدا کرکے اس رقم کو اجراء کرا سکتے ہیں ۔

That may be the headache of the Finance Department.

وزیر بنیادی جمہوریت و لوکل گورنمنٹ ۔ جناب والا ۔ میں پہلے سے ہی فنانس ڈیپارٹمنٹ سے رابطہ قائم کئے ہوئے ہوں ۔ وزارت خزانہ کی اپنی مجبوریاں بھی راہ میں حائل ہیں ان کو مرکزی حکومت کی ways and means کی وساطت سے ہی رقوم ملتی ہیں ۔

مسٹر حمزہ ۔ کیا جناب وزیر بلدیات ۔ لوکل سیلف گورنمنٹ و بنیادی جمہوریت بیان فرمائیں گے کہ اس تاخیر کی وجہ کیا ہے جب کہ یہ رقوم کسی غیر ملکی امداد کے تابع بھی نہیں ہیں اور صوبائی بجٹ میں اسی مقصد کے لئے مختص کی گئی تھیں اور یہ صوبائی بجٹ کی رقوم میں شامل تھیں مرکزی حکومت کی بجائے خود صوبائی حکومت نے بھی صوبائی بجٹ سے یہ رقم دینی تھی ۔

وزیر بنیادی جمہوریت و لوکل گورنمنٹ ۔ جناب والا ۔ میرے فاضل دوست بھول جاتے ہیں کہ صوبائی بجٹ میں مرکزی حکومت کا حصہ شامل ہوتا ہے اس لئے یہ رقم مرکزی حکومت سے ملنے کے بعد ہی صوبائی بجٹ سے release کی جاتی ہے ۔

Major Malik Muhammad Ali : Sir, the question was asked if funds for road-construction have been allotted ; may I ask if this amount is for the road construction only ?

Minister of Basic Democracies & Local Government : This is for the rural Works Programme and 50% has to be spent on roads.

بابو محمد رفیق ۔ جناب وزیر صاحب بجٹ میں رقم مختص ہو جانے

کے بعد ہمارے ساتھ کیوں سوکنوں والا سلوک کرتے ہیں ۔

مسٹر حمزہ ۔ جناب والا ۔ "سوکن" اور "شوہر" کی کیا بات وہ کہہ گئے ہیں ۔ سوکن کون ہے اور شوہر کون ؟

وزیر بنیادی جمہوریت و لوکل گورنمنٹ ۔ جناب والا ۔ سوکن وہ اپنے آپ کو کہہ رہے ہیں اور قرار دے رہے ہیں لیکن اگر وہ خاوندیت یا شوہریت کے فرائض ادا کرنے کی مجھ سے فرمائش کریں تو میں اس پر ہمدردانہ غور کرنے کو تیار ہوں ۔ سمجھئے مسٹر حمزہ صاحب ! یعنی جب مرکزی حکومت سے رقم ملے گی تو صوبائی حکومت کی وزارت خزانہ اس رقم کو فوراً release کر دے گی ۔ یہ ہم نے provincial allocation کر رکھی ہے ۔ یقیناً مجوزہ منصوبوں کی تکمیل کی جائے گی اگرچہ کچھ تاخیر کے بعد تکمیل ہو گی مگر تکمیل ضرور ہو گی یقینی طور پر ۔

Mr. Speaker : I think in the last Budget it was clearly stated by the Minister of Finance that ten crores of rupees would form the part of the Provincial Budget and the allocation would be made by the Finance Department directly to the Basic Democracies Department.

Minister of Basic Democracies & Local Government : So far as the question of Rs. ten crore being a part of the Provincial Budget is concerned, it is correct. The position is that the Finance Department have their own difficulties about the ways and means position. So, Sir, whenever the amounts have to be released by the Provincial Finance Department, in that their own resources have to be seen. Funds in the case of Provincial Budget are the revenues from the taxes imposed by the Provincial Government, and the contribution of the Central Government. Both these things combine together to form the income side of the Provincial Government.

نوابزادہ غلام قاسم خان خاکوانی ۔ کیا جناب وزیر بلدیات بتا سکتے ہیں کہ اس دس کروڑ کی رقم میں جو بنیادی جمہوریتوں کے منصوبوں کے

لئے مختص کی گئی ہے مرکزی حکومت کے حصے کا تناسب فی صد کتنا ہے ؟ اور آیا وہ حصہ غیر ملکی aid میں سے بھی آئے گا ؟ پھر تو اس میں آٹھ نو مہینے مزید لگ جائیں گے ۔

وزیر بلدیات ۔ میں یہ ساری تفاصیل تو بتانے سے قاصر ہوں وزارت خزانہ کا اس سے براہ راست تعلق ہے اور یہ اسی کا headach ہے ۔ بہر حال میں دوبارہ یقین دلاتا ہوں کہ ایک کروڑ روپے کی رقم تو وزارت خزانہ کی طرف سے عنقریب مستقبل قریب میں ہی release ہونے والی ہے ۔

Mr. Speaker : I think the Finance Minister is not here and the Parliamentary Secretary (Finance) is noting the sentiments of the Members of the House.

Parliamentary Secretary (Sardar Muhammad Ashraf Khan) : Yes Sir, I will convey them to the Finance Minister.

مسٹر حمزہ ۔ وزیر بلدیات توجہ ادھر ہماری طرف کریں ۔

وزیر بنیادی جمہوریت و لوکل گورنمنٹ ۔ جناب میرے کان آپ کی طرف ہیں ۔

ایک آواز ۔ اور دماغ سپیکر صاحب کی طرف ۔

مسٹر حمزہ ۔ کیا وزیر بلدیات کو یاد ہے کہ سابقہ میزانیہ کی تقریر کرتے وقت وزیر خزانہ نے واضح طور پر وعدہ فرمایا تھا اور اعلان کیا تھا کہ بنیادی جمہوریتوں کے منصوبوں کے لئے جو دس کروڑ روپے کی رقم مختص کی گئی ہے اس میں ہی ۔ ایل ۔ چار سو بیس کی رقم شامل نہیں ہے بلکہ یہ رقم خالص صوبائی بجٹ کا حصہ ہے اور اس مد سے release کر دی جائے گی اور پہلے کی طرح تاخیر نہیں ہو گی ۔ کیا اس اعلان کی روشنی میں وزیر بلدیات کا بیان صداقت پر مبنی ہے ؟

وزیر بنیادی جمہوریت و لوکل گورنمنٹ ۔ جناب والا ۔ میں عرض کر چکا ہوں کہ مرکزی وزارت خزانہ سے رقم ملنے پر صوبائی حکومت فوراً اس رقم کو release کر دے گی تا حال صوبائی حکومت کو یہ رقم مرکزی وزارت خزانہ سے نہیں ملی ۔ ایک کروڑ روپیہ عنقریب ملنے والا ہے جس کو ہم جلدی release کر دیں گے ۔ میں وزارت خزانہ سے سلسلہ جنبانی کر رہا ہوں ۔

خان محمد انور علی خان بلوچ ۔ کیا جناب وزیر بلدیات از راہ کرم یہ ارشاد فرمائیں گے کہ اس روپے کے release ہونے اور اس منصوبے کے پایہ تکمیل تک پہنچنے کی کوئی حد یا میعاد بھی مقرر ہے ؟

وزیر بنیادی جمہوریت و لوکل گورنمنٹ ۔ جناب والا ۔ میں نے عرض کیا ہے کہ رقوم کے release ہونے کی میعاد تو مالی سال کے اندر اندر ہی ہے لیکن رقم مل جانے کے بعد اس کی کوئی حد مقرر نہیں ہے اور جب بھی آپ چاہیں منصوبے کو مکمل کر سکتے ہیں اور وہ رقم حکومت واپس نہیں لیتی اور وہ مقامی اداروں کے پاس ہی رہتی ہے ۔ مجھے اس کے متعلق ایک شعر یاد آ گیا ہے کہ

جو سن سکو تو کوئی حد نہیں فسانے کی
نہ سن سکو تو کوئی حد اختصار نہیں

حاجی سردار عطا محمد ۔ پوائنٹ آف آرڈر ۔ جناب والا ۔ حمزہ صاحب نے PL 420 کہا ہے حالانکہ دراصل یہ PL 480 ہے ۔

وزیر بنیادی جمہوریت و لوکل گورنمنٹ ۔ حاجی صاحب ۔ ۴۲۰ آپ پر لاگو نہیں ہوتا بلکہ خود ان پر لاگو ہوتا ہے ۔

مسٹر حمزہ ۔ X X X X X X *

Expunged as ordered by the Speaker.

Mr. Speaker : The remarks made by Mr. Hamza are expunged from the proceedings of the Assembly.

حاجی سردار عطا محمد ۔ انہوں نے PL 480 کو 420 کہا ہے لیکن ان کی جانب سے کوئی تردید نہیں کی گئی تو آیا یہ صحیح ہے یا غلط ؟

مسٹر سپیکر ۔ حاجی صاحب ۔ یہ بالکل غلط ہے ۔ آپ تشریف رکھیں ۔

وزیر بنیادی جمہوریت و لوکل گورنمنٹ ۔ حاجی صاحب ۔ ایسے لوگوں کی باتوں میں نہ آیا کیجئے ۔ آپ تو نیک آدمی ہیں ۔

بابو محمد رفیق ۔ جناب والا ۔ میرا مقصد یہ تھا کہ جب تک PL 480 کا روپیہ صوبائی میزانیے میں شامل نہیں ہوتا تھا ۔ تب تک تو یہ بات درست تھی ۔ لیکن اب جب کہ یہ رقم صوبائی میزانیے کا ایک حصہ ہے اور جس طرح کہ دیگر محکمے کر رہے ہیں کہ جب ان کے پاس پیسہ آ جاتا ہے تو اس کے بعد وہ خود بخود ہی اسے خرچ کرتے رہتے ہیں ۔ تو پھر ان کو یہ اختیار کیوں نہیں ہے کہ وہ اپنے پیسے خود ہی خرچ کریں ۔ کیا جناب وزیر موصوف اس معاملہ کو محکمہ مالیات کے ساتھ take up کریں گے ۔

وزیر بنیادی جمہوریت و لوکل گورنمنٹ ۔ ویسے تو یہ سوال محکمہ مالیات کے متعلق ہے لیکن میں یہ عرض کر دوں کہ جب ہمیں رقم مل جاتی ہے تو اس کے بعد ہمیں اس پر پورا اختیار ہوتا ہے ۔ لیکن یہاں پر تو جھگڑا رقم کے release ہونے کا ہے ۔ ہم تو اس کے لئے تیار بیٹھے ہیں اور ہم نے تو provisional allocation بھی کر دی ہے ۔

بابو محمد رفیق ۔ جناب والا ۔ جناب وزیر موصوف میرا سوال نہیں سمجھے ۔ میرا مقصد یہ تھا کہ جب میزانیے کی allocations تمام محکمہ

جات کو convey ہو جاتی ہیں ۔ تو اس کے بعد وہ خود بخود رقوم draw کر کے خرچ کرتے رہتے ہیں ۔ اسی طرح ان کا محکمہ کیوں نہیں کرتا ۔

وزیر بنیادی جمہوریت و لوکل گورنمنٹ ۔ میرے خیال میں فاضل رکن کو اس کے متعلق کچھ غلط فہمی ہوئی ہے ۔ میں نے عرض کیا ہے کہ جب تک رقم release نہ ہو ۔ کس طرح خرچ کی جا سکتی ہے ۔ ہو سکتا ہے کہ وہ رقم کسی محکمے کے پاس کسی پہلی مد میں release ہو گئی ہو اور اس مد میں وہ خرچ کر رہے ہوں رقم release ہوئے بغیر تو خرچ نہیں ہو سکتی ۔

ملک محمد اختر ۔ پوائنٹ آف آرڈر ۔ معلوم نہیں کہ بابو محمد رفیق صاحب کو بنیادی جمہوریت کے محکمے کے متعلق جوابات پر کیوں غلط فہمی ہوتی ہے ۔ کیا وزیر موصوف اس کی وضاحت کریں گے ؟

Mr. Speaker : Will the Member please explain how it is a point of order ?

Malik Muhammad Akhtar : Since the Minister for Basic Democracies was using the word "غلط فہمی" I had to rise on a point of order.

وزیر بنیادی جمہوریت و لوکل گورنمنٹ ۔ غلط آدمیوں کو غلط فہمیوں کے بارے میں زیادہ باتیں یاد آتی ہیں ۔

مسٹر حمزہ ۔ جناب سپیکر ۔ جناب وزیر بنیادی جمہوریت کے دئیے ہوئے جوابات سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ ان کے محکمے کی تمام تر کوششوں کے باوجود بھی بقول ان کے ابھی تک رقم release نہیں کی گئی ۔ اس لئے میں آپ سے التجا کرتا ہوں کہ اس کے لئے ایک اور نسخہ بھی ہے اور وہ یہ کہ وہ وزیر جیل خانجات کے سامنے پیش ہوں اور ان سے کہیں کہ اسے release کریں ۔

Mr. Speaker : It is not a supplementary question. Next question please.

IRREGULARITIES COMMITTED BY CHAIRMAN TOWN COMMITTEE MEHAR

*8116. **Mr. Hamza :** Will the Minister of Basic Democracies and Local Government be pleased to state :—

(a) whether it is a fact that Muhammad Saleh Butt and two other members of the Town Committee, Mehar, District Dadu, brought to the notice of Deputy Commissioner Dadu, through an application in June, 1967, some irregularities committed by the Chairman of the said Town Committee specially in respect of the proceedings of special meeting held on 23rd May, 1967 ;

(b) if answer to (a) above be in the affirmative, the nature of allegations and the action taken thereon by the said Deputy Commissioner ; and in case no action has been taken, reasons therefor ?

Minister of Basic Democracies and Local Government (Mian Mohd. Yasin Khan Wattoo) : (a) Yes.

(b) The allegations related to the incorrect recording of the resoultions of the Special meeting held on 23rd May, 1967 in the Minute Book ;

The proceedings were quashed under the provisions of Article 74 of the Basic Democracies Order and a direction was issued under Article *ibid* 75 that the Agenda of the meeting should again be considered in the special meeting fixed for 1st July, 1967. It was further directed that the Chairman, Tehsil Council, Mehar should sit in the meeting as observer. The meeting was held on 1st July, 1967 and the Chairman has been directed to implement the decisions of the Committee.

مسٹر حمزہ ۔ جناب وزیر بلدیات و بنیادی جمہوریت نے یہ فرمایا ہے
کہ بعض خامیاں یا نقائص یا بدعنوانیاں پائی گئیں اور ان کو رفع کرنے کی

غرض سے بعض اقدامات کئے گئے ۔ میں نے سوال کے حصہ (ب) میں یہ دریافت کیا تھا کہ جن لوگوں نے یہ بدعنوانیاں کی ہیں ۔ انہوں نے ان کے خلاف کیا اقدامات کئے ہیں ۔ اس کے متعلق ان کا جواب خاموش ہے ۔ کیا وہ اس پر کچھ روشنی ڈالیں گے ۔

وزیر بنیادی جمہوریت و لوکل گورنمنٹ ۔ جناب والا ۔ جہاں تک ان proceedings کا تعلق تھا ۔ متعلقہ کنٹرولنگ اتھارٹی نے ان چیزوں کو دیکھا اور ان کے بارے میں یہ محسوس کیا کہ وہ proceedings quash کرنی چاہئیں تو ان کو quash کرنے کے بعد دوبارہ میٹنگ کی گئی جس میں تحصیلدار کو observer کے طور پر بھیجا گیا اور جو فیصلے ہوئے ان کی تکمیل کے لئے ہدایات جاری کر دی گئی ہیں ۔ میں سمجھتا ہوں کہ اس میں دو طرح کا اختلاف رائے ہو سکتا ہے ۔ کنٹرولنگ اتھارٹی نے اس کو دیکھا اور محسوس کیا ۔ ممبر صاحبان کا یہ خیال ہے کہ یہ proceedings اس طریقے پر ریکارڈ ہونی چاہیئے تھیں اور وہ اس طریقے پر ریکارڈ نہیں ہوئیں ۔ تو وکلاء حضرات جانتے ہیں کہ ایسا اختلاف رائے عدالتوں میں بھی پیدا ہو سکتا ہے ۔ لیکن وہ اختلاف رائے جو کہ proceedings کے ریکارڈ کئے جانے کے بارے میں ہو ۔ تو انہوں نے اس کے بارے میں یہ مناسب سمجھا کہ اسے quash کر دیا جائے ۔ آئندہ میٹنگ کے بارے میں مناسب اقدامات کئے گئے اور حالات کے مطابق انہوں نے یہ اقدامات کافی سمجھے اور اگر اس سے زیادہ اقدامات کی ضرورت ہوتی تو یقیناً وہ اس سے زیادہ اقدامات بھی کرتے ۔

OPENING MORE TUBERCULOSIS HOSPITALS IN THE PROVINCE

*8178. **Chaudhri Muhammad Nawaz :** Will the Minister for Health be pleased to state : –

(a) the present number of Tuberculosis Hospitals in the Province ;

(b) whether Government intend to open more Turberculosis Hospitals in the Province ; if so, the names of the places where these Hospitals will be opened ;

(c) special measures, if any, which Government intend to take to combat the spread of Tuberculosis in the Province ?

Parliamentary Secretary (Mr. Abdul Qayyum) : (a) 19 (including six T. B. Sanatoria).*

(b) No new T. B. Hospitals are planned to be opened but the T. B. hospital at Sargodha and T. B. Sanatoria at Kotri and Quetta are being expanded. Besides this, the provision of additional beds for T. B. patients in the District Headquarters Hospitals at Gujrat, Jhang, Sahiwal, Rahimyar Khan, Khairpur, Thatta and Sialkot as well has been made in the 3rd Plan, apart from the establishment of 75 T. B. Clinics, subject to the availability of funds.

(c) 75 T.B. Clinics are to be added in the Province during the 3rd Plan Period. Similarly, additional 504 T. B. beds will also be provided during this period. B. C. G. mass campaign teams have also been reorganised to utilise their working to the maximum. Furthermore a Provincial B. C. G. and T. B. Control Officer has been appointed from this year and has been posted at Lahore and 6 more B. C. G. and T. B. Control Officers have also been sanctioned for appointment at regional levels. A scheme to fight out Tuberculosis has also been drawn out by the Central Health Ministry with the assistance of the WHO/UNICEF and will be implemented as soon as approved by the Central Government.

چودھری محمد نواز ۔ کیا پارلیمنٹری سیکرٹری صاحب یہ بتلائیں گے کہ جس طرح یہ موذی مرض روز بروز بڑھ رہا ہے اس کے پیش نظر جو اقدامات انہوں نے کئے ہیں ، کیا وہ اس سے مطمئن ہیں کہ اس بیماری کو روکنے کے لئے یہ انتظامات کافی ہیں ؟

پارلیمنٹری سیکرٹری ۔ جناب والا ۔ ہم ایسے جو بھی اقدامات اور

Please see Appendix II at the end.

انتظامات کرتے ہیں وہ اپنی بساط کے مطابق کرتے ہیں ۔ اور ہم اس موجودہ صورت حال سے بالکل مطمئن ہیں ۔

میجر ملک محمد علی ۔ کیا پارلیمنٹری سیکرٹری صاحب یہ فرمائیں گے کہ سرگودھا کے ٹی ۔ بی ۔ ہسپتال کی توسیع کا کام کب تک مکمل ہو جائے گا ؟

Parliamentary Secretary : It is clear from the answer that plans are being made for the expansion and the work will be executed as soon as possible.

نوابزادہ غلام قاسم خان خاکوانی ۔ پارلیمنٹری سیکرٹری صاحب نے فرمایا ہے کہ وہ اپنے حساب کے مطابق اس سلسلے میں انتظام کرتے ہیں تو مجھے اس کی سمجھ نہیں آئی کہ وہ کس حساب سے کرتے ہیں ۔ تو کیا وہ ٹی ۔ بی ۔ سے واقع اموات کے اعداد و شمار کو دیکھتے ہیں یا ٹی ۔ بی ۔ کے مریضوں کے اعداد و شمار کو دیکھتے ہیں ؟

پارلیمنٹری سیکرٹری ۔ میں نے حساب کے مطابق نہیں کہا بلکہ اپنی بساط کے مطابق کہا ہے ۔

خان اجون خان جدون ۔ جناب والا ۔ وزارت صحت کی طرف سے ٹی ۔ بی ۔ کے مریضوں کے لئے جو سہولتوں کی تفصیلات دی گئی ہیں کیا اس طریقہ سے یہ بیماری ختم ہو جائے گی ۔ میں عرض کرتا ہوں کہ سارے ضلع مردان میں صرف ۲۰ بستروں کا ہسپتال ہے جو قطعاً ناکافی ہے ۔ یہی وجہ ہے کہ کئی مریض موت کے منہ میں چلے جاتے ہیں کیا کوئی ایسی سکیم ہے کہ وہاں بستروں کی تعداد زیادہ کی جائے ۔

پارلیمنٹری سیکرٹری ۔ مردان کے لئے تو کوئی نہیں ۔ البتہ جیسا کہ جواب کے حصہ (بی) میں دیا گیا ہے کہ تیسرے پنجسالہ منصوبہ میں ۷۵

لئے کلینک all over the Province کھولنے کی تجویز ہے ۔

حاجی سردار عطا محمد ۔ پوائنٹ آف آرڈر ۔ جناب والا ۔ اس جواب میں کہا گیا ہے کہ مرکزی وزارت صحت نے عالمی تنظیم صحت "یونی سیف" کی مدد سے ایک منصوبہ تیار کیا ہے کیا مرکزی حکومت نے منظوری دے دی ہے اور کیا عمل شروع کیا گیا ہے ؟

مسٹر سپیکر ۔ یہ کوئی پوائنٹ آف آرڈر نہیں ۔

SUPPLY OF MEDICINES TO GOVERNMENT DISPENSARY AT HARAPPA

*8181. **Chaudhri Muhammad Nawaz** : Will the Minister for Health be pleased to state whether it is a fact that medicines have not been supplied to Government Dispensary at Harappa, District Sahiwal since December, 1965 ; if so, reasons therefor ?

Parliamentary Secretary (Mr. Abdul Qayyum) : Sir, unfortunately this question does not relate to the Health Department but it relates to the B. D. and Local Self Government Department and under some misunderstanding this Department has handled this question. Whatever information, we have been able to get, I will read out that, because we could not transfer it for want of time.

Harappa is a District Council Dispensary and not a Government Dispensary. Medicines worth Rs. 2,500.00 have been supplied by the District Council during the year 1965 (from the budget of 1965-66) to this Dispensary.

Medicines worth Rs 3,000.00 were supplied to District Council Dispensary, Harappa during the second week of March in 1967. Besides that a sum of Rs. 2,500.00 has been sanctioned in the budget grant for the Dispensary during the current financial year and the supply of medicines is being arranged.

چودھری محمد نواز - کیا وزیر متعلقہ ارشاد فرمائیں گے کہ جو اعداد و شمار ٦٦ - ١٩٦٥ء اور موجودہ سال کی دی ہیں یہ صرف ھڑپہ کے لئے ہیں - وہ تو ایک ٹاؤن ہے اور دس بارہ میل دور تک کوئی دوسری ڈسپنسری نہیں کیا وھاں کی ادویات کے لئے کوئی مزید رقم مخصوص کی گئی ہے یا آپ سمجھتے ہیں کہ یہی کافی ہے ؟

پارلیمنٹری سیکرٹری - جناب والا - اس dispensary کے لئے رقم کا جو حصہ تھا وہ اس کو دے دیا ہے اس سے زیادہ ہمارے resources اجازت نہیں دیتے -

---

PURCHASE OF MEDICINES FOR CIVIL HOSPITAL, CHICHAWATNI

(e) the criteria prescribed and followed while granting admissions, scholarships and stipends to the applicants mentioned above ?

Minister of Education (Mr. Muhammad Ali Khan) : (a) to (e) the answer is given in the attached statement.*

**Please see Appendix VIII at the end.*

QUESTIONS OF PRIVILEGE

RE : NON-OBSERVANCE OF THE WARRANT OF PRECEDENCE IN CONNECTION WITH THE ALLOTMENT OF SEATS FOR M.P.As AT A DRAMA SHOW AT THE PAKISTAN ARTS COUNCIL, LAHORE.

Mr. Speaker : We will now take up a privilege motion by Malik Muhammad Akhthr.

Malik Muhammad Akhtar : Sir, I ask for leave of the House to raise a question of privilege of the Assembly on the ground that a breach of privilege of the Assembly has occurred due to non-observance of the warrant of precedence by the officers responsible to make seating arrangement on the occasion of staging a drama-Vadi-e-Kashmir-on 3rd November, 1967 at Alhamra, Pakistan Arts Council Lahore. The non-observance of the order of precedence whereby the Members were alloted seats in the rows other than those which their status required has breached the privilege of the Members of the Assembly.

جناب سپیکر ۔ میں نے اپنی تحریک استحقاق کے لئے ایک نہایت ہی اہم خبر پر انحصار کیا ہے جو کہ بہت ہی مختصر خبر ہے ۔ اگر آپ اجازت دیں تو میں اس کو پڑھ دوں :۔

۴ نومبر کے روزنامہ "نوائے وقت" میں یہ خبر شائع ہوئی ہے کہ :۔

"ارکان اسمبلی ڈرامہ سے واک آؤٹ کر گئے ۔"

آج رات آرٹ کونسل میں حکمران پارٹی سے تعلق رکھنے والے قومی اور صوبائی اسمبلی کے ارکان بطور احتجاج ہال سے واک آؤٹ کر گئے ۔ جہاں ضلعی انتظامیہ کے زیر اہتمام وادی کشمیر نامی ڈرامہ پیش کیا جا رہا تھا ۔ ضلعی حکام نے ارکان اسمبلی کو خصوصی دعوت نامے جاری کئے تھے ۔

تفصیلات کے مطابق منتظمین نے ارکان اسمبلی
کے لئے پچھلی نشستیں مختص کی تھیں
جبکہ ان کی اگلی نشستیں سرکاری افسروں
کے لئے مختص کی گئی تھیں ارکان اسمبلی کے
واک آؤٹ سے پروگرام میں خاصی بدمزگی پیدا
ہو گئی ۔ واک آؤٹ کے بعد ارکان اسمبلی نے
ڈپٹی کمشنر لاہور اور کمشنر سے اس پر سخت
احتجاج کیا کہ صدر مملکت کی واضح ہدایات کے
برعکس عوام کے منتخب نمائندوں کے ساتھ
امتیازی برتاؤ کیا گیا ہے ۔"

جناب سپیکر ۔ اب میں ان ہدایات کے متعلق عرض کرنا چاہتا ہوں جن کا ذکر warrant of precedence میں ہے ۔ یہ ویسٹ پاکستان سول لسٹ ۱۹۶۶ء حکومت کی جانب سے چھپی ہے اگر اس کو دیکھا جائے تو اس کے صفحہ ۱۰۱۱ پر آئٹم نمبر ۲۳ پر Commissioners of Divisions (with their respective charges) یعنی کمشنر اس صورت میں کہ اگر وہ اپنے ضلع یا ڈویژن میں ہو ایک ممبر صوبائی اسمبلی سے by order of precedence پہلے آتا ہے ۔ ورنہ نہیں ۔ اس کے بعد پاکستان گورنمنٹ کے چند سینئر افسران ان سے قبل ضرور ہیں لیکن جہاں تک دوسرے افسران کا تعلق ہے مثلاً ۔

1. Officers of the rank of Major-General, Rear. Admiral and Air Vice-Marshal.

2. Secretary to the President (if of the status of Joint Secretary to the Central Govt).

3. Secretaries to the Prov. Govts. (if of the status of Joint-Secretaries to the Central Govt.)

جناب والا ۔ ڈپٹی کمشنر صاحبان کہیں جا کر ۱۰۱۳ صفحہ پر آتے ہیں ۔

Collectors, District Magistrates & Deputy Commissioners (within their respective charges.)

There is no mention of other Officers.

جیسا کہ بیان کیا گیا ہے کہ اگلی نشستوں پر چند جونیئر افسران تھے ۔ مجھے یہ گزارش کرنا ہے کہ یہ مسئلہ کچھ اس نوعیت کا ہے کہ اس سے قبل بھی کئی بار یہ معاملہ اٹھایا گیا ۔ ایسے واقعات اکثر ہوتے رہتے ہیں بالخصوص ہمارے وزیر بنیادی جمہوریت کی جو اکثر دعوتیں شالا مار باغ میں کی جاتی ہیں ان میں بھی یہ حشر کیا جاتا ہے ۔

But anyhow I dont revert to it at this stage.

جناب والا ۔ اس وقت مسئلہ زیر بحث یہ ہے کہ بنیادی جمہوریت جب لاہور میں کوئی function ہو رہا ہو یا اس کے متعلق کوئی ڈرامہ سٹیج کیا جاتا ہو منتخب نمندگان کے ساتھ جو سلوک برتا گیا ہے وہ امتیازی سلوک ہے ۔ میری اطلاع ہے کہ جو اس وقت صوبائی اسمبلی کے ممبر صاحبان اس جگہ موجود تھے وہ تمام کے تمام بطور احتجاج واک آؤٹ کر گئے ۔ ۔ ۔ ۔

مسٹر سپیکر ۔ ملک صاحب آپ بھی وہاں تشریف رکھتے تھے ؟

Malik Muhammad Akhtar : It is not on my personal knowledge because I do not attend such functions.

جناب والا ۔ میں موسیقی کی دعوت سے دور رہتا ہوں ۔ میرے اندازے کے مطابق لاہور کے کافی ممبر صاحبان صوبائی اسمبلی وہاں پر تشریف رکھتے تھے ۔ وہاں پر میاں معراجدین صاحب ۔ ملک معراج خالد صاحب تشریف

رکھتے تھے ان کے علاوہ میرے خیال میں چودھری محمد سرور خان صاحب اور چودھری محمد نواز صاحب بھی موجود تھے حالات کے متعلق مجھ سے یہ زیادہ بہتر بتا سکتے ہیں ۔ میں نے صبح خبر پڑھی کیونکہ میں جلدی اور اتنے شارٹ نوٹس پر اس معاملہ کو پیش کر سکتا تھا شاید دوسرے لوگ ایسا نہیں کر سکتے ۔ میں نے یہ اپنا فرض منصبی سمجھا ہے اس لئے میں نے تحریک استحقاق پیش کر دی ہے ۔ میری یہ گزارش ہے کہ آخر کب تک حکومت کو یہ کٹھ پتلی کا تماشا منظور ہے ۔ اگر یہ اراکین منتخب کئے گئے تھے تو ہاؤس میں آ کر "ہاں" یا "نہ" کرنے ہی کا ان کا سٹیٹس نہیں ہے بلکہ ان کا اس ہاؤس سے باہر بھی سٹیٹس ہے تو پھر اس نظام کے تحت جس کے تحت بتدریج افسران کے لئے اختیارات حاصل کئے جا رہے ہیں عوام نمائندگان کو پیچھے پھینکا جا رہا ہے ۔

وزیر بنیادی جمہوریت و لوکل گورنمنٹ (میاں محمد یاسین خان وٹو) ۔ جناب والا ۔ مجھے یہ جان کر دلی طور پر دکھ ہوا ہے کہ رات جب فاضل اراکین وہاں تشریف لے گئے تھے ۔ ۔ ۔ ۔

چودھری محمد ادریس ۔ تشریف نہیں لے گئے تھے بلکہ ان کو مدعو کیا گیا تھا ۔

وزیر بنیادی جمہوریت و لوکل گورنمنٹ ۔ ان کو مدعو کیا گیا تھا ان کو تکلیف پہنچی ۔ میں یہ عرض کر رہا ہوں کہ جن صاحبان کو مدعو کیا گیا تھا اور جو حضرات وہاں تشریف لے گئے تھے ان کو وہاں تکلیف ہوئی مجھے یہ جان کر دلی طور پر دکھ ہوا ۔

جناب والا ۔ اصل میں دو صورتیں ہیں ۔ ایک اس کی قانونی صورت ہے اور ایک اس کی عملی صورت ہے ۔ قانونی صورت کے بارے میں جب مجھے ان

صاحبان نے warrant of precedence کے بارے میں بتایا جو سیٹوں کا انتظام مختلف قطاروں میں ہونے کے بارے میں تھا ۔ گورنر صاحب جو Chief Guest تھے وہ پہلی قطار میں تھے کمشنر جو کہ host تھے اور میں متعلقہ محکمہ کا وزیر ہوں اس لئے ہم لوگ بھی پہلی قطار میں ہوں گے ۔ دوسری قطار میں وزراء صاحبان اور سپیکر صاحب کے لئے جگہ مخصوص تھی ۔ اس کے بعد جج صاحبان تھے ۔ اب عملی طور پر ہوا یہ کہ مدعو حضرات کے ساتھ کچھ دیگر لوگ بھی اندر آ گئے ۔ ایوان میں سیٹیں مقرر تھیں مگر منتظمین کے دوستوں ۔ رشتہ داروں اور واقف حضرات نے کرسیوں پر قبضہ کر لیا اور گویا اپنی مرضی سے وہاں تشریف فرما ہو گئے ۔

مجھے اس معزز ایوان میں اعتراف ہے کہ واقعی کمشنر صاحب نے جب دعوت نامے بھیجے تھے تو ممبران اسمبلی اور ایم ۔ این ۔ اے صاحبان کے احترام کے پیش نظر ان کے لئے سیٹیں مختص ہونی چاہئیں تھی مگر عملی طور پر ایسا نہ ہو سکا کیونکہ legally speaking یہ کوئی سرکاری کام نہیں تھا ایک ڈرامہ تھا جو کہ ثقافتی حیثیت رکھتا تھا اس میں strictly سرکاری انتظام نہیں تھا اگرچہ شک نہیں کہ وہاں گورنر صاحب اور دیگر سرکاری افسران بھی مدعو تھے ۔ میں بھی تھا ۔ آگے آگے تو گورنر اور سیکرٹری صاحبان اور افسران کی سیٹیں تھیں مگر ایم ۔ این ۔ اے اور ایم ۔ پی ۔ اے صاحبان کے لئے بھی نشستیں مخصوص تھیں جب ان کی سیٹوں پر دوسرے اصحاب بیٹھ گئے اور میں بھی چونکہ گورنر صاحب تشریف لائے ہوئے تھے ان کے قریب بیٹھ جانے کی وجہ سے اور گورنر کے احترام کی وجہ سے مجبوراً وہاں سے اٹھ کر نہ آ سکا اتنے میں ایم ۔ پی ۔ اے حضرات واک آؤٹ کر گئے میں اس سلسلے میں معذرت خواہ ہوں کہ محترم ارکان کو incovenience ہوئی لیکن اگر precedence اور حفظ مراتب کی بات ہے تو صحیح پوزیشن

سے ناراض نہیں ہونا چاہئے گورنر اور سیکرٹری صاحبان نے آگے بیٹھنا تھا یہ کوئی question of law تو نہیں مگر حفظ مراتب اور precedence کی بات ہے اور کچھ عملی دقتوں اور ہنگامی تبدیلیوں کا قصہ ہے ۔ اچانک جو صورت حال ہوئی اس کے لئے میں پہلے معذرت کر چکا ہوں ۔

چودھری محمد ادریس ۔ اس ڈرامے کی دعوت کس کی طرف سے تھی ؟

مسٹر سپیکر ۔ کیا آپ وہاں پر موجود تھے ؟

چودھری محمد ادریس (جھنگ ۔ ۱) ۔ جناب والا ۔ مجھے دعوت دی گئی تھی اور میں نے سمجھا کہ ثقافتی پروگرام بھی ہے بنیادی جمہوریتوں کے جلسے اور function میں جانا چاہئے چنانچہ میں وہاں گیا مگر ایم ۔ پی ۔ اے حضرات کے لئے کوئی مختص نشستیں بھی نہیں مل سکیں اور کسی افسر یا وزیر صاحب نے بھی ایم ۔ پی ۔ اے حضرات کی پروا نہ کی نہ ان کو کسی نے پوچھا سخت ہتک انگیز حالت دیکھ کر ہم اٹھ کر چلے آئے واقعات یوں ہیں کہ دفتروں کے کارکنوں اور ان کے کنبوں کے افراد اور رشتہ داروں نے نیز منتظمین کے دوستوں اور واقفوں نے کرسیوں پر قبضہ کیا ہوا تھا ۔ ہمیں ایک کونے کی طرف جگہ بتائی گئی جہاں ہم نہیں بیٹھ سکتے تھے ۔ ایم ۔ پی ۔ اے اور ایم ۔ این ۔ اے حضرات کی سخت تذلیل و توہین ہوئی حالانکہ ہمیں کمشنر کی طرف سے دعوت نامے دیئے گئے تھے ۔ کمشنر صاحب کو اطلاع دی گئی ۔ مگر انہوں نے کوئی action نہ لیا کوئی کارروائی نہ کی ۔ بجائے اس کے کہ ممبروں کو آگے لایا جاتا ایک کونے میں دھکیل دیا گیا ؟ سرکاری اور غیر سرکاری لوگ اگلی نشستوں پر بیٹھے ہوئے تھے ۔

Mr. Speaker : Was the invitation from the Commissioner, Lahore Division ?

یعنی یہ پرائیویٹ نوعیت کا function تھا یا سرکاری ؟

چودھری محمد ادریس ۔ جناب والا ۔ سرکاری انتظام تھا اور کمشنر نے دعوت نامے جاری کئے تھے ۔

ملک معراج خالد (لاہور ۔ ۵) ۔ جناب والا ۔ یہ واقعہ پہلی مرتبہ نہیں ہوا ہر دفعہ ایم ۔ پی ۔ اے اور ایم ۔ این ۔ اے کے ساتھ ایسا ہی توہین آمیز اور ہتک انگیز سلوک کیا جاتا ہے ۔ میں اس دفعہ خاص طور پر وادیٔ کشمیر کے ڈرامے میں چلا گیا کیونکہ ایک تو بنیادی جمہوریت کا تبلیغی پروگرام اس میں تھا پھر مسئلہ کشمیر پر خیالات کا اظہار تھا نیز کمشنر صاحب کی طرف سے دعوت نامہ تھا چنانچہ میں یہ نیک جذبات لے کر وہاں گیا مگر مجھے انتہائی افسوس ہے کہ ہمارے جذبات کو بری طرح ٹھیس پہنچائی گئی ۔ ہر دفعہ اسمبلی کے ارکان کے ساتھ ایسا ہی ذلیل برتاؤ کیا جاتا ہے جناب سپیکر ۔ آپ مجھ سے اتفاق کریں گے کہ ہم کمشنر کے زیر اہتمام جلسے میں نظم و ضبط اور حفظ مراتب کا لحاظ دیکھنے کی توقع رکھتے تھے اور سیاسی وقار اور بنیادی جمہوریت کی ترغیب کی توقع تھی ۔ جناب میں وہاں گیا تو وہاں اگلی سیٹوں پر صوفے کرسیاں فرش فروش قالین وغیرہ سجے ہوئے تھے مگر ہمارے لئے کوئی مخصوص نشستیں نہیں تھیں اگلی نشستوں پر تو افسر صاحبان اور دیگر معززین کے لئے جگہ تھی ایم ۔ پی ۔ اے اور ایم ۔ این ۔ اے حضرات کے لئے ایک کونے میں جگہ بتائی گئی ہم ویسے تو humble طور پر گئے تھے اور کوئی امتیازی شان حاصل کرنا نہیں چاہتے تھے مگر آخر اس ایوان کے وقار اور عوام کے نمائندوں کے وقار کو ملحوظ رکھتے ہوئے ہم سمجھتے ہیں کہ عوام کے نمائندوں کی سخت تذلیل کی گئی پہلے بھی ایک دو جلسوں میں ایسا ہی کیا گیا تھا ۔ متواتر اور مسلسل کئی سالوں سے بنیادی جمہوریتوں کے جلسوں میں عوام

کے نمائندں کی ہتک و توہین کی جاتی ہے اور شاید عمداً ایم - این - اے اور ایم - پی - اے حضرات کو بلا کر ذلیل کیا جاتا ہے - آخر ہم احتجاجاً چلے آئے میں نے یہ بات اچھی طرح note کی ہے کہ ایسے موقعوں پر عوام کے نمائندوں کی توہین اور ہتک کی جاتی ہے - کوئی اور جگہ قطعاً ہمیں offer نہیں کی گئی تھی وہاں ہم نے احتجاج بھی کیا کمشنر تک اطلاع پہنچی مگر کسی نے کوئی کارروائی نہ کی وہاں انتظامیہ کے لوگ اور Protocol والے موجود تھے وہاں معلوم ہے - کون تھا ؟

وہاں دفتروں کے کلرک اور ایک ایک کلرک کے دس دس افراد کنبہ موجود تھے چھوٹے بڑے ملے جلے لوگ بیٹھے تھے اس ایوان کے ممبران کو خاص طور پر نظر انداز کرکے ذلیل کیا گیا - order of precedence کا کبھی خیال نہیں رکھا جاتا - سیکرٹری صاحبان اور ان کے عملے کے لوگ اگلی نشستیں لے لیتے ہیں -

مسٹر سپیکر - میں اس معزز ایوان کی اطلاع کے لئے عرض کر دوں کہ order of precedence میں صوبائی اسمبلی کے ممبران کا درجہ چوبیسواں ہے اور Secretary to Government کا درجہ پچیسواں ہے -
(قطع کلامیاں)

بیگم اشرف برلی - جناب والا - اگر آپ اجازت دیں تو میں اس موقع سے فائدہ اٹھاتے ہوئے یہ عرض کروں کہ جو بھی وزیر متعلقہ ہیں وہ کمشنروں کو یہ ہدایات کریں کہ جہاں پر بھی اس قسم کے اجتماعات ہوں وہاں پر خصوصیت کے ساتھ order of precedence کو ملحوظ رکھا جائے اور ہمیں یہ دقت محسوس نہ کرائی جائے کہ ہم وہاں جا کر کسی کونے میں خاموش کھڑے ہوں اور لوگ ہمیں دھکے دے کر جہاں چاہیں بیٹھیں - ہوائی اڈے

پر جب بھی بلایا جاتا ہے یہ دھکم پیل ہوتی ہے ۔ اور یہ اس لئے ہوتا ہے کہ شہر کے لوگوں کو یہ علم ہی نہیں ہوتا کہ ممبران اسمبلی آئے ہوئے ہیں اور ان کو کسی مناسب جگہ پر بٹھانا چاہئے ۔ ہم نے کمشنر کراچی سے بھی اس کے متعلق شکایت کی تھی ۔

مسٹر سپیکر ۔ میں نے یہ عرض کیا تھا کہ گورنمنٹ کے سیکرٹریوں کا درجہ پچیسواں ہے ۔ لیکن حقیقت یہ ہے کہ کمشنروں کا درجہ تو پچیسواں ہے لیکن سیکرٹری چھبیسویں نمبر پر آتے ہیں ۔ (قطع کلامیاں)

چودھری محمد سرور خان (سیالکوٹ ۔ ۳) ۔ جناب والا ۔ میرے خیال میں ہمارا موجودہ آئین اور ہماری اسمبلی اور اس ایوان کا طریق کار وقتاً فوقتاً ہر اجلاس میں زیر بحث آتا رہتا ہے ۔

خواجہ محمد صفدر ۔ اور میں آپ کو یقین دلاتا ہوں کہ آپ اس کو زیر بحث لاتے ہی رہیں گے ۔

چودھری محمد سرور خان ۔ جناب والا ۔ رات کا جو واقعہ ملک معراج خالد صاحب نے یہاں پر بیان فرمایا ہے ۔ میں بھی اس جگہ گیا تھا ۔ تو فی الحقیقت کسی آدمی کی انگیخت کے بغیر یا کسی آدمی کے اشارے کے بغیر جب میں نے اپنی نشست دیکھی تو میرے ذہن میں از خود یہ احساس پیدا ہوا کہ عوامی نمائندوں کی تضحیک اور تحقیر کا سامان مہیا کیا گیا ہے اور اس جگہ پر ہمیں بلا کر ہماری حوصلہ افزائی یا عزت افزائی کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا ۔ مجھے یہ سب کچھ عرض کرنے کی شاید ضرورت ہی محسوس نہ ہوتی اگر میں جناب محمد یاسین خان وٹو صاحب کا وہ دل بہلاوا نہ سن لیتا جو کہ تقریباً ہر اجلاس میں وہ کہتے رہتے ہیں کہ ٹھیک ہے ہم اس معاملے کو ٹھیک کر لیں گے ۔ لیکن یہ ہماری عزت نفس کا سوال

ہے - ہم اپنے لیڈران عظام اور اس ایوان کے کرتا دھرتا لوگوں سے اور بالخصوص ان حضرات سے جو ہر بار دل بہلاوے کی باتیں کرکے ہمارے سروں پر دست شفقت پھیرتے رہتے ہیں ، ان کی خدمت میں عرض کرتا ہوں کہ عوامی نمائندوں کا وجود ایک اہم چیز ہے اور اس ملک کے آئین میں جو مواعید کئے گئے ہیں ، یہ نمائندے ان کا مظہر ہیں اور ان کے دم قدم سے ہی ان مواعید کے پورے ہونے کا اظہار ہوتا ہے اور اس ایوان میں ہمارے طریق کار اور طرز فکر اور ہماری ہر بات سے یہ تاثر پیدا ہوتا ہے کہ عوام اپنے آئین پر اعتماد کا اظہار کرتے ہیں تو جب تک عوامی نمائندے اپنے طریق کار اور اپنے فرائض کو خوش اسلوبی سے انجام نہ دیں اور ان فرائض سے پوری طرح بہرہ ور نہ ہوں ، تو اس ملک میں آئین کیسے تقدس کا درجہ حاصل کرے گا - اور ان ہی باتوں پر ہمارے رہنماؤں کو غور و فکر کرنا چاہئے -

نوابزادہ رحمدل خان (بنوں - ۲) - جناب والا - جن منتظمین نے اس شو کا انعقاد کیا تھا ، ایک لحاظ سے میں ان کا مشکور ہوں کہ بجائے اس کے کہ وہ اس تذلیل کے لئے ہم سب کو منتخب کرتے ، انہوں نے صرف چند ایک کو ہی منتخب کیا -

چودھری محمد نواز (پنجابی) جو زیادہ سے زیادہ اس تذلیل کے قابل تھے انہوں نے ان کو ہی منتخب کیا ہے - (قطع کلامیاں)

نوابزادہ رحمدل خان - اس کے علاوہ میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں اور مجھے یہ کہتے ہوئے افسوس ہوتا ہے کہ وزیر صاحب بجائے اس کے کہ وہ اپنے آپ کو اس ایوان کا ایک رکن سمجھ کر ہماری امداد اور ہمارا تحفظ کرتے ، وہ بیوروکریسی کی امداد کے لئے کھڑے ہوئے -

وزیر بلدیات ۔ خدانخواستہ !

نوابزادہ رحمدل خان ۔ اور یہ فرمانے کی کوشش کرتے رہے کہ یہ بھی معلوم نہیں کہ آیا یہ تقریب سرکاری تھی یا غیر سرکاری تھی ، ڈرامائی تھی یا غیر ڈرامائی تھی ، بس کچھ اسی طرح کی باتیں کر رہے تھے ۔ میں ان سے یہ پوچھتا ہوں کہ یہ تقریب کمشنر صاحب کی کسی ذاتی دعوت کے سلسلے میں تو منعقد نہیں کی گئی تھی جس کے لئے انہوں نے ہمیں ذاتی طور پر بلایا ہوا تھا ، کمشنر تو حکومت کی مشینری کا ایک حصہ ہے ، اور ایک قانون ساز ادارے کے اراکین کو یہ دعوت دی گئی تھی اور اگر آپ اس کو بھی سرکاری نہیں کہتے اور اسے ڈرامائی یا غیر سرکاری کہتے ہیں تو میرے خیال میں یہ ان کے بیان کردہ الفاظ کی توہین ہے اور اس تقریب کی بھی حد سے زیادہ توہین ہوگی ۔

چودھری محمد ادریس (جھنگ ۔ ۱) ۔ جناب والا ۔ آج کا یہ واقعہ کوئی پہلا واقعہ نہیں ہے جس کے متعلق اس ایوان میں پہلی مرتبہ یقین دہانی کرائی جا رہی ہے بلکہ پچھلے اجلاس میں بھی جناب احمد سعید کرمانی صاحب نے واضح الفاظ میں یقین دہانی کرائی تھی جبکہ امی الحمرا میں اور شالیمار مار باغ میں اسی قسم کے واقعات رونما ہوئے تھے ۔ اور الحمرا میں ممبران قومی و صوبائی اسمبلی کو سب سے پیچھے ایک کونے میں ایک بورڈ لگا کر بٹھا دیا گیا تھا ۔ اور شالیمار باغ میں جب شہنشاہ ایران کے اعزاز میں دعوت دی گئی تھی تو بھی وہاں ممبران قومی و صوبائی اسمبلی کو ذلیل کیا گیا تھا اور جب یہ دونوں واقعات ایک سوال کے ذریعے وزیر موصوف کے نوٹس میں لائے گئے تو انہوں نے واضح الفاظ میں یہ یقین دہانی کرائی تھی کہ آئندہ اس قسم کا واقعہ رونما نہیں ہونے دیا جائے گا ۔ یہ لاہور کی وہی ایڈمنسٹریشن ہے جو مذکورہ سابقہ دو واقعات کی ذمہ دار تھی

اور جن کے متعلق وزیر صاحب نے یقین دہانی کرائی تھی ۔ مجھے کل شام اکثر دوستوں نے مجبور کیا کہ وہاں جانا چاہئے ۔ لیکن یقین کیجئے کہ میں محض اس وجہ سے وہاں نہیں گیا کہ وہاں ذلالت اور تذلیل کے اور کچھ نہیں ہوگا ، اس لئے میں نے وہاں پر جانا پسند نہیں کیا ۔ اور بات بھی وہی ہوئی جس کا مجھے ڈر تھا اور جو کہ آپ کے نوٹس میں ملک معراج خالد صاحب لائے ہیں ۔ جناب والا ۔ میں جناب میاں محمد یاسین خان وٹو صاحب سے صرف اتنا ہی عرض کروں گا کہ ہمیں اپنے لیڈروں اور وزراء کی عزت اتنی ہی پیاری ہے جتنی کہ اپنی ۔ ہم پہلے آپ کی عزت کرتے ہیں اور پھر اپنی کرتے ہیں یہ اس ایوان کے ممبران کی عزت کا سوال ہے ، اس لئے آپ اس کی مخالفت نہ کریں اور اس کو زیر بحث آنے دیں تاکہ اس پر کوئی فیصلہ ہو جائے ۔ اگر آپ کے لاہور کی انتظامیہ اس سے درست نہ ہوگی تو کم از کم یہ تو ہو جائے گا کہ کہنے کو ایک بات تو رہ جائے گی کہ اس ایوان نے اس سلسلے میں ایک قرار داد منظور کی تھی اور اس قرار داد کا کچھ نہ بنا ۔ آخر جو بات یہاں پر لوگ آ کر کہتے ہیں ، ان کو کہنے تو دیں ۔ اس ایوان کے اراکین کی عزت کا مسئلہ ہے ، انہیں اس پر فیصلہ تو کرنے دیں ۔ اور کچھ نہیں ہوگا تو کم از کم اس ایوان کے اراکین اپنے جذبات کا اظہار کرکے ان کی جو تذلیل ہوئی ہے ، اس کو vindicate کرنے کا اختیار تو انہیں مل جائے گا ۔

Mr. Speaker : No legal and technical objection has been taken. Without expressing myself on the merits of this case, I hold that, prima facie, there has been a case of breach of privilege and I hold the motion in order. (*applause*)

Malik Muhammad Akhtar has raised a question of privilege of the Assembly on the ground that a breach of privilege of the Assembly has occurred due to non-observance of the warrant of precedence by the

officials responsible to make seating arrangements on the occasion of staging of the drama "Waadi-e-Kashmir" on the 3rd November, 1967, at Alhamra, Pakistan Arts Council, Lahore. The non-observance of the order of precedence, whereby the Members were allotted seats in the rows other than those which their status required, has breached the privilege of the Members of the Assembly.

Those Members who are in favour of the motion may rise in their places.

(*All the Members present rose in their places*).

Mr. Speaker : There are 44 Members present in the House and all have supported this privilege motion. Therefore, this motion is admitted. (*applause*)

Khawaja Muhammad Safdar : I think a Special Committee should be formed.

Mr. Speaker : Let there be a Special Committee for this privilege motion.

مسٹر حمزہ ۔ جناب سپیکر ۔ میں نے اسکے حق میں تو اسلئے ووٹ دیا تھا کہ اس پر بحث کی جائے گی ورنہ تو اس کا انجام بھی ملک غلام یزدانی کی قرار داد جیسا ہوگا ۔ مجھے ایک بات کہنے کی اجازت دیں ۔

Mr. Speaker : Let any Member make a motion about the panel of Members of this Special Committee.

Minister for Basic Democracies : Will it not be proper to refer it to the Privileges Committee because we have a Privileges Committee now.

Mr. Speaker : That is for a special purpose.

Minister of Law (Mr. Allah Bachayo Ghulam Ali Akhund) : Sir, there is perhaps already one Committee which is considering the question of privilege against Mr. G. Yazdani Malik and I think this should be entrusted to that Committee.

Mr. Speaker : If the House so agrees, we may refer this to that Committee.

Chaudhri Muhammad Nawaz : There should be Special Committee for that.

Mr. Speaker : This is up to the House.

چودھری محمد ادریس ۔ جناب والا ۔ میں تحریک پیش کرتا ہوں ۔

کہ ملک محمد اختر کی طرف سے پیش کردہ
تحریک استحقاق پر غور کرنے کے لئے ایک
سپیشل کمیٹی مقرر کی جائے ۔ اور اس میں مندرجہ
ذیل ممبران شامل کئے جائیں :-

۱ ۔ ملک معراج خالد ۔
۲ ۔ نوابزادہ رحمدل خان ۔
۳ ۔ مسٹر حمزہ ۔
۴ ۔ خواجہ محمد صفدر ۔
۵ ۔ مسٹر احمد میاں سمرو ۔
۶ ۔ چودھری محمد سرور خان ۔
۷ ۔ ملک محمد اختر ۔
۸ ۔ نوابزادہ غلام قاسم خان خاکوانی ۔
۹ ۔ رائے منصب علی خان ۔ اور
۱۰ ۔ محرک ۔

کمیٹی کا کورم چار ممبران پر مشتمل ہوگا اور
یہ اپنی رپورٹ ۳۰ اپریل ۱۹۶۸ء تک پیش کرے
گی ۔

جناب والا ۔ میں گزارش کرتا ہوں کہ ایک لیڈی ممبر کو بھی اس میں شامل کر لیا جائے ۔ میری تجویز ہے کہ بیگم اشرف برنی صاحبہ کو شامل کیا جائے ۔

مسٹر حمزہ ۔ پوائنٹ آف آرڈر ۔ جناب سپیکر ۔ میں چونکہ علیل ہوں اور مصروف بھی ہوں اس لئے التجا کرتا ہوں کہ مجھے اس کمیٹی میں نہ رکھا جائے ۔

ایک معزز ممبر ۔ نہیں نہیں یہ ہاؤس کی مرضی پر ہے ۔

مسٹر حمزہ ۔ میری گزارش ہے کہ میرا نام اس کمیٹی میں نہ رکھا جائے ۔

I request that my name be deleted from this Committee Sir

وزیر بنیادی جمہوریت ۔ ان کی request کو مان لیا جائے کیا حرج ہے ۔

Mr. Speaker : The motion moved is :

> That the Privilege Motion moved by Malik Muhammad Akhtar and admitted today, be referred to a Special Committee consisting of the following Members :
>
> 1. Malik Miraj Khalid ;
> 2. Nawabzada Rahimdil Khan ;
> 3. Begum Ashraf Burney ;
> 4. Khawaja Muhammad Safdar ;
> 5. Chaudhri Muhammad Nawaz ; (in place of Mr. Hamza.)
> 6. Mr. Ahmedmian Soomro ;
> 7. Chaudhri Muhammad Sarwar Khan

8. Malik Muhammad Akhtar

9. Nawabzada Ghulam Qasim Khan Khakwani ;

10. Rai Mansab Ali Khan Kharal ; and

11. The Mover.

The quorum of the Committee shall be 4 Members and the Report should be made by the 30th April, 1968.

حاجی سردار عطا محمد ۔ جناب سپیکر ۔ میں ایک پوائنٹ آف آرڈر پیش کرنا چاہتا ہوں ۔

مسٹر سپیکر ۔ کیا آپ اس کی مخالفت کرنا چاہتے ہیں ؟

حاجی سردار عطا محمد ۔ جی ہاں ۔ میں اس لئے اس تحریک کی مخالفت کرنا چاہتا ہوں ۔

مسٹر سپیکر ۔ کیا اس لئے مخالفت کرنا چاہتے ہیں کہ یہ سپیشل کمیٹی کے سپرد نہ کی جائے ۔ اگر ایسا نہ کیا جائے تو آپ بتائیں کہ کیا کیا جائے ۔

حاجی سردار عطا محمد ۔ جی ہاں ۔ میں چاہتا ہوں کہ اس معاملہ کو سپیشل کمیٹی کے پاس نہ بھیجا جائے ۔ کیونکہ پچھلی دفعہ جب یزدانی ملک کا مسئلہ پیش ہوا تھا اور وہ ایک کمیٹی کے سپرد ہوا تھا تو حکومت کا بہت سا روپیہ خرچ ہوا تھا ۔ آپ کو معلوم ہے کہ تمام ہاؤس نے اس کے خلاف ریزولیوشن پاس کیا تھا ۔ لیکن ابھی تک اس کو عملی جامہ نہیں پہنایا گیا ۔ اس لئے میں نہیں چاہتا کہ اس پر بھی فضول خرچی کی جائے ۔ مجھے ملک محمد اختر پر افسوس آتا ہے کہ انہوں نے یہ تحریک کیوں پیش کی ہے ۔ اس کے پیش ہونے سے تمام قوم کے دل مجروح ہوئے ہیں اور

ممبران کی بے عزتی ہوئی ہے اس لئے میں جناب کی خدمت میں نہایت ادب سے گزارش کروں گا کہ اس پر قطعاً کوئی بحث نہیں ہونی چاہئے ۔ میں تو کہتا ہوں کہ جو کچھ ہوا ہے یہ بھی نہیں ہونا چاہئے تھا ۔

Mr. Speaker : I will now put the motion ; the question is :

> That the Privilege Motion moved by Malik Muhammad Akhtar and admitted today, be referred to a Special Committee consisting of the following Members :
>
> 1. Malik Miraj Khalid ;
> 2. Nawabzada Rahimdil Khan ;
> 4. Begum Ashraf Burney,
> 4. Khawaja Muhammad Safdar ;
> 5. Chaudhri Muhammad Nawaz ;
> 6. Mr. Ahmedmian Soomro ;
> 7. Chaudhri Muhammad Sarwar Khan,
> 8. Malik Muhammad Akhtar ;
> 9. Nawabzada Ghulam Qasim Khan Khakwani ;
> 10. Rai Mansab Ali Khan Kharal, and
> 11. The Mover.
>
> The quorum of the Committee shall be 4 Members and the Report should be made by the 30th April, 1968.

The motion was carried.

ADJOURNMENT MOTIONS

DECISION OF THE GOVT. TO DIVIDE QAZI AHMAD CITY (DISTT. NAWAB SHAH) INTO TWO PARTS

Mr. Speaker : We will now take up adjournment motions. First motion is No. 222, it has been moved.

وزیر بنیادی جمہوریت (میاں محمد یاسین خان وٹو) ۔ جناب والا ۔ میں یہ عرض کروں گا کہ حاجی صاحب نے یہ تحریک التوا تقریباً پونے دو سال کے بعد پیش کی ہے ۔ اصل میں قاضی احمد کے حلقہ کی delimitation اس وقت ہوئی تھی جب کہ باقی یونین کونسلوں کی حد بندی دسمبر ۱۹۶۵ء میں ہوئی تھی ۔

(اس مرحلہ پر مسٹر ڈپٹی سپیکر مسٹر احمد میاں سومرو کرسی صدارت پر متمکن ہوئے ۔)

اس کے بعد ابھی تک وہی limitation ہے کوئی نئی نہیں کی گئی ۔ اور نہ کوئی حکم جاری کیا گیا ہے ۔ لہذا یہ واقعاتی طور پر اور قانونی طور پر نا مناسب ہے ۔

البتہ میں جناب کی وساطت سے حاجی صاحب کو یقین دلانا چاہتا ہوں کہ اس سلسلہ میں آئندہ جو فیصلہ کیا جائے اس میں مفاد عامہ کو سب سے پہلے پیش نظر رکھا جائے گا ۔ یہ معاملہ پونے دو سال پہلے یعنی دسمبر ۱۹۶۵ء کا ہے اس لئے اس وقت اس تحریک التوا کے ذریعہ اس معاملہ کو پیش کرنا خلاف قانون ہے ۔

مسٹر ڈپٹی سپیکر ۔ یہ معاملہ اتنی مدت کے بعد کیوں پیش ہوا ۔

وزیر بنیادی جمہوریت ۔ میرا خیال ہے کہ حاجی صاحب کو معلوم نہیں کہ delimitation پرانی ہے ۔

مسٹر ڈپٹی سپیکر ۔ حاجی صاحب یہ معاملہ پہلے کیوں نہیں اٹھایا گیا اور اس پر کب decision ہوا ہے ۔

حاجی سردار عطا محمد ۔ میں نہیں بتا سکتا ۔

وزیر بنیادی جمہوریت ۔ اصل میں یہ ٹاؤن کمیٹی نے decision لیا ہے ۔

حاجی سردار عطا محمد ۔ جناب مجھے تو صرف ایک دن پہلے معلوم ہوا ہے "ڈیسیژن" سے آپ کی کیا مراد ہے ۔ اس کا کیا مطلب ہے میں انگریزی نہیں سمجھتا ۔

مسٹر ڈپٹی سپیکر ۔ میرا مطلب ہے کہ کب فیصلہ کیا گیا ہے ۔

حاجی سردار عطا محمد ۔ میں نہیں بتا سکتا لیکن اب چونکہ وزیر صاحب نے یقین دلایا ہے کہ مفاد عامہ کو پیش نظر رکھ کر کوئی فیصلہ کریں گے ۔ اس لئے میں اسے press نہیں کرتا ۔

Mr. Deputy Speaker : As the matter relates to something on which no decison has been taken, the motion is ruled out of order. Next motion.

حاجی میر خدا بخش تالپور ۔ جناب والا ۔ وہ لوگ میرے پاس بھی آئے تھے انہوں نے بتایا ہے کہ ہم کو ابھی یہ معلوم نہیں کہ فیصلہ ہوا ہے یا نہیں ۔

وزیر بنیادی جمہوریت ۔ اب پونے دو سال کے بعد آپ کو خیال آ گیا ہے میں نے تو پہلے عرض کر دیا ہے کہ ابھی کوئی فیصلہ نہیں ہوا اور کاغذات recommend ہو کر ابھی میرے پاس نہیں آئے ۔

مسٹر ڈپٹی سپیکر ۔ جب آئیں گے تو آپ اس پر غور کریں گے ؟

وزیر بنیادی جمہوریت ۔ جی ہاں ضرور غور کریں گے ۔ اور مفاد عامہ کو سب سے پہلے مد نظر رکھا جائے گا ۔

حاجی سردار عطا محمد ۔ میں نے اس تحریک التوا کو پریس نہیں کیا پھر آپ نے کس طرح reject کر دیا ہے ۔

مسٹر ڈپٹی سپیکر ۔ میں نے اسے خلاف قاعدہ قرار دیا ہے اس لئے پریس کرنے کا سوال پیدا نہیں ہوتا ۔

FAILURE OF THE W.P. GOVT. TO APPOINT CHAIRMAN OF THE INDUSTRIAL COURT, NORTH ZONE.

Mr. Deputy Speaker : Next motion, No. 224.

Minister of Law (Mr. Allah Bachayo Ghulam Ali Akhund) : In this connection I might inform the Member that this post fell vacant on the retirement of Mr. Varaich. As the officer required to fill up this post was to be from the Judiciary the High Court was requested to send the name of the officer. They have suggested the names. One is due to retire shortly within about three months time and the other is proposed to be posted against some other post. Therefore, they were asked to suggest some other name and the name has been suggested. Within a week's time the posting will take place.

Malik Muhammad Akhtar : I do not press it but just one remark. . . .

Mr. Deputy Speaker : The motion is not pressed.

Malik Muhammad Akhtar : I may be allowed to say just one word. . . . .

ISSUANCE OF PERMITS FOR RUNNING RICKSHAWS IN KARACHI TO NON-EXISTENT PERSONS.

Mr. Deputy Speaker : Next motion from Malik Muhammad Akhtar, No. 225.

Minister of Law : I think it has been moved.

Malik Muhammad Akhtar : It is to be answered.

Minister of Law (Mr. Allah Bachayo Ghulam Ali Akhund) : Mr. Speaker, Sir, I oppose this motion. The subject matter of this is not a matter of recent occurrence. In fact some permits were issued in December, 1965 by the Chairman of RTA Karachi. 201 permits were issued. Later on it came to the notice of the Administration that some bogus permits had been issued. Therefore the Chairman RTA directed the D. C. Karachi to hold an enquiry into the genuineness of the cases. D. C. held a thorough investigation and reported that 173 were bogus parties.

Khawaja Muhammad Safdar : Out of 201 ?

Minister of Law : Yes.

خواجہ محمد صفدر ۔ لاحول ولا قوۃ الا باللہ

Minister of Law : The RTA Karachi therefore issued notices to permit holders to show cause why their permits should not be cancelled. The entire action has been initiated by Government officers.

Mr. Deputy Speaker : When ?

Minister of Law : This is also a long time back. The matter is not of recent occurrence. Therefore I request that this may be held out of order.

Mr. Deputy Speaker . When was this enquiry held ?

Minister of Law : I will not be able to give the exact date but this is not a matter of very recent occurrence. Action is contemplated. Those people will not be allowed to utilise those permits and those will be cancelled.

مسٹر حمزہ ۔ پوائنٹ آف آرڈر ۔ کیا جناب وزیر قانون بتائیں گے کہ جب آپ قانون کے ماہر بھی ہیں اور استاد بھی اور وزیر قانون بھی یہ جو آپ نے فرمایا ہے کہ بوگس پرمٹ جاری کئے گئے تو پھر ان تمام لوگوں کے خلاف جنہوں نے ایسی جعلی دستاویزات پیش کی تھیں قانون کے مطابق کیا لازم

نہ تھا کہ مقدمات درج کئے جاتے اور اگر ایسا نہیں کیا گیا تو اسکی وجہ کیا ہے ؟

Minister of Law : Necessary action will be taken.

Mr. Deputy Speaker : That is not a point of order.

Malik Muhammad Akhtar : Sir, the matter is quite recent. Though permits of these rickshaws were issued in 1965 but the revelation of the bogus parties or bogus names of such persons who did not exist has been reported very recently.

Mr. Deputy Speaker : When ?

Malik Muhammad Akhtar : The news was published in Mashriq the day preceding on which I moved this motion. So it was recent for me and I consider that it is a serious matter and of urgent public importance and, therefore, I press it.

Mr. Deputy Speaker : The matter is not of recent occurrence and is, therefore, ruled out of order.

FAILURE OF SUKKUR MUNICIPAL COMMITTEE TO PROHIBIT USE OF WATER FROM WELLS AND HAND-PUMPS CONTAINING POISONOUS GAS (STATEMENT OF THE MINISTER FOR LOCAL GOVERNMENT.)*

Minister of B. D. & Local Government (Mian Muhammad Yasin Khan Wattoo) : Sir, if you kindly permit me I have to make a statement. I had promised a few days back that I will make a statement about the water supply of Sukkur before the end of the session and today is the last day.

Ref: Adjournment motion on the subject in debate dated 13th Oct., 1967 (Vol. VI. No. 15)

Malik Muhammad Akhtar : On a point of order. I am interrupting the Minister, my worthy friend. I consider that by order of precedence and the Rules of Procedure adjournment motions are to be dealt with first.

Mr. Deputy Speaker : I am giving him special permission.

Minister of B. D. and Local Government : I have requested for it. Sir, the supply of water to the residents of Sukkur is through a modern and up-to-date filteration plant installed on the right bank of the river Indus. The existing capacity of storage and filteration is nine lakhs and fifty five thousand gallons per shift. The total supply per day is twenty-five lakh gallons. The population of Sukkur, as per census report of 1961, is one lakh three thousand two hundred and sixteen. Thus the average supply of water per day per head is about twenty-five gallons which is reasonably fair in comparison to the other big towns of West Pakistan. The Municipal Committee has further chalked out a programme for increasing the capacity of storage, filteration and pumping with an estimated cost of nine lakhs and thirty thousand. This includes the construction of reservoirs of the capacity of three lakh and five lakh gallons each - two additional plants of filteration and chlorination and installation of additional pumping sets. Work on one phase i.e. raising the pumping capacity has been completed and the rest is exipected to be completed by the end of 1968. The scheme when completed will supply sixty lakh gallons per day as against twenty-five lakhs existing. The per capita supply which is presently about twenty-five gallons will then increase to forty gallons per day.

From the foregoing it will be clear that the source of supply of water for drinking and domestic purposes is, through the Municipal Water Works where adequate and up-to-date arrangement of filteration and chlorination exists. Hand-pumps or wells are not the source of supply of water for drinking purposes. Hand-pumps were installed in the emergeney of 1965 under instructions from the Government. The purpose of these pumps was to meet the exigency of 1965. In all 98 pumps were installed in various localities of the town under the strict

supervision of the technical staff of the Municipal Committee. Out of these, eight pumps were dismantled.

مسٹر حمزہ ۔ پوائنٹ آف آرڈر ۔ جناب سپیکر ۔ شاید سب ممبران احتجاجاً وزیر بنیادی جمہوریت کے بیان کے پیش نظر باہر تشریف لے گئے ہیں ۔

Mr. Deputy Speaker : That is not a point of order.

Minister of B. D. & Local Government : Out of these, eight pumps were dismantled when it was found that the hand-pumps did not conform to the requisite standard. In addition to these 29 wells were rennovated during the war for civil defence purpose at a cost of forty thousand rupees. In fact water from these wells is not used for drinking purposes at all. In case there were any serious complaints regarding the quality of water supplied they should have been registered either at the Municipal Committee circle or District Council or Divisional Council. The Medical Superintendent and District Health Officer have also not received any complaint about the water supply. This all goes to prove that the Municipal Committee Circle is supplying pure and chemically treated water which is fit for human consumption.

Malik Muhammad Akhtar : This statement has been made in response to one of my adjournment motions and I am grateful to the Minister for taking pains and placing the facts before the House.

Mr. Deputy Speaker : Next motion.

حاجی سردار عطا محمد ۔ لا منسٹر صاحب کو اس کا جواب دینا تھا ۔

LATHI-CHARGE BY THE POLICE ON THE DEVOTEES GATHERED AT THE SHRINE OF HAZRAT SYED PIR JUMMAN SHAH AT PADIDAN, TALUKA NAUSHERO, DISTT. NAWAB SHAH.

وزیر قانون (مسٹر اللہ بچائیو غلام علی اخوند) ۔ جناب سپیکر ۔ عرض یہ ہے کہ درگاہ پر بہت سے لوگ جمع ہوگئے تھے ۔ اس تقریب پر کوئی پابندی نہیں

لگائی گئی تھی اور یہ بھی غلط ہے کہ جو مرید وہاں آئے تھے ان کی بے عزتی کی گئی اور ان پر لاٹھی چارج کیا گیا ۔ البتہ یہ ہوا تھا کہ وہاں سرکس والوں اور ڈرامہ والوں اور دوسرے دکانداروں کو دکان رکھنے کی اجازت نہیں دی گئی تھی اور اس کی وجہ صرف ماضی کا تجربہ ہے کہ اس طرح وہاں پر جرائم پیشہ لوگ جمع ہو جاتے ہیں اور وہ اردگرد کے علاقہ میں ڈاکے ڈالتے ہیں لہذا ان کو وہاں جمع ہونے کی اجازت نہیں دی گئی ۔

That circus wanted to open a business. That was not allowed in view of the past experience of the law and order situation of Nawabshah district. But there has been no lapse.

مسٹر ڈپٹی سپیکر ۔ کیا سیکشن ۱۴۴ لگایا گیا تھا ؟

Minister of Law : No Sir. Permits for opening hotels or opening a circus were not given by the District Magistrate in view of the past experience.

تحریک التوا میں یہ تھا کہ جو مرید عرس پر جمع ہوئے تھے ان پر بے عزتی اور بے حرمتی سے لاٹھی چارج کیا گیا تھا ۔

مسٹر ڈپٹی سپیکر ۔ کب کیا گیا ؟

حاجی سردار عطا محمد ۔ ۲۷ رجب کو کیا گیا ۔

وزیر قانون ۔ یہ غلط ہے ۔ کوئی ایسا واقعہ نہیں ہوا ۔

Mr. Deputy Speaker : The facts of the case are denied. The motion is ruled out of order.

حاجی سردار عطا محمد ۔ جناب والا ۔ مجھے ڈویژنل کونسل کے ممبر نے تار بھیجا ہے مجھے مطمئن کر دیا جائے ۔

مسٹر ڈپٹی سپیکر - میرا فرض نہیں کہ میں آپ کو مطمئن کروں ۔

EJECTMENT OF LOCAL CULTIVATORS BY S.P., SANGHAR DISTT. IN ORDER TO ACCOMMODATE HIS OWN RELATIVES.

Mr. Deputy Speaker : Next motion.

وزیر قانون (مسٹر اللہ بچائیو غلام علی اخوند) - ایس - پی سانگھڑ کے متعلق تحریک التوا لائی گئی ہے - حالات معلوم کرنے کی کوشش کی گئی ہے لیکن ایس - پی باہر کہیں کسی کام کو گئے ہوئے ہیں - ڈی - ایس - پی سانگھڑ بتاتے ہیں کہ ایسا کوئی واقعہ نہیں ہوا ۔

Mr. Deputy Speaker : The facts of the case have been denied. The motion is ruled out of order.

SHIFTING OF THE KHANQHA SIRAJIA RLY. STATION IN DISTRICT MIANWALI.

Mr. Deputy Speaker : Next motion by Mr. Hamza.

Mr. Hamza : Sir I ask for leave to make a motion for the adjournment of the business of the House to discuss a definite matter of recent and urgent public importance, namely, the most objectionable and short-sighted action of the PWR authorities to shift the Khanqah Sirajia Railway Station in District Mianwali to a place across the Chashma Canal near the Canal Colony thereby depriving the population of Kohla Town and the surrounding area of the railway facilities. This has caused deep resentment among the public of Mianwali. The news of the shifting of the said railway station was published in the daily Mashriq, Lahore, dated 3.11.67.

Mr. Deputy Speaker : When was this railway station shifted ?

مسٹر حمزہ ۔ جناب سپیکر ۔ اس کے بارے میں احکامات صادر ہو چکے ہیں ۔

Mr. Deputy Speaker : When ?

مسٹر حمزہ ۔ ابھی ۲/۴ روز ہوئے ۔ اخبار میں خبر آئی تھی ۔ واپڈا کے افسران کو ریلوے کی جانب سے احکامات موصول ہو چکے ہیں کہ ریلوے سٹیشن کی رقومات جمع کرائی جائیں ۔ گاؤں کی تقریباً ۲۰/۳۰ ہزار کی آبادی ہے اور یہ بات قابل افسوس ہے کہ اس کو ریلوے سٹیشن کی سہولتوں سے محروم کیا جا رہا ہے ۔

مسٹر ڈپٹی سپیکر ۔ یہ ایکشن کب لیا گیا ؟

مسٹر حمزہ ۔ ابھی دو تین دن کی بات ہے ۔

مسٹر ڈپٹی سپیکر ۔ مجھے dates چاہئیں ۔

مسٹر حمزہ ۔ جناب سپیکر ۔ یہ یقینی بات ہے ۔ اخبار میں خبر آئی ہے ۔

مسٹر ڈپٹی سپیکر ۔ اخبار میں کب آئی ؟

مسٹر حمزہ ۔ جناب سپیکر ۔ اخبار میں جس دن آئی میں نے اسی دن تحریک التوا پیش کر دی ۔

Minister of Law (Mr. Allah Bachayo Ghulam Ali Akhund) : I oppose this motion Sir. The facts are that this Khanqah Sirajia halt was opened originally as an experimental measure on 20th November, 1963. At the same time there was a scheme for construction of the Chashma Jhelum Link Canal crossing the railway line at mile No. 183/18, 184/1, which has been finalized by WAPDA, and a bridge is also to be constructed to carry goods to the railway station. The building

falls in the bed of the proposed canal and its shifting has become necessary on account of the canal. All the parties concerned, the District Magistrate, the railway authorities, everyone has been consulted, and in consultation with them another site has been selected. It is about two furlongs away from the place of the halt. This is necessitated by circumstances which cannot be helped, because it comes right in the bed of the canal.

Mr. Deputy Speaker : When was the action taken ?

Minister of Law : Action has been taken ; it will be taken.

Mr. Deputy Speaker : I mean the decision.

Minister for Law : The decision has been arrived at but it has not been implemented.

Mr. Deputy Speaker : When has the decision been taken ?

Minister of Law : I might enquire if you will allow ; then I will let you know.

مسٹر حمزہ ۔ جناب سپیکر ۔ وزیر قانون نے اعتراف کیا ہے کہ خانقاہ سراجیہ کا جو سٹیشن تھا وہ لوگوں نے خود چندہ جمع کر کے تعمیر کرایا تھا ۔ وہ فرماتے ہیں کہ دو فرلانگ کے فاصلہ پر واپڈا کالونی ہے ان کی سہولت کے لئے ان کو وہاں سے منتقل کیا جا رہا ہے ۔ اور گاؤں کی اور گرد و نواح کی آبادی تقریباً ۵۰/۴۰ ہزار کے قریب ہے ۔ اور اس ملک میں نوکر شاہی کے عمل کو دیکھا جانا چاہئے کہ دو فرلانگ کے فاصلہ پر انسان نہیں جا سکتے لیکن عوام کو ان سہولتوں سے جبراً محروم کیا جا رہا ہے ۔

Minister of Law : About six months back Sir.

Mr. Deputy Speaker : The matter is not of recent occurrence. The motion is ruled out of order.

EMBEZZLEMENT OF Rs. 9.75 LACS BY THE AGRICULTURE DEPTT: OFFICIALS AT SIALKOT.

Mr. Deputy Speaker : Next motion of Mr. Hamza.

Mr. Hamza : Sir I ask for leave to make a motion for the adjournment of the business of the Assembly to discuss a definite matter of recent and urgent public importance, namely the embezzlement of nearly Rs. 9.75 lakhs by the Agriculture Department officials at Sialkot, which has caused great resentment among the public of the Province. The news disclosing the embezzlement of such a huge amount was published in the daily Pakistan Times, Lahore, dated 3rd November, 1967.

Minister of Food & Agriculture (Malik Khuda Bakhsh) : There is another motion by Malik Akhtar of the same type, if he will also read it I shall be able to reply to them both.

Mr. Deputy Speaker : Yes, Malik Akhtar.

MISAPPROPRIATION OF THE SALE PROCEEDS OF GOVT. STOCKS OF SEEDS BY THE OFFICIALS OF THE AGRICULTURE DEPTT.

Malik Muhammad Akhtar : Sir I ask for leave to make a motion for the adjournment of the business of the Assembly to discuss a definite matter of recent and urgent public importance, namely, the officials of the Agriculture department had conducted illegal transactions of Government stocks of seed and misappropriated the sale proceeds amounting to Rs. 1.42 lakhs. The news relating to embezzlement has pertubed the mind of the public of West Pakistan.

Mr. Deputy Speaker : This relates to Rs. 1.42 lakhs.

Malik Muhammad Akhtar : I am concerned with a part of the embezzlement.

Minister of Food & Agriculture : The news item is the same Sir.

Malik Muhammad Akhtar : I am dealing with a particular item, *i.e.* the unauthorised sale of Government stocks. I am not dealing with the entire embezzlement.

Mr. Deputy Speaker : Mr. Hamza's deals with the Agriculture Department at Sialkot, and Malik Akhtar's does not.

مسٹر حمزہ ۔ اور بھی محکمے ہوتے ہیں ۔

Malik Muhammad Akhtar : To the same Department but a different transaction but if you will allow me I will read out the relevant paper.

Minister for Food & Agriculture : I believe, as contained in the same news item which .....

Mr. Deputy Speaker : They are different matters. I will first take up Mr. Hamza's motion.

Minister for Food & Agriculture (Malik Khuda Bakhsh) : The matter is not of recent occurrence in the sense that this thing was detected in December, 1961, and an F.I.R., No. 260, dated 13th December, 1961, under sections 409 and 420 PPC, was registered at Police Station, Sialkot.

Mr. Deputy Speaker : Is the matter under investigation ?

Minister for Food & Agriculture : It has been under investigation but it has been held that an inquiry by a Special Judge be conducted. This has recently been decided by the Anti Corruption Council.

Mr. Deputy Speaker : But the matter is still under investigation ?

Minister for Food & Agriculture : You may call it under investigation but decision has been taken by the competent authority to hold a departmental inquiry in the matter.

Mr. Deputy Speaker : Mr. Hamza is the matter not sub-judice ?

مسٹر حمزہ ۔ جناب سپیکر ۔ یہ زیر سماعت تو نہیں ہے ۔ وہ جو کہتے ہیں کہ ایک کریلا اور دوسرا نیم چڑھا ۔ یہ وہ معاملہ ہو گیا ایک طرف فرماتے ہیں کہ اتنی دیر سے زیر تفتیش ہے اور اس پر طرہ یہ کہ اسے باقاعدہ کسی عدالت میں نہیں بھیجا گیا ۔ کہتے ہیں اس پر محکمانہ

کارروائی کی جائے گی اور ساتھ ہی ساتھ اس شخص کو ترقی بھی دے دی گئی ہے -

Mr. Deputy Speaker : This is of 1961.

مسٹر حمزہ - جناب قائد ایوان نے جو فرمایا ہے میں اس سے انکار تو نہیں کر سکتا - لیکن میری یہ اطلاع ہے کہ اسے ترقی بھی دی گئی ہے اور ڈیڑھ دو سال سے وہ چھٹی پر بھی ہے -

Mr. Deputy Speaker : The matter is not of recent occurrence and the motion is ruled out of order.

Malik Muhammad Akhtar : May I move the motion ?

Minister for Food & Agriculture : In this connection I have to submit that this matter was also discovered in March, 1962, and a F.I.R., No. 122, was registered with Police Station, Mozang, under section 408.

Mr. Deputy Speaker : When ?

Minister for Food & Agriculture : 19th March. 1962. Similarly, in this case also the matter has been investigated and it has been decided by the Anti-Corruption Council.....

Mr. Deputy Speaker : Is it the same ?

Minister for Food & Agriculture : Yes Sir.

Mr. Deputy Speaker : Since the matter was reported on the 19th March, 1962, it is not of recent occurrence. The motion is ruled out of order. Next motion.

Malik Muhammad Akhtar : I need not move it because it relates to the same incident about which privilege motion has just now been admitted. The matter will be dealt with by the Special Committee.

Mr. Deputy Speaker : The motion is not moved.

LEAVE OF ABSENCE OF M.P.As

Mr. Deputy Speaker : There are some leave applications.

MIAN SAIFULLAH KHAN

Secretary : The following telegram has been received from Mian Saifullah Khan, M.P.A :—

> "Due private reasons would not attend Session from fifth October to twenty second October and cannot attend from twenty fourth October till fourth November shall be grateful if this absence is condoned."

Mr. Deputy Speaker : The question is :

> That the leave asked for be granted.

The motion was carried.

SAHIBZADA NOOR HASSAN

Secretary : The following application has been received from Sahibzada Noor Hassan, M.P.A :—

> "I would not be able to attend the meeting of Assembly on 3rd and 4th November, 1967.
>
> Kindly grant me leave for the said period."

Mr. Deputy Speaker : The question is :

> That the leave asked for be granted.

The motion was carried.

MIR WALI MUHAMMAD KHAN TALPUR

Secretary : The following application has been received from Mir Wali Muhammad Khan Talpur, M.P.A :—

> "Owing to my illness, I have remained absent, from the Sittings of the House, from 30th October to 1st November (both dates inclusive). I request grant of leave for the above period."

Mr. Deputy Speaker : The question is :

> That the leave asked for be granted.

The motion was carried.

MR. MAHMOOD AZAM FAROOQI

Secretary : The following application has been received from Mr. Mahmood Azam Farooqi, M.P.A :—

> "I shall be grateful if you will kindly put up before the Assembly my application for leave from 27th September to the end of the Session, as due to some urgent private work I am not in a position to come to Lahore."

Mr. Deputy Speaker : The question is :

> That the leave asked for be granted.

The motion was carried.

MR. ABDUL KHALIQ ALLAHWALA

Secretary : The following application has been received from Mr. Abdul Khaliq Allahwala, M.P.A :—

"Due to my illness I could not attend the Session on the following dates :—

2.10.67 to 6.10.67 and 16.10.67 to 31.10.67.
Please grant me leave.

Mr. Deputy Speaker : The question is :

That the leave asked for be granted.

The motion was carried.

KHAN AJOON KHAN JADOON

Secretary : The following application has been received from Khan Ajoon Khan Jadoon, M.P.A :—

جناب عالی ۔ گذارش ہے ۔ کہ بندہ بوجہ بیماری
مورخہ ۶۷-۱۰-۱۶ کو سیشن میں شمولیت نہ
کر سکا ۔

براہ کرم رخصت عطا فرمائیں ۔

Mr. Deputy Speaker : The question is :

That the leave asked for be granted.

The motion was carried.

MIAN NAZAR MUHAMMAD KALUKA

Secretary : The following application has been received from Mian Nazar Muhammad Kaluka, M.P.A :—

بوجہ بیماری مورخہ ۲۵-۹-۶۷ تا ۲۷ ستمبر ۱۹۶۷
اسمبلی کے اجلاس میں شرکت نہ کر سکا۔ مہربانی
فرما کر ان ایام کی رخصت دی جاوے ۔

Mr. Deputy Speaker : The question is :

That the leave asked for be granted.

The motion was carried.

MALIK KIBAT KHAN MASOZAI

Secretary : The following application has been received from Malik Kibat Khan Masozai, M.P.A :—

جناب عالی ۔ مودبانہ گذارش ہے کہ میں بوجہ
بیماری ۲۶ اکتوبر تا ۲ نومبر اسمبلی کے سیشن
میں حاضر نہ ہو سکا ۔ لہذا برائے مہربانی مجھے
مذکورہ تاریخوں کی رخصت عطا فرمائی جائے ۔
عین نوازش ہو گی ۔

Mr. Deputy Speaker : The question is :

That the leave asked for be granted.

The motion was carried.

MIAN NAZEER AHMAD

Secretary : The following application has been received from Mian Nazeer Ahmad, M.P.A :—

میں مورخہ ۱-۱۱-۶۷ کو طبیعت کی خرابی
کی وجہ سے اسمبلی کے اجلاس میں حاضر نہیں ہو
سکا مورخہ ۱-۱۱-۶۷ کی رخصت منظور فرمائی
جائے ۔

Mr. Deputy Speaker : The question is :

That the leave asked for be granted.

The motion was carried.

KHAN MUHAMMAD IQBAL KHAN JADOON

Secretary : The following application has been received from Khan Muhammad Iqbal Khan Jadoon, M.P.A :—

"I could not attend the Assembly Session on the 16th of October due to an important engagement. I may kindly be excused for the absence on the aforesaid date."

Mr. Deputy Speaker : The question is :

That the leave asked for be granted.

The motion was carried.

EXTENSION IN TIME FOR THE PRESENTATION OF STANDING COMMITTEES REPORTS.

Mr. Deputy Speaker : We will now take up motions for the extension of time. Chaudhri Muhammad Nawaz

Chaudhri Muhammad Nawaz : Sir, I beg to move :

> That the time for presentation of the report of the Standing Committee on Food & Agriculture on the Punjab Agricultural Produce Market (West Pakistan Amendment) Bill, 1967 (Bill No. 18 of 1967) be extended up to 31st May, 1968.

Mr. Deputy Speaker : Motion moved, the question is :

> That the time for presentation of the report of the Standing Committee on Food & Agriculture on the Punjab Agricultural Produce Market (West Pakistan Amendment) Bill, 1967 (Bill No. 18 of 1967) be extended up to 31st May, 1968.

The motion was carried.

Mr. Deputy Speaker : Next motion.

Minister of Law & Parliamentary Affairs : Sir, I beg to move :

> That the time for the presentation of the report of the Standing Committee on Home Affairs on the West Pakistan Children Bill, 1966 (Bill No. 35 of 1966) be extended up to 31st May, 1968.

Mr. Deputy Speaker : Motion moved, the question is :

> That the time for the presentation of the report of the Standing Committee on Home Affairs on the West Pakistan Children Bill, 1966 (Bill No. 35 of 1966) be extended up to 31st May, 1968.

The motion was carried.

Mr. Deputy Speaker : Next motion.

Minister for Law & Parliamentary Affairs : Sir, I beg to move :

> That the time for the presentation of the report of the Standing Committee on Home Affairs on the West Pakistan Youthful Offenders Bill 1965, (Bill No. 34 of 1966) be extended up to 31st May, 1968.

Mr. Deputy Speaker : Motion moved, the question is :

> That the time for the presentation of the report of the Standing Committee on Home Affairs on the West Pakistan Youthful Offenders Bill, 1965, (Bill No. 34 of 1966) be extended up to 31st May, 1968.

The motion was carried.

Mr. Deputy Speaker : Next motion.

Minister of Law : Sir, I beg to move :

> That the time for the presentation of the report of the Standing Committee on Revenue on the Colonisation of Government Lands (Punjab) (West Pakistan Amendment) Bill, 1966 (Bill No. 27 of 1966) be extended up to 31st May, 1968.

Mr. Deputy Speaker : Motion moved, the question is :

> That the time for the presentation of the report of the Standing Committee on Revenue on the Colonisation of Government Lands (Punjab) (West Pakistan Amendment) Bill, 1966 (Bill No. 27 of 1966) be extended up to 31st May, 1968.

The motion was carried.

Mr. Deputy Speaker : Next motion.

Minister for Law : Sir, I beg to move :

> That the time for the presentation of the report of the Standing Committee on Revenue on the West Pakistan Land Administration Laws Amending Bill, 1966 (Bill No : 36 of 1966) be extended upto 31st May, 1968.

Mr. Deputy Speaker : Motion moved, the question is :

> That the time for the presentation of the report of the Standing Committee on Revenue on the West Pakistan Land Administration Laws Amending Bill, 1966 (Bill No : 36 of 1966) be extended upto 31st May, 1968.

The motion was carried.

Mr. Deputy Speaker : Next motion.

Chaudhri Muhammad Nawaz : Sir, I beg to move :

> That the time for the presentation of the report of the Standing Committee on Irrigation and Power on the Canal and Drainage (Amendment) Bill, 1967 (Bill No. 30 of 1967) be extended upto 31st May, 1968.

Mr. Deputy Speaker : Motion moved, the question is:

> That the time for the presentation of the report of the Standing Committee on Irrigation and Power on the Canal and Drainage (Amendment) Bill, 1967 (Bill No. 30 of 1967) be extended upto 31st May, 1968.

The motion was carried.

Mr. Deputy Speaker : Next motion.

Chaudhri Muhammad Nawaz : Sir, I beg to move :

> That the time for the presentation of the report of the Standing Committee on Irrigation and Power on the Canal and Drainage (West Pakistan Amendment) Bill, 1966 (Bill No. 56 of 1966) be extended upto 31st May, 1968.

Mr. Deputy Speaker : Motion moved, the question is :

> That the time for the presentation of the report of the Standing Committee on Irrigation and Power on the Canal and Drainage (West Pakistan Amendment) Bill, 1966 (Bill No. 56 of 1966) be extended upto 31st May, 1968.

The motion was carried.

Mr. Deputy Speaker : Next motion please.

Khan Ajoon Khan Jadoon : Sir, I beg to move :

> That the time for the presentation of the report of the Standing Committee on Industries and Commerce on the West Pakistan Tobacco Bill, 1967 (Bill No. 34 of 1967) be extended upto 31st May, 1968.

Mr. Deputy Speaker : Motion moved, the question is :

> That the time for the presentation of the report of the Standing Committee on Industries and Commerce on the West Pakistan Tobacco Bill, 1967 (Bill No. 34 of 1967) be extended upto 31st May, 1968.

The motion was carried.

Mr. Deputy Speaker : Next motion.

Chaudhri Muhammad Idrees : Sir, I beg to move :

> That the time for the presentation of the report of the Standing Committee on Revenue on the Registration (West Pakistan Amendment) Bill, 1966 (Bill No. 55 of 1966) be extended upto 31st May, 1968.

Mr. Deputy Speaker : Motion moved, the question is :

> That the time for the presentation of the report of the Standing Committee on Revenue on the Registration (West Pakistan Amendment) Bill, 1966 (Bill No : 55 of 1966) be extended upto 31st May, 1968.

The motion was carried.

Nawabzada Rahimdil Khan : Sir, I beg to move :

> That the time for the presentation of the report of the Standing Committee on Revenue on the North—West Frontier Province New Irrigation Projects (Control and Prevention of Speculation in Land) (Amendment) Bill, 1967 (Bill No. 33 of 1967) be extended upto 31st May, 1968.

Mr. Deputy Speaker : Motion moved, the question is :

> That the time for the presentation of the report of the Standing Committee on Revenue on the North-West Frontier Province New Irrigation Projects (Control and Prevention of Speculation in Land) (Amendment) Bill, 1967 (Bill No. 33 of 1967) be extended upto 31st May, 1968.

The motion was carried

Mr. Deputy Speaker : Next motion.

Babu Muhammad Rafiq : Sir, I beg to move :

> That the time for the presentation of the report of the Standing Committee on Home Affairs on the Pakistan Penal Code (West Pakistan Amendment) Bill, 1965 (Bill No : 32 of 1965) be extended upto 31st May, 1968.

Mr. Deputy Speaker : Motion moved, the question is :

> That the time for the presentation of the report of the Standing Committee on Home Affairs on the Pakistan Penal Code (West Pakistan Amendment) Bill, 1965 (Bill No : 32 of 1965) be extended upto 31st May, 1968,

The motion was carried.

Mr. Deputy Speaker : Next motion.

Babu Muhammad Rafiq : Sir, I beg to move :

> That the time for the presentation of the report of the Standing Committee on Home Affairs on the Code of Criminal Procedure (West Pakistan Amendment) Bill, 1966 (Bill No : 45 of 1966) be extended upto 31st May, 1968.

Mr. Deputy Speaker : Motion moved, the question is :

> That the time for the presentation of the report of the Standing Committee on Home Affairs on the Code of Criminal Procedure (West Pakistan Amendment) Bill, 1966 (Bill No : 45 of 1967) be extended upto 31st May, 1968.

The motion was carried.

Mr. Deputy Speaker : Next motion.

Chaudhri Muhammad Idrees : Sir, I beg to move :

> That the time for the presentation of the report of the Standing Committee on Communications and Works on the West Pakistan Motor Vehicle Ordinance (Amendment) Bill, 1966 (Bill No : 44 of 1966) be extended upto 31st May, 1968.

Mr. Deputy Speaker : Motion moved, the question is :

> That the time for the presentation of the report of the Standing Committee on Communications and Works on the West Pakistan Motor Vehicle Ordinance (Amendment) Bill, 1966 (Bill No : 44 of 1966) be extended upto 31st May, 1968.

The motion was carried.

Mr. Deputy Speaker : Next motion.

Chaudhri Muhammad Idrees : Sir, I beg to move :

> That the time for the presentation of the report of the Standing Committee on Information on the West Pakistan Press and Publications (Amendment) Bill, 1967 (Bill No : 39 of 1967) be extended upto 31st May, 1968.

Mr. Deputy Speaker : Motion moved, the question is :

> That the time for the presentation of the report of the Standing Committee on Information on the West Pakistan Press and Publications (Amendment) Bill, 1967 (Bill No : 39 of 1967) be extended upto 31st May, 1968.

The motion was carried.

Mr. Deputy Speaker : Next motion.

Chaudhri Muhammad Idrees : Sir, I beg to move :

> That the time for the presentation of the report of the Standing Committee on Education and Health on the West Pakistan Pure Food (Amendment) Bill, 1967 (Bill No : 25 of 1967) be extended upto 31st May, 1968.

Mr. Deputy Speaker : Motion moved, the question is :

> That the time for the presentation of the report of the Standing Committee on Education and Health on the West Pakistan Pure Food (Amendment) Bill, 1967 (Bill No : 25 of 1967) be extended upto 31st May, 1968.

The motion was carried.

Mr. Deputy Speaker : Next motion.

Chaudhri Muhammad Idrees : Sir, I beg to move :

> That the time for the presentation of the report of the Standing Committee on Revenue on the Punjab Pre-emption (West Pakistan Amendment) Bill, 1967 (Bill No : 23 of 1967) be extended upto 31st May, 1968.

Mr. Deputy Speaker : Motion moved, the question is :

> That the time for the presentation of the report of the Standing Committee on Revenue on the Punjab Pre-emption (West Pakistan Amendment) Bill, 1967 (Bill No. 23 of 1967) be extended upto 31st May, 1968.

The motion was carried.

BILLS

THE WEST PAKISTAN LAND REVENUE BILL, 1967.
(DISCUSSION—THIRD READING) (*concd*).

Mr. Deputy Speaker : Now, the Orders of the Day. The House will continue discussion on the third reading of the West Pakistan Land Revenue Bill.

Khawaja Muhammad Safdar : Sir, I would like to participate in this debate.

Mr. Deputy Speaker : Yes, please.

خواجہ محمد صفدر (سیالکوٹ - ۱) - جناب سپیکر - پیشتر اس کے کہ میں مسودہ زیر بحث کی تیسری خواندگی کے دوران اپنے خیالات کا اظہار کروں مجھے ابھی ابھی میرے ایک نہایت عزیز دوست نے اطلاع دی ہے کہ میں نے گزشتہ روز محترم حاجی دریا خان جلبانی کی ایک تجویز کی مخالفت کرتے ہوئے بعض ایسے الفاظ استعمال کئے ہیں جن سے یہ مطلب اخذ کیا جا سکتا ہے یا کیا گیا ہے کہ میں نے سابقہ صوبہ سندھ کے جملہ زمیندار صاحبان کی شان میں نازیبا الفاظ کہے ہیں - میں اس کے لئے معذرت چاہتا ہوں اگر میں نے ایسے الفاظ استعمال کئے ہیں یا اگر میں نے الفاظ استعمال نہیں کئے ہیں تو میرے دوستوں کے دلوں میں یہ خیال کیوں پیدا ہوا ہے - میں اس کے لئے معذرت خواہ ہوں کہ میں نے ایسے الفاظ کیوں استعمال کئے جن سے میرے دوستوں کے دلوں میں شبہ پیدا ہوا ہو کہ میں اپنی ذی وقار قوم کے کسی حصے کو دیانت سے گرا ہوا سمجھتا ہوں - جناب والا - ابھی یہ اطلاع میرے ایک عزیز دوست نے مجھے دی تھی - میں ان کی کرم فرمائی اور مہربانی کا شکر گزار ہوں کہ انہوں نے مجھے موقع بہم پہنچایا کہ میں اپنے دوستوں سے اسی ایوان میں واضح طور پر معذرت کر دوں - امید ہے میرے دوست میری اس معذرت کو قبول فرمائیں گے -

جناب والا ۔ اس سے پیشتر کہ زیر بحث مسودہ قانون پر جو کہ مختلف ترامیم کے بعد اس ایوان میں جس شکل میں پیش ہے اپنے خیالات کا اظہار کروں میں سمجھتا ہوں کہ یہ میرا خوش گوار فرض ہے کہ میں اس ایوان کو اس امر پر مبارک باد دوں ۔ اس ایوان نے جہاں تک مجھے معلوم ہوا ہے اپنی ۴۰ سالہ زندگی میں ایسا طویل اور وسیع قانون کبھی منظور نہیں کیا جو آج یہ ایوان پاس کر رہا ہے یا ایک دو گھنٹے کے بعد پاس کر دیا جائے گا ۔ حقیقت یہ ہے کہ اس بل میں اگرچہ گورنمنٹ کے مختلف محکموں نے سال ہا سال تک عرق ریزی کی ہے اور اس اسمبلی نے بھی کم و بیش ۵۰ روز اس پر سیر حاصل تبصرہ کیا ہے ۔ سینکڑوں کی تعداد میں ترامیم پیش ہوئیں جن میں سے بعض کو قبول کیا گیا اور بعض کو اس قابل نہیں سمجھا گیا کہ ان کو قبول کیا جائے یہ ایک الگ مسئلہ ہے لیکن حقیقت ہے کہ ان ۵۰ دنوں میں اس اسمبلی نے تاریخ آفرینی کی ہے ۔ اس بل کو پاس کرنا کوئی معمولی یا آسان کام نہ تھا ۔ اگر سال ہا سال کی محنت ہماری گورنمنٹ کے مختلف محکموں نے کی ہے تو اس اسمبلی کی پچاس روز کی محنت بھی کوئی رائیگاں نہیں گئی ۔ بعض اوقات وزارتی بنچوں سے کچھ اس قسم کے جذبات اور احساسات کا اظہار کیا جاتا رہا کہ کام جلدی ختم کیوں نہیں ہوتا ۔ میں سمجھتا ہوں کہ اکثر اوقات عجلت سے اچھے نتائج برآمد نہیں ہوتے اور میں اپنی جانب سے کہتا ہوں کہ مجھے اس بات کا کوئی شکوہ نہیں کہ مجھے اپنے خیالات کے اظہار کرنے کا کم موقع ملا ہے یا نہیں ملا ہے بعض اوقات ہو سکتا ہے نہ بھی موقع ملا ہو تو اتنے لمبے کام میں یہ بہت معمولی سی بات ہے اس کے ساتھ ساتھ میں سمجھتا ہوں کہ میں اپنے فرائض میں کوتاہی کروں گا اگر اپنی آخری تقریر کے دوران میں محترم قائد حزب اقتدار ۔ محترم وزیر مال صاحب اور محترم وزیر قانون صاحب کی

خدمت میں ہدیۂ تحسین پیش نہ کروں ۔ انہوں نے بڑی محنت کی ہے ۔ اور اکثر و بیشتر مواقع پر فراخ دلی سے بھی کام لیا ہے ۔ "اکثر و بیشتر" میں اس لئے کہتا ہوں کہ ہو سکتا ہے کہ ان کو بعض مجبوریاں ہوں جن کی بنا پر وہ اس قانون میں بنیادی تبدیلیاں کرنے سے قاصر رہے ہوں ۔ لیکن وہ جذبات جو کہ اکثر اوقات وزارتی بنچوں پر بیٹھنے والوں کے دلوں میں موجزن رہتے ہیں کہ جو بات بھی اس ایوان کے بائیں جانب سے آئے اس کی مخالفت ضرور کرنی ہے میں کہہ سکتا ہوں وہ جذبات گزشتہ پندرہ روز سے اس ایوان سے مفقود رہے ۔ اس کی وجہ سے تلخی کم ہوئی اور اصلاح زیادہ ہوئی یہ ایسی بات ہے جس کے متعلق میں سمجھتا ہوں کہ اس میں میرے ان تین محترم بزرگوں کا بہت بڑا حصہ ہے جنہوں نے بجائے اس کے کہ اس ننھی منھی آپوزیشن کو اس ایون سے بھگا دینے کی کوشش کرتے (جیسا کہ انہوں نے ایک بار کیا بھی) لیکن میرے خیال میں اس واقعہ کا جو انجام ہوا ہے وہ اچھا ہی ہوا ۔ ہم نے آپس میں اس طور پر مفاہمت کر لی کہ وہ اپنا نقطہ نظر بیان کریں اور ہم اپنا نقطہ نظر بیان کریں ۔ اس کے لئے محترم وزرا صاحبان اور خصوصی طور پر قائد ایوان واجب تحسین ہیں ۔

جناب والا ۔ اس مختصر سی تمہید کے بعد اور وقت بھی قلیل ہے مجھے اس کا شدید احساس ہے کہ آج ہم قواعد کی رو سے وقت کو بڑھا نہیں سکتے آج ٹھیک ڈیڑھ بجے اس اسمبلی نے غیر معینہ مدت کے لئے ملتوی ہو جانا ہے اور وقت کے اعتبار سے ابھی پونے دو گھنٹے باقی ہیں اس لئے میں اپنی تقریر مختصر کروں گا ۔ اور جلدی ختم کروں گا میرے تین دوستوں اور محترم بزرگوں نے تقاریر کرنی ہیں اور میرے رفیق کار حمزہ صاحب نے بھی تقریر فرمانی ہے اس لئے ان کے لئے بھی وقت بچ جائے ۔

جناب والا ۔ کہا جاتا ہے کہ اس قانون سے جو کہ اس وقت زیر بحث ہے بہت سی اچھائیاں پیدا ہوئی ہیں ۔ اس قانون میں جو کہ اس وقت رائج ہے اس میں بہت سی اصلاحات کی گئیں ہیں جیسا کہ محترم سردار محمد اشرف صاحب نے کل ارشاد فرمایا تھا مجھے ان کے ساتھ کلی طور پر اتفاق نہیں ہے ۔ میں یہ واضح طور پر ابتدا ہی میں کہہ دوں اگرچہ میں اس کی برائیاں بھی گنوانے والا ہوں شائد محترم قائد ایوان یہ کہیں کہ "ھنرش نیز بگو" یعنی اس قانون کی اصلاح کس حد تک ہوئی ہے ۔ وہ میں پہلے عرض کئے دیتا ہوں ۔ میرے نزدیک کم و بیش اس قانون میں سے پندرہ بیس فیصد حد تک اصلاح ہو سکی ہے اور وہ اصلاح کہاں ہوئی ہے ایک دو مقامات کی نشان دھی کر دیتا ہوں ۔ ایک اصلاح یہ ہوئی ہے کہ پہلے اجتماعی طور پر ایک ایسٹیٹ یا ایسٹیٹ کے مالکوں کو مالیہ کے لئے ذمہ دار قرار دیا جاتا تھا اب وہ ذمہ داری ختم ہو گئی ہے اور ان کے مالیہ کی ادائیگی کی ذمہ داری انفرادی ہو گئی ہے وہ ذمہ داری ساری ایسٹیٹ پر نہیں بلکہ ایک مالک کی ملکیت کی حد تک ہو گی ۔ میرے نزدیک یہ ایک اصلاحی قدم تھا اس سے نمبردار بیچارے جو ہر روز حوالات میں بند کئے جاتے تھے وہ بچ جائیں گے ۔ یہ انتہائی برا امر تھا کہ مالیہ کی ادائیگی میرے ذمہ ہو اور خان محمد علی صاحب جو کہ نمبر دار ہیں ان کو اس کا ذمہ دار گردانا جائے ۔ اس لحاظ سے مسودہ قانون میں اصلاح ہوئی ہے ۔

جناب والا ۔ دوسری اصلاح تشخیص مالیہ کے باب میں ہوئی ہے اور وہ اس طور پر ہوئی ہے کہ جہاں اصل تجویز یہ تھی کہ صوبہ کی ہر اراضی جہاں کہیں واقع ہے ماسوائے آبادی دیہہ کے اس پر مالیہ کی ادائیگی واجب ہوگی ۔ لیکن اصلاح کے طور پر دیہاتی آبادی کے لئے نوتوڑ زمین کو الکم ٹیکس کے اصول کو مد نظر رکھتے ہوئے مالیہ سے مستثنیٰ کیا گیا ہے

اور شہری آبادی میں مزروعہ اراضی کنٹونمنٹ ایریا کی اراضی کو مالیہ سے مستثنیٰ کیا گیا ہے مگر میری اور ملک اختر کی یہ چھوٹی سی ترمیم منظور نہیں کی گئی کہ چھوٹے زمیندار اور مفلوک‌الحال کاشتکار کو جن کے پاس محض گزارہ اراضیات میں ان کو مالیہ سے مستثنیٰ کیا جائے حالانکہ اس تجویز کے حق میں میں نے Adam Smith سے لیکر موجودہ زمانے کے ماہرین معاشیات تک اور امام یوسف رحمۃ اللہ علیہ سے لے کر پریذیڈنٹ ایوب خان کے منشور تک سے حوالہ دے کر اس بل کی بحث کے دوران طویل ترین تقریر کی اس وقت میں اس تقریر کو دوہرانا نہیں چاہتا مگر صرف اس قدر عرض کرنا چاہتا ہوں کہ میں نے اس تقریر میں دلائل و براہین کے انبار لگا دیئے ۔ مگر افسوس ہے کہ ہمارے دوستوں کے نزدیک وہ قابل قبول نہیں ہوئے محترم قائد ایوان سے میں نے یہ عرض کیا تھا کہ کم از کم اپنے صدر مسلم لیگ کے اعلان کردہ منشور پر بھی عمل کیجئے مگر انہوں نے فیلڈ مارشل محمد ایوب خان صدر پاکستان کے منشور میں لکھے ہوئے تمام خوش آئند مواعید کو پس پشت ڈالتے ہوئے ہماری ایک نہ سنی اور چھوٹے زمینداروں کو مالیہ کی رعایت نہیں دی مسلم لیگ کے منشور میں لکھا گیا تھا کہ ہم ان مواعید کو پورا کرنے کی پوری پوری کوشش کریں گے لیکن میری حیرانی کی کوئی حد نہ رہی جب محترم سردار محمد اشرف نے جو کہ پارلیمنٹری سیکرٹری کے عہدے پر فائز ہیں حکومت کی ترجمانی فرماتے ہوئے ارشاد فرمایا کہ محترم صدر مملکت کا یہ وعدہ کہ چھوٹے زمینداروں کو مالیہ کی ادائیگی سے مستثنیٰ قرار دیا جائے ناقابل عمل ہے ۔ اب میں اس معزز ایوان میں وہ وعدہ پڑھ کر سناتا ہوں جو کہ مسلم لیگ کے منشور کے صفحہ ۹ پر نمبر ۴ اور ۶ پر درج ہے :-

"میرا وعدہ ہے کہ :-

(۴) ٹیکسوں کو اس طرح عائد کرنا کہ ہر ایک پر صرف منصفانہ

اور متوازن بار پڑے ۔

(۶) مالیہ کے نظام میں معقولیت کی خاطر ایسی اصلاحات کرنی ہوں گی کہ چھوٹے زمینداروں کے ساتھ انصاف کا معاملہ ہو ۔"

اس وعدے کو پورا کرنے کی کوشش کے لئے بقول سردار محمد اشرف ایک اعلیٰ سطح کی کانفرنس بلائی گئی جس میں گورنر وزراء اور بورڈ آف ریونیو کے ممبران اور دیگر ماہرین اور صاحب اختیار افسران کو دعوت دی گئی اور اس معاملے پر بحث ہوئی کہ چھوٹے زمینداروں کو مالیہ سے مستثنیٰ قرار دیا جائے لیکن انتظامیہ امور کی بنا پر یہ فیصلہ ہوا کہ اس پر عمل ممکن نہیں ہے ۔ یہ ان کے الفاظ ہیں ۔ جناب والا ۔ میری حیرت کی حد نہ رہی اور مجھے افسوس اور رنج بھی بے انتہا ہوا جب حکومت کی ترجمانی کرتے ہوئے انہوں نے صدر مملکت نیز ان کے محبوب راہنما کے واضح اور پختہ مواعید اور حتمی وعدوں کو ناممکن العمل قرار دیا ۔ گویا صدر مملکت اور صدر پاکستان مسلم لیگ کے مواعید مہمل اور بیکار ہیں ۔ جناب والا ۔ ان کی اس بات کے بعد اس مسلم لیگ کے وعدوں پر اب کیا اعتبار باقی رہ گیا ۔ آئندہ ان کی کس بات کا اعتبار کیا جائے گا اور کون ان کی باتوں پر اور ان کے وعدوں پر اعتبار کرے گا جبکہ سب سے بڑی شخصیت فیلڈ مارشل محمد ایوب خان کے solemn pledges کا یہ حشر ہوا ہو اور ان کے حتمی وعدوں کو پارلیمنٹری سیکرٹری کے اعلان کے مطابق ناقابل عمل قرار دے دیا گیا ہے یہ ایک ذمہ دار ترجمان حکومت کا اعلان تھا مجھے افسوس ہے کہ یہ جماعت یہ اراکین اسمبلی یہ معزز وزراء اور پارلیمنٹری سیکرٹری اپنے راہنما اپنے قائد اور اپنے لیڈر کے مواعید کے متعلق اس قسم کے خیالات رکھتے اور بیان کرتے ہیں اور ان کے حتمی اور تحریری وعدوں کو ناقابل عمل قرار دیتے ہیں تو پھر مسلم لیگ کے اس منشور کی کیا

قدر و قیمت باقی رہ جاتی ہے بلکہ میں تو کہوں گا کہ اس منشور کی قیمت اس کاغذ کی قیمت سے بھی گر جائے گی جس پر یہ لکھا گیا ہے ۔ واحسرتا اب ملک کے ۱۲ کروڑ افراد صدر مملکت کے منشور اور مواعید پر کیا اعتبار کریں گے جن کا یہ حشر ایوان اسمبلی میں ہوا ہے ۔

جناب والا ۔ میں اور کیا عرض کروں وقت قلیل ہے اور میرے دوسرے محترم دوستوں کا بھی حق ہے کہ وہ اپنے خیالات کا اظہار فرمائیں ۔ اب صرف مختصراً آپ کی خدمت میں دفعہ ۴۲ جس کے ماتحت ملکیت کا تعین ہوگا جس کو ریکارڈ آف rights یا حقوق ملکیت کی تیاری و تدوین کہا جاتا ہے کے متعلق کچھ عرض کروں گا ۔ اس ایوان نے سب سے زیادہ وقت اس دفعہ پر صرف کیا اور جہاں تک مجھے یاد ہے نو یا دس دن تک لگا تار دو اجلاسوں میں اس پر بحث ہوتی رہی ، اس کے متعلق بیشمار ترامیم پیش ہوئیں ۔ اور ہماری جانب سے بار بار یہ مطالبہ کیا جاتا رہا اور مختلف ترامیم کے ذریعہ مطالبہ کیا جاتا رہا کہ انتقالات اراضی کے اندراجات رجسٹری شدہ وثیقہ جات کی بنیاد پر کرنے چاہئیں کیونکہ موجودہ طریق کار حد درجہ ناقص ہے اور اس سے بد دیانتی پھلتی پھولتی ہے ۔ لوگوں کے حقوق غصب کئے جا رہے ہیں ۔ لیکن وزارتی بنچوں کا رویہ اس کے متعلق عجیب و غریب تھا اور وہ یہ تھا کہ وہ یہ مانتے تھے کہ بد دیانتی ہو رہی ہے ، وہ یہ قبول فرماتے تھے کہ موجودہ طریق کار سے بد دیانتی جاری رہے گی اور اس وقت بھی ہے ۔ لیکن مجھے یہ معلوم نہیں کہ کن مصلحتوں کی بناء پر بجائے اس کے کہ جیسے کہ میری درخواست تھی کہ اس کلاز میں بنیادی تبدیلی کرنی چاہئے ، میرا یہ اصرار تھا لیکن جیسا کہ میں نے عرض کیا ہے نامعلوم کن مصلحتوں کی بناء پر انہوں نے اس پھٹے پرانے پیرھن کو جو کہ محکمہ مال کے عمال کی اب ستر پوشی نہیں کر سکتا ، پیوند لگانے کی اور اس کو رفو کرنے کی کوشش کی ۔ آپ یقین کیجئے کہ دفعہ نمبر ۴۲ میں

جو اختیارات محکمہ مال کے عمال کو حاصل ہیں ، اگر اس کو ایک جامہ یا پیرھن سے تشبیہ دی جائے ، تو وہ محکمہ مال کے عمال کی ستر پوشی بھی نہیں کر سکتا ان کی بد دیانتی کو چھپا نہیں سکتا ۔ ان کی بد دیانتی سب پر ظاہر اور عیاں ہے ۔ اور جب ان کو یہ کہا گیا کہ اس پر ایک اور چولہ ڈال لیجئے تو انہوں نے کہا کہ نہیں ۔ بس اس کو رفو کر لیتے ہیں ۔ اس کو رفو کرنے سے نتیجہ کیا نکلا ۔ اگر ہم نے کسی جگہ یہ کہہ دیا ہے کہ اس درخواست کی نقل یونین کونسل میں جائے گی اور درخواست دہندہ کو ایک رسید دی جائے گی ، اس قسم کی ترامیم سے ہم مطمئن ہو گئے ہیں ۔ اس ایوان نے تو ایک طویل مگر غیر مؤثر طریق کار بنا دیا ہے ۔ لیکن مجھے افسوس کے ساتھ عرض کرنا پڑتا ہے کہ اس طویل طریق کار پر کسی نے عمل نہیں کرنا ۔ تجربے نے یہ ثابت کر دیا ہے کہ یہ انتظامیہ اس قابل ہی نہیں ہے کہ وہ اپنے ماتحت عملے پر کڑی نگرانی کر سکے اور ان کو بد دیانتی سے باز رکھ سکے ۔ ان کے لئے ایسے قوانین چاہئیں کہ جن کے حدود و قیود کے اندر وہ قید رہیں اور ان کے ہاتھ میں کم از کم اختیارات ہوں ۔ لیکن اس روائیتی ملازم کی ، جسے پٹواری کہا جاتا ہے ، اور میرے نزدیک یہ لفظ محکمہ مال کے نچلے درجے کے عملے یعنی ڈیوینیو اسسٹنٹ اور اس کے نیچے عملہ کو ظاہر کرتا ہے ، ان کی بد دیانتی کو چھپانے کی جو سعی بھی اس ایوان میں کی گئی ہے وہ سعی لا حاصل ہے ۔ اس سے کچھ حاصل نہیں ہوگا ، کوئی نتیجہ برآمد نہیں ہوگا اور یہ بد دیانتی اسی طرح پھلتی پھولتی رہے گی اور اس کو روکنے میں اپنے آپ کو حد درجہ مجبور اور معذور پائیں گے ۔ اس کے بعد ایک اور مسئلے پر میں کچھ سرسری سی بات کرنا چاہتا ہوں اور وہ یہ ہے کہ اس قانون کی غرض و غائت یہ تھی اور جس وجہ سے اس پر سالہا سال محنت شاقہ ہوتی رہی ہے ، کہ اس صوبے میں شرقاً غرباً طولاً عرضاً ایک ہی قانون نافذ کیا جائے گا لیکن اس غرض ،

اس مدعا اور اس مقصد کو اس طرح سے پامال کیا گیا کہ دفعہ نمبر ۱ اور دفعہ نمبر ۲ اور آخر میں ایک دفعہ جو کہ نمبرداروں کے متعلق ہے ، ان کو اس قانون میں شامل کرکے ہمارا جو مقصد اور مدعا تھا ، اس کی دھجیاں فضائے آسمانی میں بکھیر دی گئیں ۔ آج میرے ایک نہایت محترم دوست نے مجھ سے سوال کیا کہ کیا سابق سندھ میں مالیہ کا sliding scale یعنی گھٹنے بڑھنے والا نظام جاری رہے گا ۔ تو میں نے ان سے یہ عرض کیا کہ فی‌الحال تو اسے جاری رہنا چاہئے ۔ اس لئے کہ یہ بھی بورڈ آف ریوینیو کی صوابدید پر ہے کہ اس قانون کو تمام تر یا اس کی کسی شق کو یا اس کی چند شقوں کو کس علاقے میں نافذ کریں یا نہ کریں ۔ اس لئے کہ اگر میرے وہ بھائی جنہوں نے اس قانون سے یہ شق خصوصیت کے ساتھ رکھی ہے کہ سلائیڈنگ سکیل اس صوبے میں یا اس نظام میں جاری نہیں رہے گا ، وہ بھی بورڈ آف ریوینیو کے دست نگر ہیں ۔ میری ذاتی رائے یہ ہے اور میں جناب قائد ایوان اور محترم وزیر مال سے یہ التجا کروں گا کہ آپ نے اختیارات تو حاصل کر لئے ہیں ۔ یعنی آپ کو یہ اختیار حاصل ہے کہ اس مسودۂ قانون کو جس طرح چاہیں آپ استعمال کریں ۔ اس کو کھلونا بنا کر اس کے ساتھ کھیلیں یا فٹ بال بنا کر اسے ادھر سے ادھر لڑھکائیں ، لیکن میں آپ کو حب الوطنی کے اس جذبے کے نام پر جو کہ میرے دل میں بھی موجزن ہے اور آپ کے دلوں میں بھی موجزن ہے ، یہ اپیل کرتا ہوں کہ آپ اس صوبے میں مالگزاری کے تعین کے لئے صرف ایک طریقہ رائج کریں ۔ اور وہ طریقہ مستقل شرح کا ہے ۔ میں نے محترم دریا خان جلبانی صاحب کی ترمیم کے سلسلے میں بھی چند خدشات کا اظہار کیا تھا ، اگر آپ صوبے بھر میں شرح کا تعین کر دیں گے تو وہ خدشات باقی نہیں رہیں گے ۔ حالانکہ ایک شرح تو ممکن نہیں ہو سکتی کیونکہ مختلف قسم کی اراضی پر مختلف شرح ہی نافذ کی جا سکتی ہے لیکن میری مراد یہ ہے کہ اگر مستقل شرح سے آپ

مالیہ کی وصولی کا انتظام کریں گے تو کسی طور پر بھی وہ ٹیے دار جس کی میں نے بڑی مخالفت کی تھی ، اور وہ بد دیانت زمیندار جو کہ اس کے ساتھ مل کر کام کرتے ہیں ، وہ آپس میں مل کر کبھی بھی سازش نہیں کر سکیں گے اور اس سازش کے نتیجے میں حکومت کے مالیہ کی رقم کو بھی ھضم نہیں کر سکیں گے ۔ حکومت کو یہ معلوم ہوگا کہ مالیہ کی مد میں سارے صوبے سے سالانہ کیا وصول ہونا ہے اور زمیندار کو معلوم ہوگا کہ اس نے ٹیے دار کی منت کئے بغیر حکومت کے خزانے میں کس قدر رقم سالانہ جمع کرانی ہے ۔ اس طرح بہت سی برائیاں ختم ہو جائیں گی ۔ مجھے اس بات کا بھی احساس ہے کہ نہری علاقوں میں tail پر پانی کم ہو جاتا ہے اور اگر ایسے علاقوں میں رہنے والے زمینداروں پر بھی اسی شرح سے مالیہ عائد کیا گیا جس طرح کہ ہیڈ پر رہنے والے زمینداروں پر کیا جاتا ہے ، تو یہ نا انصافی ہو گی اور شاید اس بناء پر جناب قائد ایوان اور محترم وزیر مال صاحب میری اس تجویز کی مخالفت کریں ۔ لیکن میں تو یہ کہتا ہوں کہ جہاں میں مستقل شرح کے متعلق التجا کر رہا ہوں وہاں پر میں یہ بھی گزارش کرنا چاہتا ہوں کہ مالیہ کی شرح قلیل ترین ہو ۔ تاکہ جہاں پر پانی کم ملتا ہے وہاں مالیہ لوگوں پر ایک ناجائز بار ثابت نہ ہو ۔ اس سے وہ فائدہ بھی ہوگا جو کہ ہم "اناج اگاؤ" مہم کے سلسلہ میں حاصل کرنا چاہتے ہیں اور حکومت اور عوام پورے زور سے جس میں مصروف ہیں ۔ اس سے زمیندار کو ایک incentive ملے گا کہ اگر اس نے ایک ایکڑ زمین کے لئے مالیہ ادا کرنا ہے تو وہ اسے کیوں کاشت نہ کرے ۔ اس طرح آپ کا زیادہ سے زیادہ رقبہ زیر کاشت آئے گا ۔ بشرطیکہ آپ مستقل شرح مالیہ مقرر کریں ۔

جناب والا ۔ اس کے بعد میں صرف ایک اور پوائنٹ کے متعلق عرض کروں گا اور پھر اپنی تقریر ختم کروں گا کیونکہ میں سمجھتا ہوں کہ وقت

بہت قلیل ہے اور مجھے ایوان کے پروگرام کے مطابق چلنا ہے ۔ اس لئے میں اختصار سے کچھ باتیں عرض کروں گا اگرچہ باتیں تو بہت زیادہ تھیں ۔ اب تقریر میں کچھ مزا نہیں رہا اور نہ ہی کچھ لطف رہا ہے کیونکہ میں اپنے ذہن میں خیالات کی precis بنا کر عرض کر رہا ہوں ۔

میرے محترم دوست سردار محمد اشرف خان صاحب پارلیمنٹری سیکرٹری نے ارشاد فرمایا تھا کہ اس حکومت نے زمینداروں پر دیوانی عدالتوں کے دروازے اس لئے بند کئے ہیں تاکہ زمیندار عدالتوں کے چکر میں نہ پڑیں ۔ اور ان کو طویل procedure سے نجات حاصل ہو جائے ۔ اس طرح ان کے لئے انصاف حاصل کرنا بھی آسان ہو جائےگا اور جلدی بھی حاصل ہو سکے گا ۔ ان کے اس ارشاد پر مجھے ایک بات یاد آ گئی ہے کہ ایک تحصیلدار صاحب تھے ان کے پاس ایک سائل کسی انتقال وغیرہ کے لئے حاضر ہوا اور اپنے ساتھ گھی کا ایک ٹین بھی لایا ۔ گھی کا ٹین پیش کرتے ہوئے اس نے سلام کیا اور عرض کیا کہ جناب کے لئے میں یہ گھی کا ٹین لایا ہوں اس سے زیادہ خدمت نہیں کر سکتا ۔ تحصیلدار نے کہا کہ میں نے اس سے کیا ناف چپڑلی ہے ۔

جناب والا ۔ غور فرمائیں کہ تحصیلدار کو ناف چپڑنے کے لئے گھی کا ایک ٹین درکار ہوتا ہے اور ہمارے پارلیمنٹری سیکرٹری صاحب زمینداروں کو دیوانی عدالتوں سے نکال کر تحصیلدار کے چکر میں ڈال رہے ہیں جس کی محض ناف چپڑنے کے لئے گھی کا ایک ٹین درکار ہوتا ہے ۔ غور فرمائیے کہ اگر اس نے کوئی کام کرنا ہوا تو اس کام کرنے کی اجرت کیا ہوگی ۔ پارلیمنٹری سیکرٹری صاحب خود زمیندار ہیں دانشمند ہیں ۔ پارلیمنٹری سیکرٹری بننے سے پہلے تحصیلداروں اور نائب تحصیلداروں کو اور مال افسروں کو وہ بھی گھی کے ٹین دیتے رہے ہوں گے ۔

مسٹر ڈپٹی سپیکر ۔ پٹواری کسی کو نہیں چھوڑتا ۔

خواجہ محمد صفدر ۔ میں سمجھتا ہوں کہ یہ چکر تو دیوانی عدالتوں سے بھی بہت مہنگا ہے ۔ جب کہ ایک تحصیلدار کی ناف چھڑنے کے لئے گھی کا ایک ٹین چاہئے اور اس کے سامنے جبین سائی اس کے علاوہ ۔ کیا اس سے عدالتوں میں جانا آسان نہیں ہے ؟ مجھے افسوس ہے کہ جہاں دیوانی عدالتوں پر اس ایوان نے مکمل عدم اعتماد کا اظہار کیا ہے وہاں آپ نے ان محکمہ مال کے افسران کو دیوانی عدالتوں کے اختیارات بھی بخشے ہیں کہ وہ خود دیوانی عدالتیں بنا سکیں ۔ آپ کو معلوم ہے کہ ہم نے ایک کلاز پاس کی ہے کہ ریوینیو بورڈ کسی افسر کو ڈسٹرکٹ جج بنا سکتا ہے ۔ محکمہ مال کے افسروں کو ڈسٹرکٹ جج کے اختیارات دے سکتا ہے ۔ وہ بھی ریوینیو افسر کی definition میں آ جاتے ہیں شاید اس لئے کہ وہ سول عدالتیں کسی حد تک آزاد ہیں ۔ ریوینیو افسروں کو یہ اختیارات دیئے گئے ہیں تاکہ اگر کسی فیصلہ کے خلاف اپیل ہو تو خود ہی سن لیں ۔ اور اس فیصلہ میں جو گندگی بھری ہو اس کے متعلق باہر کسی کو پتہ نہ چلے ۔ آپ سب نے مل کر اپنے صوبہ کی دیوانی عدالتوں سے اختیارات چھین کر صوبہ پر بہت بڑا ظلم کیا ہے اور کاشت کار بھائیوں پر خصوصیت سے ظلم عظیم کیا ہے ان کو مکمل طور پر محکمہ مال کے عمال کے رحم و کرم پر چھوڑ دیا ہے اور کوئی راستہ نہیں رکھا جس کے ذریعہ سے وہ ان کے ظلم و ستم سے بچ سکیں یا کوئی اور راستہ اختیار کر سکیں ۔

Parliamentary Secretary (Sardar Muhammad Ashraf Khan): I am on a personal explanation.

Mr. Deputy Speaker : I will give the Member only 2 minutes.

سردار محمد اشرف خان ۔ جناب والا ۔ آج قائد حزب اختلاف اور میرے محترم بزرگ نے میری کل کی تقریر کے متعلق جو تاثرات اس ایوان میں

دیئے ہیں مجھے اس سے بہت سخت رنج ہوا ہے میں نے کل کہا تھا کہ صدر ایوب خان اور ان کی حکومت نے سب سے پہلی دفعہ پاکستان میں چھوٹے زمینداروں کی فلاح و بہبود کی طرف قدم اٹھایا ہے میں نے یہ بات واضح طور پر پیش کی تھی کہ صدر صاحب نے ہر مسئلہ کے بارے میں اس کو examine کرایا اور اس کی پوری چھان بین کرائی - آپ ۵/۰ روپیہ کی چھوٹ سے سستی شہرت حاصل کرنا چاہتے ہیں لیکن حکومت چھوٹے زمینداروں کو ۵۰۰/- روپیہ تک کی امداد اور اس کی فلاح و بہبود کے لئے subsidy دے رہی ہے -

Khawaja Muhammad Safdar : I question it.

سردار محمد اشرف خان - قائد حزب اختلاف نے تمام واقعات سے با خبر ہوتے ہوئے جن خیالات اور جذبات کا اظہار کیا ہے مجھے اس سے بڑا رنج ہوا ہے - میں اس بات کا پھر اعادہ کرتا ہوں کہ صدر ایوب خان نے چھوٹے زمینداروں اور کاشتکاروں کی بہبود کے لئے ہر ممکن سعی اور کوشش کی ہے - میں نے کل کہا تھا کہ حزب اختلاف اور ان کے قائد نے زرعی اصلاحات کے کے سلسلہ میں ۱۹۵۲ء میں جو قدم اٹھایا تھا سابقہ پنجاب کے زمیندار آج تک ان سے نالاں ہیں -

Mr. Deputy Speaker : That is not a personal explanation.

خواجہ محمد صفدر - اگر اسی طرح غیر ضروری باتوں کا اظہار ہوا تو پھر مجھے بھی کچھ کہنا پڑے گا -

مسٹر حمزہ - جناب سپیکر - میں یہ عرض کروں گا کہ جناب اشرف صاحب نے حق بات کہی ہے اور انہوں نے صدر صاحب کی بہت اچھی تعریف کی ہے اس لئے ہم سفارش کرتے ہیں کہ ان کو وزیر بنا دیا جائے -

رانا پھول محمد خان ۔ پوائنٹ آف آرڈر ۔ جناب والا ۔ حزب اختلاف کے قائد جناب خواجہ محمد صفدر نے اپنی تقریر میں ایک لفظ فرمایا ہے کہ کل پارلیمنٹری سیکرٹری صاحب نے دیوانی عدالتوں پر عدم اعتماد کا اظہار کیا تھا یہ کہہ کر انہوں نے ہم پر زیادتی کی ہے ۔ ہمیں دیوانی عدالتوں کی لمبی سماعت سے بچنے کے لئے کہا تھا ۔

مسٹر ڈپٹی سپیکر ۔ یہ کوئی پوائنٹ آف آرڈر نہیں ۔

مسٹر حمزہ (لائل پور - ٦) ۔ جناب سپیکر ۔ میں اپنی تقریر کے آغاز میں ہی اپنی کمزوری اور مجبوری کا اظہار کروں گا ۔ اس ایوان میں عوام کی نمائندگی کرتے ہوئے اگر بعض اوقات کوئی کوتاہی یا تلخ نوائی ہو گئی تو میں اس کا اعتراف کرتا ہوں ۔ میں توقع کرتا ہوں کہ آپ مجھ سے تلخ نوائی کا گلہ نہیں کریں گے ۔ کیونکہ جو کچھ میں نے کہا ہے وہ میں نے ایوان میں عوام کی نمائندگی کرتے ہوئے کہا ہے بلکہ میں تو کہوں گا کہ میں عوام کی نمائندگی کے نشے میں چور ہوں لیکن چور نہیں ہوں ۔ جناب سپیکر ۔ یہ مسودہ قانون جس کو کہ آج ہم قانون کی شکل دے رہے ہیں ۔ ۔ ۔ ۔ سابقہ پنجاب کے لفٹننٹ گورنر لارنس نے کہا تھا کہ "تم تلوار سے حکمرانی چاہتے ہو یا قلم سے" اور جہاں تک مجھے یاد ہے ان کا بت مال روڈ پر نصب تھا اب اسے وہاں سے ہٹا دیا گیا ہے ۔ لیکن مجھے یہ کہتے ہوئے قطعی کوئی ہچکچاہٹ محسوس نہیں ہوتی ۔ کہ حکمرانی کا بھوت جو لارنس کے دماغ پر سوار تھا وہ آج تک ہمارے حکمرانوں کے ذہنوں پر سوار ہے ۔ اور یہ قانون قلم سے حکمرانی کی بدترین مثال ہے اور یہ قلم سے حکمرانی کا بدترین نمونہ ہے جو کہ اس قوم نے اور مغربی پاکستان کے صوبے نے ۲۰ ۔ سال کی آزاد زندگی یا آج جبکہ ہمیں آزاد ہوئے ۲۰ سال گزر گئے ہیں مغربی پاکستان کی عام آبادی اور خصوصاً کاشتکاروں کے سامنے پیش کیا ہے ۔ جناب

خواجہ صفدر صاحب نے فرمایا ہے کہ اس میں شک نہیں کہ ہماری جیت ہوئی ہے۔ میں عرض کروں گا کہ ہمیں اپنی ناکامی اور اپنی شکست کا اعتراف کرنا چاہئے اور جیت اس نظام کی ہوئی ہے اور اس سرمایہ دارانہ نظام کی ہوئی ہے جو بد ترین نظام ہے اور ہم پر مسلط ہے۔ افسوس تو یہ ہے کہ لمبی جد و جہد آزادی کے بعد اور قربانیوں کے بعد آزادی کی صبح طلوع ہوئی لیکن طلوع ہوتے ہی مطلع ابر آلود ہو گیا اور کشمکش کے کچھ سالوں کے بعد آندھی آئی طوفان آیا اور بہت سی چیزوں کو بہا کر لے گیا۔ لیکن وائے افسوس کہ آج اور ابھی تک اس قوم کی قسمت کی خرابی کا مطلع صاف ہونے میں نہیں آتا۔

(اس مرحلہ پر مسٹر سپیکر۔ کرسی صدارت پر متمکن ہوئے)۔

جناب سپیکر۔ ۱۸۸۷ء میں یہ قانون لفٹننٹ گورنر جنرل ان کونسل نے منظور کیا آپ کو یاد ہوگا کہ ۱۸۰۳ء سے لے کر ۱۸۴۹ء تک سابق پنجاب کے بیشتر علاقے انگریزوں کی عملداری میں آگئے تھے اور ان تمام ایام میں مالیہ وصول کرنے کے لئے وقتاً فوقتاً بہت سی ہدایات جاری کی گئیں جن کو کہ ۱۸۸۷ء میں قانون کی شکل دے دی گئی اور اسی قانون کو آج ہم موجودہ روپ اور شکل میں پیش کر رہے ہیں صرف اس کے جسم میں کچھ چھوٹی موٹی تبدیلیاں کر دی گئی ہیں جس پر ہمارے سامنے بیٹھے ہوئے ممبران بہت فخر کریں گے اور وہ ایسی چیزوں پر ہی فخر کیا کرتے ہیں اور ان کو یہ فخر کرنا مبارک ہو۔ جہاں تک میرا خیال ہے یہ قانون محکوم قوم سے مالیہ وصول کرنے کے لئے جس کو انگریزوں نے چال بازی سے، دھوکے سے، اپنے قبضہ میں لیا تھا ان کو مغلوب کیا تھا جاری کیا گیا تھا یا اسے بنایا گیا تھا انکا مقصد محض مالیہ وصول کرنا نہیں تھا بلکہ اسکے ذریعہ محکموں کو غلامی کی زنجیریں بھی پہنانا تھا اور نہ صرف ان کو

جسمانی طور پر زنجیریں پہنانا تھا بلکہ ان کو ذہنی طور پر بھی غلام بنانا تھا اس لئے انہوں نے مالیہ وصول کرنے کے لئے افسروں کو بعض ایسے اختیارات دیئے اور ایسے عدالتی اختیارات دیئے جو کہ مالیہ وصول کرنے کے لئے کسی لحاظ سے بھی مناسب اور ضروری نہیں تھے ۔ جناب سپیکر ۔ آپ کو یاد ہوگا اس زمانے میں حکومت کی بیشتر آمدنی مالیہ کی صورت میں تھی یا مالیہ پر مشتمل ہوتی تھی لیکن ۱۹۶۷ء میں ۸۰ ۔ سال گزرنے کے بعد اس صوبے کا مجموعی سالانہ میزانیہ ۳ ۔ ارب ۔ ۷۶ ۔ کروڑ ۴۵ ۔ لاکھ ۔ ۷۶ ۔ ہزار روپے ہے اور اس میں مالیہ سے ہمیں جو آمدنی حاصل ہوتی ہے وہ کل آمدنی کا صرف ۲ فیصد ہے ۔ مجھے انتہائی افسوس کے ساتھ کہنا پڑتا ہے کہ آج حکومت نے اسی اصول کو اپناتے ہوئے اس کو ایک طرف تو اپنی آمدنی کا ذریعہ بنایا اور دوسری جانب وہی عدالتی نظام ہمارے لئے بعینہ تجویز کیا جو کہ میرے نزدیک کسی بھی آزاد ملک کے شایان شان نہیں ہے ۔ قائد ایوان فرمائیں گے کہ مالیہ ٹیکس نہیں ہے میں کہتا ہوں کہ یہ ٹیکس ہے ۔ محاصلات کے جو بنیادی اور سنہری اصول ہیں یہ ان کی خلاف ورزی کرتا ہے ۔ مہذب دنیا میں ٹیکس لگاتے وقت ٹیکس ادا کرنے والے کے مقدور کو سامنے رکھا جاتا ہے حقیقت یہ ہے کہ مہذب دنیا کے کسی ٹیکس کی تعریف میں اس کو نہیں لایا جا سکتا اور نہ تشبیہہ دی جا سکتی ہے یہ محض خراج ہے جو حکمران محکوم قوم سے وصول کیا کرتے ہیں ۔ جناب قائد ایوان یہ بھی فرمائیں گے کہ اگر ہم چھوٹے کاشتکاروں کو ٹیکس سے مستثنیٰ قرار دے دیں تو اس سے بہت سی قباحتیں سر اٹھائیں گی بہت سی مشکلات پیدا ہوں گی ۔ جناب سپیکر ۔ میں نے ان کی عالمانہ تقریریں سنی ہیں لیکن اس کے باوجود میں ان کی خدمت میں یا معزز اراکین کی خدمت میں یہ عرض کروں گا کہ وہ قباحتیں چھوٹے کاشتکاروں کو مالیہ سے مستثنیٰ قرار دینے میں حائل نہیں ہوتیں بلکہ حقیقت یہ ہے کہ چھوٹا

کاشتکار ایک بہت سنگین اور خطرناک قسم کا گناھگار ہے کیوں کہ وہ غریب ہے اور افسوس ہے کہ ان غریب لوگوں کی ایوانوں میں نمائندگی بہت کم ہے اور اگر ان کی نمائندگی ھوتی یا ان کی آبادی کے تناسب سے ان کی نمائندگی ہوتی تو اس قسم کا مسودہ قانون اس ایوان میں پیش ہی نہیں کیا جا سکتا تھا ۔ غریبوں کی نمائندگی کے لئے دولت مند آ جاتے ہیں اور یقینی طور پر جو یہاں مسودہ قانون پاس کیا گیا ہے اس کے ذریعہ غریبوں یا چھوٹے کاشتکاروں کو حقوق نہیں دلائے جا رہے ہیں اس لئے کہ وہ غریب ہیں ۔ اگر کسی کے نا جائز حقوق کی حمایت یا حفاظت کی گئی ہے تو وہ دولت مند ہیں ۔

جناب سپیکر ۔ جہاں تک افسران محکمہ مال کو حقوق ملکیت کے تعین کے اختیارات دینے کا تعلق ہے میں اس کے لئے صدر مملکت کے لاریفارمز کمیشن کی رپورٹ کا حوالہ دیتا رہا ہوں لیکن آج میں آپ کے سامنے قائد اعظم کے بعض فرمودات پیش کروں گا انہوں نے ۱۹۱۹ء میں تقریر کرتے ہوئے فرمایا تھا ۔

> "I am a firm believer that no man's liberty should be taken away for a single minute without a judicial enquiry"

judicial enquiry, not an enquiry by a Revenue Officer.

> "No man should lose his liberty or be deprived of his liberty without a judicial trial in accordance with the accepted rules of evidence and procedure.
>
> The powers which are going to be assumed by the executive .."

آپ یہاں بھی انتظامیہ کو اختیار دے رہے ہیں ۔

which means substitution of executive for judiciary.

> "...The said powers are likely to be abused

and in the past we have instances where such powers have been abused."

اب تو سارا جسم داغدار ہے ۔ تاریخ داغدار ہے ساری قوم بلبلاتی ہے کہ التظامیہ نے کون کون سے مظالم ہیں کون کون سے زیادتیاں ہیں جو نہیں کیں اور آگے چل کر وہ فرماتے ہیں :-

"If I were an official and If I felt that my life was in danger and I was going to be shot down even like a dog. I should never be a party to a measure which will endanger the life and liberty of innocent population."

جناب سپیکر ۔ اس میں کوئی شک نہیں کہ ہم قائد اعظم کی انتہائی عزت و احترام کرتے ہیں ۔ لیکن ہم ان کے خیالات اور تعلیمات کی زبانی تعریف کرتے ہیں ۔ ہم نے ان کے خیالات کو فولاد کے میناروں میں بند کر دیا ہے اور میں سمجھتا ہوں کہ یہ مسودہ قانون اس کی بد ترین مثال ہے ۔ جناب سپیکر ۔ محض یہی نہیں جناب صدر ایوب نے اپنی کتاب "Friends Not Masters" جب ان کو یہ امر مجبوری جناب سکندر مرزا کو چھٹی دینی پڑی انہوں نے فرمایا تھا کہ ان کو یہ بڑا اقدام محض اس لئے کرنا پڑا کہ وہ اس ملک میں بنیادی تبدیلیاں لانا چاہتے تھے ۔ میں ان کے الفاظ آپ کے سامنے پیش کرتا ہوں ۔

"But I had told him : Look, circumstances have changed, a revolution has taken place. You have ushered in and you have made me responsible for running the country. It is not just an ordinary routine revolution. There is going to be a real basic change in this country."

یہ جناب سپیکر ۔ ان کے فرمودات تھے اور آگے چل کر انہوں نے محض گول مول باتیں نہیں کیں انہوں نے صاف باتیں کیں ہیں ۔ وہ آگے چل کر فرماتے ہیں ۔

"Among the long-term objectives of the revolution was the introduction of major reforms designed to remove the confusion (and know my respected leaders) and imbalance in the social and economic life of the country."

میں ان معزز اراکین سے ان بزرگان کو جو صدر مملکت کا نام لے کر اپنے کام نکالتے ہیں سے التجا کروں گا کہ یہ ان کے فرمودات ہیں ۔ یہ قانون جس حالت میں آپ پاس کر رہے ہیں ۔ میں دریافت کرتا ہوں کیا یہ ان کے فرمودات کی ترجمانی ہے ؟ جناب سپیکر ۔ میرے نزدیک چھوٹے کاشتکاروں کو مالیہ سے مستثنیٰ نہ کرنا کسی لحاظ سے بھی مناسب نہیں بلکہ عدم توازن کو دور کرنے کے لئے حکومت پر لازم تھا کہ بڑے بڑے زمینداروں پر زیادہ شرح کے ساتھ زرعی انکم ٹیکس لگایا جاتا ۔ جناب سپیکر ۔ آپ کو یہ علم ہوگا کہ سرمایہ دارانہ نظام میں جہاں کہیں بھی اس دنیا میں ایک فلاحی مملکت وجود میں آئی ہے وہاں یہ دیکھا گیا ہے کہ اقتصادی اعتبار سے سرمایہ دارانہ نظام میں جو آدمی زیادہ طاقتور ہیں اور زیادہ دولت مند ہیں ان پر زیادہ شرح سے ٹیکس لگایا جاتا ہے اور ان سے دولت لیکر کمزوروں پر صرف کی جاتی ہے لیکن اس کے برعکس دراصل اقتصادی اعتبار پر یہاں پر سرمایہ دارانہ نظام کی بد ترین شکل مروج ہے ۔ اور اس کے علاوہ اشتراکیت کی بد ترین شق یعنی آمریت کا جوڑ اس کے ساتھ لگا دیا گیا ہے ۔ جناب سپیکر ۔ میں ایک بڑے حب الوطن اور عالم کی تقریر کا حوالہ دے رہا ہوں ۔ انہوں نے فرمایا تھا کہ فلاحی مملکت میں یہ ضروری ہے کہ امیروں کی دولت غریبوں کے کام آ سکے اور سرمایہ کے مقابلے میں مزدوروں کی اجتماعی قوت معاشی انصاف کی ضامن ہو سکے ۔ یہاں یہ دونوں لوازمات مفقود ہیں ۔

ہماری حکومت نے دفعہ ۴۲ میں انتقالات اراضی کے سلسلے میں یہ ترمیم

کی ہے اور جس شکل میں یہ ہمارے سامنے ہے اس میں کوئی شک نہیں کہ حکومت یہ کہہ سکتی ہے کہ انتقالات اراضی کے سلسلے میں جعلسازی کم سے کم ہو لیکن اس طریقہ کار کو اس قدر مشکل اور اتنا لمبا بنا دیا گیا ہے کہ یہ میرے نقطہ نظر سے اور تمام تر کوشش کے باوجود نا قابل عمل ہوگا بلکہ مجھے شکایت یہ ہے کہ انتقالات کا ایک آزمودہ طریقہ کار جو کہ سابقہ سندھ میں موجود تھا ہم نے اس کو اپنانے کی بجائے پنجاب کے ناقص طریقہ کو اپنانے کی کوشش کی ہے۔ جہاں سے ایک اچھی چیز دستیاب ہو سکتی تھی وہ تو آپ نے قبول نہیں کی اور جو مالیہ وصول کرنے کا بہترین طریقہ تھا آپ نے اس کو نظر انداز کرکے سندھ میں مالیہ کی وصولی کا ایک برا طریقہ اور جس سے مالیہ کی چوری اور اس کے ضائع ہونے کے امکانات ہیں اور جس سے کہ ٹیے داروں کو مزید اختیارات دیئے جا رہے ہیں آپ نے اس کو پسند فرمایا ہے یہ آپ کی expediency ہے۔ میرے پاس اردو کے خطرناک الفاظ تھے۔ میں ان کو استعمال نہیں کرتا۔ تو یہ آپ کی expediency اور سیاسی مصلحتوں کی بد ترین مثال ہے۔ مجھے یہ سمجھ نہیں آتا کہ میرے سابقہ سندھ کے بھائیوں نے دفعہ ۱۹۳ الف کو کیوں پسند کیا۔ انہوں نے ٹیے داروں کو کیوں اتنے وسیع اختیارات دینے پسند کئے اور انہوں نے اپنے بھائیوں پر اتنا عدم اعتماد کا اظہار کیوں کیا۔ جناب سپیکر۔ میں آج اس ایوان میں عرض کر دوں کہ وہ لوگ جو سابقہ سندھ سے تعلق رکھتے ہیں وہ سندھی کہلواتے ہیں۔ اور جو پنجاب کے رہنے والے ہیں وہ پنجابی کہلاتے ہیں اور بعض سرحدی کہلاتے ہیں تو میں بلا خوف تردید اس ایوان میں کہہ سکتا ہوں کہ اس ایوان میں بیٹھے ہوئے وہ ارکان اسمبلی جو سید یا پیروں یا بزرگان دین کی اولاد ہیں وہ تمام کے تمام سندھ کے رہنے والے نہیں۔ جہاں تک مجھے یاد ہے میر صاحبان اور بڑے بڑے سردار بلوچستان سے آئے ہیں اور سندھ کے قدیمی باشندے نہیں یا کسی دوسرے

علاقے سے آئے ہوئے ہیں ۔ پنجاب میں جو رہ رہے ہیں ان کے بارے میں بھی یہ کہا جا سکتا ہے کہ ان میں سے بیشتر زمانہ قدیم سے یہاں آباد نہیں ۔ ان میں سے بعض ایسے بھی ہیں جن کو آج سے ۲۰ سال پہلے سکھوں نے مشرقی پنجاب سے بے خانماں کر دیا تھا ۔ اور آپ کو یاد ہو گا کہ لائلپور ۔ سرگودھا ۔ ملتان ۔ جھنگ ساہیوال جیسے اضلاع ایسے لوگوں نے آباد کئے جو وہاں کے رہنے والے نہیں تھے ۔ وہاں آج بیشتر آبادی ان لوگوں کی ہے جو کہ وہاں کے رہنے والے نہیں ہیں ۔ جناب سپیکر ۔ تاریخ کا بہاؤ سال ہا سال سے جاری رہا ہے اور مجھے یہ معلوم ہے کہ اسکو روکنے کی جو کوشش کی جا رہی ہے وہ محض عارضی مفادات کے لئے ہے ۔ آپ تاریخ کے بہاؤ کو روک کر قومی نقصان کرنا چاہتے ہیں لیکن آپ یاد رکھئے کہ جب تک بہاؤ موجود ہے دنیا میں آج تک بہاؤ کو روکنے میں کوئی طاقت کارگر ثابت نہیں ہوئی ۔ اگر آپ اس کو روک سکیں گے تو محض عارضی طور پر آخر کار اچھائی ہی کی فتح ہو گی اور آپ کو آخر کار ناکامی کا منہ دیکھنا پڑے گا ۔ جناب سپیکر ۔ میں زیادہ وقت نہیں لینا چاہتا ۔ دفعہ ۱۹۱ میں حکومت نے ڈسٹرکٹ آفیسرز پر جائداد خریدنے کی پابندی لگا دی ہے ۔ میرے نزدیک اس طرح حکومت نے اس اصول کا اعتراف کیا ہے کہ اپنے دائرہ اختیار میں کسی سرکاری ملازم یا بڑے اہل کار کو کاروبار نہیں کرنا چاہئے ۔ کیونکہ اس سے بہت سی برائیاں جنم لیتی ہیں ۔ میں آپ کے سامنے حضرت عمر کے زمانہ کے بارے میں ایک دو اقتباسات پیش کرتا ہوں ۔ ان کے بارہ میں یہ کہا گیا ہے ۔

"حضرت عمر نے اپنی خلافت کے زمانہ میں
مسلمانوں کو خطاب کرتے ہوئے فرمایا کہ میرا
تعلق تمہارے مال کے ساتھ وہی ہے جو یتیم

کے ولی کا تعلق یتیم کے مال کے ساتھ ہوتا ہے ۔
اگر میں حاجت مند نہ ہوں تو اس میں سے کچھ
نہ لوں گا اور اگر حاجت مند ہوں تو معمولی
گزارہ لوں گا ۔"

چنانچہ اس اصول کے مطابق خلاف راشدہ میں خلیفہ اور گورنروں اور عاملوں کے لئے بیت‌المال سے فقط اتنا مشاہرہ مقرر تھا جو ان کے اور ان کے گھر والوں کو ایک عام مسلمان گھرانے کی طرح زندگی بسر کرنے دے ۔ حالانکہ حضرت عمر کے زمانے میں فتوحات اور مال غنیمت کی کثرت کی وجہ سے عام لوگوں کی مالی حالت بہت بہتر ہو گئی تھی ۔ لیکن خود خلیفۂ وقت کی حالت یہ تھی کہ کپڑوں میں کئی کئی پیوند لگے ہیں ۔ مکان کے لئے ایک جھونپڑا ہے اور کھانا وہی ہے جو ایک عام آدمی کو میسر آتا ہے ۔ خلاف راشدہ کے دور میں ہر خلیفہ وقت کی یہی کیفیت رہی اور مختلف صوبوں کے گورنروں کو بھی ایسی ہی زندگی بسر کرنے کے احکام تھے ۔ اس امر پر اجماع صحابہ ہے کہ جو حکمران ہے وہ سوداگری نہیں کر سکتا ۔ یعنی حکومت کو مالدار بننے کا ذریعہ نہیں بنایا جا سکتا ۔ خلاف راشدہ اور ہر دوسری طرز حکومت کے درمیان یہ حد فاصل ہے ۔ کیونکہ تاریخ شاہد ہے کہ حکمرانوں نے بالعموم حکومت کو اپنے اور اپنے اعزہ و اقارب کے لئے مال و آسائش کا ذریعہ بنایا اور بندگان خدا پر اپنی آقائی کا سکہ جمایا ۔"

آپ نے یہ جوگنجائش رکھی ہے یہ اسلام کے اصول کا تقاضا ہے ۔

اگلے دن ایک دوست بتا رہے تھے کہ ایک بہت ہی بڑے سیاستدان نے مشرقی پاکستان کی ایک عورت کی مثال دی جس کے بیٹے کو ایک کوبرا یعنی ایک خطرناک قسم کے کالے ناگ نے سر پر ڈس لیا تھا ۔ وہ عورت

نالہ و شیون کرتی ہوئی کہتی تھی - اے میرے بیٹے اگر تجھے سانپ نے بازو پر ڈسا ہوتا تو میں تیرے بازو پر پٹی باندھتی تاکہ زہر تیرے جسم کے دوسرے حصے تک سرایت نہ کر سکتا - اگر سانپ نے تیری ٹانگ پر ڈسا ہوتا تو میں ٹانگ پر پٹی باندھ دیتی تاکہ زہر باقی بدن میں نہ پھیلتا - مگر افسوس یہ ہے کہ اس کالے ناگ نے تجھے سر پر ڈسا ہے - میں بھی اس ایوان میں کہتا ہوں افسوس میری قوم تجھے سر پر ڈسا گیا ہے - اگر کسی اور حصہ پر ڈسا ہوتا تو وہاں پٹی باندھ کر باقی جسم کو زہر سے محفوظ رکھا جا سکتا تھا -

جناب سپیکر - میری ان تلخ باتوں کی شکایت نہ کیجئے - چونکہ یہ سچی ہیں ، اسی لئے تلخ ہیں - ابراہیم لنکن نے جمہوریت کی تعریف ان الفاظ میں کی تھی - انہوں نے فرمایا تھا جمہوریت کی تعریف یہ ہے -

Government of the people, by the people and for the people.

اور پاکستان کی جمہوریت کی تعریف حمزہ کی زبان سے یہ ہے -

Government of the Dictator, by the Bureaucracy and for the chosen few.

اور آپ نے ان لوگوں کے مفادات کی حفاظت کے لئے یہ قانون بنایا ہے - ہے - یہ آپ کو مبارک ہو -

Minister for Food & Agriculture (Malik Khuda Bakhsh) : Sir, before I endeavour to reply to the criticism levelled against the principles and procedure of this Bill I consider it my privilege and my duty to thank the Members of this House for having facilitated discussion and the passage of a Bill of this character which is of far reaching implications. I personally want to thank the Members of the Muslim League Assembly Party for the cooperation, support, guidance and indulgence which they have showed to us, particularly to me, in supporting this Bill which is of

great importance. In this connection, I shall be failing in my duty if I don't recognise the very valuable part played by the Opposition and particularly my esteemed, friend, Khawaja Muhammad Safdar, the Leader of the Opposition, who contributed a good deal in making this Bill what it is today. (*applause*)

I am grateful to him personally and I can assure this House, as well as him, that there has been difference of opinion because difference of opinion is bound to arise and will continue to be but there has never been any malice, there has never been stubborness and there has never been rigidity about it. We have endeavoured to consider the point of view of the Opposition as well as the Members of this House and, Sir, I had to, perhaps you know it or not, face a great opposition in my Party in respect of many clauses and it was with God's kindness that it was possible for me to bring about unanimity, cohesion and unified approach to difficult problems at their work.

I want to declare a few things before I proceed to answer the criticism. First of all, this Bill is not the last word in respect of land revenue administration. An attempt has been made to integrate the principles and procedures prevalent in different areas and this attempt has succeeded.

The Government would welcome opportunities, in fact it would seek opportunities, to improve the provisions which are there in the best interest of the nation and particularly the toiling, teeming and now awakening farming community. I wanted to be understood that this is not going to be the final word. In fact no human law can be the final word and it will be our constant endeavour to watch how it works. If there are difficulties, if there are lapses and if there are deficiencies, I assure the Members of this House particularly my friends of the Opposition, that Government will not lose an opportunity to make good those deficiencies at the earliest possible moment. (*applause*)

Secondly, I don't know how this impression has gained ground but, perhaps it may be on account of the speeches made either on this side or on that side, it has led to an impression in the minds of the people who were being governed by the principles and procedures of the Punjab Land Revenue Act that by the passage of this Bill we have made certain fundamental

departures from the principles and procedures of the Punjab Land Revenue Act and they have been led to expect that as a result of the passage of this Bill there is going to be an increase, in fact one gentleman said substantial increase, in the incidence of land revenue taxation. I want to declare here with full sense of responsibility that it is not the intention, and it has never been the intention, of the Government to increase the incidence of agricultural taxatian in areas which are under the Punjab Land Revenue Act even today. So, let it be known that the guarantees earned by the Punjabi peasants and the amenities that they have earned would continue to be there. I want to repeat particularly two things. Firstly, under this law, as heretofore, nothing more than 25% of the net assets shall be levied as the land revenue. Secondly, in no case, at the time of the settlement or re-assessment, the incidence is going to increase by more than 25%. Sir, an impression had gained ground. How it was created I don't know and I don't say that anybody has deliberately . . . . .

Khawaja Muhammad Safdar : This can't be done.

Minister for Food and Agriculture : That is what I say. So, I want to declare, because certain queries have been addressed to me, that I dispel that impression if there is any. Now Sir, first of all, let me take the points raised by my friend the Leader of the Opposition. Last point that he made was that by the exclusion of the jurisdiction of the Civil Courts in this period of the 20th Century we have involved ourselves into an odious situation which is indefensible — I have tried to put it in my own language as the language used by Khawaja Sahib was sharp and biting and I have tried to put it in a language of my own because I could not be as sharp, Sir.

Sir, under section 9 of the Civil Procedure Code, the plenary jurisdiction of the Civil Courts remains unhampered, unimpaired until and unless taken away by a particular statute or a law, as in this case. An impression has been created by my friend that we have done something sinister in order to achieve our political objectives with a view to depriving this or that section of the community of this or that right. Sir, may I remind you that we have done nothing whatsoever of the character which was not heretofore in the principles and procedures contained in

the Punjab Land Revenue Act or the Sind Land Revenue Code ? In fact, Sir, the Sind Revenue Jurisidction Act which we are repealing, gave unfettered and unlimited jurisidiction in matters but I want to say one thing ; much has been said and, in fact, much ado about nothing has been made. After all Sir, what are we doing ? If I were to invite your attention to-now I do not know what the number of the section would be-section 182 of the Bill that is in my hand and I think the number has changed. Sir, it is said that the jurisdiction of the Civil Court is being taken, but for what purpose ? Is it deliberately that a thing is being concocted against the Government ? I am ignorant of what characterises this attitude, or is it something like malice that developes this attitude ? Sir, what are the questions ; any question as to the limits of any land which has been defined by a Revenue Officer as land, to which it does or does not apply. Sir, is it a substantial right that is being taken away, but Sir, any claim to the office of a Village Officer ; any notification directing the making or revision of a record of rights ; to framing of record of rights, notification undertaking general re-assessment of a District or Tehsil, have not been sanctioned by the Govt. Sir, has my friend the Leader of the Opposition for whom I have got the greatest regard, forgotten deliberately the provisions that exist in this very law which the jurisdiction of the Civil Courts ? I will particularly invite his attention, and knowing him as I do what a conscientious man he is, I am positive that he will agree that we have done nothing sinister of the type that has been imagined to be or represented to be or stated to be as such. Sir, I would invite his attention, and he can check his copy ; let him see section 43 ; let him see section 45 ; let him see sections 52, 53, 79, 131, 149, 179, the jurisdiction of the Civil Courts exists there, and it exists for substantial rights. Even any entry in the records of right or in the annual record can be questioned in a competent Court of Law. Is this taking away and divesting the Civil Court of its jurisdiction or is it continuing with the procedure or continuing with this question with which everyone was familiar, rather than introduce a complicated complex, probably expensive system which would have involved harassment, hardships and troubles in my humble judgement ? I want to say one more thing and that is this that let him see section 27 and let him see the procedure under which the Revenue Officer works. After all it is not something of a type of an uncodified

law under which he works, that he is not going to accept the cannons or rules of evidence or rules of procedure. Sir, parties have to be heard in every substantial right relating to land which is going to affect the right and title of any land, and I declare it with full sense of responsibility that on account of my 25 years association with the principles of revenue law, the civil courts have enjoyed supermacy, have been enjoying supermacy and will continue to enjoy supermacy. So this charge against the Government party is nothing but malicious and I repel it and repudiate it with all the emphasis at my command.

Sir, the second thing which my friend said was about section 42. Well Sir, he has a right to describe it and he has rightly described and that was a very difficult situation. It was a very difficult situation and I will admit it even today. I personally feel that perhaps sooner or later we will have to make some amendments in that law in the interests of farmers and farming community. (*thumping of tables*)

One thing that he has suggested and has been saying very often is about Registration. Sir, this is an 'Amrit Dhara' that my friend feels and that he has been presenting and dangling before this House. Sir, who says that we have prevented registration. If parties want to get a document registered, let them go and get it registered. The Revenue Officer will be only glad to implement what has been registered. But he had another thing in view, who was the Sub-Registrar ? Where do they hold their business or Court ; what are the vexatious formalities in the process of Registration ? And if he wants to say that the same man is corrupt and becomes a tool or instrument if he works as a Revenue Officer, then I say he is not an angel as soon as be becomes a Registration Officer, I have at least, despite utmost respect that I have for my friend the Leader of the Opposition, not been able to reconcile but there is no bar. Anybody who wants to get a document registered, is entitled to do it and can get it. We have not prevented it.

Now Sir, the third point, I may tell you the criticism that is being levelled when Khawaja Sahib said that only 10 or 15 per cent improvement has been made. Sir, I hung my head in shame and I thought that with his co-operation and on account of the great efforts that this House has made

and on account of perseverance and toiling labour—and I assure you Sir, that I am not leaking any secret of my party meeting—and on account of the closest scrutiny ever given to any provision of any law by my party, it has been possible to bring this law on the statute book, and he says that only 10 or 15 per cent improvement has been made. And I am going to deal only with this in order to convince him that the position is the other way round ; only 10 or 15 per cent improvement remains to be made and the 85 per cent has since been done. This will be my attempt and endeavour.

